جدید ایڈیشن
ترجمہ قرآن سیکھنے کا جدید اسلوب
معانی
القرآن الکریم
لفظ بہ لفظ، رواں اردو ترجمہ مع قرآنی گرامر
اساتذہ، طلبہ اور عام لوگوں کے لئے خاص تحفہ
ترجمہ
حافظ صلاح الدین یوسف — مولانا محمد عبدالجبار
دارالسلام
DARUSSALAM

جدید ایڈیشن
ترجمۂ قرآن سیکھنے کا جدید اسلوب
معانی
القرآن الکریم
لفظ بہ لفظ، رواں اردو ترجمہ مع قرآنی گرامر
باکس اور خانوں کی تکنیک سے قرآن مجید کے مستند معانی
ومطالب سیکھنے اور سکھانے والے اساتذہ، طلبہ اور والدین کے لیے
ترجمہ
حافظ صلاح الدین یوسف حفظہ اللہ —— مولانا محمد عبد الجبار حفظہ اللہ
دار السلام
DARUSSALAM

سُوْرَةُ الفَاتِحَة مَكِّيَّة

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿1﴾

اللہ کے نام سے (شروع) جو بہت مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے

رُكُوْعُهَا 1 — اٰيَاتُهَا 7

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	رَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ ﴿2﴾
تمام تعریفیں	اللہ ہی کے لیے ہیں	جو پالنے والا ہے	سارے جہانوں کا

الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ ﴿3﴾	مٰلِكِ	يَوْمِ الدِّيْنِ ﴿4﴾
بہت مہربان	نہایت رحم کرنے والا ہے	مالک ہے	روزِ جزا کا

اِيَّاكَ	نَعْبُدُ	وَاِيَّاكَ	نَسْتَعِيْنُ ﴿5﴾
تیری ہی	ہم عبادت کرتے ہیں	اور تجھ ہی سے	ہم مدد چاہتے ہیں

اِهْدِنَا	الصِّرَاطَ	الْمُسْتَقِيْمَ ﴿6﴾	صِرَاطَ	الَّذِيْنَ
دکھا ہمیں	راستہ	سیدھا	راستہ	ان لوگوں کا کہ

اَنْعَمْتَ	عَلَيْهِمْ	غَيْرِ	الْمَغْضُوْبِ
انعام کیا تو نے	ان پر	نہ	وہ جو غصہ کیا گیا

عَلَيْهِمْ	وَلَا	الضَّآلِّيْنَ ﴿7﴾ ع
ان پر	اور نہ	وہ جو گمراہ ہیں

سورۃ البقرۃ مدنیۃ — رکوعاتہا 40 — آیاتہا 286

الجزء الاول (1)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو بہت مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے

الٓمّٓ ﴿1﴾ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿2﴾

الٓمّٓ — یہ — کتاب ہے — نہیں کوئی شک — اس میں — ہدایت ہے — (اللہ سے) ڈرنے والوں کے لیے

الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا

وہ لوگ جو — ایمان لاتے ہیں — غیب کے ساتھ — اور وہ قائم کرتے ہیں — نماز — اور کچھ اس میں سے جو

رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿3﴾ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ

ہم نے دیا ان کو — وہ (اللہ کی راہ میں) خرچ کرتے ہیں — اور وہ لوگ جو — ایمان لاتے ہیں — اس پر جو — نازل کیا گیا

اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ﴿4﴾

آپ کی طرف — اور جو نازل کیا گیا — آپ سے پہلے — اور آخرت پر (بھی) — یہی لوگ — یقین رکھتے ہیں

اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۗ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿5﴾ اِنَّ

یہ لوگ — ہدایت پر ہیں — اپنے رب کی طرف سے — اور یہی لوگ — فلاح پانے والے ہیں — بلاشبہ

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ

وہ لوگ جنھوں نے — کفر کیا — برابر ہے — ان پر — آیا آپ ڈرائیں انھیں — یا نہ ڈرائیں انھیں

لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿6﴾ خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ ۗ

نہیں وہ ایمان لائیں گے — مہر لگا دی ہے اللہ نے — ان کے دلوں پر — اور ان کے کانوں پر

وَعَلٰٓى اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ ۡ وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿7﴾ ع

اور ان کی آنکھوں پر — پردہ ہے — اور ان کے لیے — عذاب ہے — بہت بڑا

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَ

اور بعض لوگ — وہ ہیں جو — کہتے ہیں: — ہم ایمان لائے اللہ پر — اور یومِ آخرت پر — حالانکہ

مَا هُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿8﴾ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ

نہیں ہیں وہ — ایمان لانے والے — وہ دھوکا دیتے ہیں اللہ کو — اور ان لوگوں کو جو — ایمان لائے — اور

مَا يَخْدَعُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ﴿9﴾ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ

نہیں وہ دھوکا دیتے — مگر — اپنے آپ ہی کو — اور نہیں وہ شعور رکھتے — ان کے دلوں میں — (نفاق کی) بیماری ہے

فَزَادَهُمُ اللّٰهُ	مَرَضًا ۚ	وَلَهُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ	بِمَا
سو بڑھا دیا ان کو اللہ نے	بیماری میں	اور ان کے لیے	عذاب ہے	بڑا دردناک	بسبب اس کے کہ

كَانُوْا	يَكْذِبُوْنَ ﴿10﴾	وَاِذَا	قِيْلَ	لَهُمْ	لَا تُفْسِدُوْا	فِي الْاَرْضِ
تھے وہ	جھوٹ بولا کرتے	اور جب	کہا جاتا ہے	ان سے:	نہ تم فساد کرو	زمین میں

قَالُوْٓا	اِنَّمَا نَحْنُ	مُصْلِحُوْنَ ﴿11﴾	اَلَآ	اِنَّهُمْ هُمُ	الْمُفْسِدُوْنَ
تو کہتے ہیں:	ہم تو صرف	اصلاح کرنے والے ہیں	خبردار!	بلاشبہ وہی ہیں	فساد کرنے والے

وَلٰكِنْ	لَّا يَشْعُرُوْنَ ﴿12﴾	وَاِذَا	قِيْلَ	لَهُمْ	اٰمِنُوْا	كَمَآ	اٰمَنَ
اور لیکن	نہیں وہ شعور رکھتے	اور جب	کہا جاتا ہے	ان سے:	تم ایمان لاؤ	جیسے	ایمان لائے

النَّاسُ	قَالُوْٓا	اَنُؤْمِنُ	كَمَآ	اٰمَنَ	السُّفَهَآءُ ۭ	اَلَآ	اِنَّهُمْ هُمُ
لوگ	تو کہتے ہیں:	کیا ہم ایمان لائیں	جیسے	ایمان لائے	بے وقوف؟	خبردار!	بلاشبہ وہی ہیں

السُّفَهَآءُ	وَلٰكِنْ	لَّا يَعْلَمُوْنَ ﴿13﴾	وَاِذَا لَقُوا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	قَالُوْٓا
بے وقوف	اور لیکن	نہیں وہ جانتے	اور جب وہ ملتے ہیں	ان لوگوں سے جو	ایمان لائے	تو کہتے ہیں:

اٰمَنَّا	وَاِذَا خَلَوْا	اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ	قَالُوْٓا	اِنَّا	مَعَكُمْ
ہم ایمان لے آئے	اور جب تنہا ہوتے ہیں	اپنے سرداروں کی طرف	تو کہتے ہیں:	بے شک ہم	تمھارے ساتھ ہیں

اِنَّمَا نَحْنُ	مُسْتَهْزِءُوْنَ ﴿14﴾	اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ	بِهِمْ	وَيَمُدُّهُمْ
ہم تو صرف	استہزا کرنے والے ہیں	اللہ استہزا کرتا ہے	ان سے	اور بڑھاتا ہے ان کو

فِيْ طُغْيَانِهِمْ	يَعْمَهُوْنَ ﴿15﴾	اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ	اشْتَرَوُا	الضَّلٰلَةَ	بِالْهُدٰى
ان کی سرکشی میں	وہ بھٹکتے پھرتے ہیں	یہ وہ لوگ ہیں جنھوں نے	خرید لی	گمراہی	ہدایت کے بدلے

فَمَا رَبِحَتْ	تِّجَارَتُهُمْ	وَمَا	كَانُوْا	مُهْتَدِيْنَ ﴿16﴾	مَثَلُهُمْ
تو نہ نفع بخش ہوئی	ان کی تجارت	اور نہ	ہوئے وہ	ہدایت پانے والے	ان کی مثال

كَمَثَلِ الَّذِي	اسْتَوْقَدَ	نَارًا	فَلَمَّآ	اَضَآءَتْ	مَا حَوْلَهٗ
اس شخص کی سی ہے جس نے	جلائی	آگ	پھر جب	اس (آگ) نے روشن کر دیا	(اس کو) جو اس کے اردگرد ہے

ذَهَبَ اللّٰهُ	بِنُوْرِهِمْ	وَتَرَكَهُمْ	فِيْ ظُلُمٰتٍ	لَّا يُبْصِرُوْنَ ﴿17﴾	صُمٌّ
تو لے گیا اللہ	ان کی روشنی	اور چھوڑ دیا انھیں	اندھیروں میں	نہیں وہ دیکھتے	(وہ) بہرے ہیں

بُكْمٌ	عُمْيٌ	فَهُمْ	لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿18﴾	اَوْ	كَصَيِّبٍ
گونگے ہیں	اندھے ہیں	لہٰذا وہ	نہیں لوٹتے	یا	(ان کی مثال) زوردار بارش کی سی ہے

مِّنَ السَّمَآءِ	فِيْهِ	ظُلُمٰتٌ	وَّرَعْدٌ	وَّبَرْقٌ	يَّجْعَلُوْنَ	اَصَابِعَهُمْ
جو آسمان سے (آتی) ہے	اس میں	اندھیرے ہیں	اور گرج	اور بجلی	وہ ٹھونستے ہیں	اپنی انگلیاں

فِيْٓ اٰذَانِهِمْ	مِّنَ الصَّوَاعِقِ	حَذَرَ الْمَوْتِ	وَاللّٰهُ مُحِيْطٌ	بِالْكٰفِرِيْنَ ﴿19﴾
اپنے کانوں میں	کڑکوں کی وجہ سے	موت کے ڈر سے	اور اللہ گھیرنے والا ہے	کافروں کو

يَكَادُ	الْبَرْقُ	يَخْطَفُ	اَبْصَارَهُمْ	كُلَّمَآ	اَضَآءَ لَهُمْ	مَّشَوْا
قریب ہے	بجلی	اُچک لے جائے	ان کی آنکھیں	جب بھی	وہ چمکتی ہے ان پر	تو وہ چلنے لگتے ہیں

فِيْهِ	وَاِذَآ اَظْلَمَ	عَلَيْهِمْ	قَامُوْا	وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ
اس (کی روشنی) میں	اور جب اندھیرا ہوتا ہے	ان پر	تو وہ کھڑے ہو جاتے ہیں	اور اگر اللہ چاہے

لَذَهَبَ	بِسَمْعِهِمْ	وَاَبْصَارِهِمْ	اِنَّ اللّٰهَ	عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ ﴿20﴾
تو لے جائے	ان کے کان	اور ان کی آنکھیں	بے شک اللہ	ہر چیز پر	خوب قادر ہے

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ	اعْبُدُوْا	رَبَّكُمُ	الَّذِيْ خَلَقَكُمْ	وَالَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِكُمْ
اے لوگو!	تم عبادت کرو	اپنے رب کی	وہ جس نے پیدا کیا تمھیں	اور ان لوگوں کو جو	تم سے پہلے تھے

لَعَلَّكُمْ	تَتَّقُوْنَ ﴿21﴾	الَّذِيْ	جَعَلَ	لَكُمُ	الْاَرْضَ	فِرَاشًا
تاکہ تم	متقی بن جاؤ	وہ ذات جس نے	بنایا	تمھارے لیے	زمین کو	بچھونا

وَّالسَّمَآءَ	بِنَآءً	وَّاَنْزَلَ	مِنَ السَّمَآءِ	مَآءً	فَاَخْرَجَ	بِهٖ
اور آسمان کو	چھت	اور اس نے نازل کیا	آسمان سے	پانی	پھر نکالا	اس کے ساتھ

مِنَ الثَّمَرٰتِ	رِزْقًا	لَّكُمْ	فَلَا تَجْعَلُوْا	لِلّٰهِ	اَنْدَادًا	وَّاَنْتُمْ
پھلوں سے	رزق	تمھارے لیے	لہٰذا تم نہ ٹھہراؤ	اللہ کے	شریک	جبکہ تم

تَعْلَمُوْنَ ﴿22﴾	وَاِنْ كُنْتُمْ	فِيْ رَيْبٍ	مِّمَّا	نَزَّلْنَا	عَلٰى عَبْدِنَا
جانتے ہو	اور اگر ہو تم	شک میں	اس سے جو	ہم نے نازل کیا	اپنے بندے (محمد ﷺ) پر

فَاْتُوْا	بِسُوْرَةٍ	مِّنْ مِّثْلِهٖ	وَادْعُوْا	شُهَدَآءَكُمْ	مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ
تو تم لے آؤ	ایک سورت	اس جیسی	اور تم بلا لو	اپنے مددگاروں کو	اللہ کے سوا

اِنْ كُنْتُمْ | صٰدِقِيْنَ ﴿23﴾ | فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا | وَلَنْ تَفْعَلُوْا | فَاتَّقُوا

اگر ہو تم | سچے | پھر اگر نہ تم کر سکو (یہ کام) | اور (یاد رکھو) ہرگز نہیں تم کر سکو گے | لہٰذا بچ جاؤ

النَّارَ | الَّتِيْ | وَقُوْدُهَا | النَّاسُ | وَالْحِجَارَةُ ۚ | اُعِدَّتْ

اس آگ سے | وہ جو کہ | اس کا ایندھن ہیں | لوگ | اور پتھر | وہ تیار کی گئی ہے

لِلْكٰفِرِيْنَ ﴿24﴾ | وَبَشِّرِ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | وَعَمِلُوا | الصّٰلِحٰتِ

کافروں کے لیے | اور خوشخبری دیجیے | ان لوگوں کو جو | ایمان لائے | اور انھوں نے عمل کیے | اچھے

اَنَّ | لَهُمْ | جَنّٰتٍ | تَجْرِيْ | مِنْ تَحْتِهَا | الْاَنْهٰرُ ۚ | كُلَّمَا | رُزِقُوْا

یقیناً | ان کے لیے | باغات ہیں | بہتی ہیں | ان کے نیچے سے | نہریں | جب بھی | وہ دیے جائیں گے

مِنْهَا | مِنْ ثَمَرَةٍ | رِّزْقًا | قَالُوْا | هٰذَا الَّذِيْ | رُزِقْنَا | مِنْ قَبْلُ ۚ

ان میں سے | کوئی پھل | بطور رزق کے | تو وہ کہیں گے: | یہ (تو) وہی ہے جو | ہم دیے گئے تھے | اس سے پہلے

وَاُتُوْا بِهٖ | مُتَشَابِهًا ۚ | وَلَهُمْ | فِيْهَآ | اَزْوَاجٌ | مُّطَهَّرَةٌ ۚ

اور وہ دیے جائیں گے (رزق) اس سے | ملتا جلتا | اور ان کے لیے | ان میں | بیویاں ہیں | پاکیزہ

وَّهُمْ | فِيْهَا | خٰلِدُوْنَ ﴿25﴾ | اِنَّ اللّٰهَ | لَا يَسْتَحْيٖٓ | اَنْ يَّضْرِبَ

اور وہ | ان میں | ہمیشہ رہیں گے | بے شک اللہ | نہیں شرماتا | (اس بات سے) کہ بیان کرے

مَثَلًا مَّا | بَعُوْضَةً | فَمَا فَوْقَهَا ۚ | فَاَمَّا الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا

مثال کوئی سی بھی | مچھر کی | (یا) اس چیز کی جو اس سے بڑھ کر ہو (عظمت یا حقارت میں) | پس لیکن وہ لوگ جو | ایمان لائے

فَيَعْلَمُوْنَ | اَنَّهُ | الْحَقُّ | مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ | وَاَمَّا الَّذِيْنَ | كَفَرُوْا | فَيَقُوْلُوْنَ

تو وہ جانتے ہیں | کہ بلاشبہ وہ | حق ہے | ان کے رب کی طرف سے | اور لیکن وہ لوگ جو | کافر ہوئے | تو وہ کہتے ہیں:

مَاذَآ | اَرَادَ اللّٰهُ | بِهٰذَا مَثَلًا ۘ | يُضِلُّ | بِهٖ | كَثِيْرًا

کیا | ارادہ کیا ہے اللہ نے | اس مثال کے ساتھ؟ | وہ (اللہ) گمراہ کرتا ہے | اس کے ساتھ | بہتوں کو

وَّيَهْدِيْ | بِهٖ | كَثِيْرًا ۚ | وَمَا يُضِلُّ | بِهٖٓ | اِلَّا | الْفٰسِقِيْنَ ﴿26﴾

اور وہ ہدایت دیتا ہے | اس کے ساتھ | بہتوں کو | اور نہیں وہ گمراہ کرتا | اس کے ساتھ | مگر | فاسقوں ہی کو

الَّذِيْنَ | يَنْقُضُوْنَ | عَهْدَ اللّٰهِ | مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ | وَيَقْطَعُوْنَ | مَآ

وہ لوگ جو | توڑتے ہیں | اللہ کا عہد | اس کے پختہ کر لینے کے بعد | اور وہ کاٹتے ہیں | اس چیز کو (کہ)

اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ

حکم دیا ہے اللہ نے اس کی بابت یہ کہ (اسے) ملایا جائے اور وہ فساد کرتے ہیں زمین میں

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿27﴾ كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَكُنْتُمْ اَمْوَاتًا

یہی لوگ ہیں خسارہ اٹھانے والے کیسے تم کفر کرتے ہو اللہ کے ساتھ؟ حالانکہ تھے تم مُردے

فَاَحْيَاكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿28﴾

تو اس نے زندہ کیا تمھیں پھر وہی موت دے گا تمھیں پھر وہی زندہ کرے گا تمھیں پھر اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے

هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ثُمَّ

وہی ہے (اللہ) جس نے پیدا کیا تمھارے لیے جو کچھ زمین میں ہے سب کا سب پھر

اسْتَوٰٓى اِلَى السَّمَآءِ فَسَوّٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ

وہ متوجہ ہوا آسمان کی طرف چنانچہ اس نے ٹھیک کر کے بنا دیا انھیں سات آسمان اور وہ ہر چیز کو

عَلِيْمٌ ﴿29﴾ وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ جَاعِلٌ

خوب جاننے والا ہے اور (یاد کرو) جب کہا آپ کے رب نے فرشتوں سے: یقیناً میں بنانے والا ہوں

فِي الْاَرْضِ خَلِيْفَةً قَالُوْٓا اَتَجْعَلُ فِيْهَا مَنْ يُّفْسِدُ

زمین میں ایک خلیفہ انھوں نے کہا: کیا تو بناتا ہے اس (زمین) میں اسے جو فساد کرے گا

فِيْهَا وَيَسْفِكُ الدِّمَآءَ وَ نَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ

اس میں اور بہائے گا خون؟ اور ہم تسبیح کرتے ہیں تیری تعریف کے ساتھ

وَنُقَدِّسُ لَكَ قَالَ اِنِّيْٓ اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿30﴾

اور ہم پاکیزگی بیان کرتے ہیں تیری (اللہ نے) کہا: بے شک میں جانتا ہوں جو نہیں تم جانتے

وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ

اور اس نے سکھلائے آدم کو نام سب کے سب پھر اس نے پیش کیا انھیں فرشتوں پر

فَقَالَ اَنْۢبِـُٔوْنِيْ بِاَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿31﴾ قَالُوْا

پھر کہا: تم خبر دو مجھے ان (چیزوں) کے ناموں کی اگر ہو تم سچے انھوں (فرشتوں) نے کہا:

سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ

تو پاک ہے نہیں ہے علم ہم کو مگر وہی جو تو نے سکھلایا ہمیں بے شک تو ہی ہے خوب جاننے والا

الْحَكِيْمُ ﴿32﴾	قَالَ	يٰٓاٰدَمُ	اَنْۢبِئْهُمْ	بِاَسْمَآئِهِمْ ۚ	فَلَمَّآ اَنْۢبَاَهُمْ
خوب حکمت والا	(اللہ نے) کہا:	اے آدم!	تو بتا دے انھیں	ان (چیزوں) کے نام	پھر جب اس نے بتا دیے انھیں

بِاَسْمَآئِهِمْ	قَالَ	اَلَمْ اَقُلْ	لَّكُمْ	اِنِّيْٓ	اَعْلَمُ	غَيْبَ
ان کے نام	(تو اللہ نے) کہا:	کیا نہیں میں نے کہا تھا	تم سے	کہ بلاشبہ میں	جانتا ہوں	چھپی باتیں

السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَاَعْلَمُ	مَا	تُبْدُوْنَ	وَمَا	كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ﴿33﴾
آسمانوں کی	اور زمین کی؟	اور میں جانتا ہوں	جو	تم ظاہر کرتے ہو	اور جو	تھے تم چھپاتے

وَاِذْ	قُلْنَا	لِلْمَلٰٓئِكَةِ	اسْجُدُوْا	لِاٰدَمَ	فَسَجَدُوْٓا	اِلَّآ	اِبْلِيْسَ
اور جب	ہم نے کہا	فرشتوں سے:	تم سجدہ کرو	آدم کو	تو انھوں نے سجدہ کیا	سوائے	ابلیس کے

اَبٰى	وَاسْتَكْبَرَ	وَكَانَ	مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿34﴾	وَقُلْنَا	يٰٓاٰدَمُ	اسْكُنْ
اس نے انکار کیا	اور تکبر کیا	اور تھا وہ	کافروں میں سے	اور ہم نے کہا:	اے آدم!	ٹھہر

اَنْتَ	وَزَوْجُكَ	الْجَنَّةَ	وَكُلَا	مِنْهَا	رَغَدًا	حَيْثُ	شِئْتُمَا
تو	اور تیری بیوی	جنت میں	اور تم دونوں کھاؤ	اس میں سے	بافراغت	جہاں سے	تم دونوں چاہو

وَلَا تَقْرَبَا	هٰذِهِ	الشَّجَرَةَ	فَتَكُوْنَا	مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿35﴾
اور مت تم دونوں قریب جانا	اس	درخت کے	ورنہ تم دونوں ہو جاؤ گے	ظالموں میں سے

فَاَزَلَّهُمَا	الشَّيْطٰنُ	عَنْهَا	فَاَخْرَجَهُمَا	مِمَّا
تو پھسلا دیا ان دونوں کو	شیطان نے	اس سے	پس اس نے نکلوا دیا انھیں	اس (آرام وراحت) سے کہ

كَانَا	فِيْهِ ۠	وَقُلْنَا	اهْبِطُوْا	بَعْضُكُمْ	لِبَعْضٍ	عَدُوٌّ ۚ
تھے وہ دونوں	اس میں	اور ہم نے کہا:	تم اترو (یہاں سے)	تمھارا بعض	بعض کا	دشمن ہے

وَلَكُمْ	فِي الْاَرْضِ	مُسْتَقَرٌّ	وَّمَتَاعٌ	اِلٰى حِيْنٍ ﴿36﴾	فَتَلَقّٰٓى	اٰدَمُ
اور تمھارے لیے	زمین میں	ٹھکانا ہے	اور فائدہ (اٹھانا ہے)	ایک وقت تک	پھر سیکھ لیے	آدم نے

مِنْ رَّبِّهٖ	كَلِمٰتٍ	فَتَابَ	عَلَيْهِ ۭ	اِنَّهٗ هُوَ	التَّوَّابُ
اپنے رب سے	چند کلمے	تو متوجہ ہوا (اللہ مہربانی کے ساتھ)	اس پر	بے شک وہی ہے	بہت توبہ قبول کرنے والا

الرَّحِيْمُ ﴿37﴾	قُلْنَا	اهْبِطُوْا	مِنْهَا	جَمِيْعًا ۚ	فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ
نہایت رحم کرنے والا	ہم نے کہا:	تم اترو	یہاں سے	سب کے سب	پھر اگر آئے تمھارے پاس

مِنِّيْ	هُدًى	فَمَنْ	تَبِعَ	هُدَايَ	فَلَا خَوْفٌ	عَلَيْهِمْ	وَلَا هُمْ
میری طرف سے	کوئی ہدایت	تو جس نے	پیروی کی	میری ہدایت کی	تو نہ کوئی خوف ہوگا	ان پر	اور نہ وہ

يَحْزَنُوْنَ ﴿38﴾	وَالَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَكَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَآ	اُولٰٓئِكَ
غمگین ہوں گے	اور وہ لوگ جنھوں نے	کفر کیا	اور جھٹلایا	ہماری آیتوں کو	یہ لوگ ہیں

اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ	هُمْ	فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ ﴿39﴾	يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	اذْكُرُوْا
دوزخ والے	وہ	اس میں	ہمیشہ رہیں گے	اے بنی اسرائیل!	تم یاد کرو

نِعْمَتِيَ	الَّتِيْٓ	اَنْعَمْتُ	عَلَيْكُمْ	وَاَوْفُوْا	بِعَهْدِيْٓ	اُوْفِ
میری نعمت	وہ جو	میں نے انعام کی	تم پر	اور تم پورا کرو	میرا عہد	میں پورا کروں گا

بِعَهْدِكُمْ	وَاِيَّايَ	فَارْهَبُوْنِ ﴿40﴾	وَاٰمِنُوْا	بِمَآ	اَنْزَلْتُ
تمھارے (ساتھ کیا ہوا) عہد	اور مجھ ہی سے	پس تم ڈرو	اور تم ایمان لاؤ	اس پر جو	میں نے نازل کیا

مُصَدِّقًا	لِّمَا	مَعَكُمْ	وَلَا تَكُوْنُوْٓا	اَوَّلَ	كَافِرٍۢ
جبکہ وہ تصدیق کرنے والا ہے	اس (کتاب) کی جو	تمھارے پاس ہے	اور نہ تم بنو	پہلے	کفر کرنے والے

بِهٖ ۖ	وَلَا تَشْتَرُوْا	بِاٰيٰتِيْ	ثَمَنًا	قَلِيْلًا	وَّاِيَّايَ	فَاتَّقُوْنِ ﴿41﴾
اس کے ساتھ	اور نہ تم بیچو	میری آیتوں کو	قیمت	تھوڑی میں	اور مجھ ہی سے	پس تم ڈرو

وَلَا تَلْبِسُوا	الْحَقَّ	بِالْبَاطِلِ	وَتَكْتُمُوا	الْحَقَّ	وَاَنْتُمْ	تَعْلَمُوْنَ ﴿42﴾
اور نہ خلط ملط کرو	حق کو	باطل کے ساتھ	اور (مت) چھپاؤ	حق کو	اس حال میں کہ تم	جانتے ہو

وَاَقِيْمُوا	الصَّلٰوةَ	وَاٰتُوا	الزَّكٰوةَ	وَارْكَعُوْا	مَعَ	الرّٰكِعِيْنَ ﴿43﴾	اَ
اور تم قائم کرو	نماز	اور دو	زکاۃ	اور رکوع کرو	ساتھ	رکوع کرنے والوں کے	کیا

تَاْمُرُوْنَ	النَّاسَ	بِالْبِرِّ	وَتَنْسَوْنَ	اَنْفُسَكُمْ	وَاَنْتُمْ	تَتْلُوْنَ
تم حکم دیتے ہو	لوگوں کو	نیکی کا	اور بھول جاتے ہو	اپنے آپ کو	حالانکہ تم	پڑھتے ہو

الْكِتٰبَ ۚ	اَ	فَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿44﴾	وَاسْتَعِيْنُوْا	بِالصَّبْرِ	وَالصَّلٰوةِ ۚ
کتاب	کیا	پھر نہیں تم عقل رکھتے؟	اور تم مدد طلب کرو	صبر کے ساتھ	اور نماز کے ساتھ

وَاِنَّهَا	لَكَبِيْرَةٌ	اِلَّا	عَلَى الْخٰشِعِيْنَ ﴿45﴾	الَّذِيْنَ	يَظُنُّوْنَ
اور بلاشبہ وہ	یقیناً بڑی بھاری ہے	مگر	عاجزی کرنے والوں پر (بھاری نہیں)	وہ لوگ جو	یقین رکھتے ہیں

أَنَّهُمْ	مُّلٰقُوْا	رَبِّهِمْ	وَأَنَّهُمْ	إِلَيْهِ	رٰجِعُوْنَ ﴿46﴾ ع
(اس بات کا) کہ بلاشبہ وہ	ملنے والے ہیں	اپنے رب سے	اور بلاشبہ وہ	اسی کی طرف	لوٹنے والے ہیں

يٰبَنِيْٓ إِسْرَآءِيْلَ	اذْكُرُوْا	نِعْمَتِيَ	الَّتِيْٓ	أَنْعَمْتُ	عَلَيْكُمْ	وَأَنِّيْ
اے بنی اسرائیل!	تم یاد کرو	میری نعمت	وہ جو	میں نے انعام کی	تم پر	اور یقیناً میں نے

فَضَّلْتُكُمْ	عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿47﴾	وَاتَّقُوْا	يَوْمًا	لَّا تَجْزِيْ	نَفْسٌ
فضیلت دی تمھیں	تمام جہانوں پر	اور تم ڈرو	اس دن سے کہ	نہیں فائدہ دے گی	کوئی جان

عَنْ نَّفْسٍ	شَيْئًا	وَّلَا يُقْبَلُ	مِنْهَا	شَفَاعَةٌ	وَّلَا يُؤْخَذُ	مِنْهَا
کسی جان کو	کچھ بھی	اور نہ قبول کی جائے گی	اس سے	کوئی سفارش	اور نہ لیا جائے گا	اس سے

عَدْلٌ	وَّلَا هُمْ	يُنْصَرُوْنَ ﴿48﴾	وَإِذْ نَجَّيْنٰكُمْ	مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ
کوئی بدلہ	اور نہ وہ	مدد ہی کیے جائیں گے	اور جب ہم نے نجات دی تمھیں	آلِ فرعون سے

يَسُوْمُوْنَكُمْ	سُوْٓءَ	الْعَذَابِ	يُذَبِّحُوْنَ	أَبْنَآءَكُمْ	وَيَسْتَحْيُوْنَ
وہ دیتے تھے تمھیں	سخت ترین	عذاب	وہ ذبح کرتے تھے	تمھارے بیٹوں کو	اور زندہ چھوڑتے تھے

نِسَآءَكُمْ	وَفِيْ ذٰلِكُمْ	بَلَآءٌ	مِّنْ رَّبِّكُمْ	عَظِيْمٌ ﴿49﴾
تمھاری عورتوں (بیٹیوں) کو	اور اس میں	آزمائش تھی	تمھارے رب کی طرف سے	بہت بڑی

وَإِذْ فَرَقْنَا	بِكُمُ	الْبَحْرَ	فَأَنْجَيْنٰكُمْ	وَأَغْرَقْنَآ	اٰلَ فِرْعَوْنَ
اور جب ہم نے پھاڑا	تمھاری وجہ سے	سمندر کو	پھر ہم نے نجات دی تمھیں	اور ہم نے غرق کر دیا	آلِ فرعون کو

وَأَنْتُمْ	تَنْظُرُوْنَ ﴿50﴾	وَإِذْ وٰعَدْنَا	مُوْسٰى	أَرْبَعِيْنَ	لَيْلَةً	ثُمَّ
اور تم	دیکھ رہے تھے	اور جب ہم نے وعدہ کیا	موسیٰ سے	چالیس	راتوں کا	پھر

اتَّخَذْتُمُ	الْعِجْلَ	مِنْۢ بَعْدِهٖ	وَأَنْتُمْ	ظٰلِمُوْنَ ﴿51﴾	ثُمَّ
تم نے بنالیا	بچھڑے کو (معبود)	اس (موسیٰ کے طور پر جانے) کے بعد	جبکہ تم	ظالم تھے	پھر

عَفَوْنَا	عَنْكُمْ	مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ	لَعَلَّكُمْ	تَشْكُرُوْنَ ﴿52﴾	وَإِذْ
ہم نے معاف کر دیا	تمھیں	اس کے بعد	شاید کہ تم	شکر کرو	اور جب

اٰتَيْنَا	مُوْسَى	الْكِتٰبَ	وَالْفُرْقَانَ	لَعَلَّكُمْ	تَهْتَدُوْنَ ﴿53﴾
ہم نے دی	موسیٰ کو	کتاب	اور (حق و باطل کے درمیان) فرق کرنے والی چیز	شاید کہ تم	ہدایت پاؤ

وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى	لِقَوْمِهٖ	يٰقَوْمِ	اِنَّكُمْ	ظَلَمْتُمْ	اَنْفُسَكُمْ
اور جب کہا موسیٰ نے	اپنی قوم سے:	اے میری قوم!	بے شک تم نے	ظلم کیا	اپنے آپ پر

بِاتِّخَاذِكُمُ	الْعِجْلَ	فَتُوْبُوْٓا	اِلٰى بَارِىِٕكُمْ	فَاقْتُلُوْٓا
بوجہ بنا لینے کے تمھارے	بچھڑے کو (معبود)	لہٰذا تم توبہ کرو	اپنے پیدا کرنے والے کی طرف	پس تم قتل کرو

اَنْفُسَكُمْ ؕ	ذٰلِكُمْ	خَيْرٌ	لَّكُمْ	عِنْدَ بَارِىِٕكُمْ	فَتَابَ
اپنے آپ کو	یہ	بہتر ہے	تمھارے لیے	تمھارے پیدا کرنے والے کے نزدیک	تو وہ (اللہ) متوجہ ہوا

عَلَيْكُمْ ؕ	اِنَّهٗ هُوَ	التَّوَّابُ	الرَّحِيْمُ ﴿54﴾	وَاِذْ	قُلْتُمْ	يٰمُوْسٰى
تم پر	بلاشبہ وہی ہے	بہت توبہ قبول کرنے والا	نہایت رحم کرنے والا	اور جب	تم نے کہا:	اے موسیٰ!

لَنْ نُّؤْمِنَ	لَكَ	حَتّٰى	نَرَى	اللّٰهَ	جَهْرَةً	فَاَخَذَتْكُمُ
ہم ہرگز نہیں ایمان لائیں گے	آپ پر	حتی کہ	ہم دیکھ لیں	اللہ کو	علانیہ (سامنے)	پھر پکڑ لیا تمھیں

الصّٰعِقَةُ	وَاَنْتُمْ	تَنْظُرُوْنَ ﴿55﴾	ثُمَّ	بَعَثْنٰكُمْ	مِّنْۢ بَعْدِ
آسمانی بجلی نے	جبکہ تم	دیکھ رہے تھے	پھر	ہم نے زندہ کیا تمھیں	بعد

مَوْتِكُمْ	لَعَلَّكُمْ	تَشْكُرُوْنَ ﴿56﴾	وَظَلَّلْنَا	عَلَيْكُمُ	الْغَمَامَ
تمھاری موت کے	شاید کہ تم	شکر کرو	اور ہم نے سایہ کیا	تم پر	بادلوں کا

وَاَنْزَلْنَا	عَلَيْكُمُ	الْمَنَّ	وَالسَّلْوٰى ؕ	كُلُوْا	مِنْ طَيِّبٰتِ	مَا
اور ہم نے نازل کیا	تم پر	من	اور سلویٰ	تم کھاؤ	(ان) پاکیزہ چیزوں سے	جو

رَزَقْنٰكُمْ ؕ	وَمَا ظَلَمُوْنَا	وَلٰكِنْ	كَانُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	يَظْلِمُوْنَ ﴿57﴾
ہم نے تمھیں دی ہیں	اور نہیں انھوں نے ظلم کیا ہم پر	اور لیکن	تھے وہ	اپنے آپ ہی پر	ظلم کرتے

وَاِذْ	قُلْنَا	ادْخُلُوْا	هٰذِهِ	الْقَرْيَةَ	فَكُلُوْا	مِنْهَا	حَيْثُ
اور جب	ہم نے کہا:	تم داخل ہو جاؤ	اس	بستی میں	پھر تم کھاؤ	اس میں سے	جہاں سے

شِئْتُمْ	رَغَدًا	وَّادْخُلُوا	الْبَابَ	سُجَّدًا	وَّقُوْلُوْا	حِطَّةٌ
تم چاہو	بافراغت	اور تم داخل ہونا	دروازے میں	سجدہ کرتے ہوئے	اور کہنا:	ہمیں بخش دے

نَّغْفِرْ	لَكُمْ	خَطٰيٰكُمْ ؕ	وَسَنَزِيْدُ	الْمُحْسِنِيْنَ ﴿58﴾
تو ہم معاف کر دیں گے	تمھارے لیے	تمھاری خطائیں	اور عنقریب ہم زیادہ دیں گے	احسان کرنے والوں کو

فَبَدَّلَ	الَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا	قَوْلًا	غَيْرَ	الَّذِيْ	قِيْلَ	لَهُمْ
پھر بدل دیا	ان لوگوں نے	جنھوں نے ظلم کیا	بات کو	خلاف	اس کے جو	کہی گئی تھی	ان سے

فَاَنْزَلْنَا	عَلَى الَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا	رِجْزًا	مِّنَ السَّمَآءِ	بِمَا
تب ہم نے نازل کیا	ان لوگوں پر جنھوں نے	ظلم کیا	عذاب	آسمان سے	اس وجہ سے کہ

كَانُوْا	يَفْسُقُوْنَ ﴿59﴾	وَاِذِ	اسْتَسْقٰى	مُوْسٰى	لِقَوْمِهٖ	فَقُلْنَا
تھے وہ	نافرمانی کرتے	اور جب	پانی مانگا	موسیٰ نے	اپنی قوم کے لیے	تو ہم نے کہا:

اضْرِبْ	بِّعَصَاكَ	الْحَجَرَ	فَانْفَجَرَتْ	مِنْهُ	اثْنَتَا عَشْرَةَ	عَيْنًا
تو مار	اپنی لاٹھی کو	پتھر پر	چنانچہ بہہ نکلے	اس (پتھر) سے	بارہ	چشمے

قَدْ عَلِمَ	كُلُّ اُنَاسٍ	مَّشْرَبَهُمْ	كُلُوْا	وَاشْرَبُوْا	مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ
تحقیق پہچان لیا	تمام لوگوں نے	اپنا اپنا گھاٹ	تم کھاؤ	اور پیو	اللہ کے رزق سے

وَلَا تَعْثَوْا	فِى الْاَرْضِ	مُفْسِدِيْنَ ﴿60﴾	وَاِذْ	قُلْتُمْ	يٰمُوْسٰى
اور نہ تم پھرو	زمین میں	فساد کرتے ہوئے	اور جب	تم نے کہا:	اے موسیٰ!

لَنْ نَّصْبِرَ	عَلٰى طَعَامٍ وَّاحِدٍ	فَادْعُ	لَنَا	رَبَّكَ	يُخْرِجْ
ہرگز نہیں ہم صبر کریں گے	ایک کھانے پر	لہٰذا تو دعا کر	ہمارے لیے	اپنے رب سے	(کہ) وہ نکالے

لَنَا	مِمَّا	تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ	مِنْۢ بَقْلِهَا	وَقِثَّآئِهَا	وَفُوْمِهَا
ہمارے لیے	وہ (چیزیں) جو	اگاتی ہے زمین	(یعنی) اپنی ترکاری	اور ککڑی	اور گندم

وَعَدَسِهَا	وَبَصَلِهَا	قَالَ	اَتَسْتَبْدِلُوْنَ	الَّذِيْ	هُوَ	اَدْنٰى
اور مسور	اور پیاز	(موسیٰ نے) کہا:	کیا تم بدلے میں لینا چاہتے ہو	اُس چیز کو	جو	ادنیٰ ہے

بِالَّذِيْ	هُوَ	خَيْرٌ	اِهْبِطُوْا	مِصْرًا	فَاِنَّ	لَكُمْ	مَّا
بجائے اس چیز کے	جو	بہتر ہے؟	تم اترو	کسی شہر میں	تو بیشک	تمھارے لیے	وہی ہے جس کا

سَاَلْتُمْ	وَضُرِبَتْ	عَلَيْهِمُ	الذِّلَّةُ	وَالْمَسْكَنَةُ	وَبَآءُوْ	بِغَضَبٍ
تم نے سوال کیا	اور مسلط کر دی گئی	ان پر	ذلت	اور محتاجی	اور وہ پھرے	غضب کے ساتھ

مِّنَ اللّٰهِ	ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ	كَانُوْا	يَكْفُرُوْنَ	بِاٰيٰتِ اللّٰهِ	وَيَقْتُلُوْنَ
اللہ کی طرف سے	یہ اس لیے ہوا کہ بیشک وہ	تھے	کفر کرتے	اللہ کی آیتوں کے ساتھ	اور وہ قتل کرتے تھے

النَّبِيّٖنَ	بِغَيْرِ الْحَقِّ ؕ	ذٰلِكَ بِمَا	عَصَوْا	وَّكَانُوْا
نبیوں کو	بغیر حق کے	یہ اس سبب سے کہ	انھوں نے نافرمانی کی	اور تھے وہ

يَعْتَدُوْنَ ﴿٦١﴾ ع	اِنَّ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَالَّذِيْنَ	هَادُوْا	وَالنَّصٰرٰى
حد سے تجاوز کرتے	بلاشبہ	وہ لوگ جو	ایمان لائے	اور وہ لوگ جو	یہودی ہوئے	اور نصاریٰ

وَالصّٰبِـِٕيْنَ	مَنْ	اٰمَنَ	بِاللّٰهِ	وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ	وَعَمِلَ
اور صابی (بے دین)	(ان میں سے) جو (بھی)	ایمان لایا	اللہ کے ساتھ	اور یوم آخرت (کے ساتھ)	اور عمل کیے

صَالِحًا	فَلَهُمْ	اَجْرُهُمْ	عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ	وَلَا خَوْفٌ	عَلَيْهِمْ
نیک	تو ان کے لیے	ان کا اجر ہے	ان کے رب کے پاس	اور نہ کوئی خوف ہوگا	ان پر

وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٦٢﴾	وَاِذْ	اَخَذْنَا	مِيْثَاقَكُمْ	وَرَفَعْنَا	فَوْقَكُمُ
اور نہ وہ غمگین ہی ہوں گے	اور جب	ہم نے لیا	تم سے پختہ وعدہ	اور ہم نے بلند کیا	تمھارے اوپر

الطُّوْرَ	خُذُوْا	مَآ	اٰتَيْنٰكُمْ	بِقُوَّةٍ	وَّاذْكُرُوْا	مَا
طور (پہاڑ) کو	(اور کہا:) تم پکڑو	اس کو جو	ہم نے دیا تمھیں	قوت کے ساتھ	اور تم یاد رکھو	جو کچھ

فِيْهِ	لَعَلَّكُمْ	تَتَّقُوْنَ ﴿٦٣﴾	ثُمَّ	تَوَلَّيْتُمْ	مِّنْ بَعْدِ ذٰلِكَ ۚ
اس میں (لکھا) ہے	تا کہ تم	متقی بن جاؤ	پھر	تم پھر گئے	اس کے بعد

فَلَوْلَا	فَضْلُ اللّٰهِ	عَلَيْكُمْ	وَرَحْمَتُهٗ	لَكُنْتُمْ	مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿٦٤﴾
لہٰذا اگر نہ ہوتا	اللہ کا فضل	تم پر	اور اس کی رحمت	تو تم ضرور ہو جاتے	خسارہ پانے والوں میں سے

وَلَقَدْ	عَلِمْتُمُ	الَّذِيْنَ	اعْتَدَوْا	مِنْكُمْ	فِي السَّبْتِ
اور البتہ تحقیق	تم نے جان لیا	ان لوگوں کو جنھوں نے	زیادتی کی	تم میں سے	ہفتے (کے دن) میں

فَقُلْنَا	لَهُمْ	كُوْنُوْا	قِرَدَةً	خٰسِـِٕيْنَ ﴿٦٥﴾	فَجَعَلْنٰهَا
تو ہم نے کہا:	ان سے	تم ہو جاؤ	بندر	ذلیل	چنانچہ ہم نے اس (واقعہ) کو بنا دیا

نَكَالًا	لِّمَا	بَيْنَ يَدَيْهَا	وَمَا	خَلْفَهَا	وَمَوْعِظَةً
عبرت	ان کے لیے جو	اس کے سامنے (موجود) تھے	اور جو	اس کے پیچھے (آنے والے) تھے	اور نصیحت

لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿٦٦﴾	وَاِذْ	قَالَ مُوْسٰى	لِقَوْمِهٖٓ	اِنَّ اللّٰهَ	يَاْمُرُكُمْ
متقی لوگوں کے لیے	اور جب	کہا موسیٰ نے	اپنی قوم سے:	بے شک اللہ	حکم دیتا ہے تمھیں

أَنْ	تَذْبَحُوْا	بَقَرَةً ؕ	قَالُوْٓا	اَتَتَّخِذُنَا	هُزُوًا ؕ	قَالَ
یہ کہ	تم ذبح کرو	ایک گائے	انھوں نے کہا:	کیا تو بناتا ہے ہمیں	ہنسی مذاق؟	(موسیٰ نے) کہا:

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ	اَنْ اَكُوْنَ	مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿67﴾	قَالُوا	ادْعُ
میں اللہ کی پناہ میں آتا ہوں	(اس بات سے) کہ میں ہو جاؤں	جاہلوں میں سے	انھوں نے کہا:	تو دعا کر

لَنَا	رَبَّكَ	يُبَيِّنْ	لَّنَا	مَا	هِيَ ؕ	قَالَ
ہمارے لیے	اپنے رب سے	(کہ) وہ بیان کرے	ہمارے لیے	کیسی ہے	وہ (گائے؟)	(موسیٰ نے) کہا:

اِنَّهٗ	يَقُوْلُ	اِنَّهَا	بَقَرَةٌ	لَّا فَارِضٌ	وَّلَا	بِكْرٌ	عَوَانٌۢ
بلاشبہ وہ (اللہ)	فرماتا ہے:	بے شک وہ	ایک گائے ہے	نہ بوڑھی	اور نہ	نئی جوان	اوسط عمر کی ہے

بَيْنَ ذٰلِكَ ؕ	فَافْعَلُوْا	مَا	تُؤْمَرُوْنَ ﴿68﴾	قَالُوا	ادْعُ	لَنَا
اس کے درمیان	چنانچہ تم کرو	وہ جو	تم حکم دیے جاتے ہو	انھوں نے کہا:	تو دعا کر	ہمارے لیے

رَبَّكَ	يُبَيِّنْ	لَّنَا	مَا	لَوْنُهَا ؕ	قَالَ	اِنَّهٗ
اپنے رب سے	کہ وہ بیان کرے	ہمارے لیے	کیسا ہے	اس کا رنگ؟	(موسیٰ نے) کہا:	بے شک وہ (اللہ)

يَقُوْلُ	اِنَّهَا	بَقَرَةٌ صَفْرَآءُ	فَاقِعٌ	لَّوْنُهَا	تَسُرُّ
فرماتا ہے:	بلاشبہ وہ	ایک گائے ہے زرد رنگ کی	خوب گہرا ہے	اس کا رنگ	خوش کرتی ہے

النّٰظِرِيْنَ ﴿69﴾	قَالُوا	ادْعُ	لَنَا	رَبَّكَ	يُبَيِّنْ	لَّنَا
دیکھنے والوں کو	انھوں نے کہا:	تو دعا کر	ہمارے لیے	اپنے رب سے	کہ وہ بیان کرے	ہمارے لیے

مَا	هِيَ	اِنَّ	الْبَقَرَ	تَشٰبَهَ	عَلَيْنَا	وَاِنَّآ
کس قسم کی ہے	وہ (گائے؟)	بے شک	گائیں	مشتبہ ہوگئی ہیں	ہم پر	اور یقیناً ہم

اِنْ شَآءَ اللّٰهُ	لَمُهْتَدُوْنَ ﴿70﴾	قَالَ	اِنَّهٗ	يَقُوْلُ	اِنَّهَا
اگر اللہ نے چاہا	تو ضرور راہ پالیں گے	(موسیٰ نے) کہا:	بے شک وہ (اللہ)	فرماتا ہے:	بلاشبہ وہ

بَقَرَةٌ	لَّا ذَلُوْلٌ	تُثِيْرُ	الْاَرْضَ	وَلَا تَسْقِي	الْحَرْثَ
ایک گائے ہے	نہیں ہے محنت کرنے والی	کہ (بذریعہ ہل) پھاڑتی ہو	زمین کو	اور نہیں سیراب کرتی	کھیتی کو

مُسَلَّمَةٌ	لَّا شِيَةَ	فِيْهَا ؕ	قَالُوا	الْـٰٔنَ	جِئْتَ	بِالْحَقِّ ؕ
صحیح سالم ہے	نہیں ہے کوئی داغ دھبہ	اس میں	انھوں نے کہا:	اب	تو لایا ہے	حق

فَذَبَحُوْهَا	وَمَا كَادُوْا	يَفْعَلُوْنَ ۝71	وَاِذْ	قَتَلْتُمْ	نَفْسًا
پھر انھوں نے ذبح کیا اس کو	اور نہ وہ قریب تھے	(کہ ذبح) کرتے	اور جب	تم نے قتل کیا	ایک نفس کو

فَادّٰرَءْتُمْ	فِيْهَا ؕ	وَاللّٰهُ	مُخْرِجٌ	مَّا	كُنْتُمْ	تَكْتُمُوْنَ ۝72
پھر تم نے جھگڑا کیا	اس کی بابت	اور اللہ	ظاہر کرنے والا ہے	اس کو جو	تھے تم	چھپاتے

فَقُلْنَا	اضْرِبُوْهُ	بِبَعْضِهَا ؕ	كَذٰلِكَ	يُحْيِ	اللّٰهُ	الْمَوْتٰى
پھر ہم نے کہا:	تم مارو اس (مُردے) کو	اس (گائے) کا ایک ٹکڑا	اسی طرح	زندہ کرے گا	اللہ	مُردوں کو

وَيُرِيْكُمْ	اٰيٰتِهٖ	لَعَلَّكُمْ	تَعْقِلُوْنَ ۝73	ثُمَّ	قَسَتْ
اور وہ دکھاتا ہے تمھیں	اپنی (قدرت کی) نشانیاں	تاکہ تم	سمجھو	پھر	سخت ہو گئے

قُلُوْبُكُمْ	مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ	فَهِيَ	كَالْحِجَارَةِ	اَوْ	اَشَدُّ
تمھارے دل	اس کے بعد	تو وہ ہیں	پتھروں کی مانند	یا	(ان سے بھی) زیادہ

قَسْوَةً ؕ	وَاِنَّ	مِنَ	الْحِجَارَةِ	لَمَا	يَتَفَجَّرُ	مِنْهُ	الْاَنْهٰرُ ؕ
سخت	اور تحقیق	کچھ	پتھر	البتہ وہ ہیں کہ	پھوٹتی ہیں	ان سے	نہریں

وَاِنَّ	مِنْهَا	لَمَا	يَشَّقَّقُ	فَيَخْرُجُ	مِنْهُ	الْمَآءُ ؕ	وَاِنَّ
اور بلاشبہ	کچھ ان میں سے	البتہ وہ ہیں جو	پھٹ پڑتے ہیں	تو نکلتا ہے	ان سے	پانی	اور تحقیق

مِنْهَا	لَمَا	يَهْبِطُ	مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ	وَمَا اللّٰهُ	بِغَافِلٍ
کچھ ان میں سے	البتہ وہ ہیں جو	گر پڑتے ہیں	اللہ کے ڈر سے	اور نہیں ہے اللہ	غافل

عَمَّا	تَعْمَلُوْنَ ۝74	اَ	فَتَطْمَعُوْنَ	اَنْ	يُّؤْمِنُوْا	لَكُمْ
اس سے جو	تم عمل کرتے ہو	کیا	پس تم طمع رکھتے ہو	یہ کہ	وہ ایمان لے آئیں گے	تمھارے لیے

وَ	قَدْ	كَانَ	فَرِيْقٌ	مِّنْهُمْ	يَسْمَعُوْنَ	كَلٰمَ اللّٰهِ	ثُمَّ
حالانکہ	بلاشبہ	تھا	ایک فریق	ان میں سے	وہ سنتے تھے	اللہ کا کلام	پھر

يُحَرِّفُوْنَهٗ	مِنْۢ بَعْدِ	مَا عَقَلُوْهُ	وَ	هُمْ	يَعْلَمُوْنَ ۝75
وہ تحریف کر دیتے تھے اس میں	بعد	اس (کلام) کو سمجھ لینے کے	اور	وہ	جانتے تھے

وَاِذَا	لَقُوا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	قَالُوْٓا	اٰمَنَّا ؕ	وَاِذَا
اور جب	وہ ملتے ہیں	ان لوگوں سے جو	ایمان لائے	تو کہتے ہیں:	ہم (بھی) ایمان لائے ہیں	اور جب

خَلَا	بَعْضُهُمْ	اِلٰى بَعْضٍ	قَالُوْٓا	اَ	تُحَدِّثُوْنَهُمْ	بِمَا
علیحدہ ہوتا ہے	ان کا بعض	بعض کی طرف	تو وہ کہتے ہیں:	کیا	تم بیان کرتے ہو ان سے	جو

فَتَحَ	اللّٰهُ	عَلَيْكُمْ	لِيُحَآجُّوْكُمْ	بِهٖ	عِنْدَ رَبِّكُمْ ؕ
کھولا (بیان کیا) ہے	اللہ نے	تم پر	تاکہ وہ غالب آجائیں تم پر	اس کی وجہ سے	تمھارے رب کے پاس؟

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿76﴾	اَوَلَا يَعْلَمُوْنَ	اَنَّ	اللّٰهَ	يَعْلَمُ	مَا	يُسِرُّوْنَ
کیا پھر نہیں تم سمجھتے؟	کیا اور نہیں وہ جانتے	کہ بے شک	اللہ	جانتا ہے	جو	وہ چھپاتے ہیں

وَمَا	يُعْلِنُوْنَ ﴿77﴾	وَمِنْهُمْ	اُمِّيُّوْنَ	لَا يَعْلَمُوْنَ	الْكِتٰبَ	اِلَّآ
اور جو	وہ ظاہر کرتے ہیں؟	اور کچھ ان میں سے	ان پڑھ ہیں	نہیں وہ جانتے	کتاب کو	سوائے

اَمَانِيَّ	وَاِنْ هُمْ	اِلَّا	يَظُنُّوْنَ ﴿78﴾	فَوَيْلٌ	لِّلَّذِيْنَ	يَكْتُبُوْنَ
آرزوؤں کے	اور نہیں ہیں وہ	مگر	گمان کرتے	چنانچہ ہلاکت ہے	ان لوگوں کے لیے جو	لکھتے ہیں

الْكِتٰبَ	بِاَيْدِيْهِمْ	ثُمَّ	يَقُوْلُوْنَ	هٰذَا	مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ	لِيَشْتَرُوْا
کتاب	اپنے ہاتھوں سے	پھر	وہ کہتے ہیں:	یہ	اللہ کی طرف سے ہے	تاکہ وہ لیں

بِهٖ	ثَمَنًا	قَلِيْلًا ؕ	فَوَيْلٌ	لَّهُمْ	مِّمَّا	كَتَبَتْ
اس کے بدلے	مول	تھوڑا سا	پھر ہلاکت ہے	ان کے لیے	بوجہ اس کے جو	لکھا

اَيْدِيْهِمْ	وَوَيْلٌ	لَّهُمْ	مِّمَّا	يَكْسِبُوْنَ ﴿79﴾	وَقَالُوْا
ان کے ہاتھوں نے	اور ہلاکت ہے	ان کے لیے	بسبب اس کے جو	وہ کماتے ہیں	اور انھوں نے کہا:

لَنْ تَمَسَّنَا	النَّارُ	اِلَّآ	اَيَّامًا	مَّعْدُوْدَةً ؕ	قُلْ	اَ	تَّخَذْتُمْ
ہرگز نہیں چھوئے گی ہمیں	آگ	مگر	چند دن	گنتی کے	کہہ دیجیے:	کیا	تم نے لیا ہے

عِنْدَ اللّٰهِ	عَهْدًا	فَلَنْ	يُّخْلِفَ	اللّٰهُ	عَهْدَهٗٓ	اَمْ
اللہ سے	کوئی عہد	پھر تو ہرگز نہیں	خلاف کرے گا	اللہ	اپنے عہد کے	یا

تَقُوْلُوْنَ	عَلَى اللّٰهِ	مَا	لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿80﴾	بَلٰى	مَنْ	كَسَبَ
تم کہتے ہو	اللہ پر	جو	نہیں تم جانتے؟	کیوں نہیں!	جس نے	کمائی

سَيِّئَةً	وَّاَحَاطَتْ	بِهٖ	خَطِيْٓئَتُهٗ	فَاُولٰٓئِكَ	اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ	هُمْ
کوئی بڑی برائی (شرک کیا)	اور گھیر لیا	اس کو	اس کی (اس) برائی نے	تو وہی لوگ ہیں	دوزخ والے	وہ

فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ ﴿81﴾	وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ
اس میں	ہمیشہ رہیں گے	اور وہ لوگ جو	ایمان لائے	اور انھوں نے عمل کیے	نیک

اُولٰٓئِكَ	اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ	هُمْ	فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ ﴿82﴾	وَاِذْ	اَخَذْنَا
یہی لوگ ہیں	جنت والے	وہ	اس میں	ہمیشہ رہیں گے	اور جب	ہم نے لیا

مِيْثَاقَ	بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	لَا تَعْبُدُوْنَ	اِلَّا	اللّٰهَ ۚ	وَبِالْوَالِدَيْنِ
پختہ وعدہ	بنی اسرائیل سے	نہ تم عبادت کرو گے	مگر	اللہ کی	اور ماں باپ سے

اِحْسَانًا	وَّذِي الْقُرْبٰى	وَالْيَتٰمٰى	وَالْمَسٰكِيْنِ	وَقُوْلُوْا	لِلنَّاسِ
نیک سلوک کرنا	اور قرابت داروں	اور یتیموں	اور مسکینوں سے	اور تم کہو	لوگوں سے

حُسْنًا	وَّاَقِيْمُوا	الصَّلٰوةَ	وَاٰتُوا	الزَّكٰوةَ ۚ	ثُمَّ	تَوَلَّيْتُمْ	اِلَّا
اچھی (بات)	اور تم قائم کرو	نماز	اور تم دو	زکاۃ	پھر	تم پھر گئے	مگر

قَلِيْلًا	مِّنْكُمْ	وَاَنْتُمْ	مُّعْرِضُوْنَ ﴿83﴾	وَاِذْ	اَخَذْنَا	مِيْثَاقَكُمْ
تھوڑے	تم میں سے	جبکہ تم	اعراض کرنے والے ہو	اور جب	ہم نے لیا	تم سے پختہ وعدہ

لَا تَسْفِكُوْنَ	دِمَآءَكُمْ	وَلَا تُخْرِجُوْنَ	اَنْفُسَكُمْ	مِّنْ دِيَارِكُمْ
نہ تم بہاؤ گے	اپنے خون (آپس میں)	اور نہ تم نکالو گے	اپنے آپ کو	اپنے گھروں سے

ثُمَّ	اَقْرَرْتُمْ	وَاَنْتُمْ	تَشْهَدُوْنَ ﴿84﴾	ثُمَّ	اَنْتُمْ	هٰٓؤُلَآءِ
پھر	تم نے اقرار کیا	جبکہ تم	شاہد ہو	پھر	تم ہی	وہ ہو (کہ اس کے بعد بھی)

تَقْتُلُوْنَ	اَنْفُسَكُمْ	وَتُخْرِجُوْنَ	فَرِيْقًا	مِّنْكُمْ	مِّنْ دِيَارِهِمْ
قتل کرتے ہو	اپنے آپ (اپنوں) کو	اور تم نکال دیتے ہو	ایک فریق کو	اپنے میں سے	ان کے گھروں سے

تَظٰهَرُوْنَ	عَلَيْهِمْ	بِالْاِثْمِ	وَالْعُدْوَانِ ۚ	وَاِنْ	يَّاْتُوْكُمْ
تم ایک دوسرے کی مدد کرتے ہو	ان کے خلاف	گناہ کے ساتھ	اور ظلم کے (ساتھ)	اور اگر	وہ آئیں تمھارے پاس

اُسٰرٰى	تُفٰدُوْهُمْ	وَهُوَ	مُحَرَّمٌ	عَلَيْكُمْ	اِخْرَاجُهُمْ ۚ
قیدی ہو کر	تو تم فدیہ دے کر چھڑاتے ہو انھیں	حالانکہ وہ	حرام کیا گیا تھا	تم پر	ان کا نکال دینا

اَفَتُؤْمِنُوْنَ	بِبَعْضِ الْكِتٰبِ	وَتَكْفُرُوْنَ	بِبَعْضٍ ۚ	فَمَا
کیا پھر تم ایمان لاتے ہو	کتاب کے ایک حصے کے ساتھ	اور کفر کرتے ہو	دوسرے حصے کے ساتھ؟	پس نہیں ہے

جَزَآءُ	مَنْ	يَّفْعَلُ	ذٰلِكَ	مِنْكُمْ	اِلَّا	خِزْيٌ
سزا	اس شخص کی جو	کام کرے	یہ	تم میں سے	مگر	رسوائی

فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ	يُرَدُّوْنَ	اِلٰٓى	اَشَدِّ الْعَذَابِ
دنیاوی زندگی میں	اور قیامت کے دن	وہ پھیرے جائیں گے	طرف	سخت ترین عذاب کی

وَمَا	اللّٰهُ	بِغَافِلٍ	عَمَّا	تَعْمَلُوْنَ ﴿85﴾	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ
اور نہیں ہے	اللہ	غافل	اس سے جو	تم عمل کرتے ہو	یہ وہ لوگ ہیں	جنھوں نے

اشْتَرَوُا	الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا	بِالْاٰخِرَةِ	فَلَا يُخَفَّفُ	عَنْهُمُ
خرید لی	دنیاوی زندگی	آخرت کے بدلے میں	پھر نہ ہلکا کیا جائے گا	ان سے

الْعَذَابُ	وَلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿86﴾	وَلَقَدْ	اٰتَيْنَا	مُوْسَى	الْكِتٰبَ
عذاب	اور نہ وہ مدد ہی کیے جائیں گے	اور البتہ تحقیق	ہم نے دی	موسیٰ کو	کتاب

وَقَفَّيْنَا	مِنْۢ بَعْدِهٖ	بِالرُّسُلِ	وَاٰتَيْنَا	عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ
اور ہم نے پے درپے بھیجے	اس کے بعد	کئی رسول	اور ہم نے دیے	عیسیٰ ابن مریم کو

الْبَيِّنٰتِ	وَاَيَّدْنٰهُ	بِرُوْحِ الْقُدُسِ	اَفَكُلَّمَا	جَآءَكُمْ
واضح دلائل (معجزات)	اور ہم نے قوت دی اس کو	روح القدس (جبرائیل) کے ساتھ	کیا پھر جب بھی	آیا تمھارے پاس

رَسُوْلٌۢ	بِمَا	لَا تَهْوٰٓى	اَنْفُسُكُمُ	اسْتَكْبَرْتُمْ	فَفَرِيْقًا
کوئی رسول	اس چیز کے ساتھ جسے	نہ چاہتے تھے	تمھارے نفس	تو تم نے تکبر کیا؟	پھر ایک فریق کو

كَذَّبْتُمْ	وَفَرِيْقًا	تَقْتُلُوْنَ ﴿87﴾	وَقَالُوْا	قُلُوْبُنَا	غُلْفٌ
تم نے جھٹلایا	اور ایک فریق کو	تم قتل کر دیتے رہے	اور انھوں نے کہا:	ہمارے دل	غلافوں میں ہیں

بَلْ	لَّعَنَهُمُ	اللّٰهُ	بِكُفْرِهِمْ	فَقَلِيْلًا مَّا	يُؤْمِنُوْنَ ﴿88﴾
(نہیں) بلکہ	لعنت کی ہے ان پر	اللہ نے	بوجہ ان کے کفر کے	چنانچہ کم ہی لوگ	ایمان لاتے ہیں

وَلَمَّا	جَآءَهُمْ	كِتٰبٌ	مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ	مُصَدِّقٌ	لِّمَا
اور جب	آ گئی ان کے پاس	کتاب	اللہ کی طرف سے	جو تصدیق کرنے والی ہے	اس (کتاب) کی جو

مَعَهُمْ	وَكَانُوْا	مِنْ قَبْلُ	يَسْتَفْتِحُوْنَ	عَلَى الَّذِيْنَ
ان کے پاس ہے	اور تھے وہ	اس سے پہلے	فتح مانگا کرتے	ان لوگوں کے خلاف جنھوں نے

كَفَرُوْا ۚ	فَلَمَّا	جَآءَهُمْ	مَّا	عَرَفُوْا	كَفَرُوْا
کفر کیا	پھر جب	وہ (حق) آگیا ان کے پاس	جسے	انھوں نے پہچان لیا	تو انھوں نے کفر کیا

بِهٖ ۚ	فَلَعْنَةُ اللّٰهِ	عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿89﴾	بِئْسَمَا	اشْتَرَوْا	بِهٖٓ
اس کے ساتھ	سو اللہ کی لعنت ہے	کافروں پر	بری ہے وہ چیز (کہ)	انھوں نے بیچا	اس کے بدلے

اَنْفُسَهُمْ	اَنْ يَّكْفُرُوْا	بِمَآ	اَنْزَلَ	اللّٰهُ	بَغْيًا
اپنے نفسوں کو	یہ کہ وہ کفر کرتے ہیں	اس چیز کے ساتھ جو	نازل کی	اللہ نے	حسد کرتے ہوئے

اَنْ	يُّنَزِّلَ	اللّٰهُ	مِنْ فَضْلِهٖ	عَلٰى مَنْ	يَّشَآءُ	مِنْ عِبَادِهٖ ۚ
(اس سے) کہ	نازل کرے	اللہ	اپنا فضل	جس پر	وہ چاہے	اپنے بندوں میں سے

فَبَآءُوْ	بِغَضَبٍ	عَلٰى غَضَبٍ ۚ	وَلِلْكٰفِرِيْنَ	عَذَابٌ	مُّهِيْنٌ ﴿90﴾
چنانچہ وہ پھرے	غضب کے ساتھ	غضب پر	اور کافروں کے لیے	عذاب ہے	رسوا کن

وَاِذَا	قِيْلَ	لَهُمْ	اٰمِنُوْا	بِمَآ	اَنْزَلَ	اللّٰهُ	قَالُوْا
اور جب	کہا جاتا ہے	ان سے:	ایمان لاؤ	اس پر جو	نازل کیا	اللہ نے	تو وہ کہتے ہیں:

نُؤْمِنُ	بِمَآ	اُنْزِلَ	عَلَيْنَا	وَيَكْفُرُوْنَ	بِمَا	وَرَآءَهٗ
ہم ایمان لاتے ہیں	اس پر جو	نازل کیا گیا	ہم پر	جبکہ وہ انکار کرتے ہیں	اس کا جو	اس کے علاوہ ہے

وَ	هُوَ	الْحَقُّ	مُصَدِّقًا	لِّمَا	مَعَهُمْ ۗ	قُلْ
حالانکہ	وہ (قرآن)	حق ہے	تصدیق کرنے والا	اس (کتاب) کی جو	ان کے پاس ہے	کہہ دیجیے:

فَلِمَ	تَقْتُلُوْنَ	اَنْۢبِيَآءَ اللّٰهِ	مِنْ قَبْلُ	اِنْ كُنْتُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ ﴿91﴾
پھر کیوں	تم قتل کرتے رہے	اللہ کے انبیاء کو	اس سے پہلے	اگر تھے تم	مومن؟

وَلَقَدْ	جَآءَكُمْ	مُّوْسٰى	بِالْبَيِّنٰتِ	ثُمَّ	اتَّخَذْتُمُ
اور البتہ تحقیق	آئے تمھارے پاس	موسیٰ	واضح دلیلوں (معجزات) کے ساتھ	پھر	تم نے بنا لیا

الْعِجْلَ	مِنْۢ بَعْدِهٖ	وَاَنْتُمْ	ظٰلِمُوْنَ ﴿92﴾	وَاِذْ	اَخَذْنَا
بچھڑے کو (معبود)	اس کے بعد	اور تم	ہو ہی ظالم	اور (یاد کرو) جب	ہم نے لیا

مِيْثَاقَكُمْ	وَرَفَعْنَا	فَوْقَكُمُ	الطُّوْرَ	خُذُوْا	مَآ	اٰتَيْنٰكُمْ
تم سے پختہ وعدہ	اور ہم نے بلند کیا	تمھارے اوپر	طور (پہاڑ) کو	(اور کہا:) تم پکڑو	جو	ہم نے دیا تمھیں

بِقُوَّةٍ	وَّاسْمَعُوْا ؕ	قَالُوْا	سَمِعْنَا	وَعَصَيْنَا	وَاُشْرِبُوْا
قوت کے ساتھ	اور سنو	انھوں نے کہا:	ہم نے سنا	اور ہم نے نافرمانی کی	اور وہ پلا دیے گئے

فِیْ قُلُوْبِهِمُ	الْعِجْلَ	بِكُفْرِهِمْ ؕ	قُلْ	بِئْسَمَا	يَاْمُرُكُمْ
اپنے دلوں میں	بچھڑے کی (محبت)	بسبب اپنے کفر کے	کہہ دیجیے:	بری ہے وہ چیز	(کہ) حکم کرتا ہے تمھیں

بِهٖۤ	اِيْمَانُكُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ ﴿93﴾	قُلْ	اِنْ كَانَتْ
اس کا	تمھارا ایمان	اگر	ہو تم	مومن	کہہ دیجیے:	اگر ہے

لَكُمُ	الدَّارُ	الْاٰخِرَةُ	عِنْدَ اللّٰهِ	خَالِصَةً	مِّنْ دُوْنِ النَّاسِ
تمھارے (ہی) لیے	گھر	آخرت کا	اللہ کے ہاں	خاص طور پر	سوائے (اور) لوگوں کے

فَتَمَنَّوُا	الْمَوْتَ	اِنْ كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ ﴿94﴾	وَلَنْ يَّتَمَنَّوْهُ
تو تم تمنا کرو	موت کی	اگر تم ہو	سچے	اور ہرگز نہیں وہ تمنا کریں گے اس (موت) کی

اَبَدًاۢ	بِمَا	قَدَّمَتْ	اَيْدِيْهِمْ ؕ	وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌۢ
کبھی بھی	بسبب اس کے جو	آگے بھیجا	ان کے ہاتھوں نے	اور اللہ	خوب جاننے والا ہے

بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿95﴾	وَلَتَجِدَنَّهُمْ	اَحْرَصَ	النَّاسِ	عَلٰى حَيٰوةٍ
ظالموں کو	اور البتہ آپ ضرور پائیں گے ان (یہودیوں) کو	زیادہ حریص	سب لوگوں سے	زندگی پر

وَمِنَ الَّذِيْنَ	اَشْرَكُوْا ؕ	يَوَدُّ	اَحَدُهُمْ	لَوْ	يُعَمَّرُ	اَلْفَ
اور ان سے (بھی) جنھوں نے	شرک کیا	چاہتا ہے	(ہر) ایک ان کا	کاش	وہ عمر دیا جائے	ہزار

سَنَةٍ	وَّ	مَا	هُوَ	بِمُزَحْزِحِهٖ	مِنَ الْعَذَابِ	اَنْ
سال	حالانکہ	نہیں ہے	وہ (لمبی عمر ملنا)	اُسے بچانے والا	عذاب سے	یہ کہ

يُّعَمَّرَ ؕ	وَاللّٰهُ	بَصِيْرٌۢ	بِمَا	يَعْمَلُوْنَ ﴿96﴾ ع	قُلْ
وہ (اس قدر) عمر دیا جائے	اور اللہ	خوب دیکھنے والا ہے	اس کو جو	وہ عمل کرتے ہیں	کہہ دیجیے:

مَنْ	كَانَ	عَدُوًّا	لِّجِبْرِيْلَ	فَاِنَّهٗ	نَزَّلَهٗ	عَلٰى قَلْبِكَ
جو کوئی	ہے	دشمن	جبریل کا	تو بلاشبہ اسی نے	نازل کیا ہے اس (قرآن) کو	آپ کے دل پر

بِاِذْنِ اللّٰهِ	مُصَدِّقًا	لِّمَا	بَيْنَ يَدَيْهِ	وَهُدًى	وَّبُشْرٰى
اللہ کے حکم سے	تصدیق کرنے والا	اس (کتاب) کی جو	اس سے پہلے ہے	اور ہدایت	اور بشارت ہے

لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿97﴾	مَنْ	كَانَ	عَدُوًّا لِّلّٰهِ	وَمَلٰٓئِكَتِهٖ	وَرُسُلِهٖ
مومنوں کے لیے	جو کوئی	ہے	اللہ کا دشمن	اور اس کے فرشتوں کا	اور اس کے رسولوں کا

وَجِبْرِيْلَ	وَمِيْكٰلَ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	عَدُوٌّ	لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿98﴾	وَلَقَدْ
اور جبریل کا	اور میکائیل کا	تو بلاشبہ	اللہ	دشمن ہے	کافروں کا	اور البتہ تحقیق

اَنْزَلْنَآ	اِلَيْكَ	اٰيٰتٍۢ	بَيِّنٰتٍ ۚ	وَ	مَا يَكْفُرُ	بِهَآ
ہم نے نازل کیں	آپ کی طرف	آیتیں	واضح	اور	نہیں کفر کرتے	ان کے ساتھ

اِلَّا الْفٰسِقُوْنَ ﴿99﴾	اَوَكُلَّمَا	عٰهَدُوْا	عَهْدًا	نَّبَذَهٗ	فَرِيْقٌ
مگر نافرمانی کرنے والے ہی	کیا اور جب بھی	انھوں نے عہد کیا	کوئی عہد	تو پھینک دیا اس کو	ایک فریق نے

مِّنْهُمْ ۚ	بَلْ	اَكْثَرُهُمْ	لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿100﴾	وَلَمَّا	جَآءَهُمْ	رَسُوْلٌ
ان میں سے	بلکہ	ان میں سے اکثر	نہیں ایمان لاتے	اور جب	آیا ان کے پاس	کوئی رسول

مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ	مُصَدِّقٌ	لِّمَا	مَعَهُمْ	نَبَذَ	فَرِيْقٌ
اللہ کے پاس سے	تصدیق کرنے والا	اس (کتاب) کی جو	ان کے پاس ہے	تو پھینک دی	ایک فریق نے

مِّنَ الَّذِيْنَ	اُوْتُوا	الْكِتٰبَ	كِتٰبَ اللّٰهِ	وَرَآءَ	ظُهُوْرِهِمْ
ان لوگوں میں سے جو	دیے گئے تھے	کتاب	اللہ کی کتاب	پیچھے	اپنی پیٹھوں کے

كَاَنَّهُمْ	لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿101﴾	وَاتَّبَعُوْا	مَا	تَتْلُوا	الشَّيٰطِيْنُ
گویا کہ وہ	نہیں جانتے	اور انھوں نے اتباع کیا	اس کا جو	پڑھتے تھے	شیاطین

عَلٰى مُلْكِ سُلَيْمٰنَ ۚ	وَمَا كَفَرَ	سُلَيْمٰنُ	وَلٰكِنَّ	الشَّيٰطِيْنَ	كَفَرُوْا
سلیمان کی بادشاہی میں	اور نہیں کفر کیا	سلیمان نے	اور لیکن	شیطانوں نے	کفر کیا

يُعَلِّمُوْنَ	النَّاسَ	السِّحْرَ	وَمَآ	اُنْزِلَ	عَلَى الْمَلَكَيْنِ
وہ سکھلاتے تھے	لوگوں کو	جادو	اور (پیروی کی) اس کی جو	نازل کیا گیا	دو فرشتوں پر

بِبَابِلَ	هٰرُوْتَ وَمَارُوْتَ ۚ	وَمَا يُعَلِّمٰنِ	مِنْ اَحَدٍ
بابل (شہر) میں	ہاروت اور ماروت (پر)	اور نہیں وہ دونوں (فرشتے) سکھلاتے تھے	کسی کو بھی

حَتّٰى	يَقُوْلَآ	اِنَّمَا نَحْنُ	فِتْنَةٌ	فَلَا	تَكْفُرْ ۚ	فَيَتَعَلَّمُوْنَ
یہاں تک کہ	وہ (پہلے) کہتے:	ہم تو صرف	آزمائش ہیں	لہٰذا نہ	تو کفر کر	پھر لوگ سیکھتے تھے

مِنْهُمَا	مَا	يُفَرِّقُوْنَ	بِهٖ	بَيْنَ	الْمَرْءِ
ان دونوں سے	وہ چیز کہ	وہ جدائی ڈال دیتے تھے	اس کے ذریعے سے	درمیان	مرد

وَ زَوْجِهٖ ؕ	وَمَا هُمْ	بِضَآرِّيْنَ	بِهٖ	مِنْ اَحَدٍ	اِلَّا
اوراس کی بیوی کے	اورنہیں تھے وہ	نقصان پہنچانے والے	اس (چیز) کے ساتھ	کسی کو بھی	مگر

بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ	وَيَتَعَلَّمُوْنَ	مَا	يَضُرُّهُمْ	وَلَا يَنْفَعُهُمْ ؕ	وَلَقَدْ
اللہ کے حکم کے ساتھ	اورلوگ سیکھتے تھے	وہ (علم) جو	نقصان پہنچاتا تھاان کو	اورنہیں نفع دیتا تھاانہیں	اورالبتہ تحقیق

عَلِمُوْا	لَمَنِ	اشْتَرٰىهُ	مَا	لَهٗ	فِى الْاٰخِرَةِ	مِنْ خَلَاقٍ ؕ
انھوں نے جان لیا	البتہ جس نے	خریدااس (جادو) کو	نہ ہوگا	اس کے لیے	آخرت میں	کوئی حصہ

وَلَبِئْسَ	مَا	شَرَوْا	بِهٖٓ	اَنْفُسَهُمْ ؕ	لَوْ	كَانُوْا
اورالبتہ بُری ہے	وہ چیز کہ	انھوں نے بیچا	اس کے بدلے	اپنی جانوں کو	کاش کہ	وہ ہوتے

يَعْلَمُوْنَ ﴿102﴾	وَلَوْ	اَنَّهُمْ	اٰمَنُوْا	وَاتَّقَوْا	لَمَثُوْبَةٌ
جانتے	اوراگر	بے شک وہ	ایمان لاتے	اورتقویٰ اختیار کرتے	توالبتہ ثواب (ملتا)

مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ	خَيْرٌ ؕ	لَوْ	كَانُوْا	يَعْلَمُوْنَ ﴿103﴾ ع	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ
اللہ کے ہاں سے	بہت بہتر	کاش کہ	وہ ہوتے	جانتے	اے وہ لوگو جو

اٰمَنُوْا	لَا تَقُوْلُوْا	رَاعِنَا	وَقُوْلُوا	انْظُرْنَا	وَاسْمَعُوْا ؕ	وَلِلْكٰفِرِيْنَ
ایمان لائے ہو!	نہ تم کہو	رَاعِنَا	بلکہ تم کہو	اُنْظُرْنَا	اور (غور سے) سنو	اورکافروں کے لیے

عَذَابٌ	اَلِيْمٌ ﴿104﴾	مَا يَوَدُّ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ
عذاب ہے	بہت دردناک	نہیں چاہتے	وہ لوگ جنھوں نے	کفرکیا	اہلِ کتاب میں سے

وَلَا الْمُشْرِكِيْنَ	اَنْ	يُّنَزَّلَ	عَلَيْكُمْ	مِّنْ خَيْرٍ
اورنہ مشرکین	یہ کہ	نازل کی جائے	تم پر (اے مسلمانو!)	کوئی خیر

مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ	وَاللّٰهُ	يَخْتَصُّ	بِرَحْمَتِهٖ	مَنْ	يَّشَآءُ ؕ
تمھارے رب کی طرف سے	اوراللہ	خاص کرتا ہے	اپنی رحمت کے ساتھ	جسے	وہ چاہتا ہے

وَاللّٰهُ	ذُو	الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿105﴾	مَا	نَنْسَخْ	مِنْ اٰيَةٍ	اَوْ
اوراللہ	مالک ہے	بہت بڑے فضل کا	جو	ہم منسوخ کرتے ہیں	کوئی آیت	یا

نُنۡسِهَا	نَاۡتِ	بِخَيۡرٍ	مِّنۡهَاۤ	اَوۡ	مِثۡلِهَا ؕ	اَ
ہم بھلا دیتے ہیں اسے	تو ہم لے آتے ہیں	بہتر	اس سے	یا	اس کی مثل ہی	کیا

لَمۡ تَعۡلَمۡ	اَنَّ اللّٰهَ	عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ	قَدِيۡرٌ ﴿106﴾	اَ	لَمۡ تَعۡلَمۡ
نہیں آپ نے جانا	کہ بلاشبہ اللہ	ہر چیز پر	خوب قادر ہے؟	کیا	نہیں آپ نے جانا

اَنَّ اللّٰهَ	لَهٗ	مُلۡكُ	السَّمٰوٰتِ	وَالۡاَرۡضِ ؕ	وَمَا	لَكُمۡ
کہ بے شک اللہ	اسی کے لیے ہے	بادشاہی	آسمانوں کی	اور زمین کی؟	اور نہیں ہے	تمھارے لیے

مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ	مِنۡ وَّلِىٍّ	وَّلَا نَصِيۡرٍ ﴿107﴾	اَمۡ	تُرِيۡدُوۡنَ	اَنۡ
اللہ کے سوا	کوئی حمایتی	اور نہ کوئی مددگار	کیا	تم چاہتے ہو (اے مسلمانو!)	یہ کہ

تَسۡـَٔلُوۡا	رَسُوۡلَكُمۡ	كَمَا	سُئِلَ	مُوۡسٰى	مِنۡ قَبۡلُ ؕ	وَمَنۡ
تم سوال کرو	اپنے رسول سے	جیسے	سوال کیے گئے	موسیٰ (علیہ السلام)	اس سے پہلے؟	اور جو کوئی

يَّتَبَدَّلِ	الۡكُفۡرَ	بِالۡاِيۡمَانِ	فَقَدۡ	ضَلَّ	سَوَآءَ	السَّبِيۡلِ ﴿108﴾
بدلے میں لے لے	کفر کو	ایمان کے عوض	تو تحقیق	وہ بھٹک گیا	سیدھی	راہ سے

وَدَّ	كَثِيۡرٌ	مِّنۡ اَهۡلِ الۡكِتٰبِ	لَوۡ	يَرُدُّوۡنَكُمۡ	مِّنۡۢ بَعۡدِ
چاہتے ہیں	بہت سے	اہلِ کتاب میں سے	کاش کہ	وہ پھیر دیں (بنادیں) تمھیں	بعد

اِيۡمَانِكُمۡ	كُفَّارًا ۖۚ	حَسَدًا	مِّنۡ عِنۡدِ اَنۡفُسِهِمۡ	مِّنۡۢ بَعۡدِ مَا
تمھارے ایمان کے	کافر	حسد کرتے ہوئے	اپنے دلوں سے	اس کے بعد کہ

تَبَيَّنَ	لَهُمُ	الۡحَـقُّ ۚ	فَاعۡفُوۡا	وَاصۡفَحُوۡا	حَتّٰى	يَاۡتِىَ
واضح ہوگیا	ان کے لیے	حق	سو تم معاف کرو	اور درگزر کرو	حتی کہ	لے آئے

اللّٰهُ	بِاَمۡرِهٖ ؕ	اِنَّ	اللّٰهَ	عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ	قَدِيۡرٌ ﴿109﴾	وَاَقِيۡمُوا
اللہ	اپنا حکم	بلاشبہ	اللہ	ہر چیز پر	خوب قادر ہے	اور تم قائم کرو

الصَّلٰوةَ	وَاٰتُوا	الزَّكٰوةَ ؕ	وَمَا	تُقَدِّمُوۡا	لِاَنۡفُسِكُمۡ	مِّنۡ خَيۡرٍ
نماز	اور تم دو	زکاۃ	اور جو کچھ	تم آگے بھیجوگے	اپنے نفسوں کے لیے	کوئی بھلائی

تَجِدُوۡهُ	عِنۡدَ اللّٰهِ ؕ	اِنَّ	اللّٰهَ	بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ	بَصِيۡرٌ ﴿110﴾
تم پاؤگے اس کو	اللہ کے پاس	بے شک	اللہ	جو تم عمل کرتے ہو	خوب دیکھنے والا ہے

وَقَالُوْا	لَنْ يَّدْخُلَ	الْجَنَّةَ	اِلَّا	مَنْ	كَانَ	هُوْدًا	اَوْ
اور انھوں نے کہا:	ہرگز نہیں داخل ہوں گے	جنت میں	مگر	(وہ) جو	ہوں گے	یہودی	یا

نَصٰرٰی ؕ	تِلْكَ	اَمَانِيُّهُمْ ؕ	قُلْ	هَاتُوْا	بُرْهَانَكُمْ	اِنْ
عیسائی	یہ	ان کی (باطل) خواہشیں ہیں	کہہ دیجیے:	تم لاؤ	اپنی دلیل	اگر

كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ ﴿111﴾	بَلٰى ۚ	مَنْ	اَسْلَمَ	وَجْهَهٗ	لِلّٰهِ
ہو تم	سچے	کیوں نہیں (ہاں!)	جس نے	جھکا دیا	اپنا چہرہ	اللہ کے لیے

وَهُوَ	مُحْسِنٌ	فَلَهٗٓ	اَجْرُهٗ	عِنْدَ رَبِّهٖ	وَلَا خَوْفٌ	عَلَيْهِمْ
اور وہ	نیکی کرنے والا ہے	تو اس کے لیے ہے	اس کا اجر	اس کے رب کے ہاں	اور نہ کوئی خوف ہوگا	ان پر

وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿112﴾ ع	وَقَالَتِ	الْيَهُوْدُ	لَيْسَتِ	النَّصٰرٰی
اور نہ وہ غمگین ہی ہوں گے	اور کہا	یہودیوں نے:	نہیں ہیں	عیسائی

عَلٰى شَيْءٍ	وَّقَالَتِ	النَّصٰرٰی	لَيْسَتِ	الْيَهُوْدُ	عَلٰى شَيْءٍ	وَّ
کسی چیز (دین حق) پر	اور کہا	عیسائیوں نے:	نہیں ہیں	یہودی	کسی چیز (دین حق) پر	حالانکہ

هُمْ	يَتْلُوْنَ	الْكِتٰبَ ؕ	كَذٰلِكَ	قَالَ	الَّذِيْنَ	لَا يَعْلَمُوْنَ
وہ (یہود و نصاریٰ)	پڑھتے ہیں	کتاب	اسی طرح	کہا	ان لوگوں نے (بھی) جو	نہیں علم رکھتے

مِثْلَ	قَوْلِهِمْ ۚ	فَاللّٰهُ	يَحْكُمُ	بَيْنَهُمْ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	فِيْمَا
مثل	ان کے قول کے	بالآخر اللہ	فیصلہ فرمائے گا	ان کے درمیان	قیامت کے دن	اس (چیز) میں کہ

كَانُوْا	فِيْهِ	يَخْتَلِفُوْنَ ﴿113﴾	وَمَنْ	اَظْلَمُ	مِمَّنْ	مَّنَعَ
تھے وہ	اس میں	اختلاف کرتے	اور کون	زیادہ ظالم ہے	اس سے جس نے	منع کیا

مَسٰجِدَ اللّٰهِ	اَنْ	يُّذْكَرَ	فِيْهَا	اسْمُهٗ	وَسَعٰى	فِيْ خَرَابِهَا ؕ
اللہ کی مساجد سے	یہ کہ	ذکر کیا جائے	ان میں	اس (اللہ) کا نام	اور اس نے کوشش کی	ان کے اجاڑنے میں؟

اُولٰٓئِكَ	مَا كَانَ	لَهُمْ	اَنْ يَّدْخُلُوْهَآ	اِلَّا	خَآئِفِيْنَ ؕ	لَهُمْ
یہ (روکنے والے)	نہیں تھا (لائق)	ان کے	یہ کہ داخل ہوں ان میں	مگر	ڈرتے ہوئے	ان کے لیے

فِي الدُّنْيَا	خِزْيٌ	وَّلَهُمْ	فِي الْاٰخِرَةِ	عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿114﴾
دنیا میں	رسوائی ہے	اور ان کے لیے	آخرت میں	عذاب عظیم ہے

وَلِلّٰهِ	الْمَشْرِقُ	وَالْمَغْرِبُ ۚ	فَاَيْنَمَا	تُوَلُّوْا	فَثَمَّ
اور اللہ ہی کے لیے ہیں	مشرق	اور مغرب	پھر جس طرف بھی	تم رخ کرو گے	تو وہاں ہی ہے

وَجْهُ اللّٰهِ ۚ	اِنَّ	اللّٰهَ	وَاسِعٌ	عَلِيْمٌ ﴿115﴾	وَقَالُوا	اتَّخَذَ اللّٰهُ
اللہ کا چہرہ	بلاشبہ	اللہ	بڑی وسعت والا	خوب جاننے والا ہے	اور انھوں نے کہا:	بنالی ہے اللہ نے

وَلَدًا ۙ	سُبْحٰنَهٗ ۭ	بَلْ	لَّهٗ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ
اولاد	وہ (اس سے) پاک ہے	بلکہ	اسی کے لیے ہے	جو کچھ	آسمانوں اور زمین میں ہے

كُلٌّ	لَّهٗ	قٰنِتُوْنَ ﴿116﴾	بَدِيْعُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ ۭ	وَاِذَا
سب	اسی کے لیے	عاجزی کرنے والے ہیں	(وہ) انوکھا موجد ہے	آسمانوں کا	اور زمین کا	اور جب

قَضٰٓى	اَمْرًا	فَاِنَّمَا	يَقُوْلُ	لَهٗ	كُنْ	فَيَكُوْنُ ﴿117﴾	وَقَالَ
وہ فیصلہ کرتا ہے	کسی کام کا	تو صرف	(یہی) کہتا ہے	اس کو:	تو ہو جا	تو وہ (فوراً) ہو جاتا ہے	اور کہا

الَّذِيْنَ	لَا يَعْلَمُوْنَ	لَوْلَا	يُكَلِّمُنَا	اللّٰهُ	اَوْ تَاْتِيْنَآ
ان لوگوں نے جو	نہیں علم رکھتے تھے:	کیوں نہیں	کلام کرتا ہم سے	اللہ	یا (کیوں نہیں) آتی ہمارے پاس

اٰيَةٌ ۭ	كَذٰلِكَ	قَالَ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	مِّثْلَ	قَوْلِهِمْ
کوئی نشانی؟	اسی طرح	کہا تھا	ان لوگوں نے جو	ان سے پہلے تھے	مثل	ان کے قول کے

تَشَابَهَتْ	قُلُوْبُهُمْ ۭ	قَدْ	بَيَّنَّا	الْاٰيٰتِ	لِقَوْمٍ	يُّوْقِنُوْنَ ﴿118﴾
ایک جیسے ہوگئے	ان کے دل	تحقیق	ہم نے بیان کر دیں	نشانیاں	ان لوگوں کے لیے	جو یقین رکھتے ہیں

اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ	بِالْحَقِّ	بَشِيْرًا	وَّنَذِيْرًا ۙ	وَّلَا تُسْــَٔلُ
بلاشبہ ہم ہی نے بھیجا آپ کو	حق کے ساتھ	خوشخبری دینے والا	اور ڈرانے والا (بنا کر)	اور نہیں آپ سوال کیے جائیں گے

عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِيْمِ ﴿119﴾	وَلَنْ تَرْضٰى	عَنْكَ	الْيَهُوْدُ	وَلَا النَّصٰرٰى
دوزخ والوں کی بابت	اور ہرگز نہیں راضی ہوں گے	آپ سے	یہودی	اور نہ عیسائی

حَتّٰى	تَتَّبِعَ	مِلَّتَهُمْ ۭ	قُلْ	اِنَّ	هُدَى اللّٰهِ	هُوَ
حتی کہ	آپ پیروی کریں	ان کی ملت کی	کہہ دیجیے:	بلاشبہ	اللہ کی ہدایت	وہی

الْهُدٰى ۭ	وَلَىِٕنِ	اتَّبَعْتَ	اَهْوَاۗءَهُمْ	بَعْدَ	الَّذِيْ
(حقیقی) ہدایت ہے	اور البتہ اگر	آپ نے پیروی کی	ان کی خواہشات کی	بعد	اس کے جو

جَآءَكَ | مِنَ الْعِلْمِ | مَا | لَكَ | مِنَ اللّٰهِ | مِنْ وَّلِيٍّ
آ گیا آپ کے پاس | علم | تو نہیں ہوگا | آپ کے لیے | اللہ سے (بچانے والا) | کوئی حمایتی

وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿120﴾ | اَلَّذِيْنَ | اٰتَيْنٰهُمُ | الْكِتٰبَ | يَتْلُوْنَهٗ
اور نہ کوئی مددگار | وہ لوگ (کہ) | ہم نے دی انھیں | کتاب | وہ پڑھتے ہیں اسے

حَقَّ تِلَاوَتِهٖ | اُولٰٓئِكَ | يُؤْمِنُوْنَ | بِهٖ ؕ | وَمَنْ | يَّكْفُرْ
(جس طرح) حق ہے اس کے پڑھنے کا | وہی لوگ | ایمان لاتے ہیں | اس کے ساتھ | اور جو کوئی | کفر کرتا ہے

بِهٖ | فَاُولٰٓئِكَ هُمُ | الْخٰسِرُوْنَ ﴿121﴾ ع | يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ | اذْكُرُوْا
اس کے ساتھ | تو وہی لوگ ہیں | خسارہ پانے والے | اے بنی اسرائیل! | تم یاد کرو

نِعْمَتِيَ | الَّتِيْٓ | اَنْعَمْتُ | عَلَيْكُمْ | وَاَنِّيْ | فَضَّلْتُكُمْ
میری نعمت | وہ جو | میں نے انعام کی | تم پر | اور یقیناً میں نے | فضیلت دی تم کو

عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿122﴾ | وَاتَّقُوْا | يَوْمًا | لَّا تَجْزِيْ | نَفْسٌ | عَنْ نَّفْسٍ
تمام جہانوں پر | اور تم ڈرو | اس دن سے | (کہ) نہیں کام آئے گا | کوئی نفس | کسی نفس کے

شَيْئًا | وَّلَا يُقْبَلُ | مِنْهَا | عَدْلٌ | وَّلَا تَنْفَعُهَا | شَفَاعَةٌ
کچھ بھی | اور نہ قبول کیا جائے گا | اس سے | کوئی بدلہ | اور نہ نفع دے گی اسے | کوئی سفارش

وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿123﴾ | وَاِذِ | ابْتَلٰٓى | اِبْرٰهٖمَ | رَبُّهٗ | بِكَلِمٰتٍ
اور نہ وہ مدد ہی کیے جائیں گے | اور (یاد کرو) جب | آزمایا | ابراہیم کو | اس کے رب نے | چند کلمات کے ساتھ

فَاَتَمَّهُنَّ ؕ | قَالَ | اِنِّيْ | جَاعِلُكَ | لِلنَّاسِ | اِمَامًا ؕ | قَالَ
تو اس نے پورا کر دیا انھیں | (اللہ نے) کہا: | بے شک میں | بناؤں گا تجھے | لوگوں کے لیے | امام | (ابراہیم نے) کہا:

وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ؕ | قَالَ | لَا يَنَالُ | عَهْدِي | الظّٰلِمِيْنَ ﴿124﴾ | وَاِذْ
اور میری اولاد میں سے (بھی) | (اللہ نے) کہا: | نہیں پہنچتا | میرا عہد | ظالموں کو | اور جب

جَعَلْنَا | الْبَيْتَ | مَثَابَةً | لِّلنَّاسِ | وَاَمْنًا | وَاتَّخِذُوْا
ہم نے بنایا | بیت اللہ کو | بار بار لوٹنے کی جگہ | لوگوں کے لیے | اور امن کی جگہ | اور (حکم دیا کہ) تم بناؤ

مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهٖمَ | مُصَلًّى ؕ | وَعَهِدْنَآ | اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ | وَاِسْمٰعِيْلَ | اَنْ
مقام ابراہیم کو | جائے نماز | اور ہم نے حکم کیا | ابراہیم کی طرف | اور اسماعیل (کی طرف) | یہ کہ

طَهِّرَا	بَيْتِيَ	لِلطَّآئِفِيْنَ	وَالْعٰكِفِيْنَ	وَالرُّكَّعِ
تم دونوں پاک کرو	میرا گھر	طواف کرنے والوں کے لیے	اور اعتکاف کرنے والوں	اور رکوع کرنے والوں

السُّجُوْدِ ﴿125﴾	وَاِذْ	قَالَ	اِبْرٰهٖمُ	رَبِّ	اجْعَلْ	هٰذَا
(اور) سجود کرنے والوں (کے لیے)	اور جب	کہا	ابراہیم نے:	اے میرے رب!	تو بنا	اس (جگہ) کو

بَلَدًا	اٰمِنًا	وَّارْزُقْ	اَهْلَهٗ	مِنَ الثَّمَرٰتِ	مَنْ	اٰمَنَ
شہر	امن والا	اور رزق دے	اس کے باشندوں کو	پھلوں سے	جو (کوئی)	ایمان لایا

مِنْهُمْ	بِاللّٰهِ	وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ	قَالَ	وَمَنْ	كَفَرَ
ان میں سے	اللہ کے ساتھ	اور یومِ آخرت (کے ساتھ)	(اللہ نے) کہا:	اور جس نے	کفر کیا

فَاُمَتِّعُهٗ	قَلِيْلًا	ثُمَّ	اَضْطَرُّهٗۤ	اِلٰى عَذَابِ النَّارِ ؕ	وَبِئْسَ
تو میں فائدہ دوں گا اسے	تھوڑا سا	پھر	میں مجبور کروں گا اسے	جہنم کے عذاب کی طرف	اور بُری ہے وہ

الْمَصِيْرُ ﴿126﴾	وَاِذْ	يَرْفَعُ	اِبْرٰهٖمُ	الْقَوَاعِدَ	مِنَ الْبَيْتِ
پھرنے کی جگہ	اور جب	بلند کر رہے تھے	ابراہیم	بنیادیں	بیت اللہ کی

وَاِسْمٰعِيْلُ	رَبَّنَا	تَقَبَّلْ	مِنَّا ؕ	اِنَّكَ اَنْتَ	السَّمِيْعُ
اور اسماعیل	(یہ کہتے ہوئے:) اے ہمارے رب!	تو قبول کر	ہم سے (یہ نیکی)	یقیناً تو ہی ہے	خوب سننے والا

الْعَلِيْمُ ﴿127﴾	رَبَّنَا	وَاجْعَلْنَا	مُسْلِمَيْنِ	لَكَ	وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَآ
خوب جاننے والا	اے ہمارے رب!	اور تو بنا ہمیں	فرماں بردار	اپنا	اور (بنا) ہماری اولاد سے (بھی)

اُمَّةً	مُّسْلِمَةً	لَّكَ	وَاَرِنَا	مَنَاسِكَنَا	وَتُبْ	عَلَيْنَا ۚ
ایک جماعت	فرماں بردار	اپنی	اور سکھا ہمیں	ہماری عبادت کے طریقے	اور توجہ فرما	ہم پر

اِنَّكَ اَنْتَ	التَّوَّابُ	الرَّحِيْمُ ﴿128﴾	رَبَّنَا	وَابْعَثْ	فِيْهِمْ
یقیناً تو ہی ہے	بہت زیادہ توبہ قبول کرنے والا	نہایت رحم کرنے والا	اے ہمارے رب!	اور تو بھیج	ان میں

رَسُوْلًا	مِّنْهُمْ	يَتْلُوْا	عَلَيْهِمْ	اٰيٰتِكَ	وَيُعَلِّمُهُمُ	الْكِتٰبَ
ایک رسول	انھی میں سے	وہ تلاوت کرے	ان پر	تیری آیتیں	اور سکھلائے ان کو	کتاب

وَالْحِكْمَةَ	وَيُزَكِّيْهِمْ ؕ	اِنَّكَ اَنْتَ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ ﴿129﴾ ع	وَمَنْ
اور حکمت	اور پاک کرے ان کو	بلاشبہ تو ہی ہے	نہایت غالب	خوب حکمت والا	اور کون

يَّرْغَبُ عَنْ	مِّلَّةِ	اِبْرٰهٖمَ	اِلَّا مَنْ	سَفِهَ	نَفْسَهٗ ؕ
بے رغبتی کرتا ہے	ملت	ابراہیم سے	سوائے اس شخص کے جس نے	نادانی کی	اپنے نفس (کے معاملے) میں

وَلَقَدِ	اصْطَفَيْنٰهُ	فِي الدُّنْيَا ۚ	وَاِنَّهٗ	فِي الْاٰخِرَةِ	لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿130﴾
اور البتہ تحقیق	ہم نے چن لیا اس کو	دنیا میں	اور بے شک وہ	آخرت میں	البتہ نیکوں میں سے ہے

اِذْ	قَالَ	لَهٗ	رَبُّهٗٓ	اَسْلِمْ ۙ	قَالَ	اَسْلَمْتُ
جب	کہا	اس (ابراہیم) سے	اس کے رب نے:	تو فرماں بردار ہو جا!	اس نے کہا:	میں فرمانبردار ہو گیا

لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿131﴾	وَوَصّٰى	بِهَآ	اِبْرٰهٖمُ	بَنِيْهِ	وَيَعْقُوْبُ
رب العالمین کے لیے	اور وصیت کی	اس (کلمۂ اسلام) کی	ابراہیم نے	اپنے بیٹوں کو	اور یعقوب نے:

يٰبَنِيَّ	اِنَّ	اللّٰهَ	اصْطَفٰى	لَكُمُ	الدِّيْنَ	فَلَا تَمُوْتُنَّ	اِلَّا
اے میرے بیٹو!	یقیناً	اللہ نے	چن لیا ہے	تمھارے لیے	(یہ) دین	چنانچہ نہ ہرگز تم مرنا	مگر

وَاَنْتُمْ	مُّسْلِمُوْنَ ﴿132﴾	اَمْ	كُنْتُمْ	شُهَدَآءَ	اِذْ	حَضَرَ
اس حال میں کہ تم	مسلمان ہو	کیا	تھے تم	موجود	جب	آئی

يَعْقُوْبَ	الْمَوْتُ	اِذْ	قَالَ	لِبَنِيْهِ	مَا	تَعْبُدُوْنَ
یعقوب کو	موت	جب	اس نے کہا	اپنے بیٹوں سے:	کس چیز کی	تم عبادت کرو گے

مِنْ بَعْدِيْ ۭ	قَالُوْا	نَعْبُدُ	اِلٰهَكَ	وَاِلٰهَ اٰبَآئِكَ
میرے بعد؟	انھوں نے کہا:	ہم عبادت کریں گے	تیرے معبود کی	اور تیرے باپ دادا کے معبود کی

اِبْرٰهٖمَ	وَاِسْمٰعِيْلَ	وَاِسْحٰقَ	اِلٰهًا	وَّاحِدًا	وَّنَحْنُ	لَهٗ
(یعنی) ابراہیم	اور اسماعیل	اور اسحٰق	(کے) معبودِ	یکتا کی	اور ہم	اسی کے

مُسْلِمُوْنَ ﴿133﴾	تِلْكَ	اُمَّةٌ	قَدْ	خَلَتْ ۚ	لَهَا	مَا	كَسَبَتْ
فرماں بردار ہیں	یہ	ایک جماعت تھی	تحقیق	گزر گئی	اُس کے لیے ہے	جو	اس نے کمایا

وَلَكُمْ	مَّا	كَسَبْتُمْ ۚ	وَلَا تُسْـَٔلُوْنَ	عَمَّا	كَانُوْا
اُجَاجًا | فَلَوْلَا تَشْكُرُوْنَ ﴿70﴾ | اَفَرَءَيْتُمُ | النَّارَ | الَّتِيْ | تُوْرُوْنَ ﴿71﴾
کھارا | تو کیوں نہیں تم شکر کرتے؟ | بھلا بتلاؤ تو | وہ آگ | جو | تم جلاتے ہو

ءَاَنْتُمْ | اَنْشَاْتُمْ | شَجَرَتَهَآ | اَمْ | نَحْنُ | الْمُنْشِـُٔوْنَ ﴿72﴾ | نَحْنُ جَعَلْنٰهَا
کیا تم نے | پیدا کیا ہے | اس کا درخت | یا | ہم | پیدا کرنے والے ہیں؟ | ہم ہی نے بنایا ہے اسے

تَذْكِرَةً | وَّمَتَاعًا | لِّلْمُقْوِيْنَ ﴿73﴾ | فَسَبِّحْ | بِاسْمِ رَبِّكَ | الْعَظِيْمِ ﴿74﴾
یاد دہانی کا ذریعہ | اور فائدہ | مسافروں کے لیے | لہٰذا آپ تسبیح کیجیے | اپنے رب کے نام کی | جو نہایت عظمت والا ہے

فَلَآ اُقْسِمُ | بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ ﴿75﴾ | وَاِنَّهٗ | لَقَسَمٌ | لَّوْ | تَعْلَمُوْنَ | عَظِيْمٌ ﴿76﴾
تو میں قسم کھاتا ہوں | ستاروں کے گرنے کی جگہوں کی | اور بلاشبہ یہ | البتہ قسم ہے | اگر | تمھیں علم ہو | بہت بڑی

اِنَّهٗ | لَقُرْاٰنٌ | كَرِيْمٌ ﴿77﴾ | فِيْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ ﴿78﴾ | لَّا يَمَسُّهٗٓ
کہ بلاشبہ یہ | البتہ قرآن ہے | نہایت معزز | ایک محفوظ کتاب (لوح محفوظ) میں | نہیں ہاتھ لگاتے اسے

اِلَّا	الْمُطَهَّرُوْنَ ﴿79﴾	تَنْزِيْلٌ	مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿80﴾	اَ	فَبِهٰذَا
مگر	پاک (فرشتے) ہی	نازل کردہ ہے	رب العالمین کی طرف سے	کیا	پھر اس

الْحَدِيْثِ	اَنْتُمْ	مُّدْهِنُوْنَ ﴿81﴾	وَتَجْعَلُوْنَ	رِزْقَكُمْ	اَنَّكُمْ
حدیث (قرآن) سے	تم	مداہنت (بے اعتنائی) کرتے ہو؟	اور تم بناتے ہو	اپنا حصہ	یہ کہ بیشک تم

تُكَذِّبُوْنَ ﴿82﴾	فَلَوْلَآ	اِذَا	بَلَغَتِ	الْحُلْقُوْمَ ﴿83﴾	وَاَنْتُمْ
تکذیب کرتے ہو	پھر کیوں نہیں	جب	پہنچتی ہے (روح)	حلق تک	اور تم

حِيْنَئِذٍ	تَنْظُرُوْنَ ﴿84﴾	وَنَحْنُ	اَقْرَبُ	اِلَيْهِ	مِنْكُمْ	وَلٰكِنْ
اس وقت	دیکھتے ہو	اور ہم	زیادہ قریب ہوتے ہیں	اس سے	تمھاری نسبت	اور لیکن

لَّا تُبْصِرُوْنَ ﴿85﴾	فَلَوْلَآ	اِنْ	كُنْتُمْ	غَيْرَ	مَدِيْنِيْنَ ﴿86﴾
نہیں تم دیکھتے	پھر کیوں نہیں	اگر	تم ہو	نہیں	بدلہ دیے جاؤ گے

تَرْجِعُوْنَهَآ	اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ ﴿87﴾	فَاَمَّآ	اِنْ	كَانَ
تم پھیر لاتے اس (روح) کو	اگر	تم ہو	سچے؟	پس لیکن	اگر	وہ (مردہ) ہوا

مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿88﴾	فَرَوْحٌ	وَّرَيْحَانٌ	وَّجَنَّتُ	نَعِيْمٍ ﴿89﴾
مقربین میں سے	تو (اس کے لیے ہے) راحت	اور خوشبو	اور باغ	نعمتوں والا

وَاَمَّآ	اِنْ	كَانَ	مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿90﴾	فَسَلٰمٌ	لَّكَ
اور لیکن	اگر	وہ ہوا	اصحاب یمین میں سے	تو (کہا جائے گا:) سلامتی ہے	تیرے لیے

مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿91﴾	وَاَمَّآ	اِنْ	كَانَ	مِنَ الْمُكَذِّبِيْنَ
(تو یقیناً) اصحابِ یمین میں سے ہے	اور لیکن	اگر	وہ ہوا	تکذیب کرنے والے

الضَّآلِّيْنَ ﴿92﴾	فَنُزُلٌ	مِّنْ حَمِيْمٍ ﴿93﴾	وَّتَصْلِيَةُ	جَحِيْمٍ ﴿94﴾
گمراہوں میں سے	تو (اس کی) مہمانی ہوگی	گرم کھولتے پانی سے	اور داخل کرنا ہے	جہنم میں

اِنَّ	هٰذَا	لَهُوَ حَقُّ الْيَقِيْنِ ﴿95﴾	فَسَبِّحْ	بِاسْمِ رَبِّكَ
بلاشبہ	یہ (مذکور)	البتہ یہی یقینی حق ہے	لہٰذا آپ تسبیح کیجیے	اپنے رب کے نام کی

الْعَظِيْمِ ﴿96﴾
جو نہایت عظمت والا ہے

سُوْرَةُ الْحَدِيْدِ مَدَنِيَّةٌ — رُكُوْعَاتُهَا 4 — اٰيَاتُهَا 29

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو بہت مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے

سَبَّحَ	لِلّٰهِ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ	وَهُوَ	الْعَزِيْزُ
تسبیح کرتی ہے	اللہ کی	جو چیز بھی ہے	آسمانوں اور زمین میں	اور وہ	نہایت غالب ہے

الْحَكِيْمُ ﴿1﴾	لَهٗ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ	يُحْيٖ
خوب حکمت والا ہے	اسی کے لیے ہے	بادشاہی	آسمانوں اور زمین کی	وہی زندہ کرتا ہے

وَيُمِيْتُ	وَهُوَ	عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ ﴿2﴾	هُوَ الْاَوَّلُ	وَالْاٰخِرُ
اور وہی مارتا ہے	اور وہ	ہر شے پر	خوب قادر ہے	وہی ہے اوّل	اور آخر

وَالظَّاهِرُ	وَالْبَاطِنُ	وَهُوَ	بِكُلِّ شَيْءٍ	عَلِيْمٌ ﴿3﴾	هُوَ الَّذِيْ
اور ظاہر	اور باطن (اس کی حقیقت کو کوئی پا نہیں سکتا)	اور وہی	ہر چیز کو	خوب جاننے والا ہے	وہی ہے جس نے

خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ	فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ	ثُمَّ	اسْتَوٰى	عَلَى الْعَرْشِ
پیدا کیا	آسمانوں اور زمین کو	چھ دنوں میں	پھر	وہ مستوی ہوگیا	عرش پر

يَعْلَمُ	مَا	يَلِجُ	فِي الْاَرْضِ	وَمَا	يَخْرُجُ	مِنْهَا
وہ جانتا ہے	جو چیز	داخل ہوتی ہے	زمین میں	اور جو	نکلتی ہے	اس سے

وَمَا	يَنْزِلُ	مِنَ السَّمَآءِ	وَمَا	يَعْرُجُ	فِيْهَا	وَهُوَ
اور جو چیز	اترتی ہے	آسمان سے	اور جو	چڑھتی ہے	اس میں	اور وہ

مَعَكُمْ	اَيْنَ مَا	كُنْتُمْ	وَاللّٰهُ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	بَصِيْرٌ ﴿4﴾
تمھارے ساتھ ہے	جہاں کہیں	تم ہو	اور اللہ	اس کو جو	تم عمل کرتے ہو	خوب دیکھنے والا ہے

لَهٗ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ	وَاِلَى اللّٰهِ	تُرْجَعُ	الْاُمُوْرُ ﴿5﴾
اسی کے لیے ہے	بادشاہی	آسمانوں اور زمین کی	اور اللہ ہی کی طرف	لوٹائے جاتے ہیں	تمام امور

يُوْلِجُ	الَّيْلَ	فِي النَّهَارِ	وَيُوْلِجُ	النَّهَارَ	فِي الَّيْلِ
وہ داخل کرتا ہے	رات کو	دن میں	اور داخل کرتا ہے	دن کو	رات میں

وَهُوَ	عَلِيْمٌ	بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿6﴾	اٰمِنُوْا	بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ
اور وہ	خوب جانتا ہے	سینوں کے راز	تم ایمان لاؤ	اللہ اور اس کے رسول پر

وَاَنْفِقُوْا	مِمَّا	جَعَلَكُمْ	مُّسْتَخْلَفِيْنَ	فِيْهِ ؕ
اور خرچ کرو	اس (مال) میں سے کہ	اس (اللہ) نے بنایا ہے تمھیں	جانشین	اس میں

فَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مِنْكُمْ	وَاَنْفَقُوْا	لَهُمْ	اَجْرٌ	كَبِيْرٌ ﴿7﴾
پھر وہ لوگ جو	ایمان لائے	تم میں سے	اور انھوں نے خرچ کیا	ان کے لیے	اجر ہے	بہت بڑا

وَمَا	لَكُمْ	لَا تُؤْمِنُوْنَ	بِاللّٰهِ	وَالرَّسُوْلُ	يَدْعُوْكُمْ	لِتُؤْمِنُوْا
اور کیا ہے	تمھیں	کہ نہیں تم ایمان لاتے	اللہ پر؟	جبکہ رسول	بلاتا ہے تمھیں	تاکہ تم ایمان لاؤ

بِرَبِّكُمْ	وَقَدْ	اَخَذَ	مِيْثَاقَكُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ ﴿8﴾
اپنے رب پر	اور تحقیق	وہ لے چکا ہے	تم سے پختہ وعدہ	اگر	تم ہو	ایمان لانے والے

هُوَ	الَّذِيْ	يُنَزِّلُ	عَلٰى عَبْدِهٖٓ	اٰيٰتٍۢ	بَيِّنٰتٍ	لِّيُخْرِجَكُمْ
وہ (اللہ)	وہ ذات ہے جو	نازل کرتا ہے	اپنے بندے پر	آیتیں	واضح	تاکہ وہ نکالے تمھیں

مِّنَ الظُّلُمٰتِ	اِلَى النُّوْرِ ؕ	وَاِنَّ	اللّٰهَ	بِكُمْ	لَرَءُوْفٌ	رَّحِيْمٌ ﴿9﴾
اندھیروں سے	اجالے کی طرف	اور بلاشبہ	اللہ	تم پر	البتہ نہایت شفیق	خوب رحم کرنے والا ہے

وَمَا	لَكُمْ	اَلَّا	تُنْفِقُوْا	فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	وَلِلّٰهِ
اور کیا ہے	تمھیں	کہ نہیں	تم خرچ کرتے	اللہ کی راہ میں	جبکہ اللہ ہی کے لیے ہے

مِيْرَاثُ	السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ	لَا يَسْتَوِيْ	مِنْكُمْ	مَّنْ	اَنْفَقَ
میراث	آسمانوں اور زمین کی؟	نہیں برابر	تم میں سے	وہ جس نے	خرچ کیا

مِنْ قَبْلِ الْفَتْحِ	وَقٰتَلَ ؕ	اُولٰٓئِكَ	اَعْظَمُ	دَرَجَةً	مِّنَ الَّذِيْنَ
فتح (مکہ) سے پہلے	اور لڑائی کی	یہ لوگ	زیادہ عظیم ہیں	درجے میں	ان لوگوں سے جنھوں نے

اَنْفَقُوْا	مِنْۢ بَعْدُ	وَقٰتَلُوْا ؕ	وَكُلًّا	وَّعَدَ	اللّٰهُ	الْحُسْنٰى ؕ
خرچ کیا	اس کے بعد	اور لڑائی کی	اور ہر ایک سے	وعدہ کیا ہے	اللہ نے	نیک جزا کا

وَاللّٰهُ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	خَبِيْرٌ ﴿10﴾ ع	مَنْ	ذَا الَّذِيْ	يُقْرِضُ اللّٰهَ
اور اللہ	ساتھ اس کے جو	تم عمل کرتے ہو	خوب خبردار ہے	کون ہے	وہ جو	قرض دے اللہ کو

قَرْضًا حَسَنًا	فَيُضٰعِفَهٗ	لَهٗ	وَلَهٗٓ	اَجْرٌ كَرِيْمٌ ﴿11﴾	يَوْمَ
قرض حسنہ	پھر وہ بڑھا دے اسے	اس کے لیے	اور اس کے لیے	عمدہ اجر ہے؟	اس دن

تَرَى	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَالْمُؤْمِنٰتِ	يَسْعٰى	نُوْرُهُمْ	بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ	
آپ دیکھیں گے	ایمان والوں کو	اور ایمان والیوں کو	دوڑتا ہوگا	ان کا نور	ان کے آگے	
وَبِاَيْمَانِهِمْ	بُشْرٰىكُمُ	الْيَوْمَ	جَنّٰتٌ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	
اور ان کے دائیں	خوشخبری ہے تمھیں	آج	ایسے باغات کی	کہ چلتی ہیں	ان کے نیچے سے	
الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	ذٰلِكَ هُوَ	الْفَوْزُ	الْعَظِيْمُ ﴿12﴾	يَوْمَ
نہریں	وہ ہمیشہ رہیں گے	ان میں	یہی ہے	کامیابی	بہت بڑی	اس دن
يَقُوْلُ	الْمُنٰفِقُوْنَ	وَالْمُنٰفِقٰتُ	لِلَّذِيْنَ	اٰمَنُوا	انْظُرُوْنَا	
کہیں گے	منافق مرد	اور منافق عورتیں	ان لوگوں سے جو	ایمان لائے:	تم انتظار کرو ہمارا	
نَقْتَبِسْ	مِنْ نُّوْرِكُمْ	قِيْلَ	ارْجِعُوْا	وَرَآءَكُمْ		
ہم بھی کچھ روشنی حاصل کرلیں	تمھارے نور سے	(ان سے) کہا جائے گا:	تم لوٹ جاؤ	اپنے پیچھے کی طرف		
فَالْتَمِسُوْا	نُوْرًا	فَضُرِبَ	بَيْنَهُمْ	بِسُوْرٍ	لَّهٗ	بَابٌ
پھر تلاش کرو	نور	تب حائل کردی جائے گی	ان کے درمیان	ایک دیوار	اس کا	ایک دروازہ ہوگا
بَاطِنُهٗ	فِيْهِ	الرَّحْمَةُ	وَظَاهِرُهٗ	مِنْ قِبَلِهِ	الْعَذَابُ ﴿13﴾	
اس کے اندر	اس میں	رحمت ہوگی	اور اس کے باہر	اس کی طرف	عذاب ہوگا	
يُنَادُوْنَهُمْ	اَ	لَمْ	نَكُنْ	مَّعَكُمْ	قَالُوْا	
وہ (منافق) پکاریں گے ان (مومنوں) کو	کیا	نہیں	ہم تھے	تمھارے ساتھ (دنیا میں؟)	وہ کہیں گے:	
بَلٰى	وَلٰكِنَّكُمْ	فَتَنْتُمْ	اَنْفُسَكُمْ	وَتَرَبَّصْتُمْ	وَارْتَبْتُمْ	
(ہاں) کیوں نہیں!	اور لیکن تم نے	فتنے میں ڈال لیا تھا	اپنے آپ کو	اور تم نے انتظار کیا	اور تم نے شک کیا	
وَغَرَّتْكُمُ	الْاَمَانِيُّ	حَتّٰى	جَآءَ	اَمْرُ اللّٰهِ	وَغَرَّكُمْ	
اور فریب دیا تمھیں	(جھوٹی) خواہشوں نے	یہاں تک کہ	آپہنچا	اللہ کا حکم	اور دھوکا دیا تمھیں	
بِاللّٰهِ	الْغَرُوْرُ ﴿14﴾	فَالْيَوْمَ	لَا يُؤْخَذُ	مِنْكُمْ	فِدْيَةٌ	
اللہ کی بابت	بڑے دھوکے باز (شیطان) نے	لہٰذا آج	نہ لیا جائے گا	تم سے	کوئی فدیہ	
وَّلَا	مِنَ الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	مَاْوٰىكُمُ	النَّارُ	هِيَ	
اور نہ	ان لوگوں سے جنھوں نے	کفر کیا	تمھارا ٹھکانا	آگ ہے	یہی	

مَوْلٰىكُمْ ؕ	وَبِئْسَ	الْمَصِيْرُ ⑮	اَ	لَمْ يَاْنِ	لِلَّذِيْنَ
تمھارے زیادہ لائق ہے	اور بری ہے وہ (آگ)	لوٹ جانے کی جگہ	کیا	نہیں وقت آیا	ان لوگوں کے لیے جو

اٰمَنُوْٓا	اَنْ	تَخْشَعَ	قُلُوْبُهُمْ	لِذِكْرِ اللّٰهِ	وَمَا
ایمان لائے	یہ کہ	جھک جائیں	ان کے دل	ذکر الٰہی کے لیے	اور (اس کے لیے) جو

نَزَلَ	مِنَ الْحَقِّ	وَلَا يَكُوْنُوْا	كَالَّذِيْنَ	اُوْتُوا	الْكِتٰبَ
نازل ہوا	حق سے؟	اور نہ ہوں وہ	مانند ان لوگوں کے جو	دیے گئے	کتاب

مِنْ قَبْلُ	فَطَالَ	عَلَيْهِمُ	الْاَمَدُ	فَقَسَتْ	قُلُوْبُهُمْ ؕ	وَكَثِيْرٌ
اس سے پہلے	پھر لمبی ہوگئی	ان پر	مدت	تو سخت ہوگئے	ان کے دل	اور بہت سے

مِّنْهُمْ	فٰسِقُوْنَ ⑯	اِعْلَمُوْٓا	اَنَّ	اللّٰهَ	يُحْيِ	الْاَرْضَ	بَعْدَ
ان میں سے	فاسق ہیں	تم جان لو	کہ بلاشبہ	اللہ	زندہ کرتا ہے	زمین کو	بعد

مَوْتِهَا ؕ	قَدْ	بَيَّنَّا	لَكُمُ	الْاٰيٰتِ	لَعَلَّكُمْ	تَعْقِلُوْنَ ⑰
اس کی موت کے	تحقیق	ہم نے بیان کیں	تمھارے لیے	آیتیں	تاکہ تم	سمجھو

اِنَّ	الْمُصَّدِّقِيْنَ	وَالْمُصَّدِّقٰتِ	وَاَقْرَضُوا	اللّٰهَ	قَرْضًا
بلاشبہ	صدقہ دینے والے مرد	اور صدقہ دینے والی عورتیں	اور جنھوں نے قرض دیا	اللہ کو	قرض

حَسَنًا	يُّضٰعَفُ	لَهُمْ	وَلَهُمْ	اَجْرٌ كَرِيْمٌ ⑱	وَالَّذِيْنَ
حسنہ	تو وہ بڑھا دیا جائے گا	ان کے لیے	اور ان کے لیے	اجر ہے بہت عمدہ	اور وہ لوگ جو

اٰمَنُوْا	بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖٓ	اُولٰٓئِكَ هُمُ الصِّدِّيْقُوْنَ ؕ	وَالشُّهَدَآءُ
ایمان لائے	اللہ اور اس کے رسولوں پر	وہی لوگ راست باز ہیں	اور گواہی دینے والے ہیں

عِنْدَ رَبِّهِمْ	لَهُمْ	اَجْرُهُمْ	وَنُوْرُهُمْ ؕ	وَالَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
اپنے رب کے نزدیک	ان کے لیے	ان کا اجر ہے	اور ان کا نور ہے	اور وہ لوگ جنھوں نے	کفر کیا

وَكَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَآ	اُولٰٓئِكَ	اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ⑲ ع	اِعْلَمُوْٓا	اَنَّمَا
اور جھٹلایا	ہماری آیتوں کو	وہی لوگ	دوزخی ہیں	تم جان لو!	کہ بس

الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا	لَعِبٌ	وَّلَهْوٌ	وَّزِيْنَةٌ	وَّتَفَاخُرٌۢ	بَيْنَكُمْ
حیاتِ دنیا تو	کھیل ہے	اور تماشا ہے	اور زینت ہے	اور فخر کرنا ہے	آپس میں

وَ تَكَاثُرٌ	فِي الْاَمْوَالِ وَ الْاَوْلَادِ ؕ	كَمَثَلِ	غَيْثٍ	اَعْجَبَ
اور ایک دوسرے پر کثرت جتلانا ہے	مال اور اولاد میں	مانند	بارش کے	کہ خوش لگتا ہے

الْكُفَّارَ	نَبَاتُهٗ	ثُمَّ	يَهِيْجُ	فَتَرٰىهُ	مُصْفَرًّا	ثُمَّ
کسانوں کو	اس کا سبزہ	پھر	وہ خشک ہو جاتا ہے	تو آپ دیکھتے ہیں اس کو	زرد شدہ	پھر

يَكُوْنُ	حُطٰمًا ؕ	وَ فِي الْاٰخِرَةِ	عَذَابٌ شَدِيْدٌ	وَّ مَغْفِرَةٌ
وہ ہو جاتا ہے	چورا چورا	اور آخرت میں	نہایت سخت عذاب ہے	اور مغفرت ہے

مِّنَ اللّٰهِ	وَ رِضْوَانٌ ؕ	وَ مَا	الْحَيٰوةُ	الدُّنْيَآ	اِلَّا	مَتَاعُ
اللہ کی طرف سے	اور رضامندی ہے	اور نہیں ہے	حیاتِ	دنیا	مگر	سامان

الْغُرُوْرِ ﴿20﴾	سَابِقُوْٓا	اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ	وَ جَنَّةٍ
دھوکے کا	تم دوڑو	اپنے رب کی مغفرت کی طرف	اور اس جنت (کی طرف)

عَرْضُهَا	كَعَرْضِ	السَّمَآءِ وَ الْاَرْضِ	اُعِدَّتْ	لِلَّذِيْنَ
کہ اس کی چوڑائی ہے	مانند چوڑائی	آسمان اور زمین کے	وہ تیار کی گئی ہے	ان لوگوں کے لیے جو

اٰمَنُوْا	بِاللّٰهِ وَ رُسُلِهٖ ؕ	ذٰلِكَ	فَضْلُ اللّٰهِ	يُؤْتِيْهِ	مَنْ	يَّشَآءُ ؕ
ایمان لائے	اللہ اور اس کے رسولوں پر	یہ	اللہ کا فضل ہے	وہ دیتا ہے یہ	جسے	وہ چاہے

وَ اللّٰهُ	ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿21﴾	مَآ	اَصَابَ	مِنْ مُّصِيْبَةٍ	فِي الْاَرْضِ
اور اللہ	بہت بڑے فضل والا ہے	نہیں	پہنچتی	کوئی مصیبت	زمین میں

وَ لَا	فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ	اِلَّا	فِيْ كِتٰبٍ	مِّنْ قَبْلِ	اَنْ	نَّبْرَاَهَا ؕ
اور نہ	تمھارے نفسوں میں	مگر	(وہ لکھی ہوئی) ہے کتاب میں	اس سے پہلے	کہ	ہم پیدا کریں اس کو

اِنَّ	ذٰلِكَ	عَلَى اللّٰهِ	يَسِيْرٌ ﴿22﴾	لِّكَيْلَا تَاْسَوْا	عَلٰى مَا
یقیناً	یہ	اللہ پر	نہایت آسان ہے	تاکہ نہ تم غم کھاؤ	اس پر جو

فَاتَكُمْ	وَ لَا تَفْرَحُوْا	بِمَآ	اٰتٰىكُمْ ؕ	وَ اللّٰهُ	لَا يُحِبُّ	كُلَّ
فوت ہو جائے (چوک جائے) تم سے	اور نہ تم اتراؤ	اس پر جو	وہ تمھیں دے	اور اللہ	نہیں پسند کرتا	ہر

مُخْتَالٍ	فَخُوْرِ ﴿23﴾	الَّذِيْنَ	يَبْخَلُوْنَ	وَ يَاْمُرُوْنَ	النَّاسَ
اترانے والے	فخر کرنے والے کو	وہ لوگ جو	(خود بھی) بخل کرتے ہیں	اور حکم دیتے ہیں	لوگوں کو

بِالْبُخْلِ ؕ	وَمَنْ	يَّتَوَلَّ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	هُوَ	الْغَنِيُّ	الْحَمِيْدُ ﴿24﴾
بخیلی کا	اور جو شخص	منہ پھیر لے	تو بلاشبہ	اللہ	وہی ہے	بڑا بے پروا	نہایت قابلِ تعریف

لَقَدْ	اَرْسَلْنَا	رُسُلَنَا	بِالْبَيِّنٰتِ	وَاَنْزَلْنَا	مَعَهُمُ
البتہ تحقیق	ہم نے بھیجے	اپنے رسول	واضح دلیلوں کے ساتھ	اور ہم نے نازل کی	ان کے ساتھ

الْكِتٰبَ	وَالْمِيْزَانَ	لِيَقُوْمَ	النَّاسُ	بِالْقِسْطِ ۚ	وَاَنْزَلْنَا
کتاب	اور میزان	تاکہ قائم رہیں	لوگ	انصاف پر	اور ہم نے نازل کیا

الْحَدِيْدَ	فِيْهِ	بَاْسٌ	شَدِيْدٌ	وَّمَنَافِعُ	لِلنَّاسِ	وَلِيَعْلَمَ	اللّٰهُ
لوہا	اس میں	لڑائی ہے	نہایت سخت	اور فائدے ہیں	لوگوں کے لیے	اور تاکہ جان لے	اللہ

مَنْ	يَّنْصُرُهٗ	وَرُسُلَهٗ	بِالْغَيْبِ ؕ	اِنَّ	اللّٰهَ	قَوِيٌّ	عَزِيْزٌ ﴿25﴾ ع
اس کو جو	مدد کرتا ہے اس کی	اور اس کے رسولوں کی	بن دیکھے	بلاشبہ	اللہ	نہایت قوی	بڑا زبردست ہے

وَلَقَدْ	اَرْسَلْنَا	نُوْحًا	وَّاِبْرٰهِيْمَ	وَجَعَلْنَا	فِيْ ذُرِّيَّتِهِمَا	النُّبُوَّةَ
اور البتہ تحقیق	ہم نے بھیجا	نوح کو	اور ابراہیم کو	اور ہم نے رکھی	ان دونوں کی اولاد میں	نبوت

وَالْكِتٰبَ	فَمِنْهُمْ	مُّهْتَدٍ ۚ	وَكَثِيْرٌ	مِّنْهُمْ	فٰسِقُوْنَ ﴿26﴾
اور کتاب	پھر کچھ ان میں سے	ہدایت پانے والے ہیں	اور بہت سے	ان میں سے	فاسق ہیں

ثُمَّ	قَفَّيْنَا	عَلٰۤى اٰثَارِهِمْ	بِرُسُلِنَا	وَقَفَّيْنَا	بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ
پھر	ہم نے لگاتار بھیجا	ان کے نقشِ قدم پر	اپنے رسولوں کو	اور ہم نے پیچھے بھیجا	عیسیٰ ابنِ مریم کو

وَاٰتَيْنٰهُ	الْاِنْجِيْلَ ۚ	وَجَعَلْنَا	فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ	اتَّبَعُوْهُ
اور ہم نے دی اس کو	انجیل	اور ہم نے رکھ دی	ان لوگوں کے دلوں میں جنھوں نے	پیروی کی اس کی

رَاْفَةً	وَّرَحْمَةً ؕ	وَرَهْبَانِيَّةَ ۨ	ابْتَدَعُوْهَا	مَا كَتَبْنٰهَا
شفقت	اور مہربانی	اور رہبانیت	(تو) اسے انھوں نے خود ایجاد کیا	نہیں ہم نے لکھا تھا اسے

عَلَيْهِمْ	اِلَّا	ابْتِغَآءَ	رِضْوَانِ اللّٰهِ	فَمَا رَعَوْهَا
ان پر	سوائے	تلاش کرنے	رضائے الٰہی کے	پھر نہ انھوں نے خیال رکھا اس کا

حَقَّ رِعَايَتِهَا ۚ	فَاٰتَيْنَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	مِنْهُمْ	اَجْرَهُمْ ۚ
جیسا اس کا خیال رکھنے کا حق تھا	پھر ہم نے دیا	ان لوگوں کو جو ایمان لائے	ان میں سے	ان کا اجر

وَكَثِيْرٌ	مِّنْهُمْ	فٰسِقُوْنَ ﴿27﴾	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوا	اتَّقُوا اللّٰهَ
اور بہت سے	ان میں سے	فاسق ہیں	اے وہ لوگو	جو ایمان لائے ہو!	تم ڈرو اللہ سے

وَاٰمِنُوْا	بِرَسُوْلِهٖ	يُؤْتِكُمْ	كِفْلَيْنِ	مِنْ رَّحْمَتِهٖ	وَيَجْعَلْ
اور ایمان لاؤ	اس کے رسول پر	وہ دے گا تمھیں	دو حصے (اجر)	اپنی رحمت سے	اور بنائے گا

لَّكُمْ	نُوْرًا	تَمْشُوْنَ	بِهٖ	وَيَغْفِرْ	لَكُمْ ؕ
تمھارے لیے	ایسا نور	کہ تم چلو گے	اس کے ساتھ	اور وہ بخش دے گا	تمھیں

وَاللّٰهُ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ ﴿28﴾	لِّئَلَّا	يَعْلَمَ	اَهْلُ الْكِتٰبِ
اور اللہ	بہت معاف کرنے والا	نہایت رحم کرنے والا ہے	تاکہ	جان لیں	اہل کتاب

اَلَّا يَقْدِرُوْنَ	عَلٰى شَيْءٍ	مِّنْ فَضْلِ اللّٰهِ	وَاَنَّ
یہ کہ بلاشبہ نہیں وہ قدرت رکھتے	کسی شے پر	اللہ کے فضل میں سے	اور بلاشبہ

الْفَضْلَ	بِيَدِ اللّٰهِ	يُؤْتِيْهِ	مَنْ	يَّشَآءُ ؕ	وَاللّٰهُ
تمام فضل	اللہ کے ہاتھ میں ہے	وہ دیتا ہے یہ (فضل)	جسے	وہ چاہتا ہے	اور اللہ

ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿29﴾ ع
بہت بڑے فضل والا ہے

سُوْرَةُ الْمُجَادَلَةِ مَدَنِيَّةٌ — رُكُوْعَاتُهَا 3 — اٰيَاتُهَا 22

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو بہت مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے

قَدْ | سَمِعَ | اللّٰهُ | قَوْلَ | الَّتِيْ | تُجَادِلُكَ | فِيْ زَوْجِهَا

تحقیق | سن لی | اللہ نے | بات | اس عورت کی جو | جھگڑا کر رہی تھی آپ سے | اپنے خاوند کے بارے میں

وَتَشْتَكِيْٓ | اِلَى اللّٰهِ | وَاللّٰهُ | يَسْمَعُ | تَحَاوُرَكُمَا | اِنَّ | اللّٰهَ

اور وہ شکایت کر رہی تھی | اللہ کی طرف | جبکہ اللہ | سن رہا تھا | تم دونوں کی گفتگو | بلاشبہ | اللہ

سَمِيْعٌۢ | بَصِيْرٌ ۝1 | اَلَّذِيْنَ | يُظٰهِرُوْنَ | مِنْكُمْ | مِّنْ نِّسَآئِهِمْ

خوب سننے والا | خوب دیکھنے والا ہے | وہ لوگ جو | ظہار کرتے ہیں | تم میں سے | اپنی بیویوں سے

مَّا هُنَّ | اُمَّهٰتِهِمْ | اِنْ | اُمَّهٰتُهُمْ | اِلَّا | الّٰٓـِٔيْ | وَلَدْنَهُمْ

نہیں (ہوجاتیں اس سے) وہ | ان کی مائیں | نہیں ہیں | ان کی مائیں | مگر | وہی جنھوں نے | انھیں جنا ہے

وَاِنَّهُمْ | لَيَقُوْلُوْنَ | مُنْكَرًا | مِّنَ الْقَوْلِ | وَزُوْرًا | وَاِنَّ | اللّٰهَ

اور بلاشبہ وہ | البتہ کہتے ہیں | نامعقول | بات | اور جھوٹ | اور بے شک | اللہ

لَعَفُوٌّ | غَفُوْرٌ ۝2 | وَالَّذِيْنَ | يُظٰهِرُوْنَ | مِنْ نِّسَآئِهِمْ | ثُمَّ

البتہ بہت معاف کرنے والا | نہایت بخشنے والا ہے | اور وہ لوگ جو | ظہار کریں | اپنی بیویوں سے | پھر

يَعُوْدُوْنَ | لِمَا | قَالُوْا | فَتَحْرِيْرُ | رَقَبَةٍ | مِّنْ قَبْلِ | اَنْ

وہ رجوع کرلیں | اس سے جو | انھوں نے کہا | تو (کفارہ اس کا) آزاد کرنا ہے | ایک گردن کا | اس سے پہلے | کہ

يَّتَمَآسَّا | ذٰلِكُمْ | تُوْعَظُوْنَ | بِهٖ | وَاللّٰهُ | بِمَا

وہ ایک دوسرے کو ہاتھ لگائیں | یہ (حکم) | تم نصیحت کیے جاتے ہو | اس کے ساتھ | اور اللہ | اس کے ساتھ جو

تَعْمَلُوْنَ | خَبِيْرٌ ۝3 | فَمَنْ | لَّمْ يَجِدْ | فَصِيَامُ | شَهْرَيْنِ

تم عمل کرتے ہو | خوب خبردار ہے | پھر جو شخص | نہ پائے (غلام) | تو روزے رکھنے ہیں | دو ماہ

مُتَتَابِعَيْنِ | مِنْ قَبْلِ | اَنْ | يَّتَمَآسَّا | فَمَنْ | لَّمْ يَسْتَطِعْ

لگاتار | اس سے پہلے | کہ | وہ ایک دوسرے کو ہاتھ لگائیں | پھر جو شخص | نہ استطاعت رکھے (اس کی بھی)

فَاِطْعَامُ | سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا | ذٰلِكَ | لِتُؤْمِنُوْا | بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ

تو کھانا کھلانا ہے | ساٹھ مسکینوں کو | یہ (حکم) | (اس لیے ہے) تاکہ تم ایمان لاؤ | اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ

وَتِلْكَ	حُدُوْدُ اللّٰهِ ؕ	وَلِلْكٰفِرِيْنَ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ ۝4	اِنَّ	الَّذِيْنَ
اور یہ	اللہ کی حدیں ہیں	اور کافروں کے لیے	عذاب ہے	بہت دردناک	بلاشبہ	وہ لوگ جو

يُحَآدُّوْنَ	اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ	كُبِتُوْا	كَمَا	كُبِتَ	الَّذِيْنَ
مخالفت کرتے ہیں	اللہ اور اس کے رسول کی	وہ ذلیل کیے جائیں گے	جیسے	ذلیل کیے گئے تھے	وہ لوگ جو

مِنْ قَبْلِهِمْ ج	وَقَدْ	اَنْزَلْنَآ	اٰيٰتٍۢ	بَيِّنٰتٍ ؕ	وَلِلْكٰفِرِيْنَ	عَذَابٌ
ان سے پہلے تھے	اور تحقیق	ہم نے نازل کیں	آیتیں	واضح	اور کافروں کے لیے	عذاب ہے

مُّهِيْنٌ ۝5	يَوْمَ	يَبْعَثُهُمُ	اللّٰهُ	جَمِيْعًا	فَيُنَبِّئُهُمْ	بِمَا
رسواکن	جس دن	اٹھائے گا ان کو	اللہ	سب کو	پھر وہ خبر دے گا انھیں	اس کی جو

عَمِلُوْا ؕ	اَحْصٰىهُ	اللّٰهُ	وَنَسُوْهُ ؕ	وَاللّٰهُ	عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ
انھوں نے عمل کیے	گن رکھا ہے اس کو	اللہ نے	جبکہ وہ بھول گئے تھے اسے	اور اللہ	ہر چیز پر

شَهِيْدٌ ۝6	اَ	لَمْ تَرَ	اَنَّ	اللّٰهَ	يَعْلَمُ	مَا	فِى السَّمٰوٰتِ
خوب شاہد ہے	کیا	نہیں آپ نے دیکھا	کہ بلاشبہ	اللہ	جانتا ہے	جو کچھ	آسمانوں میں ہے

وَمَا	فِى الْاَرْضِ ؕ	مَا يَكُوْنُ	مِنْ نَّجْوٰى	ثَلٰثَةٍ	اِلَّا	هُوَ
اور جو کچھ	زمین میں ہے؟	نہیں ہوتی	کوئی سرگوشی	تین (آدمیوں) کی	مگر	وہ

رَابِعُهُمْ	وَلَا	خَمْسَةٍ	اِلَّا	هُوَ	سَادِسُهُمْ	وَلَآ اَدْنٰى
ان کا چوتھا ہوتا ہے	اور نہ	پانچ (آدمیوں) کی	مگر	وہ	ان کا چھٹا ہوتا ہے	اور نہ کم

مِنْ ذٰلِكَ	وَلَآ	اَكْثَرَ	اِلَّا	هُوَ	مَعَهُمْ	اَيْنَ مَا	كَانُوْا ۚ
اس سے	اور نہ	زیادہ	مگر	وہ	ان کے ساتھ ہوتا ہے	جہاں کہیں بھی	وہ ہوں

ثُمَّ	يُنَبِّئُهُمْ	بِمَا	عَمِلُوْا	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ	اِنَّ	اللّٰهَ	بِكُلِّ شَيْءٍ
پھر	وہ خبر دے گا انھیں	اس کی جو	انھوں نے عمل کیے	روزِ قیامت	بلاشبہ	اللہ	ہر چیز کو

عَلِيْمٌ ۝7	اَ	لَمْ تَرَ	اِلَى الَّذِيْنَ	نُهُوْا	عَنِ النَّجْوٰى
خوب جاننے والا ہے	کیا	نہیں آپ نے دیکھا	ان لوگوں کی طرف جو	روکے گئے تھے	سرگوشی کرنے سے؟

ثُمَّ	يَعُوْدُوْنَ	لِمَا	نُهُوْا	عَنْهُ	وَيَتَنٰجَوْنَ
پھر	وہ لوٹتے ہیں	اس چیز کی طرف کہ	وہ روکے گئے تھے	اس سے	اور وہ آپس میں سرگوشیاں کرتے ہیں

بِالْاِثْمِ	وَالْعُدْوَانِ	وَمَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ ؗ	وَاِذَا	جَآءُوْكَ
گناہ کی	اور زیادتی کی	اور رسول کی نافرمانی کی	اور جب	وہ آتے ہیں آپ کے پاس

حَيَّوْكَ	بِمَا	لَمْ يُحَيِّكَ	بِهِ	اللّٰهُ
تو وہ دعا دیتے (سلام کہتے) ہیں آپ کو	اس (کلمے) کے ساتھ کہ	نہیں دعا دی آپ کو	اس کے ساتھ	اللہ نے

وَيَقُوْلُوْنَ	فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ	لَوْلَا يُعَذِّبُنَا	اللّٰهُ	بِمَا	نَقُوْلُ ؕ
اور وہ کہتے ہیں	اپنے نفسوں میں:	کیوں نہیں عذاب دیتا ہمیں	اللہ	بوجہ اس کے جو	ہم کہتے ہیں؟

حَسْبُهُمْ	جَهَنَّمُ	يَصْلَوْنَهَا ۚ	فَبِئْسَ	الْمَصِيْرُ ﴿۸﴾	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ
کافی ہے ان کو	جہنم	وہ داخل ہوں گے اس میں	پس برا ہے وہ	ٹھکانا	اے وہ لوگو جو

اٰمَنُوْٓا	اِذَا	تَنَاجَيْتُمْ	فَلَا تَتَنَاجَوْا	بِالْاِثْمِ	وَالْعُدْوَانِ
ایمان لائے ہو!	جب	تم سرگوشی کرو	تو نہ تم سرگوشی کرو	گناہ کی	اور زیادتی کی

وَمَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ	وَتَنَاجَوْا	بِالْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ؕ	وَاتَّقُوا اللّٰهَ	الَّذِيْٓ
اور رسول کی نافرمانی کی	بلکہ تم سرگوشی کرو	نیکی اور تقوے کی	اور تم ڈرو اللہ سے	وہ ذات کہ

اِلَيْهِ	تُحْشَرُوْنَ ﴿۹﴾	اِنَّمَا	النَّجْوٰى	مِنَ الشَّيْطٰنِ	لِيَحْزُنَ
اسی کی طرف	تم اکٹھے کیے جاؤ گے	بس	(بری) سرگوشی تو	شیطان ہی کی طرف سے ہے	تاکہ وہ غم زدہ کرے

الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَلَيْسَ	بِضَآرِّهِمْ	شَيْـًٔا	اِلَّا	بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ
ان لوگوں کو جو	ایمان لائے	اور نہیں وہ	ضرر دینے والا انھیں	کچھ بھی	مگر	اللہ کے حکم سے

وَعَلَى اللّٰهِ	فَلْيَتَوَكَّلِ	الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۰﴾	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا	اِذَا
اور اللہ ہی پر	پس چاہیے کہ توکل کریں	مومن	اے وہ لوگو جو	ایمان لائے ہو!	جب

قِيْلَ	لَكُمْ	تَفَسَّحُوْا	فِي الْمَجٰلِسِ	فَافْسَحُوْا	يَفْسَحِ	اللّٰهُ
کہا جائے	تم سے:	تم کشادگی کرو	مجلسوں میں	تو تم کشادگی کر لیا کرو	کشادگی کرے گا	اللہ

لَكُمْ ۚ	وَاِذَا	قِيْلَ	انْشُزُوْا	فَانْشُزُوْا	يَرْفَعِ	اللّٰهُ
تمھارے لیے	اور جب	کہا جائے:	تم اٹھ کھڑے ہو	تو تم اٹھ کھڑے ہو جایا کرو	بلند کرے گا	اللہ

الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مِنْكُمْ	وَالَّذِيْنَ	اُوْتُوا	الْعِلْمَ	دَرَجٰتٍ ؕ
ان لوگوں کو جو	ایمان لائے	تم میں سے	اور ان لوگوں کو جو	دیے گئے	علم	درجوں میں

وَاللّٰهُ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	خَبِيْرٌ ⑪	يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا
اور اللہ	ساتھ اس کے جو	تم عمل کرتے ہو	خوب خبردار ہے	اے وہ لوگو جو	ایمان لائے ہو!

اِذَا	نٰجَيْتُمُ	الرَّسُوْلَ	فَقَدِّمُوْا	بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰىكُمْ	صَدَقَةً ۚ
جب	تم سرگوشی کرو	رسول سے	تو تم پیش کرو	اپنی سرگوشی سے پہلے	صدقہ

ذٰلِكَ	خَيْرٌ	لَّكُمْ	وَاَطْهَرُ ۚ	فَاِنْ	لَّمْ تَجِدُوْا	فَاِنَّ
یہ	بہت بہتر ہے	تمھارے لیے	اور زیادہ پاکیزہ ہے	پھر اگر	نہ تم پاؤ (صدقہ)	تو بلاشبہ

اللّٰهَ	غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ⑫	ءَ	اَشْفَقْتُمْ	اَنْ	تُقَدِّمُوْا
اللہ	بہت بخشنے والا، نہایت رحم کرنے والا ہے	کیا	تم ڈر گئے	(اس بات سے) کہ	تم پیش کرو

بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰىكُمْ	صَدَقٰتٍ ۚ	فَاِذْ	لَمْ تَفْعَلُوْا	وَتَابَ	اللّٰهُ	عَلَيْكُمْ
اپنی سرگوشی سے پہلے	صدقے ؟	چنانچہ جب	نہ تم نے کیا (یہ)	اور متوجہ ہوا	اللہ	تم پر

فَاَقِيْمُوا	الصَّلٰوةَ	وَاٰتُوا	الزَّكٰوةَ	وَاَطِيْعُوا	اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۚ	وَاللّٰهُ	خَبِيْرٌۢ
تو تم قائم کرو	نماز	اور تم دو	زکاۃ	اور تم اطاعت کرو	اللہ اور اس کے رسول کی	اور اللہ	خوب خبردار ہے

بِمَا	تَعْمَلُوْنَ ⑬ ع	اَ	لَمْ	تَرَ	اِلَى الَّذِيْنَ
اس کے ساتھ جو	تم عمل کرتے ہو	کیا	نہیں	آپ نے دیکھا	ان لوگوں (منافقین) کی طرف جنھوں نے

تَوَلَّوْا	قَوْمًا	غَضِبَ	اللّٰهُ	عَلَيْهِمْ	مَّا هُمْ	مِّنْكُمْ
دوستی کی	اس قوم (یہود) سے	کہ غصے ہوا	اللہ	ان پر؟	نہیں ہیں وہ	تم (مسلمانوں) میں سے

وَلَا مِنْهُمْ	وَيَحْلِفُوْنَ	عَلَى الْكَذِبِ	وَ	هُمْ	يَعْلَمُوْنَ ⑭
اور نہ ان (یہودیوں) میں سے	اور وہ قسمیں کھاتے ہیں	جھوٹ پر (کہ وہ مومن ہیں)	حالانکہ	وہ	جانتے ہیں

اَعَدَّ اللّٰهُ	لَهُمْ	عَذَابًا	شَدِيْدًا ۭ	اِنَّهُمْ	سَآءَ	مَا	كَانُوْا
تیار کیا ہے اللہ نے	ان کے لیے	عذاب	نہایت سخت	بلاشبہ وہ (لوگ)	برا ہے	جو	وہ رہے

يَعْمَلُوْنَ ⑮	اِتَّخَذُوْٓا	اَيْمَانَهُمْ	جُنَّةً	فَصَدُّوْا	عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
عمل کرتے	انھوں نے بنالیا ہے	اپنی قسموں کو	ڈھال	پھر انھوں نے روکا	اللہ کی راہ سے

فَلَهُمْ	عَذَابٌ	مُّهِيْنٌ ⑯	لَنْ تُغْنِيَ	عَنْهُمْ	اَمْوَالُهُمْ
لہٰذا ان کے لیے	عذاب ہے	رسوا کن	ہرگز نہیں فائدہ دیں گے	ان کو	ان کے مال

وَلَآ اَوْلَادُهُمْ	مِّنَ اللّٰهِ	شَيْـًٔا	اُولٰٓئِكَ	اَصْحٰبُ النَّارِ	هُمْ فِيْهَا
اور نہ ان کی اولاد	اللہ (کے عذاب) سے	کچھ بھی	یہی لوگ	دوزخی ہیں	وہ اس میں

خٰلِدُوْنَ ﴿17﴾	يَوْمَ	يَبْعَثُهُمُ	اللّٰهُ	جَمِيْعًا	فَيَحْلِفُوْنَ	لَهٗ
ہمیشہ رہیں گے	جس دن	دوبارہ اٹھائے گا ان کو	اللہ	سب کو	تو وہ قسمیں کھائیں گے	اس کے سامنے

كَمَا	يَحْلِفُوْنَ	لَكُمْ	وَيَحْسَبُوْنَ	اَنَّهُمْ	عَلٰى شَيْءٍ
جیسے	وہ قسمیں کھاتے ہیں	تمھارے سامنے	اور وہ گمان کریں گے	کہ بے شک وہ	کسی چیز (فائدے) پر ہیں

اَلَآ	اِنَّهُمْ هُمُ	الْكٰذِبُوْنَ ﴿18﴾	اِسْتَحْوَذَ	عَلَيْهِمُ	الشَّيْطٰنُ
آگاہ رہو!	بے شک وہی ہیں	جھوٹے	غالب آگیا ہے	ان پر	شیطان

فَاَنْسٰهُمْ	ذِكْرَ اللّٰهِ	اُولٰٓئِكَ	حِزْبُ الشَّيْطٰنِ	اَلَآ	اِنَّ
پس اس نے بھلا دیا انھیں	اللہ کا ذکر	یہ لوگ	شیطانی لشکر ہیں	آگاہ رہو!	بے شک

حِزْبَ الشَّيْطٰنِ	هُمُ	الْخٰسِرُوْنَ ﴿19﴾	اِنَّ	الَّذِيْنَ	يُحَآدُّوْنَ
شیطانی لشکر	وہی ہیں	خسارہ پانے والے	بلاشبہ	وہ لوگ جو	مخالفت کرتے ہیں

اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗٓ	اُولٰٓئِكَ	فِي الْاَذَلِّيْنَ ﴿20﴾	كَتَبَ اللّٰهُ	لَاَغْلِبَنَّ
اللہ اور اس کے رسول کی	وہی لوگ	ذلیل ترین لوگوں میں سے ہیں	لکھ رکھا ہے اللہ نے	کہ ضرور غالب آؤں گا

اَنَا	وَرُسُلِيْ	اِنَّ	اللّٰهَ	قَوِيٌّ	عَزِيْزٌ ﴿21﴾	لَا تَجِدُ	قَوْمًا
میں	اور میرے رسول	بلاشبہ	اللہ	بڑا قوی	نہایت غالب ہے	نہیں آپ پائیں گے	(ایسی) کوئی قوم جو

يُّؤْمِنُوْنَ	بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ	يُوَآدُّوْنَ	مَنْ	حَآدَّ
ایمان رکھتے ہوں	اللہ اور روز آخرت پر	کہ وہ دوستی کرتے ہوں	ان سے جنھوں نے	مخالفت کی

اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ	وَلَوْ	كَانُوْٓا	اٰبَآءَهُمْ	اَوْ	اَبْنَآءَهُمْ	اَوْ
اللہ اور اس کے رسول کی	اگرچہ	وہ ہوں	ان کے باپ	یا	ان کے بیٹے	یا

اِخْوَانَهُمْ	اَوْ	عَشِيْرَتَهُمْ	اُولٰٓئِكَ	كَتَبَ	فِيْ قُلُوْبِهِمُ
ان کے بھائی	یا	ان کا قبیلہ	یہ لوگ	(اللہ نے) لکھ دیا ہے	ان کے دلوں میں

الْاِيْمَانَ	وَاَيَّدَهُمْ	بِرُوْحٍ	مِّنْهُ	وَيُدْخِلُهُمْ
ایمان	اور اس نے تائید کی ان کی	ایک روح کے ساتھ	اپنی طرف سے	اور وہ داخل کرے گا انھیں

جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	رَضِيَ
ایسے باغات میں	کہ چلتی ہیں	ان کے نیچے سے	نہریں	وہ ہمیشہ رہیں گے	ان میں	راضی ہوگیا

اللّٰهُ	عَنْهُمْ	وَرَضُوْا	عَنْهُ	اُولٰٓئِكَ	حِزْبُ اللّٰهِ	اَلَآ	اِنَّ
اللہ	ان سے	اور وہ راضی ہوگئے	اس سے	یہ لوگ	اللہ کا گروہ ہیں	آگاہ رہو!	یقیناً

حِزْبَ اللّٰهِ	هُمُ	الْمُفْلِحُوْنَ ﴿22﴾ ع
اللہ کا گروہ	وہی (لوگ) ہیں	فلاح پانے والے

سُوْرَةُ الْحَشْر مدنیۃ — آیاتها 24 — رکوعاتها 3

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو بہت مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے

سَبَّحَ	لِلّٰهِ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِي الْاَرْضِ	وَهُوَ
تسبیح کرتی ہے	اللہ کے لیے	جو چیز	آسمانوں میں ہے	اور جو چیز	زمین میں ہے	اور وہ

الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ ﴿1﴾	هُوَ	الَّذِيْٓ	اَخْرَجَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
نہایت غالب	خوب حکمت والا ہے	وہ (اللہ)	وہ ذات ہے جس نے	نکالا	ان لوگوں کو جنھوں نے	کفر کیا

مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ	مِنْ دِيَارِهِمْ	لِاَوَّلِ الْحَشْرِ	مَا	ظَنَنْتُمْ
اہلِ کتاب میں سے	ان کے گھروں سے	پہلی جلاوطنی کے وقت	نہیں	تم نے گمان کیا تھا (کبھی بھی)

اَنْ	يَّخْرُجُوْا	وَظَنُّوْٓا	اَنَّهُمْ	مَّانِعَتُهُمْ	حُصُوْنُهُمْ
یہ کہ	وہ نکلیں گے	اور انھوں نے سمجھا تھا	کہ بے شک وہ	بچالیں گے انھیں	ان کے قلعے

مِّنَ اللّٰهِ	فَاَتٰىهُمُ	اللّٰهُ	مِنْ حَيْثُ	لَمْ يَحْتَسِبُوْا
اللہ (کے عذاب) سے	پھر آیا ان کے پاس	اللہ (کا عذاب)	جہاں سے	نہیں انھوں نے گمان کیا تھا

وَقَذَفَ	فِيْ قُلُوْبِهِمُ	الرُّعْبَ	يُخْرِبُوْنَ	بُيُوْتَهُمْ	بِاَيْدِيْهِمْ
اور اس نے ڈال دیا	ان کے دلوں میں	رعب	وہ اجاڑتے تھے	اپنے گھروں کو	اپنے ہاتھوں سے

وَاَيْدِي الْمُؤْمِنِيْنَ	فَاعْتَبِرُوْا	يٰٓاُولِي الْاَبْصَارِ ﴿2﴾	وَلَوْلَآ	اَنْ	كَتَبَ اللّٰهُ
اور مومنوں کے ہاتھوں سے بھی	تو تم عبرت پکڑو	اے آنکھوں والو!	اور اگر نہ ہوتا	یہ کہ	لکھ دیا تھا اللہ نے

عَلَيْهِمُ	الْجَلَآءَ	لَعَذَّبَهُمْ	فِي الدُّنْيَا	وَلَهُمْ	فِي الْاٰخِرَةِ
ان پر	جلاوطن ہونا	تو وہ ضرور عذاب دیتا ان کو	دنیا ہی میں	اور ان کے لیے	آخرت میں

عَذَابُ النَّارِ ۝3	ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ	شَآقُّوا	اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۚ
آگ کا عذاب ہے	یہ	اس لیے کہ بے شک انھوں نے	مخالفت کی	اللہ اور اس کے رسول کی

وَمَنْ	يُّشَآقِّ اللّٰهَ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	شَدِيْدُ	الْعِقَابِ ۝4	مَا	قَطَعْتُمْ
اور جو کوئی	مخالفت کرے اللہ کی	تو بلاشبہ	اللہ	نہایت سخت	سزا دینے والا ہے	جو	تم نے کاٹا

مِّنْ لِّيْنَةٍ	اَوْ	تَرَكْتُمُوْهَا	قَآئِمَةً	عَلٰٓى اُصُوْلِهَا	فَبِاِذْنِ اللّٰهِ
کوئی کھجور کا درخت	یا	تم نے چھوڑ دیا اس کو	قائم	اس کی جڑوں پر	تو (یہ سب) اللہ کے حکم سے ہے

وَلِيُخْزِيَ	الْفٰسِقِيْنَ ۝5	وَمَآ	اَفَآءَ	اللّٰهُ	عَلٰى رَسُوْلِهٖ	مِنْهُمْ
اور تاکہ وہ رسوا کرے	فاسقوں کو	اور جو	لوٹایا	اللہ نے	اپنے رسول پر	ان (کے مال) سے

فَمَآ اَوْجَفْتُمْ	عَلَيْهِ	مِنْ خَيْلٍ	وَّلَا رِكَابٍ	وَّلٰكِنَّ	اللّٰهَ	يُسَلِّطُ
پس نہیں تم نے دوڑائے	اس پر	کوئی گھوڑے	اور نہ اونٹ	اور لیکن	اللہ	غالب کرتا ہے

رُسُلَهٗ	عَلٰى مَنْ	يَّشَآءُ ۚ	وَاللّٰهُ	عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ ۝6
اپنے رسولوں کو	جس پر	وہ چاہتا ہے	اور اللہ	ہر چیز پر	خوب قادر ہے

مَآ	اَفَآءَ	اللّٰهُ	عَلٰى رَسُوْلِهٖ	مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى	فَلِلّٰهِ
جو	لوٹایا	اللہ نے	اپنے رسول پر	بستیوں والوں (کے مال) سے	تو (وہ) اللہ کے لیے

وَلِلرَّسُوْلِ	وَلِذِي الْقُرْبٰى	وَالْيَتٰمٰى	وَالْمَسٰكِيْنِ	وَابْنِ السَّبِيْلِ
اور رسول کے لیے	اور (رسول کے) قرابت داروں کے لیے	اور یتیموں	اور مسکینوں	اور مسافروں کے لیے ہے

كَيْ	لَا يَكُوْنَ	دُوْلَةًۢ	بَيْنَ	الْاَغْنِيَآءِ	مِنْكُمْ ۚ	وَمَآ
تاکہ	نہ ہو وہ (مال)	گردش کرنے والا	درمیان	دولت مندوں ہی کے	تم میں سے	اور جو کچھ

اٰتٰىكُمُ	الرَّسُوْلُ	فَخُذُوْهُ	وَمَا	نَهٰىكُمْ	عَنْهُ	فَانْتَهُوْا ۚ
دے تمھیں	رسول	تو تم لے لو اس کو	اور جو کچھ	کہ وہ روک دے تمھیں	اس سے	تو تم رک جاؤ

وَاتَّقُوا	اللّٰهَ ۗ	اِنَّ	اللّٰهَ	شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝7	لِلْفُقَرَآءِ الْمُهٰجِرِيْنَ
اور تم ڈرو	اللہ سے	بلاشبہ	اللہ	انتہائی سخت سزا دینے والا ہے	(مالِ فے) فقرائے مہاجرین کے لیے ہے

الَّذِيْنَ	اُخْرِجُوْا	مِنْ دِيَارِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ	يَبْتَغُوْنَ	فَضْلًا
وہ جو	نکالے گئے	اپنے گھروں اور اپنے مالوں سے	اس حال میں کہ وہ تلاش کرتے ہیں	فضل

مِّنَ اللّٰهِ	وَرِضْوَانًا	وَّيَنْصُرُوْنَ	اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ	اُولٰٓئِكَ هُمُ
اللہ کا	اور رضامندی	اور وہ مدد کرتے ہیں	اللہ اور اس کے رسول کی	یہ لوگ ہی

الصّٰدِقُوْنَ ۝8	وَالَّذِيْنَ	تَبَوَّءُو	الدَّارَ	وَالْاِيْمَانَ
سچے ہیں	اور ان کے لیے جنھوں نے	ٹھکانا بنالیا تھا	گھر (مدینہ) کو	اور (قبول کرلیا تھا) ایمان

مِنْ قَبْلِهِمْ	يُحِبُّوْنَ	مَنْ	هَاجَرَ	اِلَيْهِمْ	وَلَا يَجِدُوْنَ
ان (مہاجرین) سے پہلے	وہ (انصار) محبت کرتے ہیں	اس سے جو	ہجرت کرے	ان کی طرف	اور نہیں وہ پاتے

فِيْ صُدُوْرِهِمْ	حَاجَةً	مِّمَّآ	اُوْتُوْا	وَيُؤْثِرُوْنَ
اپنے سینوں میں	کوئی حاجت (حسد)	اس سے جو	وہ (مہاجرین) دیے جائیں	اور وہ ترجیح دیتے ہیں (ان کو)

عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ	وَلَوْ	كَانَ	بِهِمْ	خَصَاصَةٌ ؕ	وَمَنْ	يُّوْقَ
اپنے نفسوں پر	اگرچہ	ہو	ان کو	سخت حاجت	اور جو کوئی	بچالیا گیا

شُحَّ نَفْسِهٖ	فَاُولٰٓئِكَ هُمُ	الْمُفْلِحُوْنَ ۝9	وَالَّذِيْنَ	جَآءُوْ
اپنے نفس کی بخیلی سے	تو یہی لوگ ہی	فلاح پانے والے ہیں	اور ان کے لیے جو	آئے

مِنْۢ بَعْدِهِمْ	يَقُوْلُوْنَ	رَبَّنَا	اغْفِرْ لَنَا	وَلِاِخْوَانِنَا
ان کے بعد	وہ کہتے ہیں:	اے ہمارے رب!	تو بخش دے ہمیں	اور ہمارے ان بھائیوں کو بھی

الَّذِيْنَ	سَبَقُوْنَا	بِالْاِيْمَانِ	وَلَا تَجْعَلْ	فِيْ قُلُوْبِنَا	غِلًّا
جنھوں نے	ہم سے پہل کی	ایمان لانے میں	اور نہ تو رکھ	ہمارے دلوں میں	کوئی کینہ

لِّلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	رَبَّنَآ	اِنَّكَ	رَءُوْفٌ	رَّحِيْمٌ ۝10 ع
ان لوگوں کے لیے جو	ایمان لائے	اے ہمارے رب!	بلاشبہ تو	بہت شفقت کرنے والا	نہایت رحم کرنے والا ہے

اَ	لَمْ تَرَ	اِلَى الَّذِيْنَ	نَافَقُوْا	يَقُوْلُوْنَ	لِاِخْوَانِهِمُ
کیا	نہیں آپ نے دیکھا	ان لوگوں کی طرف جنھوں نے	منافقت کی؟	وہ کہتے ہیں	اپنے ان بھائیوں سے

الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ	لَئِنْ	اُخْرِجْتُمْ	لَنَخْرُجَنَّ
جنھوں نے	کفر کیا	اہلِ کتاب میں سے:	البتہ اگر	تم نکالے گئے	تو ہم ضرور نکلیں گے

مَعَكُمْ	وَلَا نُطِيْعُ	فِيْكُمْ	اَحَدًا	اَبَدًا	وَّاِنْ
تمھارے ساتھ	اور نہیں ہم اطاعت کریں گے	تمھارے معاملے میں	کسی کی	کبھی بھی	اور اگر

قُوْتِلْتُمْ	لَنَنْصُرَنَّكُمْ ؕ	وَاللّٰهُ	يَشْهَدُ	اِنَّهُمْ	لَكٰذِبُوْنَ ﴿11﴾	لَئِنْ
تم سے لڑائی کی گئی	تو ہم ضرور مدد کریں گے تمھاری	اور اللہ	گواہی دیتا ہے	کہ بلاشبہ وہ	البتہ جھوٹے ہیں	البتہ اگر

اُخْرِجُوْا	لَا يَخْرُجُوْنَ	مَعَهُمْ	وَلَئِنْ	قُوْتِلُوْا	لَا يَنْصُرُوْنَهُمْ
وہ نکالے گئے	تو یہ نہیں نکلیں گے	ان کے ساتھ	اور اگر	وہ لڑائی کیے گئے	تو نہیں وہ مدد کریں گے ان کی

وَلَئِنْ	نَّصَرُوْهُمْ	لَيُوَلُّنَّ	الْاَدْبَارَ	ثُمَّ	لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿12﴾
اور البتہ اگر	وہ مدد کے لیے آ بھی گئے ان کی	تو وہ ضرور پھیریں گے	پیٹھیں	پھر	نہیں وہ مدد کیے جائیں گے

لَاَنْتُمْ	اَشَدُّ رَهْبَةً	فِيْ صُدُوْرِهِمْ	مِّنَ اللّٰهِ ؕ	ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ
البتہ تم (اے مسلمانو!)	شدید تر ہو باعتبارِ ہیبت کے	ان کے سینوں میں	اللہ سے	یہ اس لیے کہ بے شک وہ

قَوْمٌ	لَّا يَفْقَهُوْنَ ﴿13﴾	لَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ	جَمِيْعًا	اِلَّا	فِيْ قُرًى مُّحَصَّنَةٍ
ایسے لوگ ہیں کہ	نہیں وہ سمجھتے (اللہ کی عظمت کو)	نہیں وہ لڑیں گے تم سے	سب مل کر بھی	مگر	ایسی بستیوں میں جو قلعہ بند ہیں

اَوْ	مِنْ وَّرَآءِ جُدُرٍ ؕ	بَاْسُهُمْ	بَيْنَهُمْ	شَدِيْدٌ ؕ	تَحْسَبُهُمْ
یا	دیواروں کے پیچھے سے	ان کی لڑائی (عداوت)	آپس میں	بہت سخت ہے	آپ گمان کرتے ہیں ان کو

جَمِيْعًا	وَّقُلُوْبُهُمْ	شَتّٰى ؕ	ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ	قَوْمٌ	لَّا يَعْقِلُوْنَ ﴿14﴾
اکٹھے	جبکہ ان کے دل	جدا جدا ہیں	یہ اس لیے کہ بے شک وہ	ایسے لوگ ہیں کہ	نہیں وہ عقل رکھتے

كَمَثَلِ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	قَرِيْبًا	ذَاقُوْا	وَبَالَ
مانند صفت	ان لوگوں کے جو	ان سے پہلے ہوئے	قریب ہی	انھوں نے چکھ لیا	وبال

اَمْرِهِمْ	وَلَهُمْ	عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿15﴾	كَمَثَلِ الشَّيْطٰنِ	اِذْ
اپنے کام (کفر) کا	اور ان کے لیے	نہایت دردناک عذاب ہے	(ان کی مثال) مانند حالت شیطان کی ہے	جب

قَالَ	لِلْاِنْسَانِ	اكْفُرْ	فَلَمَّا	كَفَرَ	قَالَ	اِنِّيْ	بَرِيْٓءٌ
وہ کہتا ہے	انسان کو (کہ)	تو کفر کر	پھر جب	وہ کفر کرتا ہے	تو شیطان کہتا ہے:	بلاشبہ میں تو	بری ہوں

مِّنْكَ	اِنِّيْٓ	اَخَافُ	اللّٰهَ	رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿16﴾	فَكَانَ	عَاقِبَتَهُمَآ
تجھ سے	بیشک میں	ڈرتا ہوں	اللہ سے	جو رب العالمین ہے	لہٰذا ہے	ان دونوں کا انجام

اَنَّهُمَا	فِي النَّارِ	خَالِدَيْنِ	فِيْهَا ؕ	وَذٰلِكَ	جَزٰٓؤُا
کہ بے شک وہ دونوں ہی	آگ میں ہوں گے	وہ دونوں ہمیشہ رہیں گے	اس میں	اور یہی ہے	جزا (سزا)

الظّٰلِمِيْنَ ﴿17﴾	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ	اٰمَنُوا	اتَّقُوا اللّٰهَ	وَلْتَنْظُرْ	نَفْسٌ
ظالموں کی	اے وہ لوگو جو	ایمان لائے ہو!	تم ڈرو اللہ سے	اور چاہیے کہ دیکھے	(ہر) نفس

مَّا	قَدَّمَتْ	لِغَدٍ ۚ	وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ	اِنَّ	اللّٰهَ	خَبِيْرٌۢ
کہ کیا	اس نے آگے بھیجا ہے	کل (قیامت) کے لیے؟	اور تم ڈرو اللہ سے	بلاشبہ	اللہ	خوب خبردار ہے

بِمَا	تَعْمَلُوْنَ ﴿18﴾	وَلَا تَكُوْنُوْا	كَالَّذِيْنَ	نَسُوا اللّٰهَ
ساتھ اس کے جو	تم عمل کرتے ہو	اور نہ تم ہو جاؤ	مانند ان لوگوں کی جنھوں نے	بھلا دیا اللہ کو

فَاَنْسٰىهُمْ	اَنْفُسَهُمْ ۭ	اُولٰۗىِٕكَ هُمُ	الْفٰسِقُوْنَ ﴿19﴾	لَا	يَسْتَوِيْٓ
تو اس (اللہ) نے بھلوا دیے ان سے	ان کے نفس	یہی لوگ ہی	فاسق ہیں	نہیں	برابر ہو سکتے

اَصْحٰبُ النَّارِ	وَاَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۭ	اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمُ	الْفَاۗىِٕزُوْنَ ﴿20﴾
آگ والے (دوزخی)	اور جنت والے (جنتی)	جنتی لوگ ہی	کامیاب ہیں

لَوْ	اَنْزَلْنَا	هٰذَا الْقُرْاٰنَ	عَلٰي جَبَلٍ	لَّرَاَيْتَهٗ	خَاشِعًا
اگر	ہم نازل کرتے	اس قرآن کو	کسی پہاڑ پر	تو آپ دیکھتے اس (پہاڑ) کو	جھکنے والا

مُّتَصَدِّعًا	مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ۭ	وَتِلْكَ	الْاَمْثَالُ	نَضْرِبُهَا	لِلنَّاسِ
پھٹنے والا	اللہ کے خوف سے	اور یہ	مثالیں ہیں	ہم بیان کرتے ہیں ان کو	لوگوں کے لیے

لَعَلَّهُمْ	يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿21﴾	هُوَ	اللّٰهُ	الَّذِيْ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ ۚ
شاید کہ وہ	غور و فکر کریں	وہ	اللہ	وہ ذات ہے کہ	نہیں	کوئی معبود برحق	مگر وہی

عٰلِمُ	الْغَيْبِ	وَالشَّهَادَةِ ۚ	هُوَ	الرَّحْمٰنُ	الرَّحِيْمُ ﴿22﴾	هُوَ	اللّٰهُ
جاننے والا ہے	غیب کا	اور حاضر کا	وہ	نہایت مہربان	بہت رحم کرنے والا ہے	وہ	اللہ

الَّذِيْ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا	هُوَ	الْمَلِكُ	الْقُدُّوْسُ	السَّلٰمُ	الْمُؤْمِنُ
وہ ذات ہے کہ	نہیں	کوئی معبود برحق	مگر	وہی	بادشاہ ہے	نہایت پاک	سلامتی والا	امن دینے والا

الْمُهَيْمِنُ	الْعَزِيْزُ	الْجَبَّارُ	الْمُتَكَبِّرُ ۭ	سُبْحٰنَ اللّٰهِ	عَمَّا	يُشْرِكُوْنَ ﴿23﴾
نگہبان	نہایت غالب	زور آور	بڑائی والا	پاک ہے اللہ	ان سے جو	وہ شریک ٹھہراتے ہیں

هُوَ اللّٰهُ	الْخَالِقُ	الْبَارِئُ	الْمُصَوِّرُ	لَهُ	الْاَسْمَاۗءُ	الْحُسْنٰى ۭ
وہ اللہ ہے	پیدا کرنے والا	وجود دینے والا	صورت گر	اسی کے لیے ہیں	نام	سب سے اچھے

يُسَبِّحُ	لَهٗ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ	وَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ ﴿24﴾
تسبیح کرتی ہے	اس کی	جو چیز	آسمانوں اور زمین میں ہے	اور وہ	نہایت غالب	خوب حکمت والا ہے

سورۃ الممتحنۃ — مدنیۃ — آیاتہا 13 — رکوعاتہا 2

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو بہت مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لَا تَتَّخِذُوْا	عَدُوِّيْ	وَعَدُوَّكُمْ	اَوْلِيَآءَ
اے وہ لوگو جو	ایمان لائے ہو!	نہ تم بناؤ	میرے دشمن کو	اور اپنے دشمن کو	دوست

تُلْقُوْنَ	اِلَيْهِمْ	بِالْمَوَدَّةِ	وَ	قَدْ	كَفَرُوْا	بِمَا
تم پیغام بھیجتے ہو	ان کی طرف	دوستی کا	حالانکہ	تحقیق	انھوں نے کفر کیا ہے	اس چیز کے ساتھ جو

جَآءَكُمْ	مِّنَ الْحَقِّ	يُخْرِجُوْنَ	الرَّسُوْلَ	وَاِيَّاكُمْ	اَنْ	تُؤْمِنُوْا
آیا ہے تمھارے پاس	حق میں سے	وہ نکالتے ہیں	رسول کو	اور خود تمھیں بھی	اس لیے کہ	تم ایمان لاتے ہو

بِاللّٰهِ رَبِّكُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ	خَرَجْتُمْ	جِهَادًا	فِيْ سَبِيْلِيْ
اللہ اپنے رب پر	(نہ دوست بناؤ) اگر	ہو تم	نکلے ہوئے	جہاد کے لیے	میرے راستے میں

وَابْتِغَآءَ	مَرْضَاتِيْ	تُسِرُّوْنَ	اِلَيْهِمْ	بِالْمَوَدَّةِ	وَ	اَنَا
اور تلاش کرنے کے لیے	میری رضامندی	تم پوشیدہ پیغام بھیجتے ہو	ان کی طرف	دوستی کا	جبکہ	میں

اَعْلَمُ	بِمَآ	اَخْفَيْتُمْ	وَمَآ	اَعْلَنْتُمْ	وَمَنْ	يَّفْعَلْهُ
خوب جانتا ہوں	اس چیز کو جو	تم چھپاتے ہو	اور اس چیز کو جو	تم ظاہر کرتے ہو	اور جو کوئی	کرے یہ کام

مِنْكُمْ	فَقَدْ	ضَلَّ	سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿1﴾	اِنْ	يَّثْقَفُوْكُمْ	يَكُوْنُوْا
تم میں سے	تو یقیناً	وہ گمراہ ہوگیا	سیدھی راہ سے	اگر	وہ پائیں تمھیں	تو وہ ہو جائیں

لَكُمْ	اَعْدَآءً	وَّيَبْسُطُوْٓا	اِلَيْكُمْ	اَيْدِيَهُمْ	وَاَلْسِنَتَهُمْ	بِالسُّوْٓءِ
تمھارے	دشمن	اور وہ دراز کریں	تمھاری طرف	اپنے ہاتھ	اور اپنی زبانیں	برائی کے ساتھ

وَوَدُّوْا	لَوْ	تَكْفُرُوْنَ ﴿2﴾	لَنْ	تَنْفَعَكُمْ	اَرْحَامُكُمْ
اور وہ پسند کریں	کاش کہ	تم بھی کفر کرو	ہرگز نہیں	نفع دیں گے تم کو	تمھارے رشتے ناتے

وَلَآ اَوْلَادُكُمْ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	يَفْصِلُ	بَيْنَكُمْ	وَاللّٰهُ
اور نہ تمھاری اولاد	قیامت کے دن	وہ فیصلہ کرے گا	تمھارے درمیان (اس میں)	اور اللہ

بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	بَصِيْرٌ ۝3	قَدْ	كَانَتْ	لَكُمْ	اُسْوَةٌ
ساتھ اس کے جو	تم عمل کرتے ہو	خوب دیکھنے والا ہے	تحقیق	ہے	تمھارے لیے	نمونہ

حَسَنَةٌ	فِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ	وَالَّذِيْنَ	مَعَهٗ	اِذْ	قَالُوْا
بہترین	ابراہیم میں	اور ان لوگوں میں جو	اس کے ساتھ تھے	جب	انھوں نے کہا

لِقَوْمِهِمْ	اِنَّا	بُرَءٰٓؤُا	مِنْكُمْ	وَمِمَّا	تَعْبُدُوْنَ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ
اپنی قوم سے:	بلاشبہ ہم	بیزار ہیں	تم سے	اور ان سے جن کی	تم عبادت کرتے ہو	اللہ کے سوا

كَفَرْنَا	بِكُمْ	وَبَدَا	بَيْنَنَا	وَبَيْنَكُمُ	الْعَدَاوَةُ	وَالْبَغْضَآءُ
ہم نے کفر کیا	تمھارے ساتھ	اور ظاہر ہوگئی	ہمارے درمیان	اور تمھارے درمیان	عداوت	اور بغض

اَبَدًا	حَتّٰى	تُؤْمِنُوْا	بِاللّٰهِ وَحْدَهٗٓ	اِلَّا	قَوْلَ	اِبْرٰهِيْمَ
ہمیشہ کے لیے	یہاں تک کہ	تم ایمان لاؤ	اللہ اکیلے پر	(ہاں!) سوائے	کہنے	ابراہیم کے

لِاَبِيْهِ	لَاَسْتَغْفِرَنَّ	لَكَ	وَمَآ اَمْلِكُ	لَكَ	مِنَ اللّٰهِ
اپنے باپ سے	کہ میں ضرور مغفرت طلب کروں گا	تیرے لیے	اور نہیں میں اختیار رکھتا	تیرے لیے	اللہ (کی طرف) سے

مِنْ شَيْءٍ ؕ	رَبَّنَا	عَلَيْكَ	تَوَكَّلْنَا	وَاِلَيْكَ	اَنَبْنَا
کسی چیز کا بھی	اے ہمارے رب!	تجھ ہی پر	ہم نے توکل کیا	اور تیری ہی طرف	ہم نے رجوع کیا

وَاِلَيْكَ	الْمَصِيْرُ ۝4	رَبَّنَا	لَا تَجْعَلْنَا	فِتْنَةً	لِّلَّذِيْنَ
اور تیری ہی طرف	(ہمارا) لوٹنا ہے	اے ہمارے رب!	نہ تو بنا ہمیں	فتنہ	ان لوگوں کے لیے جنھوں نے

كَفَرُوْا	وَاغْفِرْ لَنَا	رَبَّنَا ۚ	اِنَّكَ اَنْتَ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ ۝5
کفر کیا	اور تو بخش دے ہمیں	اے ہمارے رب!	بلاشبہ تو ہی ہے	نہایت غالب	خوب حکمت والا

لَقَدْ	كَانَ	لَكُمْ	فِيْهِمْ	اُسْوَةٌ	حَسَنَةٌ	لِّمَنْ	كَانَ
البتہ تحقیق	ہے	تمھارے لیے	ان میں	نمونہ	بہترین	اس شخص کے لیے جو	ہو

يَرْجُوا اللّٰهَ	وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ ؕ	وَمَنْ	يَّتَوَلَّ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	هُوَ
امید رکھتا اللہ (سے ملنے) کی	اور یوم آخرت کی	اور جو کوئی	روگردانی کرے	تو بلاشبہ	اللہ	ہی ہے

الْغَنِيُّ	الْحَمِيْدُ ۝6 ع	عَسَى	اللّٰهُ	اَنْ يَّجْعَلَ	بَيْنَكُمْ	وَبَيْنَ
بڑا بے پروا	نہایت قابل تعریف	امید ہے	اللہ سے	یہ کہ پیدا کردے	تمھارے درمیان	اور درمیان

الَّذِيْنَ	عَادَيْتُمْ	مِّنْهُمْ	مَّوَدَّةً ؕ	وَاللّٰهُ	قَدِيْرٌ ؕ	وَاللّٰهُ
ان لوگوں کے کہ	تم عداوت رکھتے ہو	ان سے	دوستی	اور اللہ	خوب قدرت والا ہے	اور اللہ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝7	لَا يَنْهٰكُمُ اللّٰهُ	عَنِ الَّذِيْنَ	لَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ	فِي الدِّيْنِ
بہت بخشنے والا، نہایت رحم کرنے والا ہے	نہیں روکتا تمھیں اللہ	ان لوگوں سے کہ	نہیں وہ لڑے تم سے	دین کی بابت

وَلَمْ يُخْرِجُوْكُمْ	مِّنْ دِيَارِكُمْ	اَنْ	تَبَرُّوْهُمْ	وَتُقْسِطُوْٓا
اور نہیں انھوں نے نکالا تمھیں	تمھارے گھروں سے	(اس بات سے) کہ	تم حسنِ سلوک کرو ان سے	اور تم انصاف کرو

اِلَيْهِمْ ؕ	اِنَّ	اللّٰهَ	يُحِبُّ	الْمُقْسِطِيْنَ ۝8	اِنَّمَا	يَنْهٰكُمُ	اللّٰهُ
ان کے حق میں	بلاشبہ	اللہ	پسند کرتا ہے	انصاف کرنے والوں کو	بس	روکتا ہے تمھیں	اللہ

عَنِ الَّذِيْنَ	قٰتَلُوْكُمْ	فِي الدِّيْنِ	وَاَخْرَجُوْكُمْ	مِّنْ دِيَارِكُمْ
ان لوگوں سے جو	لڑے تم سے	دین کی بابت	اور انھوں نے نکالا تمھیں	تمھارے گھروں سے

وَظٰهَرُوْا	عَلٰٓى اِخْرَاجِكُمْ	اَنْ	تَوَلَّوْهُمْ ۚ	وَمَنْ	يَّتَوَلَّهُمْ
اور انھوں نے مدد کی	تمھارے نکالنے میں	(اس بات سے) کہ	تم دوستی کرو ان سے	اور جو کوئی	دوستی کرے ان سے

فَاُولٰٓئِكَ هُمُ	الظّٰلِمُوْنَ ۝9	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا	اِذَا	جَآءَكُمُ
تو وہی لوگ ہی	ظالم ہیں	اے وہ لوگو جو	ایمان لائے ہو!	جب	آئیں تمھارے پاس

الْمُؤْمِنٰتُ	مُهٰجِرٰتٍ	فَامْتَحِنُوْهُنَّ ؕ	اَللّٰهُ	اَعْلَمُ	بِاِيْمَانِهِنَّ ؕ
مومن عورتیں	ہجرت کر کے	تو تم امتحان لو ان کا	اللہ	خوب جانتا ہے	ان کے ایمان کو

فَاِنْ	عَلِمْتُمُوْهُنَّ	مُؤْمِنٰتٍ	فَلَا تَرْجِعُوْهُنَّ	اِلَى الْكُفَّارِ ؕ	لَا هُنَّ
پھر اگر	تم جانو ان کو	مومن	تو نہ تم لوٹاؤ انھیں	کفار کی طرف	نہ وہ (عورتیں)

حِلٌّ	لَّهُمْ	وَلَا هُمْ	يَحِلُّوْنَ	لَهُنَّ ؕ	وَاٰتُوْهُمْ	مَّآ
حلال ہیں	ان کے لیے	اور نہ وہ (کافر)	حلال ہیں	ان کے لیے	اور تم دو ان (کفار) کو	جو کچھ (مہر)

اَنْفَقُوْا ؕ	وَلَا جُنَاحَ	عَلَيْكُمْ	اَنْ	تَنْكِحُوْهُنَّ	اِذَآ	اٰتَيْتُمُوْهُنَّ
انھوں نے خرچ کیا	اور نہیں کوئی گناہ	تم پر	یہ کہ	تم نکاح کر لو ان سے	جب	تم دے دو انھیں

اُجُوْرَهُنَّ ؕ	وَلَا تُمْسِكُوْا	بِعِصَمِ	الْكَوَافِرِ	وَسْـَٔلُوْا	مَآ
ان کے حق مہر	اور نہ تم روکے (قبضے میں) رکھو	عصمتیں	کافر عورتوں کی	اور تم مانگ لو	جو کچھ (مہر)

اَنْفَقْتُمْ	وَلْيَسْــَٔلُوْا	مَآ	اَنْفَقُوْا ۚ	ذٰلِكُمْ	حُكْمُ اللّٰهِ ۖ
تم نے خرچ کیا	اور چاہیے کہ وہ (کافر) بھی مانگ لیں	جو کچھ (مہر)	انھوں نے خرچ کیا	یہ	اللہ کا فیصلہ ہے

يَحْكُمُ	بَيْنَكُمْ ۖ	وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌ	حَكِيْمٌ ﴿10﴾	وَاِنْ	فَاتَكُمْ	شَيْءٌ
وہ فیصلہ کرتا ہے	تمھارے درمیان	اور اللہ	خوب جاننے والا	خوب حکمت والا ہے	اور اگر	چلی جائے تم سے	کوئی

مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ	اِلَى الْكُفَّارِ	فَعَاقَبْتُمْ	فَاٰتُوا	الَّذِيْنَ
تمھاری بیویوں میں سے	کفار کی طرف	تو تم بدلہ دو (ان کے خاوندوں کو مالِ غنیمت سے)	پس تم دو	ان لوگوں کو کہ

ذَهَبَتْ	اَزْوَاجُهُمْ	مِّثْلَ	مَآ	اَنْفَقُوْا ۚ	وَاتَّقُوا اللّٰهَ	الَّذِيْٓ
چلی گئی ہیں	ان کی بیویاں	مثل	اس (مہر) کے جو	انھوں نے خرچ کیا	اور تم ڈرو اللہ سے	وہ ذات کہ

اَنْتُمْ	بِهٖ	مُؤْمِنُوْنَ ﴿11﴾	يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ	اِذَا	جَآءَكَ	الْمُؤْمِنٰتُ
تم	اس کے ساتھ	ایمان رکھتے ہو	اے نبی!	جب	آئیں آپ کے پاس	مومن عورتیں

يُبَايِعْنَكَ	عَلٰٓى اَنْ	لَّا يُشْرِكْنَ	بِاللّٰهِ	شَيْـًٔا	وَّلَا يَسْرِقْنَ
وہ بیعت کریں آپ سے	اس بات پر کہ	نہیں وہ شریک ٹھہرائیں گی	اللہ کے ساتھ	کسی چیز کو	اور نہیں وہ چوری کریں گی

وَلَا يَزْنِيْنَ	وَلَا يَقْتُلْنَ	اَوْلَادَهُنَّ	وَلَا يَاْتِيْنَ	بِبُهْتَانٍ	يَّفْتَرِيْنَهٗ
اور نہ وہ زنا کریں گی	اور نہ وہ قتل کریں گی	اپنی اولاد کو	اور نہ وہ لگائیں گی	کوئی ایسا بہتان	کہ انھوں نے گھڑا ہوا سے

بَيْنَ	اَيْدِيْهِنَّ	وَاَرْجُلِهِنَّ	وَلَا يَعْصِيْنَكَ	فِيْ مَعْرُوْفٍ
درمیان	اپنے ہاتھوں کے	اور اپنے پاؤں کے	اور نہ وہ نافرمانی کریں گی آپ کی	کسی نیک کام میں

فَبَايِعْهُنَّ	وَاسْتَغْفِرْ	لَهُنَّ	اللّٰهَ ۚ	اِنَّ	اللّٰهَ
تو آپ بیعت کرلیں ان سے	اور آپ مغفرت طلب کریں	ان کے لیے	اللہ سے	بلاشبہ	اللہ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿12﴾	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لَا تَتَوَلَّوْا	قَوْمًا	غَضِبَ
بہت بخشنے والا، نہایت رحم کرنے والا ہے	اے وہ لوگو جو	ایمان لائے ہو!	نہ تم دوستی کرو	اس قوم سے کہ	غصے ہوا

اللّٰهُ	عَلَيْهِمْ	قَدْ	يَئِسُوْا	مِنَ الْاٰخِرَةِ	كَمَا	يَئِسَ	الْكُفَّارُ
اللہ	ان پر	تحقیق	وہ مایوس ہوگئے ہیں	آخرت سے	جیسے	مایوس ہوگئے ہیں	کفار

مِنْ اَصْحٰبِ الْقُبُوْرِ ﴿13﴾ ع
اہلِ قبور (کے زندہ ہونے) سے

سُوْرَةُ الصَّفِّ مَدَنِيَّةٌ — رُكُوْعَاتُهَا 2 — اٰيَاتُهَا 14

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو بہت مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے

سَبَّحَ	لِلّٰهِ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِي الْاَرْضِ ۚ	وَهُوَ
تسبیح کرتی ہے	اللہ کے لیے	جو چیز	آسمانوں میں ہے	اور جو چیز	زمین میں ہے	اور وہ

الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ ﴿1﴾	يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لِمَ	تَقُوْلُوْنَ
نہایت غالب	خوب حکمت والا ہے	اے وہ لوگو جو	ایمان لائے ہو!	کیوں	تم کہتے ہو

مَا	لَا تَفْعَلُوْنَ ﴿2﴾	كَبُرَ	مَقْتًا	عِنْدَ اللّٰهِ	اَنْ	تَقُوْلُوْا
وہ (بات) جو	نہیں تم کرتے؟	بڑی ہے	باعتبار ناراضی کے	اللہ کے نزدیک	یہ (بات) کہ	تم کہو

مَا	لَا تَفْعَلُوْنَ ﴿3﴾	اِنَّ	اللّٰهَ	يُحِبُّ	الَّذِيْنَ	يُقَاتِلُوْنَ	فِيْ سَبِيْلِهٖ
وہ جو	نہیں تم کرتے	بلاشبہ	اللہ	پسند کرتا ہے	ان لوگوں کو جو	لڑتے ہیں	اس کی راہ میں

صَفًّا	كَاَنَّهُمْ	بُنْيَانٌ	مَّرْصُوْصٌ ﴿4﴾	وَاِذْ	قَالَ	مُوْسٰى	لِقَوْمِهٖ
صف بستہ	گویا کہ وہ	ایک عمارت ہیں	سیسہ پلائی ہوئی	اور جب	کہا	موسیٰ نے	اپنی قوم سے:

يٰقَوْمِ	لِمَ	تُؤْذُوْنَنِيْ	وَ	قَدْ	تَّعْلَمُوْنَ	اَنِّيْ	رَسُوْلُ اللّٰهِ
اے میری قوم!	کیوں	تم ایذا دیتے ہو مجھے	حالانکہ	تحقیق	تم جانتے ہو	کہ بلاشبہ میں	اللہ کا رسول ہوں

اِلَيْكُمْ ۭ	فَلَمَّا	زَاغُوْٓا	اَزَاغَ اللّٰهُ	قُلُوْبَهُمْ ۭ	وَاللّٰهُ	لَا يَهْدِي
تمھاری طرف؟	پس جب	وہ ٹیڑھے ہوگئے	تو ٹیڑھے کر دیے اللہ نے	ان کے دل	اور اللہ	نہیں ہدایت دیتا

الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿5﴾	وَاِذْ	قَالَ	عِيْسَى	ابْنُ مَرْيَمَ	يٰبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ
فاسق قوم کو	اور جب	کہا	عیسیٰ	ابن مریم نے:	اے بنو اسرائیل!

اِنِّيْ	رَسُوْلُ اللّٰهِ	اِلَيْكُمْ	مُّصَدِّقًا	لِّمَا	بَيْنَ يَدَيَّ
بلاشبہ میں	اللہ کا رسول ہوں	تمھاری طرف	تصدیق کرنے والا ہوں	اس (کتاب) کی جو	مجھ سے پہلے ہے

مِنَ التَّوْرٰىةِ	وَمُبَشِّرًۢا	بِرَسُوْلٍ	يَّاْتِيْ	مِنْۢ بَعْدِي	اسْمُهٗٓ
(یعنی) تورات	اور بشارت دینے والا ہوں	ایک رسول کی	جو آئے گا	میرے بعد	اس کا نام ہوگا

اَحْمَدُ ۭ	فَلَمَّا	جَاۗءَهُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ	قَالُوْا	هٰذَا	سِحْرٌ
احمد	پھر جب	وہ (رسول) آیا ان کے پاس	واضح دلیلوں کے ساتھ	تو انھوں نے کہا:	یہ	جادو ہے

مُّبِيْنٌ ۝6 | وَمَنْ | اَظْلَمُ | مِمَّنِ | افْتَرٰى | عَلَى اللّٰهِ | الْكَذِبَ | وَهُوَ
ظاہر | اور کون | زیادہ ظالم ہے | اس شخص سے جو | گھڑے | اللہ پر | جھوٹ | حالانکہ وہ

يُدْعٰٓى | اِلَى الْاِسْلٰمِ ۚ | وَاللّٰهُ | لَا يَهْدِى | الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝7 | يُرِيْدُوْنَ
بلایا جاتا ہے | اسلام کی طرف؟ | اور اللہ | نہیں ہدایت دیتا | ظالم قوم کو | وہ چاہتے ہیں

لِيُطْفِـُٔوْا | نُوْرَ اللّٰهِ | بِاَفْوَاهِهِمْ | وَاللّٰهُ | مُتِمُّ | نُوْرِهٖ | وَلَوْ
کہ بجھادیں | اللہ کا نور | اپنے مونہوں سے | جبکہ اللہ | پورا کرنے والا ہے | اپنا نور | اگرچہ

كَرِهَ | الْكٰفِرُوْنَ ۝8 | هُوَ | الَّذِيْٓ | اَرْسَلَ | رَسُوْلَهٗ | بِالْهُدٰى
ناپسند کریں | کافر | وہ (اللہ) | وہ ذات ہے جس نے | بھیجا | اپنا رسول | ہدایت کے ساتھ

وَدِيْنِ الْحَقِّ | لِيُظْهِرَهٗ | عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ | وَلَوْ | كَرِهَ | الْمُشْرِكُوْنَ ۝9 ع
اور دین حق کے (ساتھ) | تاکہ وہ غالب کرے اس کو | تمام دینوں پر | اگرچہ | ناپسند کریں | مشرک

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | هَلْ | اَدُلُّكُمْ | عَلٰى تِجَارَةٍ | تُنْجِيْكُمْ
اے وہ لوگو جو | ایمان لائے ہو! | کیا | میں رہنمائی کروں تمھاری | ایسی تجارت پر کہ | وہ نجات دے تمھیں

مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝10 | تُؤْمِنُوْنَ | بِاللّٰهِ | وَرَسُوْلِهٖ | وَتُجَاهِدُوْنَ
نہایت دردناک عذاب سے؟ | تم ایمان لاؤ | اللہ کے ساتھ | اور اس کے رسول کے (ساتھ) | اور تم جہاد کرو

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ | بِاَمْوَالِكُمْ | وَاَنْفُسِكُمْ ۚ | ذٰلِكُمْ | خَيْرٌ | لَّكُمْ | اِنْ
اللہ کی راہ میں | اپنے مالوں کے ساتھ | اور اپنے نفسوں کے (ساتھ) | یہ | بہتر ہے | تمھارے لیے | اگر

كُنْتُمْ | تَعْلَمُوْنَ ۝11 | يَغْفِرْ | لَكُمْ | ذُنُوْبَكُمْ | وَيُدْخِلْكُمْ
تم ہو | جانتے | وہ (اللہ) بخش دے گا | تمھارے لیے | تمھارے گناہ | اور داخل کرے گا تمھیں

جَنّٰتٍ | تَجْرِيْ | مِنْ تَحْتِهَا | الْاَنْهٰرُ | وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً
ایسے باغات میں کہ | چلتی ہیں | ان کے نیچے سے | نہریں | اور پاکیزہ محلات میں

فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ۚ | ذٰلِكَ | الْفَوْزُ | الْعَظِيْمُ ۝12 | وَاُخْرٰى
(جو) ہمیشہ رہنے والے باغات میں ہیں | یہ ہے | کامیابی | بہت بڑی | اور ایک اور (نعمت)

تُحِبُّوْنَهَا ۗ | نَصْرٌ | مِّنَ اللّٰهِ | وَفَتْحٌ | قَرِيْبٌ ۗ | وَبَشِّرِ | الْمُؤْمِنِيْنَ ۝13
جسے تم پسند کرتے ہو | مدد | اللہ کی طرف سے | اور فتح | قریب | اور آپ بشارت دے دیجیے | مومنوں کو

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	كُوْنُوْٓا	اَنْصَارَ اللّٰهِ	كَمَا	قَالَ	عِيْسَى	ابْنُ مَرْيَمَ
اے وہ لوگو جو	ایمان لائے ہو!	تم ہو جاؤ	اللہ کے مددگار	جیسے	کہا تھا	عیسیٰ	ابن مریم نے

لِلْحَوَارِيّٖنَ	مَنْ	اَنْصَارِيْٓ	اِلَى اللّٰهِ ؕ	قَالَ	الْحَوَارِيُّوْنَ	نَحْنُ
حواریوں سے:	کون ہیں	میرے مددگار	اللہ کی طرف؟	کہا	حواریوں نے:	ہم ہیں

اَنْصَارُ اللّٰهِ ؕ	فَاٰمَنَتْ	طَّآئِفَةٌ	مِّنْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	وَكَفَرَتْ	طَّآئِفَةٌ ؕ
اللہ کے مددگار	پھر ایمان لایا	ایک گروہ	بنی اسرائیل میں سے	اور کفر کیا	ایک گروہ نے

فَاَيَّدْنَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	عَلٰى عَدُوِّهِمْ	فَاَصْبَحُوْا	ظٰهِرِيْنَ ﴿14﴾
تو ہم نے قوت دی	ان لوگوں کو جو	ایمان لائے	ان کے دشمنوں پر	تو وہ ہو گئے	غالب

سورۃ الجمعۃ مدنیۃ — آیاتہا 11 — رکوعاتہا 2

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو بہت مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے

يُسَبِّحُ	لِلّٰهِ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِي الْاَرْضِ	الْمَلِكِ
تسبیح کرتی ہے	اللہ کے لیے	جو چیز	آسمانوں میں ہے	اور جو چیز	زمین میں ہے	جو بادشاہ ہے

الْقُدُّوْسِ	الْعَزِيْزِ	الْحَكِيْمِ ﴿1﴾	هُوَ	الَّذِيْ	بَعَثَ	فِي الْاُمِّيّٖنَ
نہایت پاکیزہ	بڑا غالب	خوب حکمت والا	وہ (اللہ)	وہ ذات ہے جس نے	بھیجا	ان پڑھوں میں

رَسُوْلًا	مِّنْهُمْ	يَتْلُوْا	عَلَيْهِمْ	اٰيٰتِهٖ	وَيُزَكِّيْهِمْ	وَيُعَلِّمُهُمُ
ایک رسول	انھی میں سے	وہ تلاوت کرتا ہے	ان پر	اس کی آیتیں	اور وہ تزکیہ کرتا ہے ان کا	اور وہ تعلیم دیتا ہے انھیں

الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ؕ	وَاِنْ	كَانُوْا	مِنْ قَبْلُ	لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿2﴾
کتاب و حکمت کی	اور بلاشبہ	وہ تھے	(اس سے) پہلے	البتہ صریح گمراہی میں

وَّاٰخَرِيْنَ	مِنْهُمْ	لَمَّا يَلْحَقُوْا	بِهِمْ ؕ	وَهُوَ
اور (آپ کو بھیجا) دوسرے لوگوں میں بھی	انھی میں سے	کہ ابھی تک نہیں وہ ملے	ان کے ساتھ	اور وہ

الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ ﴿3﴾	ذٰلِكَ	فَضْلُ اللّٰهِ	يُؤْتِيْهِ	مَنْ	يَّشَآءُ ؕ
نہایت غالب	خوب حکمت والا ہے	یہ	اللہ کا فضل ہے	وہ دیتا ہے یہ (فضل)	جسے	وہ چاہتا ہے

وَاللّٰهُ	ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿4﴾	مَثَلُ	الَّذِيْنَ	حُمِّلُوا	التَّوْرٰىةَ	ثُمَّ
اور اللہ	بہت بڑے فضل والا ہے	مثال	ان لوگوں کی کہ	وہ حامل بنائے گئے	تورات کے	پھر

لَمْ يَحْمِلُوْهَا	كَمَثَلِ	الْحِمَارِ	يَحْمِلُ	اَسْفَارًا ؕ	بِئْسَ	مَثَلُ
نہ انھوں نے اٹھایا اس کو	مانند مثال	اس گدھے کی ہے	جو اٹھاتا ہے	کتابیں	بری ہے	مثال

الْقَوْمِ	الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ	وَاللّٰهُ	لَا يَهْدِي	الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝5
ان لوگوں کی	جنھوں نے جھٹلایا	اللہ کی آیات کو	اور اللہ	نہیں ہدایت دیتا	ظالم قوم کو

قُلْ	يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ	هَادُوْٓا	اِنْ	زَعَمْتُمْ	اَنَّكُمْ
آپ کہہ دیجیے:	اے وہ لوگو جو	یہودی ہوئے ہو!	اگر	تم دعویٰ کرتے ہو	(اس بات کا) کہ بلاشبہ تم

اَوْلِيَآءُ لِلّٰهِ	مِنْ دُوْنِ النَّاسِ	فَتَمَنَّوُا	الْمَوْتَ	اِنْ	كُنْتُمْ
اللہ کے دوست ہو	سوائے (دوسرے) لوگوں کے	تو تم تمنا کرو	موت کی	اگر	تم ہو

صٰدِقِيْنَ ۝6	وَلَا يَتَمَنَّوْنَهٗٓ	اَبَدًاۢ	بِمَا	قَدَّمَتْ	اَيْدِيْهِمْ ؕ
سچے؟	اور نہیں وہ تمنا کریں گے اس کی	کبھی بھی	بوجہ اس کے جو	آگے بھیجا ہے	ان کے ہاتھوں نے

وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌۢ	بِالظّٰلِمِيْنَ ۝7	قُلْ	اِنَّ	الْمَوْتَ	الَّذِيْ	تَفِرُّوْنَ
اور اللہ	خوب جانتا ہے	ظالموں کو	کہہ دیجیے:	بلاشبہ	موت	وہ جو کہ	تم بھاگتے ہو

مِنْهُ	فَاِنَّهٗ	مُلٰقِيْكُمْ	ثُمَّ	تُرَدُّوْنَ	اِلٰى عٰلِمِ
اس سے	تو یقیناً وہ	ملنے والی ہے تمھیں	پھر	تم لوٹائے جاؤ گے	جاننے والے کی طرف

لَا تَمْلِكُ	نَفْسٌ	لِّنَفْسٍ	شَيْـًٔا ؕ	وَّالْاَمْرُ	يَوْمَئِذٍ	لِّلّٰهِ ⑲ ع
نہیں اختیار رکھے گا	کوئی نفس	کسی نفس کے لیے	کچھ بھی	اور حکم	اس دن	(صرف) اللہ ہی کا ہوگا

سُوْرَةُ الْمُطَفِّفِيْن 83 مَكِّيَّة — اٰيَاتُهَا 36 — رُكُوْعُهَا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو بہت مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے

وَيْلٌ	لِّلْمُطَفِّفِيْنَ ①	الَّذِيْنَ	اِذَا	اكْتَالُوْا	عَلَى النَّاسِ
ہلاکت ہے	ناپ تول میں کمی کرنے والوں کے لیے	وہ لوگ کہ	جب	وہ ناپ کر لیتے ہیں	لوگوں سے

يَسْتَوْفُوْنَ ②	وَاِذَا	كَالُوْهُمْ	اَوْ	وَّزَنُوْهُمْ	يُخْسِرُوْنَ ③
تو پورا لیتے ہیں	اور جب	وہ ناپ کر دیتے ہیں انھیں	یا	تول کر دیتے ہیں انھیں	تو کم دیتے ہیں

اَلَا يَظُنُّ	اُولٰٓئِكَ	اَنَّهُمْ	مَّبْعُوْثُوْنَ (4)	لِيَوْمٍ عَظِيْمٍ (5)
کیا نہیں یقین رکھتے	یہ لوگ	کہ بلاشبہ وہ	(قبروں سے) اُٹھائے جائیں گے	اس یومِ عظیم کے لیے

يَّوْمَ	يَقُوْمُ	النَّاسُ	لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ (6)	كَلَّآ	اِنَّ	كِتٰبَ
جس دن	کھڑے ہوں گے	لوگ	رب العالمین کے سامنے؟	ہرگز نہیں!	بلاشبہ	نامۂ اعمال

الْفُجَّارِ	لَفِيْ سِجِّيْنٍ (7)	وَمَآ	اَدْرٰىكَ	مَا	سِجِّيْنٌ (8)
فاجروں کا	البتہ سجین میں ہے	اور کس چیز نے	خبر دی آپ کو	(کہ) کیا ہے	سجین؟

كِتٰبٌ	مَّرْقُوْمٌ (9)	وَيْلٌ	يَّوْمَئِذٍ	لِّلْمُكَذِّبِيْنَ (10)	الَّذِيْنَ
ایک کتاب ہے	لکھی ہوئی	ہلاکت ہے	اس دن	جھٹلانے والوں کے لیے	وہ جو

يُكَذِّبُوْنَ	بِيَوْمِ	الدِّيْنِ (11)	وَمَا	يُكَذِّبُ	بِهٖٓ	اِلَّا	كُلُّ
جھٹلاتے ہیں	یومِ	جزا کو	اور نہیں	جھٹلاتا	اسے	مگر	ہر

مُعْتَدٍ	اَثِيْمٍ (12)	اِذَا	تُتْلٰى	عَلَيْهِ	اٰيٰتُنَا	قَالَ
حد سے گزرنے والا	گناہ گار ہی	جب	تلاوت کی جاتی ہیں	اس پر	ہماری آیتیں	تو وہ کہتا ہے:

اَسَاطِيْرُ	الْاَوَّلِيْنَ (13)	كَلَّا ؕ	بَلْ ۜ سکتۃ	رَانَ	عَلٰى قُلُوْبِهِمْ	مَّا
(یہ) کہانیاں ہیں	پہلے لوگوں کی	ہرگز نہیں!	بلکہ	زنگ لگا دیا ہے	ان کے دلوں پر	اس نے جو

كَانُوْا	يَكْسِبُوْنَ (14)	كَلَّآ	اِنَّهُمْ	عَنْ رَّبِّهِمْ	يَوْمَئِذٍ
تھے وہ	کماتے	ہرگز نہیں!	بلاشبہ وہ (کافر)	اپنے رب (کے دیدار) سے	اس دن

لَّمَحْجُوْبُوْنَ (15)	ثُمَّ	اِنَّهُمْ	لَصَالُوا	الْجَحِيْمِ (16)	ثُمَّ	يُقَالُ
البتہ اوٹ میں رکھے جائیں گے	پھر	بلاشبہ وہ	ضرور داخل ہوں گے	جہنم میں	پھر	کہا جائے گا:

هٰذَا	الَّذِيْ	كُنْتُمْ	بِهٖ	تُكَذِّبُوْنَ (17)	كَلَّآ	اِنَّ	كِتٰبَ
یہ ہے	وہ جو	تھے تم	اس کو	جھٹلاتے	ہرگز نہیں!	بلاشبہ	نامۂ اعمال

الْاَبْرَارِ	لَفِيْ عِلِّيِّيْنَ (18)	وَمَآ	اَدْرٰىكَ	مَا	عِلِّيُّوْنَ (19)
نیک لوگوں کا	البتہ علیین میں ہے	اور کس چیز نے	خبر دی آپ کو	(کہ) کیا ہے	علیین؟

كِتٰبٌ	مَّرْقُوْمٌ (20)	يَّشْهَدُهُ	الْمُقَرَّبُوْنَ (21)	اِنَّ	الْاَبْرَارَ
ایک کتاب ہے	لکھی ہوئی	حاضر ہوتے ہیں اس پر	مقرب فرشتے	بلاشبہ	نیک لوگ

لَفِيْ نَعِيْمٍ ﴿22﴾	عَلَى الْاَرَآئِكِ	يَنْظُرُوْنَ ﴿23﴾	تَعْرِفُ	فِيْ وُجُوْهِهِمْ
البتہ نعمت (جنت) میں ہوں گے	مسہریوں پر (بیٹھے)	دیکھ رہے ہوں گے	آپ پہچانیں گے	ان کے چہروں میں

نَضْرَةَ	النَّعِيْمِ ﴿24﴾	يُسْقَوْنَ	مِنْ رَّحِيْقٍ مَّخْتُوْمٍ ﴿25﴾	خِتٰمُهٗ	مِسْكٌ
تازگی	نعمت کی	وہ پلائے جائیں گے	مہر لگی ہوئی خالص شراب میں سے	اس کی مہر ہوگی	کستوری کی

وَفِيْ ذٰلِكَ	فَلْيَتَنَافَسِ	الْمُتَنَافِسُوْنَ ﴿26﴾	وَمِزَاجُهٗ	مِنْ تَسْنِيْمٍ ﴿27﴾
اور اسی میں	پس چاہیے کہ رغبت کریں	رغبت کرنے والے	اور اس کی ملاوٹ	تسنیم سے ہوگی

عَيْنًا	يَّشْرَبُ	بِهَا	الْمُقَرَّبُوْنَ ﴿28﴾	اِنَّ	الَّذِيْنَ
(یعنی) ایک چشمہ ہے	پئیں گے	اس میں سے	مقرب بندے	بلاشبہ	وہ لوگ جنھوں نے

اَجْرَمُوْا	كَانُوْا	مِنَ الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	يَضْحَكُوْنَ ﴿29﴾	وَاِذَا	مَرُّوْا
جرم کیے	تھے وہ	ان لوگوں پر جو	ایمان لائے	ہنستے	اور جب	وہ گزرتے تھے

بِهِمْ	يَتَغَامَزُوْنَ ﴿30﴾	وَاِذَا	انْقَلَبُوْٓا	اِلٰٓى اَهْلِهِمُ
ان (مسلمانوں) کے پاس سے	تو آنکھوں سے آپس میں اشارہ کرتے تھے	اور جب	وہ لوٹتے تھے	اپنے اہل کی طرف

انْقَلَبُوْا	فَكِهِيْنَ ﴿31﴾	وَاِذَا	رَاَوْهُمْ	قَالُوْٓا	اِنَّ
تو لوٹتے	دل لگی کرتے ہوئے	اور جب	وہ (کافر) دیکھتے تھے ان (مسلمانوں) کو	تو کہتے تھے:	بلاشبہ

هٰٓؤُلَآءِ	لَضَآلُّوْنَ ﴿32﴾	وَمَآ	اُرْسِلُوْا	عَلَيْهِمْ	حٰفِظِيْنَ ﴿33﴾	فَالْيَوْمَ
یہ لوگ	ضرور گمراہ ہیں	حالانکہ نہیں	وہ بھیجے گئے تھے	ان پر	نگران بنا کر	چنانچہ آج

الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مِنَ الْكُفَّارِ	يَضْحَكُوْنَ ﴿34﴾	عَلَى الْاَرَآئِكِ	يَنْظُرُوْنَ ﴿35﴾
وہ لوگ جو	ایمان لائے	کافروں پر	ہنس رہے ہوں گے	مسہریوں پر (بیٹھے)	دیکھ رہے ہوں گے

هَلْ	ثُوِّبَ	الْكُفَّارُ	مَا	كَانُوْا	يَفْعَلُوْنَ ﴿36﴾
(کہ) کیا	بدلہ دیے گئے	کافر	اس کا جو	تھے وہ	کرتے؟

سُوْرَةُ الْاِنْشِقَاق — مَكِّيَّةٌ — رُكُوْعُهَا 1 — اٰيَاتُهَا 25

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو بہت مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے

اِذَا	السَّمَآءُ	انْشَقَّتْ ﴿1﴾	وَاَذِنَتْ	لِرَبِّهَا	وَحُقَّتْ ﴿2﴾
جب	آسمان	پھٹ جائے گا	اور وہ کان لگائے ہوئے ہے	اپنے رب (کے حکم) کے لیے	اور اس کے لائق بھی یہی ہے

وَاِذَا	الْاَرْضُ	مُدَّتْ ﴿3﴾	وَاَلْقَتْ	مَا	فِيْهَا	وَتَخَلَّتْ ﴿4﴾
اور جب	زمین	پھیلا دی جائے گی	اور وہ ڈال دے گی	جو کچھ	اس میں ہے	اور وہ خالی ہو جائے گی

وَاَذِنَتْ	لِرَبِّهَا	وَحُقَّتْ ﴿5﴾	يٰۤاَيُّهَا الْاِنْسٰنُ
اور وہ کان لگائے ہوئے ہے	اپنے رب (کے حکم) کے لیے	اور اس کے لائق بھی یہی ہے	اے انسان!

اِنَّكَ	كَادِحٌ	اِلٰى رَبِّكَ	كَدْحًا	فَمُلٰقِيْهِ ﴿6﴾	فَاَمَّا
بلاشبہ تو	محنت کر رہا ہے	اپنے رب کی طرف	خوب محنت	بالآخر تو ملنے والا ہے اس سے	پھر لیکن

مَنْ	اُوْتِيَ	كِتٰبَهٗ	بِيَمِيْنِهٖ ﴿7﴾	فَسَوْفَ	يُحَاسَبُ
جو شخص کہ	وہ دیا گیا	اپنا اعمال نامہ	اپنے دائیں (ہاتھ) میں	تو عنقریب	اس سے حساب لیا جائے گا

حِسَابًا	يَّسِيْرًا ﴿8﴾	وَّيَنْقَلِبُ	اِلٰۤى اَهْلِهٖ	مَسْرُوْرًا ﴿9﴾	وَاَمَّا	مَنْ
حساب	نہایت آسان	اور وہ لوٹے گا	اپنے اہل کی طرف	ہنسی خوشی	اور لیکن	جو شخص کہ

اُوْتِيَ	كِتٰبَهٗ	وَرَآءَ	ظَهْرِهٖ ﴿10﴾	فَسَوْفَ	يَدْعُوْا	ثُبُوْرًا ﴿11﴾
وہ دیا گیا	اپنا اعمال نامہ	پیچھے	اپنی پیٹھ کے	تو ضرور	وہ پکارے گا	ہلاکت کو

وَّيَصْلٰى	سَعِيْرًا ﴿12﴾	اِنَّهٗ	كَانَ	فِيْۤ اَهْلِهٖ	مَسْرُوْرًا ﴿13﴾
اور وہ داخل ہوگا	بھڑکتی آگ میں	بلاشبہ وہ	تھا	(دنیا میں) اپنے اہل (وعیال) میں	خوش

اِنَّهٗ	ظَنَّ	اَنْ	لَّنْ يَّحُوْرَ ﴿14﴾	بَلٰى ج	اِنَّ	رَبَّهٗ
بلاشبہ اس نے	سمجھا تھا	کہ	ہرگز نہیں وہ (اللہ کی طرف) لوٹ کر جائے گا	کیوں نہیں!	بلاشبہ	اس کا رب

كَانَ	بِهٖ	بَصِيْرًا ﴿15﴾	فَلَاۤ اُقْسِمُ	بِالشَّفَقِ ﴿16﴾	وَالَّيْلِ	وَمَا
تھا	اس کو	خوب دیکھنے والا	چنانچہ میں قسم کھاتا ہوں	شفق (سرخی) کی	اور رات کی	اور جو کچھ

وَسَقَ ﴿17﴾	وَالْقَمَرِ	اِذَا	اتَّسَقَ ﴿18﴾	لَتَرْكَبُنَّ	طَبَقًا
وہ جمع کرتی (سمیٹتی) ہے	اور چاند کی	جب	وہ پورا ہو جاتا ہے	یقیناً تم ضرور سوار ہو گے (پہنچو گے)	ایک حال کو

عَنْ طَبَقٍ ﴿19﴾	فَمَا	لَهُمْ	لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿20﴾	وَاِذَا	قُرِئَ
دوسرے حال کے بعد	پھر کیا ہے	ان (کافروں) کو	نہیں وہ ایمان لاتے؟	اور جب	پڑھا جاتا ہے

عَلَيْهِمُ	الْقُرْاٰنُ	لَا يَسْجُدُوْنَ ﴿21﴾ السجدة	بَلِ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	يُكَذِّبُوْنَ ﴿22﴾
ان پر	قرآن	تو نہیں وہ سجدہ کرتے	بلکہ	وہ لوگ جنھوں نے	کفر کیا	وہ جھٹلاتے ہیں

وَاللّٰهُ	اَعْلَمُ	بِمَا	يُوْعُوْنَ ﴿23﴾	فَبَشِّرْهُمْ
اور اللہ	خوب جانتا ہے	جو کچھ	وہ (سینوں میں) محفوظ رکھتے ہیں	تو آپ خوشخبری دے دیجیے انھیں

بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿24﴾	اِلَّا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ
انتہائی دردناک عذاب کی	مگر	وہ لوگ جو	ایمان لائے	اور انھوں نے عمل کیے	نیک

لَهُمْ	اَجْرٌ	غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ﴿25﴾ ع
ان کے لیے	اجر ہے	نہ ختم ہونے والا

سُوْرَةُ الْبُرُوْج مَكِّيَّة — اٰيَاتُهَا 22 — رُكُوْعُهَا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو بہت مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے

وَ	السَّمَآءِ	ذَاتِ الْبُرُوْجِ ﴿1﴾	وَالْيَوْمِ	الْمَوْعُوْدِ ﴿2﴾	وَشَاهِدٍ
قسم ہے	آسمان	برجوں والے کی	اور دن	وعدہ دیے ہوئے کی	اور حاضر ہونے والے (یوم جمعہ)

وَّمَشْهُوْدٍ ﴿3﴾	قُتِلَ	اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ ﴿4﴾	النَّارِ	ذَاتِ الْوَقُوْدِ ﴿5﴾
اور حاضر کیے ہوئے (یوم عرفہ) کی	ہلاک کیے گئے	خندقوں والے	(یعنی) آگ	ایندھن والی

اِذْ	هُمْ	عَلَيْهَا	قُعُوْدٌ ﴿6﴾	وَّهُمْ	عَلٰى مَا	يَفْعَلُوْنَ	بِالْمُؤْمِنِيْنَ
جب (کہ)	وہ	اس پر	بیٹھے تھے	اور وہ	اس کو جو کچھ	وہ کر رہے تھے	مومنوں کے ساتھ

شُهُوْدٌ ﴿7﴾	وَمَا نَقَمُوْا	مِنْهُمْ	اِلَّآ	اَنْ	يُّؤْمِنُوْا	بِاللّٰهِ
دیکھ رہے تھے	اور نہیں انھوں نے انتقام لیا	ان سے	مگر	(اس بات کا) کہ	وہ ایمان لائے تھے	اللہ پر

الْعَزِيْزِ	الْحَمِيْدِ ﴿8﴾	الَّذِيْ	لَهٗ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ
جو بڑا زبردست	نہایت قابلِ تعریف ہے	وہ ذات کہ	اسی کے لیے ہے	بادشاہی	آسمانوں

وَالْاَرْضِ ج	وَاللّٰهُ	عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ	شَهِيْدٌ ﴿9﴾	اِنَّ	الَّذِيْنَ
اور زمین کی	اور اللہ	ہر چیز پر	خوب نگران ہے	بلاشبہ	وہ لوگ جنھوں نے

فَتَنُوا	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَالْمُؤْمِنٰتِ	ثُمَّ	لَمْ	يَتُوْبُوْا	فَلَهُمْ
آزمائش میں ڈالا	مومن مردوں	اور مومن عورتوں کو	پھر	نہ	انھوں نے توبہ کی	تو ان کے لیے

عَذَابُ جَهَنَّمَ	وَلَهُمْ	عَذَابُ	الْحَرِيْقِ ﴿10﴾	اِنَّ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
جہنم کا عذاب ہے	اور ان کے لیے	عذاب ہے	جلانے والا	بلاشبہ	وہ لوگ جو	ایمان لائے

وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	لَهُمْ	جَنّٰتٌ	تَجْرِیْ	مِنْ تَحْتِهَا
اور انھوں نے عمل کیے	نیک	ان کے لیے	ایسے باغات ہیں	(کہ) بہتی ہیں	ان کے نیچے سے

الْاَنْهٰرُ	ذٰلِكَ	الْفَوْزُ	الْكَبِیْرُ ⑪	اِنَّ	بَطْشَ	رَبِّكَ
نہریں	یہ	کامیابی ہے	بہت بڑی	بلاشبہ	پکڑ	آپ کے رب کی

لَشَدِیْدٌ ⑫	اِنَّهٗ هُوَ	یُبْدِئُ	وَیُعِیْدُ ⑬	وَهُوَ
البتہ نہایت سخت ہے	بے شک وہی	پہلی بار پیدا کرتا ہے	اور وہی دوبارہ پیدا کرے گا	اور وہی

الْغَفُوْرُ	الْوَدُوْدُ ⑭	ذُو الْعَرْشِ	الْمَجِیْدُ ⑮	فَعَّالٌ	لِّمَا
بہت زیادہ بخشنے والا	بہت محبت کرنے والا ہے	عرش کا مالک	اونچی شان والا ہے	کر گزرنے والا ہے	اس کو جو

یُرِیْدُ ⑯	هَلْ	اَتٰىكَ	حَدِیْثُ الْجُنُوْدِ ⑰	فِرْعَوْنَ	وَثَمُوْدَ ⑱
وہ چاہتا ہے	کیا	آئی ہے آپ کے پاس	لشکروں کی بات	(یعنی) فرعون	اور ثمود کی؟

بَلِ	الَّذِیْنَ	كَفَرُوْا	فِیْ تَكْذِیْبٍ ⑲	وَّاللّٰهُ	مِنْ وَّرَآئِهِمْ
بلکہ	وہ لوگ جنھوں نے	کفر کیا	تکذیب میں (لگے ہوئے) ہیں	اور اللہ	ان کو ہر طرف سے

مُّحِیْطٌ ⑳	بَلْ	هُوَ	قُرْاٰنٌ	مَّجِیْدٌ ㉑	فِیْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ㉒
گھیرے ہوئے ہے	بلکہ	یہ	قرآن	اونچی شان والا ہے	لوحِ محفوظ میں (لکھا ہوا) ہے

سُوْرَۃُ الطَّارِقِ مَکِّیَّۃٌ — رُکُوْعُهَا 1 — اٰیَاتُهَا 17

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو بہت مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے

وَ	السَّمَآءِ	وَالطَّارِقِ ①	وَمَآ	اَدْرٰىكَ	مَا
قسم ہے	آسمان کی	اور رات کو نمودار ہونے والے کی	اور کس چیز نے	خبر دی آپ کو	کیا ہے

الطَّارِقُ ②	النَّجْمُ	الثَّاقِبُ ③	اِنْ	كُلُّ	نَفْسٍ	لَّمَّا
رات کو نمودار ہونے والا؟	(وہ) ستارہ ہے	چمکنے والا	نہیں	کوئی	نفس بھی	مگر

عَلَیْهَا	حَافِظٌ ④	فَلْیَنْظُرِ	الْاِنْسَانُ	مِمَّ	خُلِقَ ⑤
اس پر	ایک محافظ ہے	چنانچہ چاہیے کہ دیکھے	انسان	کس چیز سے	وہ پیدا کیا گیا ہے؟

خُلِقَ	مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ⑥	یَّخْرُجُ	مِنْ بَیْنِ الصُّلْبِ	وَالتَّرَآئِبِ ⑦
وہ پیدا کیا گیا ہے	اچھلنے والے پانی سے	وہ نکلتا ہے	پیٹھ کے درمیان سے	اور سینے کی ہڈیوں کے (درمیان سے)

إِنَّهٗ	عَلٰى رَجْعِهٖ	لَقَادِرٌ ⑧	يَوْمَ	تُبْلَى	السَّرَآئِرُ ⑨
بلاشبہ وہ (اللہ)	اس (انسان) کے لوٹانے پر	البتہ قادر ہے	جس دن	ظاہر کیے جائیں گے	تمام راز

فَمَا لَهٗ	مِنْ قُوَّةٍ	وَّلَا نَاصِرٍ ⑩	وَ	السَّمَآءِ	ذَاتِ الرَّجْعِ ⑪
تو نہ ہوگی اس کے لیے	کوئی قوت	اور نہ کوئی مددگار	قسم ہے	آسمان	بار بار بارش لانے والے کی

وَالْاَرْضِ	ذَاتِ الصَّدْعِ ⑫	اِنَّهٗ	لَقَوْلٌ فَصْلٌ ⑬	وَّمَا	هُوَ
اور زمین	پھٹنے والی کی	بلاشبہ وہ (قرآن)	البتہ قولِ فیصل ہے	اور نہیں ہے	وہ

بِالْهَزْلِ ⑭	اِنَّهُمْ	يَكِيْدُوْنَ	كَيْدًا ⑮	وَّاَكِيْدُ	كَيْدًا ⑯
ہنسی مذاق	بلاشبہ وہ (کافر)	تدبیر کرتے ہیں	ایک تدبیر	اور میں بھی تدبیر کرتا ہوں	ایک تدبیر

فَمَهِّلِ	الْكٰفِرِيْنَ	اَمْهِلْهُمْ	رُوَيْدًا ⑰
تو (اے نبی!) آپ مہلت دیجیے	کافروں کو	مہلت دینا	تھوڑی سی

ع 17 / 11

سورۃ الاعلیٰ مکیۃ — رکوعہا 1 — آیاتہا 19

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو بہت مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے

سَبِّحِ	اسْمَ رَبِّكَ	الْاَعْلَى ①	الَّذِيْ	خَلَقَ	فَسَوّٰى ②
آپ تسبیح کیجیے	اپنے رب کے نام کی	جو سب سے بلند ہے	وہ ذات جس نے	پیدا کیا	پھر ٹھیک ٹھاک بنایا

وَالَّذِيْ	قَدَّرَ	فَهَدٰى ③	وَالَّذِيْٓ	اَخْرَجَ	الْمَرْعٰى ④
اور وہ ذات جس نے	اندازہ کیا	پھر ہدایت دی	اور وہ ذات جس نے	نکالا (زمین سے)	چارا

فَجَعَلَهٗ	غُثَآءً	اَحْوٰى ⑤	سَنُقْرِئُكَ	فَلَا
پھر اس نے کر دیا اس کو	خشک چورا	سیاہ	عنقریب ہم پڑھائیں گے آپ کو (قرآن)	پھر نہیں

تَنْسٰٓى ⑥	اِلَّا	مَا	شَآءَ	اللّٰهُ ۚ	اِنَّهٗ	يَعْلَمُ	الْجَهْرَ
آپ بھولیں گے	سوائے اس کے	جو	چاہے	اللہ	بلاشبہ وہ	جانتا ہے	ظاہر کو

وَمَا	يَخْفٰى ⑦	وَنُيَسِّرُكَ	لِلْيُسْرٰى ⑧	فَذَكِّرْ	اِنْ
اور (اس کو) جو	مخفی ہے	اور ہم توفیق دیں گے آپ کو	آسان (راستے) کی	پھر آپ نصیحت کیجیے	اگر

نَّفَعَتِ	الذِّكْرٰى ⑨	سَيَذَّكَّرُ	مَنْ	يَّخْشٰى ⑩	وَيَتَجَنَّبُهَا
نفع دے	نصیحت	ضرور نصیحت حاصل کرے گا	وہ جو	ڈرتا ہے	اور دور رہے گا اس سے

الْاَشْقَى ⑪	الَّذِیْ	یَصْلَى	النَّارَ الْكُبْرٰى ⑫	ثُمَّ	لَا یَمُوْتُ	فِیْهَا
بدبخت	وہ جو	داخل ہوگا	بہت بڑی آگ میں	پھر	نہ وہ مرے گا	اس میں

وَلَا یَحْیٰى ⑬	قَدْ	اَفْلَحَ	مَنْ	تَزَكّٰى ⑭	وَذَكَرَ	اسْمَ
اور نہ جیے گا	تحقیق	فلاح پا گیا	وہ شخص جو	پاک ہوا	اور اس نے یاد کیا	نام

رَبِّهٖ	فَصَلّٰى ⑮	بَلْ	تُؤْثِرُوْنَ	الْحَیٰوةَ الدُّنْیَا ⑯	وَ
اپنے رب کا	پھر اس نے نماز پڑھی	بلکہ	تم ترجیح دیتے ہو	حیاتِ دنیا کو	جبکہ

الْاٰخِرَةُ	خَیْرٌ	وَّاَبْقٰى ⑰	اِنَّ	هٰذَا	لَفِی الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ⑱
آخرت	بہت بہتر	اور زیادہ پائیدار ہے	بلاشبہ	یہ (بات)	البتہ پہلے صحیفوں میں ہے

صُحُفِ اِبْرٰهِیْمَ وَمُوْسٰى ⑲ ع
(یعنی) ابراہیم اور موسیٰ کے صحیفوں میں

سُوْرَةُ الْغَاشِیَةِ مَكِّيَّةٌ — اٰیَاتُهَا 26 — رُكُوْعُهَا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو بہت مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے

هَلْ	اَتٰىكَ	حَدِیْثُ	الْغَاشِیَةِ ①	وُجُوْهٌ	یَّوْمَئِذٍ
کیا	آ گئی ہے آپ کے پاس	بات	چھا جانے والی (قیامت) کی؟	کئی چہرے	اس دن

خَاشِعَةٌ ②	عَامِلَةٌ	نَّاصِبَةٌ ③	تَصْلٰى	نَارًا حَامِیَةً ④
ذلیل ہوں گے	عمل کرنے والے	تھک جانے والے	وہ داخل ہوں گے	بھڑکتی آگ میں

تُسْقٰى	مِنْ عَیْنٍ اٰنِیَةٍ ⑤	لَیْسَ	لَهُمْ	طَعَامٌ	اِلَّا
وہ پلائے جائیں گے	کھولتے ہوئے پانی کے چشمے سے	نہیں ہوگا	ان کے لیے	کھانا	سوائے

مِنْ ضَرِیْعٍ ⑥	لَّا یُسْمِنُ	وَلَا یُغْنِیْ	مِنْ جُوْعٍ ⑦	وُجُوْهٌ
خاردار جھاڑی کے	نہ وہ موٹا کرے گا	اور نہ فائدہ دے گا	بھوک سے	کئی چہرے

یَّوْمَئِذٍ	نَّاعِمَةٌ ⑧	لِّسَعْیِهَا	رَاضِیَةٌ ⑨	فِیْ جَنَّةٍ عَالِیَةٍ ⑩
اس دن	تروتازہ ہوں گے	اپنی کوششوں پر	خوش ہوں گے	بہشتِ بریں میں ہوں گے

لَّا تَسْمَعُ	فِیْهَا	لَاغِیَةً ⑪	فِیْهَا	عَیْنٌ جَارِیَةٌ ⑫	فِیْهَا
نہیں وہ سنیں گے	اس میں	کوئی لغو بات	اس میں	ایک چشمہ جاری (ہوگا)	اس میں

سُرُرٌ	مَّرْفُوْعَةٌ ⑬	وَّ اَكْوَابٌ	مَّوْضُوْعَةٌ ⑭	وَّ نَمَارِقُ
تخت (ہوں گے)	اونچے اونچے	اور ساغر	رکھے ہوئے	اور گاؤ تکیے

مَصْفُوْفَةٌ ⑮	وَّ زَرَابِيُّ	مَبْثُوْثَةٌ ⑯	اَ	فَلَا يَنْظُرُوْنَ	اِلَى الْاِبِلِ
برابر قطار میں لگے ہوئے	اور نفیس غالیچے	بچھے ہوئے	کیا	پھر نہیں وہ دیکھتے	اونٹوں کی طرف

كَيْفَ	خُلِقَتْ ⑰	وَاِلَى السَّمَآءِ	كَيْفَ	رُفِعَتْ ⑱	وَاِلَى الْجِبَالِ
کیسے	وہ پیدا کیے گئے؟	اور آسمان کی طرف	کیسے	وہ بلند کیے گئے؟	اور پہاڑوں کی طرف

كَيْفَ	نُصِبَتْ ⑲	وَاِلَى الْاَرْضِ	كَيْفَ	سُطِحَتْ ⑳	فَذَكِّرْ
کیسے	وہ گاڑے گئے؟	اور زمین کی طرف	کیسے	وہ بچھائی گئی؟	پس آپ نصیحت کریں

اِنَّمَآ اَنْتَ	مُذَكِّرٌ ㉑	لَسْتَ	عَلَيْهِمْ	بِمُصَيْطِرٍ ㉒	اِلَّا
بس آپ تو	نصیحت ہی کرنے والے ہیں	نہیں ہیں آپ	ان پر	کوئی ذمہ دار	مگر

مَنْ	تَوَلّٰى	وَكَفَرَ ㉓	فَيُعَذِّبُهُ	اللّٰهُ	الْعَذَابَ	الْاَكْبَرَ ㉔
جس نے	روگردانی کی	اور کفر کیا	تو عذاب دے گا اسے	اللہ	عذاب	بہت بڑا

اِنَّ	اِلَيْنَآ	اِيَابَهُمْ ㉕	ثُمَّ	اِنَّ	عَلَيْنَا	حِسَابَهُمْ ㉖
بلاشبہ	ہماری ہی طرف ہے	ان کا لوٹ کر آنا	پھر	یقیناً	ہمارے ہی ذمے ہے	ان کا حساب

سُوْرَةُ الْفَجْرِ مَكِّيَّةٌ — رُكُوْعَهَا 1 — اٰيَاتُهَا 30

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو بہت مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے

وَ	الْفَجْرِ ①	وَلَيَالٍ عَشْرٍ ②	وَّالشَّفْعِ	وَالْوَتْرِ ③	وَالَّيْلِ	اِذَا
قسم ہے	فجر کی	اور دس راتوں کی	اور جفت کی	اور طاق کی	اور رات کی	جب

يَسْرِ ④	هَلْ	فِيْ ذٰلِكَ	قَسَمٌ	لِّذِيْ حِجْرٍ ⑤	اَ
وہ گزر جاتی ہے	یقیناً	اس میں	بہت بڑی قسم ہے	صاحبِ عقل کے لیے	کیا

لَمْ تَرَ	كَيْفَ	فَعَلَ	رَبُّكَ	بِعَادٍ ⑥	اِرَمَ
نہیں آپ نے دیکھا	کیسا	سلوک کیا	آپ کے رب نے	عاد کے ساتھ؟	(یعنی) ارم (کے ساتھ)

ذَاتِ الْعِمَادِ ⑦	الَّتِيْ	لَمْ يُخْلَقْ	مِثْلُهَا	فِي الْبِلَادِ ⑧	وَثَمُوْدَ
جو ستونوں والے تھے	وہ جو کہ	نہیں پیدا کیا گیا	(کوئی) اُن جیسا	شہروں میں	اور (قوم) ثمود (کے ساتھ)

الَّذِيْنَ	جَابُوا	الصَّخْرَ	بِالْوَادِ ۝9	وَفِرْعَوْنَ	ذِي الْاَوْتَادِ ۝10
وہ جو	تراشتے تھے	چٹانوں کو	وادی میں	اور فرعون	میخوں والے (کے ساتھ)

الَّذِيْنَ	طَغَوْا	فِي الْبِلَادِ ۝11	فَاَكْثَرُوْا	فِيْهَا الْفَسَادَ ۝12	فَصَبَّ
وہ جنھوں نے	سرکشی کی	شہروں میں	پھر انھوں نے زیادہ کیا	ان (شہروں) میں فساد	تو برسایا

عَلَيْهِمْ	رَبُّكَ	سَوْطَ	عَذَابٍ ۝13	اِنَّ	رَبَّكَ	لَبِالْمِرْصَادِ ۝14
ان پر	آپ کے رب نے	کوڑا	عذاب کا	بلاشبہ	آپ کا رب	البتہ گھات (تاک) میں ہے

فَاَمَّا	الْاِنْسَانُ	اِذَا مَا	ابْتَلٰىهُ	رَبُّهٗ	فَاَكْرَمَهٗ
پس لیکن	انسان	جب	آزماتا ہے اس کو	اس کا رب	پھر وہ عزت دیتا ہے اس کو

وَنَعَّمَهٗ	فَيَقُوْلُ	رَبِّيْٓ	اَكْرَمَنِ ۝15	وَاَمَّآ	اِذَا مَا
اور نعمت دیتا ہے اس کو	تو وہ کہتا ہے:	میرے رب نے	مجھے عزت بخشی ہے	اور لیکن	جب

ابْتَلٰىهُ	فَقَدَرَ	عَلَيْهِ	رِزْقَهٗ	فَيَقُوْلُ	رَبِّيْٓ
وہ آزماتا ہے اسے	پھر تنگ کرتا ہے	اس پر	اس کا رزق	تو وہ کہتا ہے:	میرے رب نے

اَهَانَنِ ۝16	كَلَّا ۘ	بَلْ	لَّا تُكْرِمُوْنَ	الْيَتِيْمَ ۝17	وَلَا تَحٰٓضُّوْنَ
میری توہین کی ہے	ہرگز نہیں!	بلکہ	نہیں تم عزت کرتے	یتیم کی	اور نہیں تم ایک دوسرے کو ترغیب دیتے

عَلٰى طَعَامِ	الْمِسْكِيْنِ ۝18	وَتَاْكُلُوْنَ	التُّرَاثَ	اَكْلًا لَّمًّا ۝19	وَّتُحِبُّوْنَ
کھانا کھلانے کی	مسکین کو	اور تم کھا جاتے ہو	میراث کا مال	خوب سمیٹ سمیٹ کر	اور تم محبت کرتے ہو

الْمَالَ	حُبًّا	جَمًّا ۝20	كَلَّآ	اِذَا	دُكَّتِ	الْاَرْضُ
مال سے	محبت	بہت زیادہ	ہرگز نہیں!	جب	کوٹ کر ہموار کر دی جائے گی	زمین

دَكًّا دَكًّا ۝21	وَّجَآءَ	رَبُّكَ	وَالْمَلَكُ	صَفًّا صَفًّا ۝22
ریزہ ریزہ کر کے	اور آئے گا	آپ کا رب	اور فرشتے	صف بہ صف

وَجِايْٓءَ يَوْمَئِذٍ بِجَهَنَّمَ ۙ	يَوْمَئِذٍ	يَّتَذَكَّرُ	الْاِنْسَانُ
اور لائی جائے گی اس دن جہنم	اس دن	یاد کرے گا	انسان (اپنے کرتوت)

وَاَنّٰى	لَهُ	الذِّكْرٰى ۝23	يَقُوْلُ	يٰلَيْتَنِيْ	قَدَّمْتُ
اور کیونکر (مفید ہوگا)	اس کے لیے	یاد کرنا؟	وہ کہے گا:	اے کاش!	میں نے آگے بھیجا ہوتا

لِحَيَاتِيْ ﴿24﴾	فَيَوْمَئِذٍ	لَّا يُعَذِّبُ	عَذَابَهٗٓ	اَحَدٌ ﴿25﴾	وَّلَا يُوْثِقُ
اپنی (اس) زندگی کے لیے	چنانچہ اس دن	نہیں عذاب دے گا	اس جیسا عذاب	کوئی بھی	اور نہ جکڑے گا

وَثَاقَهٗٓ	اَحَدٌ ﴿26﴾	يٰٓاَيَّتُهَا	النَّفْسُ	الْمُطْمَئِنَّةُ ﴿27﴾	ارْجِعِيْٓ	اِلٰى رَبِّكِ
اس جیسا جکڑنا	کوئی بھی	اے	روح	اطمینان والی!	تو لوٹ	اپنے رب کی طرف

رَاضِيَةً	مَّرْضِيَّةً ﴿28﴾	فَادْخُلِيْ	فِيْ عِبٰدِيْ ﴿29﴾	وَادْخُلِيْ	جَنَّتِيْ ﴿30﴾
راضی ہونے والی	پسندیدہ	پھر تو داخل ہو	میرے بندوں میں	اور تو داخل ہو	میری جنت میں

سورۃ البلد — مکیۃ — رکوعہا 1 — آیاتہا 20

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو بہت مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے

لَآ اُقْسِمُ	بِهٰذَا	الْبَلَدِ ﴿1﴾	وَاَنْتَ	حِلٌّۢ	بِهٰذَا الْبَلَدِ ﴿2﴾
میں قسم کھاتا ہوں	اس	شہر کی!	اور آپ (کے لیے لڑائی)	حلال ہونے والی ہے	اس شہر میں

وَوَالِدٍ	وَّمَا	وَلَدَ ﴿3﴾	لَقَدْ	خَلَقْنَا	الْاِنْسَانَ	فِيْ كَبَدٍ ﴿4﴾
اور (قسم ہے) والد کی	اور جسے	اس نے جنا!	البتہ تحقیق	ہم نے پیدا کیا	انسان کو	بڑی مشقت میں

اَ	يَحْسَبُ	اَنْ	لَّنْ يَّقْدِرَ	عَلَيْهِ	اَحَدٌ ﴿5﴾	يَقُوْلُ
کیا	وہ سمجھتا ہے	یہ کہ	ہرگز نہیں قادر ہو سکے گا	اس پر	کوئی بھی؟	وہ کہتا ہے:

اَهْلَكْتُ	مَالًا	لُّبَدًا ﴿6﴾	اَ	يَحْسَبُ	اَنْ	لَّمْ	يَرَهٗٓ	اَحَدٌ ﴿7﴾
میں نے لٹا دیا	مال	بہت زیادہ	کیا	وہ سمجھتا ہے	یہ کہ	نہیں	دیکھا اسے	کسی نے بھی؟

اَ	لَمْ نَجْعَلْ	لَّهٗ	عَيْنَيْنِ ﴿8﴾	وَلِسَانًا	وَّشَفَتَيْنِ ﴿9﴾
کیا	نہیں ہم نے بنائیں	اس کے لیے	دو آنکھیں	اور ایک زبان	اور دو ہونٹ؟

وَهَدَيْنٰهُ	النَّجْدَيْنِ ﴿10﴾	فَلَا اقْتَحَمَ	الْعَقَبَةَ ﴿11﴾	وَمَآ
اور ہم نے بتلا دیے اس کو	دونوں راستے	پھر نہیں وہ داخل ہوا	دشوار گھاٹی میں	اور کس چیز نے

اَدْرٰىكَ	مَا	الْعَقَبَةُ ﴿12﴾	فَكُّ	رَقَبَةٍ ﴿13﴾	اَوْ	اِطْعٰمٌ
خبر دی آپ کو	کیا ہے	وہ گھاٹی؟	(وہ) چھڑانا ہے	گردن کا	یا	کھانا کھلانا

فِيْ يَوْمٍ	ذِيْ مَسْغَبَةٍ ﴿14﴾	يَّتِيْمًا	ذَا مَقْرَبَةٍ ﴿15﴾	اَوْ	مِسْكِيْنًا
ایسے دن میں	جو بھوک والا ہے	کسی یتیم	قرابت دار کو	یا	مسکین

ذَا مَتْرَبَةٍ ﴿16﴾	ثُمَّ	كَانَ	مِنَ الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَتَوَاصَوْا
خاک نشین کو	پھر	ہو وہ	ان لوگوں میں سے جو	ایمان لائے	اور انھوں نے ایک دوسرے کو وصیت کی

بِالصَّبْرِ	وَتَوَاصَوْا	بِالْمَرْحَمَةِ ﴿17﴾	اُولٰٓئِكَ
صبر کرنے کی	اور انھوں نے ایک دوسرے کو وصیت کی	رحم کرنے کی	یہ لوگ

اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ﴿18﴾	وَالَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	بِاٰيٰتِنَا	هُمْ
دائیں (ہاتھ) والے ہیں	اور وہ لوگ جنھوں نے	کفر کیا	ہماری آیتوں کے ساتھ	وہ

اَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ﴿19﴾	عَلَيْهِمْ	نَارٌ	مُّؤْصَدَةٌ ﴿20﴾
بائیں (ہاتھ) والے ہیں	ان پر	آگ (ہوگی)	(ہر طرف سے) بند کی ہوئی

سورۃ الشمس — مکیۃ — آیاتھا 15 — رکوعھا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو بہت مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے

وَ	الشَّمْسِ	وَضُحٰىهَا ﴿1﴾	وَالْقَمَرِ	اِذَا	تَلٰىهَا ﴿2﴾
قسم ہے	سورج کی	اور اس کی دھوپ چڑھنے کی!	اور چاند کی	جب	وہ پیچھے آتا ہے اس کے

وَالنَّهَارِ	اِذَا	جَلّٰىهَا ﴿3﴾	وَالَّيْلِ	اِذَا	يَغْشٰىهَا ﴿4﴾
اور دن کی	جب	وہ روشن کر دیتا ہے اس (سورج) کو	اور رات کی	جب	وہ ڈھانپ لیتی ہے اسے

وَالسَّمَآءِ	وَمَا	بَنٰىهَا ﴿5﴾	وَالْاَرْضِ	وَمَا	طَحٰىهَا ﴿6﴾
اور آسمان کی	اور اس ذات کی	جس نے بنایا اس کو	اور زمین کی	اور اس ذات کی	جس نے بچھایا اس کو

وَنَفْسٍ	وَّمَا	سَوّٰىهَا ﴿7﴾	فَاَلْهَمَهَا	فُجُوْرَهَا
اور (انسانی) نفس کی	اور اس ذات کی	جس نے ٹھیک ٹھاک کیا اسے	پھر القا کی اسے	اس کی بدکرداری

وَتَقْوٰىهَا ﴿8﴾	قَدْ	اَفْلَحَ	مَنْ	زَكّٰىهَا ﴿9﴾	وَقَدْ	خَابَ
اور اس کی پرہیزگاری	یقیناً	فلاح پا گیا	وہ جس نے	تزکیہ کیا اس (نفس) کا	اور یقیناً	ناکام ہوا

مَنْ	دَسّٰىهَا ﴿10﴾	كَذَّبَتْ	ثَمُوْدُ	بِطَغْوٰىهَآ ﴿11﴾	اِذِ
وہ جس نے	آلودہ کیا اس (نفس) کو	جھٹلایا	(قوم) ثمود نے	اپنی سرکشی کی وجہ سے	جب

انْۢبَعَثَ	اَشْقٰىهَا ﴿12﴾	فَقَالَ	لَهُمْ	رَسُوْلُ اللّٰهِ	نَاقَةَ اللّٰهِ
کھڑا ہوا	اس (قوم) کا بڑا بدبخت	تو کہا	ان سے	اللہ کے رسول نے:	(تم حفاظت کرو) اللہ کی اونٹنی کی

وَسُقْيٰهَا ﴿13﴾	فَكَذَّبُوْهُ	فَعَقَرُوْهَا	فَدَمْدَمَ	عَلَيْهِمْ
اور اس کو پانی پلانے کی	چنانچہ انھوں نے جھٹلایا اس کو	پھر انھوں نے مار ڈالا اس (اونٹنی) کو	تو تباہی ڈال دی	ان پر

رَبُّهُمْ	بِذَنْۢبِهِمْ	فَسَوّٰىهَا ﴿14﴾	وَلَا يَخَافُ	عُقْبٰهَا ﴿15﴾
ان کے رب نے	بوجہ ان کے گناہ کے	پھر برابر (ملیامیٹ) کر دیا ان کو	اور نہیں وہ ڈرتا	اس (تباہی) کے انجام سے

سورۃ اللیل — مکیۃ — رکوعھا 1 — ایاتھا 21

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو بہت مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے

وَ	الَّيْلِ	اِذَا	يَغْشٰى ﴿1﴾	وَالنَّهَارِ	اِذَا	تَجَلّٰى ﴿2﴾
قسم ہے	رات کی	جب	وہ چھا جاتی ہے	اور دن کی	جب	وہ روشن ہوتا ہے

وَمَا	خَلَقَ	الذَّكَرَ	وَالْاُنْثٰٓى ﴿3﴾	اِنَّ	سَعْيَكُمْ	لَشَتّٰى ﴿4﴾
اور اس ذات کی جس نے	پیدا کیا	نر	اور مادہ	بلاشبہ	تمھاری کوشش	البتہ مختلف ہے

فَاَمَّا	مَنْ	اَعْطٰى	وَاتَّقٰى ﴿5﴾	وَصَدَّقَ	بِالْحُسْنٰى ﴿6﴾
پس لیکن	جس نے	دیا	اور (اللہ سے) ڈرا	اور اس نے تصدیق کی	نیک بات کی

فَسَنُيَسِّرُهٗ	لِلْيُسْرٰى ﴿7﴾	وَاَمَّا	مَنْۢ	بَخِلَ	وَاسْتَغْنٰى ﴿8﴾
تو یقیناً ہم سہولت دیں گے اسے	آسان راہ (نیکی) کے لیے	اور لیکن	جس نے	بخل کیا	اور بے پروا ہوا

وَكَذَّبَ	بِالْحُسْنٰى ﴿9﴾	فَسَنُيَسِّرُهٗ	لِلْعُسْرٰى ﴿10﴾	وَمَا يُغْنِيْ
اور اس نے جھٹلایا	نیک بات کو	تو یقیناً ہم سہولت دیں گے اسے	مشکل راہ (بدی) کے لیے	اور نہیں فائدہ کرے گا

عَنْهُ	مَالُهٗٓ	اِذَا	تَرَدّٰى ﴿11﴾	اِنَّ	عَلَيْنَا	لَلْهُدٰى ﴿12﴾
اس کو	اس کا مال	جب	وہ (جہنم میں) گرے گا	بلاشبہ	ہمارے ہی ذمے ہے	البتہ ہدایت دینا

وَاِنَّ	لَنَا	لَلْاٰخِرَةَ	وَالْاُوْلٰى ﴿13﴾	فَاَنْذَرْتُكُمْ
اور بلاشبہ	ہمارے ہی اختیار میں ہے	البتہ آخرت	اور دنیا	بالآخر میں نے ڈرا دیا ہے تمھیں

نَارًا	تَلَظّٰى ﴿14﴾	لَا يَصْلٰىهَآ	اِلَّا	الْاَشْقَى ﴿15﴾	الَّذِيْ
ایسی آگ سے	جو بھڑک رہی ہے	نہیں داخل ہوگا اس میں	مگر	بڑا بدبخت ہی	وہ جس نے

كَذَّبَ	وَتَوَلّٰى ﴿16﴾	وَسَيُجَنَّبُهَا	الْاَتْقَى ﴿17﴾	الَّذِيْ	يُؤْتِيْ
جھٹلایا	اور روگردانی کی	اور عنقریب دور رکھا جائے گا اس سے	بڑا پرہیزگار	وہ جو	دیتا ہے

مَالَهٗ	يَتَزَكّٰى ⑱	وَمَا	لِاَحَدٍ	عِنْدَهٗ	مِنْ نِّعْمَةٍ
اپنا مال	(تاکہ) وہ پاک ہو	اور نہیں ہے	کسی کا بھی	اس کے ہاں (اس پر)	کوئی احسان

تُجْزٰٓى ⑲	اِلَّا	ابْتِغَآءَ	وَجْهِ	رَبِّهِ	الْاَعْلٰى ⑳
(کہ) وہ (اس کا) بدلہ دیا جا رہا ہو	مگر (صرف)	چاہنے کے لیے	چہرہ	اپنے رب کا	جو برتر ہے

وَلَسَوْفَ	يَرْضٰى ㉑
اور یقیناً عنقریب	وہ (اللہ) راضی ہو جائے گا

سُوْرَةُ الضُّحٰی مَكِّيَّةٌ — رُكُوْعُهَا 1 — اٰيَاتُهَا 11

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو بہت مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے

وَ	الضُّحٰى ①	وَالَّيْلِ	اِذَا	سَجٰى ②	مَا وَدَّعَكَ	رَبُّكَ
قسم ہے	چڑھتے دن کی!	اور رات کی	جب	وہ چھا جائے	نہیں چھوڑا آپ کو	آپ کے رب نے

وَمَا	قَلٰى ③	وَلَلْاٰخِرَةُ	خَيْرٌ	لَّكَ	مِنَ الْاُوْلٰى ④
اور نہ	وہ (آپ سے) ناراض ہوا	اور یقیناً آخرت	بہت بہتر ہے	آپ کے لیے	دنیا سے

وَلَسَوْفَ	يُعْطِيْكَ	رَبُّكَ	فَتَرْضٰى ⑤	اَلَمْ يَجِدْكَ
اور البتہ عنقریب	عطا کرے گا آپ کو	آپ کا رب	کہ آپ راضی ہو جائیں گے	کیا نہیں اس نے پایا آپ کو

يَتِيْمًا	فَاٰوٰى ⑥	وَوَجَدَكَ	ضَآلًّا	فَهَدٰى ⑦	وَوَجَدَكَ
یتیم	پھر اس نے جگہ دی؟	اور اس نے پایا آپ کو	ناواقفِ راہ	پھر اس نے ہدایت دی	اور اس نے پایا آپ کو

عَآئِلًا	فَاَغْنٰى ⑧	فَاَمَّا	الْيَتِيْمَ	فَلَا تَقْهَرْ ⑨	وَاَمَّا	السَّآئِلَ
تنگ دست	تو اس نے غنی کر دیا	لہٰذا	یتیم	تو نہ آپ سختی کیجیے (اس پر)	اور لیکن	سائل

فَلَا تَنْهَرْ ⑩	وَاَمَّا	بِنِعْمَةِ	رَبِّكَ	فَحَدِّثْ ⑪
تو نہ آپ جھڑکیے (اسے)	اور لیکن	نعمت	اپنے رب کی	تو (اسے) بیان کیجیے

سُوْرَةُ اَلَمْ نَشْرَحْ مَكِّيَّةٌ — رُكُوْعُهَا 1 — اٰيَاتُهَا 8

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو بہت مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے

اَ	لَمْ نَشْرَحْ	لَكَ	صَدْرَكَ ①	وَوَضَعْنَا	عَنْكَ	وِزْرَكَ ②
(اے نبی!) کیا	نہیں ہم نے کھول دیا	آپ کے لیے	آپ کا سینہ؟	اور ہم نے اتار دیا	آپ سے	آپ کا بوجھ

الَّذِیٓ	اَنۡقَضَ	ظَهۡرَكَ ۝3	وَرَفَعۡنَا	لَكَ	ذِكۡرَكَ ۝4	فَاِنَّ
وہ جس نے	توڑ دی تھی	آپ کی کمر	اور ہم نے بلند کر دیا	آپ کے لیے	آپ کا ذکر	پھر یقیناً

مَعَ الۡعُسۡرِ	يُسۡرًا ۝5	اِنَّ	مَعَ الۡعُسۡرِ	يُسۡرًا ۝6	فَاِذَا
(ہر) تنگی کے ساتھ	آسانی ہے	بلاشبہ	(ہر) تنگی کے ساتھ	آسانی ہے	چنانچہ جب

فَرَغۡتَ	فَانۡصَبۡ ۝7	وَاِلٰى رَبِّكَ	فَارۡغَبۡ ۝8
آپ فارغ ہو جائیں	تو محنت کیجیے	اور اپنے رب کی طرف	پس رغبت کیجیے

سُوۡرَةُ التِّيۡنِ مَكِّيَّةٌ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو بہت مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے

رُكُوۡعُهَا 1 — اٰيَاتُهَا 8

وَ	التِّيۡنِ	وَالزَّيۡتُوۡنِ ۝1	وَطُوۡرِ سِيۡنِيۡنَ ۝2	وَهٰذَا
قسم ہے	انجیر کی!	اور زیتون کی	اور طور سینا کی	اور اس

الۡبَلَدِ الۡاَمِيۡنِ ۝3	لَقَدۡ	خَلَقۡنَا	الۡاِنۡسٰنَ	فِيۡۤ اَحۡسَنِ تَقۡوِيۡمٍ ۝4
پرامن شہر (مکہ) کی	البتہ یقیناً	ہم نے پیدا کیا	انسان کو	بہترین شکل و صورت میں

ثُمَّ	رَدَدۡنٰهُ	اَسۡفَلَ	سٰفِلِيۡنَ ۝5	اِلَّا	الَّذِيۡنَ
پھر	ہم نے لوٹا (کے کر) دیا اس کو	سب سے پست تر	پست ترین لوگوں سے بھی	مگر	وہ لوگ جو

اٰمَنُوۡا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	فَلَهُمۡ	اَجۡرٌ	غَيۡرُ مَمۡنُوۡنٍ ۝6
ایمان لائے	اور انھوں نے عمل کیے	نیک	تو ان کے لیے	اجر ہے	نہ ختم ہونے والا

فَمَا	يُكَذِّبُكَ	بَعۡدُ	بِالدِّيۡنِ ۝7	اَ	لَيۡسَ
پھر (اے انسان!) کونسی چیز	جھٹلانے پر آمادہ کرتی ہے تجھے	اس کے بعد	جزا کو؟	کیا	نہیں ہے

اللّٰهُ	بِاَحۡكَمِ الۡحٰكِمِيۡنَ ۝8
اللہ	بڑا حاکم سب حاکموں سے؟

سُوۡرَةُ الۡعَلَقِ مَكِّيَّةٌ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو بہت مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے

رُكُوۡعُهَا 1 — اٰيَاتُهَا 19

اِقۡرَاۡ	بِاسۡمِ رَبِّكَ	الَّذِيۡ	خَلَقَ ۝1	خَلَقَ	الۡاِنۡسٰنَ
آپ پڑھیے	اپنے رب کے نام سے	وہ جس نے	پیدا کیا	اس نے پیدا کیا	انسان کو

مِنْ عَلَقٍ ﴿2﴾	اِقْرَاْ	وَرَبُّكَ	الْاَكْرَمُ ﴿3﴾	الَّذِىْ	عَلَّمَ
جمے ہوئے خون سے	پڑھیے	اور آپ کا رب	بڑا کریم ہے	وہ ذات جس نے	(علم) سکھایا

بِالْقَلَمِ ﴿4﴾	عَلَّمَ	الْاِنْسٰنَ	مَا	لَمْ يَعْلَمْ ﴿5﴾	كَلَّآ
قلم کے ذریعے سے	اس نے سکھایا	انسان کو	جو کچھ	نہیں وہ جانتا تھا	یقیناً

اِنَّ	الْاِنْسٰنَ	لَيَطْغٰٓى ﴿6﴾	اَنْ	رَّاٰهُ	اسْتَغْنٰى ﴿7﴾
بلاشبہ	انسان	البتہ سرکشی کرتا ہے	(اس لیے) کہ	وہ دیکھتا ہے اپنے آپ کو	بے پروا

اِنَّ	اِلٰى رَبِّكَ	الرُّجْعٰى ﴿8﴾	اَرَءَيْتَ	الَّذِىْ	يَنْهٰى ﴿9﴾
بلاشبہ	آپ کے رب (ہی) کی طرف	واپسی ہے	بھلا بتلاتو سہی	وہ شخص (ابوجہل) جو	روکتا ہے

عَبْدًا	اِذَا	صَلّٰى ﴿10﴾	اَرَءَيْتَ	اِنْ	كَانَ	عَلَى الْهُدٰٓى ﴿11﴾
ایک بندے (محمد ﷺ) کو	جب	وہ نماز پڑھتا ہے؟	بھلا بتلاتو سہی	اگر	ہو وہ (نمازی)	ہدایت پر

اَوْ	اَمَرَ	بِالتَّقْوٰى ﴿12﴾	اَرَءَيْتَ	اِنْ	كَذَّبَ	وَتَوَلّٰى ﴿13﴾	اَ
یا	وہ حکم دیتا ہو	تقویٰ کا؟	بھلا بتلاتو سہی	اگر	اس نے جھٹلایا	اور روگردانی کی؟	کیا

لَمْ يَعْلَمْ	بِاَنَّ	اللّٰهَ	يَرٰى ﴿14﴾	كَلَّا	لَئِنْ	لَّمْ يَنْتَهِ
نہیں اس نے جانا	یہ کہ بلاشبہ	اللہ	(اسے) دیکھ رہا ہے؟	ہرگز نہیں!	البتہ اگر	نہ وہ رکا

لَنَسْفَعًۢا	بِالنَّاصِيَةِ ﴿15﴾	نَاصِيَةٍ	كَاذِبَةٍ	خَاطِئَةٍ ﴿16﴾
تو ہم ضرور گھسیٹیں گے (اسے)	پیشانی کے بالوں سے (پکڑ کر)	پیشانی	جھوٹی	خطا کار

فَلْيَدْعُ	نَادِيَهٗ ﴿17﴾	سَنَدْعُ	الزَّبَانِيَةَ ﴿18﴾	كَلَّا
چنانچہ چاہیے کہ وہ بلالے	اپنی مجلس کو	عنقریب ہم بھی بلالیں گے	عذاب کے فرشتوں کو	ہرگز نہیں!

لَا تُطِعْهُ	وَاسْجُدْ	وَاقْتَرِبْ ﴿19﴾
نہ آپ اطاعت کریں اس کی	اور سجدہ کیجیے	اور (اللہ کا) قرب حاصل کیجیے

السجدۃ 15

سورۃ القدر مکیۃ — رکوعہا 1 — آیاتہا 5

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو بہت مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے

اِنَّآ	اَنْزَلْنٰهُ	فِىْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ﴿1﴾	وَمَآ	اَدْرٰىكَ
بلاشبہ ہم نے	نازل کیا اس (قرآن) کو	لیلۃ القدر میں	اور کس چیز نے	خبر دی آپ کو

مَا	لَيْلَةُ الْقَدْرِ ②	لَيْلَةُ الْقَدْرِ	خَيْرٌ	مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ③
کیا ہے	لیلۃ القدر؟	لیلۃ القدر	بہتر ہے	ایک ہزار مہینوں سے

تَنَزَّلُ	الْمَلٰٓئِكَةُ	وَالرُّوْحُ	فِيْهَا	بِاِذْنِ رَبِّهِمْ
نازل ہوتے ہیں	فرشتے	اور روح (جبریل)	اس (رات) میں	اپنے رب کے حکم سے

مِّنْ كُلِّ اَمْرٍ ④	سَلٰمٌ	هِيَ	حَتّٰى	مَطْلَعِ	الْفَجْرِ ⑤
ہر کام کے لیے	سلامتی (ہی سلامتی) ہے	وہ (رات)	یہاں تک کہ	طلوع ہو	فجر

سُوْرَۃُ الْبَیِّنَۃِ مَدَنِیَّۃٌ — رکوعہا 1 — آیاتہا 8

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو بہت مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے

لَمْ يَكُنِ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ	وَالْمُشْرِكِيْنَ
نہیں تھے	وہ لوگ جنھوں نے	کفر کیا	اہلِ کتاب میں سے	اور مشرکین

مُنْفَكِّيْنَ	حَتّٰى	تَاْتِيَهُمُ	الْبَيِّنَةُ ①	رَسُوْلٌ
رکنے والے (کفر سے)	یہاں تک کہ	آئے ان کے پاس	واضح دلیل	(یعنی) ایک رسول

مِّنَ اللّٰهِ	يَتْلُوْا	صُحُفًا	مُّطَهَّرَةً ②	فِيْهَا	كُتُبٌ
اللہ کی طرف سے	وہ پڑھے	صحیفے	پاکیزہ	ان (صحیفوں) میں	احکام ہوں

قَيِّمَةٌ ③	وَمَا تَفَرَّقَ	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا	الْكِتٰبَ	اِلَّا
درست معتدل	اور نہیں متفرق (مختلف) ہوئے	وہ لوگ جو	دیے گئے	کتاب (کبھی بھی)	مگر

مِنْۢ بَعْدِ	مَا جَآءَتْهُمُ	الْبَيِّنَةُ ④	وَ	مَآ اُمِرُوْٓا	اِلَّا
اس کے بعد	کہ آئی ان کے پاس	واضح دلیل	حالانکہ	نہیں وہ حکم دیے گئے	مگر

لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ	مُخْلِصِيْنَ	لَهُ	الدِّيْنَ	حُنَفَآءَ	وَيُقِيْمُوا
یہ کہ وہ عبادت کریں اللہ کی	خالص کرتے ہوئے	اس کے لیے	بندگی	یکسو ہو کر	اور وہ قائم کریں

الصَّلٰوةَ	وَيُؤْتُوا	الزَّكٰوةَ ج	وَذٰلِكَ	دِيْنُ الْقَيِّمَةِ ⑤	اِنَّ	الَّذِيْنَ
نماز	اور ادا کریں	زکاۃ	اور یہی ہے	دین سیدھی (ملت) کا	بلاشبہ	وہ لوگ جنھوں نے

كَفَرُوْا	مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ	وَالْمُشْرِكِيْنَ	فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ	خٰلِدِيْنَ
کفر کیا	اہلِ کتاب میں سے	اور مشرکین	(وہ ہوں گے) آتشِ جہنم میں	وہ ہمیشہ رہیں گے

فِيهَا ۚ	أُولٰٓئِكَ هُمْ	شَرُّ الْبَرِيَّةِ ۝6	إِنَّ	الَّذِينَ	آمَنُوا	وَعَمِلُوا
اس میں	یہی لوگ ہیں	بدترین خلائق	بلاشبہ	وہ لوگ جو	ایمان لائے	اور انھوں نے عمل کیے

الصّٰلِحٰتِ	أُولٰٓئِكَ هُمْ	خَيْرُ الْبَرِيَّةِ ۝7	جَزَآؤُهُمْ	عِنْدَ رَبِّهِمْ	جَنّٰتُ
نیک	یہی لوگ ہیں	بہترین خلائق	ان کی جزا	ان کے رب کے ہاں	باغات ہیں

عَدْنٍ	تَجْرِي	مِنْ تَحْتِهَا	الْأَنْهٰرُ	خٰلِدِينَ	فِيهَآ	أَبَدًا ؕ	رَضِيَ اللّٰهُ
دائمی	چلتی ہیں	ان کے نیچے سے	نہریں	وہ ہمیشہ رہیں گے	ان میں	ابد تک	راضی ہوا اللہ

عَنْهُمْ	وَرَضُوا	عَنْهُ ۚ	ذٰلِكَ	لِمَنْ	خَشِيَ	رَبَّهٗ ۝8 ع
ان سے	اور وہ راضی ہوئے	اس (اللہ) سے	یہ (جزا)	اس شخص کے لیے ہے جو	ڈر گیا	اپنے رب سے

سورۃ الزلزال — مدنیۃ — رکوعہا 1 — آیاتہا 8

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو بہت مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے

إِذَا	زُلْزِلَتِ	الْأَرْضُ	زِلْزَالَهَا ۝1	وَأَخْرَجَتِ	الْأَرْضُ	أَثْقَالَهَا ۝2
جب	ہلائی جائے گی	زمین	خوب زور سے ہلایا جانا	اور باہر نکال دے گی	زمین	اپنے بوجھ

وَقَالَ	الْإِنْسٰنُ	مَا	لَهَا ۝3	يَوْمَئِذٍ	تُحَدِّثُ	أَخْبَارَهَا ۝4
اور کہے گا	انسان:	کیا ہوا	اس کو؟	اس دن	وہ بیان کرے گی	اپنی خبریں

بِأَنَّ	رَبَّكَ	أَوْحٰى	لَهَا ۝5	يَوْمَئِذٍ	يَصْدُرُ	النَّاسُ
اس لیے کہ بلاشبہ	آپ کا رب	وحی (حکم) کرے گا	اس کو	اس دن	لوٹیں گے	لوگ

أَشْتَاتًا	لِيُرَوْا	أَعْمَالَهُمْ ۝6	فَمَنْ	يَعْمَلْ	مِثْقَالَ ذَرَّةٍ
متفرق (الگ الگ) ہو کر	تاکہ وہ دکھائے جائیں	اپنے اعمال	لہٰذا جو کوئی	کرے گا	ذرہ برابر

خَيْرًا	يَرَهٗ ۝7	وَمَنْ	يَعْمَلْ	مِثْقَالَ ذَرَّةٍ	شَرًّا	يَرَهٗ ۝8 ع
بھلائی	تو وہ دیکھ لے گا اس کو	اور جو کوئی	کرے گا	ذرہ برابر	برائی	تو وہ بھی دیکھ لے گا اس کو

سورۃ العٰدیٰت — مکیۃ — رکوعہا 1 — آیاتہا 11

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو بہت مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے

وَ	الْعٰدِيٰتِ	ضَبْحًا ۝1	فَالْمُورِيٰتِ	قَدْحًا ۝2
قسم ہے	سرپٹ دوڑنے والے (گھوڑوں) کی!	ہانپتے ہوئے	پھر آگ نکالنے والوں کی	سم مار کر

فَالْمُغِيْرٰتِ	صُبْحًا ﴿3﴾	فَاَثَرْنَ	بِهٖ	نَقْعًا ﴿4﴾	فَوَسَطْنَ
پھر حملہ کرنے والوں کی	صبح کے وقت	پھر وہ اڑاتے ہیں	اس وقت	غبار	پھر وہ درمیان میں گھس جاتے ہیں

بِهٖ	جَمْعًا ﴿5﴾	اِنَّ	الْاِنْسٰنَ	لِرَبِّهٖ	لَكَنُوْدٌ ﴿6﴾	وَاِنَّهٗ
اس وقت	(دشمن کی) جماعت میں	یقیناً	انسان	اپنے رب کا	بڑا ہی ناشکرا ہے	اور بلاشبہ وہ

عَلٰى ذٰلِكَ	لَشَهِيْدٌ ﴿7﴾	وَاِنَّهٗ	لِحُبِّ الْخَيْرِ	لَشَدِيْدٌ ﴿8﴾
اس بات پر	(خود بھی) البتہ شاہد ہے	اور بلاشبہ وہ	محبتِ مال میں (بھی)	یقیناً بہت سخت ہے

اَفَلَا	يَعْلَمُ	اِذَا	بُعْثِرَ	مَا	فِي الْقُبُوْرِ ﴿9﴾	وَحُصِّلَ
کیا پھر نہیں	وہ جانتا	جب	نکال باہر کر دیا جائے گا	جو کچھ	قبروں میں ہے؟	اور ظاہر کر دیا جائے گا

مَا	فِي الصُّدُوْرِ ﴿10﴾	اِنَّ	رَبَّهُمْ	بِهِمْ	يَوْمَئِذٍ	لَّخَبِيْرٌ ﴿11﴾
جو کچھ	سینوں میں ہے	بلاشبہ	ان کا رب	ان (کے حال) سے	اس دن	یقیناً خوب خبردار ہوگا

سُوْرَةُ الْقَارِعَةِ مَكِّيَّةٌ — رُكُوْعُهَا 1 — اٰيَاتُهَا 11

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو بہت مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے

اَلْقَارِعَةُ ﴿1﴾	مَا	الْقَارِعَةُ ﴿2﴾	وَمَآ	اَدْرٰىكَ	مَا	الْقَارِعَةُ ﴿3﴾
کھٹکھٹانے والی	کیا ہے	کھٹکھٹانے والی؟	اور کس چیز نے	خبر دی آپ کو	(کہ) کیا ہے	کھٹکھٹانے والی؟

يَوْمَ	يَكُوْنُ	النَّاسُ	كَالْفَرَاشِ	الْمَبْثُوْثِ ﴿4﴾	وَتَكُوْنُ
جس دن	ہو جائیں گے	لوگ (ایسے)	جیسے پروانے (پتنگے)	بکھرے ہوئے	اور ہو جائیں گے

الْجِبَالُ	كَالْعِهْنِ	الْمَنْفُوْشِ ﴿5﴾	فَاَمَّا	مَنْ	ثَقُلَتْ
پہاڑ	(ایسے) جیسے رنگین اون	دھنکی ہوئی	چنانچہ لیکن	جو شخص کہ	بھاری ہو گئی

مَوَازِيْنُهٗ ﴿6﴾	فَهُوَ	فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ﴿7﴾	وَاَمَّا	مَنْ	خَفَّتْ
اس کی میزان	تو وہ	پسندیدہ زندگی میں ہوگا	اور لیکن	جو شخص کہ	ہلکی ہو گئی

مَوَازِيْنُهٗ ﴿8﴾	فَاُمُّهٗ	هَاوِيَةٌ ﴿9﴾	وَمَآ	اَدْرٰىكَ	مَا	هِيَهْ ﴿10﴾
اس کی ترازو	تو اس کا ٹھکانا	ہاویہ (گڑھا) ہوگا	اور کس چیز نے	خبر دی آپ کو	کیا ہے	وہ (ہاویہ)؟

نَارٌ	حَامِيَةٌ ﴿11﴾
(وہ) آگ ہے	سخت دہکتی ہوئی

سُوْرَةُ التَّكَاثُر مَكِّيَّة — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — رُكُوْعُهَا 1 اٰيَاتُهَا 11

اللہ کے نام سے (شروع) جو بہت مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے

اَلْهٰكُمُ	التَّكَاثُرُ ۝1	حَتّٰى	زُرْتُمُ	الْمَقَابِرَ ۝2	كَلَّا
غافل کر دیا تمھیں	باہم کثرت کی خواہش نے	یہاں تک کہ	تم جا پہنچے	قبرستانوں میں	ہرگز نہیں!

سَوْفَ	تَعْلَمُوْنَ ۝3	ثُمَّ	كَلَّا	سَوْفَ	تَعْلَمُوْنَ ۝4	كَلَّا	لَوْ
عنقریب	تم جان لوگے	پھر	ہرگز نہیں!	عنقریب	تم جان لوگے	یقیناً	اگر

تَعْلَمُوْنَ	عِلْمَ الْيَقِيْنِ ۝5	لَتَرَوُنَّ	الْجَحِيْمَ ۝6	ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا
تم جان لو	یقین کا جاننا	تو یقیناً تم ضرور دیکھو گے	دوزخ کو	پھر یقیناً تم ضرور دیکھو گے اسے

عَيْنَ الْيَقِيْنِ ۝7	ثُمَّ	لَتُسْـَٔلُنَّ	يَوْمَئِذٍ	عَنِ النَّعِيْمِ ۝8
یقین کی آنکھ سے	پھر	یقیناً تم ضرور سوال کیے جاؤ گے	اس دن	نعمتوں کی بابت

سُوْرَةُ الْعَصْر مَكِّيَّة — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — رُكُوْعُهَا 1 اٰيَاتُهَا 3

اللہ کے نام سے (شروع) جو بہت مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے

وَ	الْعَصْرِ ۝1	اِنَّ	الْاِنْسَانَ	لَفِيْ خُسْرٍ ۝2	اِلَّا	الَّذِيْنَ
قسم ہے	زمانے کی!	بلاشبہ	انسان	البتہ خسارے میں ہے	سوائے	ان لوگوں کے جو

اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	وَتَوَاصَوْا	بِالْحَقِّ
ایمان لائے	اور انھوں نے عمل کیے	نیک	اور ایک دوسرے کو وصیت (تاکید) کی	حق کی

وَتَوَاصَوْا	بِالصَّبْرِ ۝3
اور ایک دوسرے کو وصیت (تاکید) کی	صبر کی

سُوْرَةُ الْهُمَزَة مَكِّيَّة — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — رُكُوْعُهَا 1 اٰيَاتُهَا 9

اللہ کے نام سے (شروع) جو بہت مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے

وَيْلٌ	لِّكُلِّ	هُمَزَةٍ	لُّمَزَةِ ۝1	الَّذِيْ	جَمَعَ	مَالًا
ہلاکت ہے	واسطے ہر	عیب جُو	غیبت کرنے والے کے	وہ جس نے	جمع کیا	مال

وَّعَدَّدَهٗ ۝2	يَحْسَبُ	اَنَّ	مَالَهٗٓ	اَخْلَدَهٗ ۝3	كَلَّا
اور گن (گن) کر رکھا اس کو	وہ سمجھتا ہے	کہ بلاشبہ	اس کا مال	ہمیشہ زندہ رکھے گا اس کو	ہرگز نہیں!

لَيُنْبَذَنَّ	فِي الْحُطَمَةِ ﴿٤﴾	وَمَآ	أَدْرٰىكَ	مَا	الْحُطَمَةُ ﴿٥﴾
یقیناً وہ ضرور پھینکا جائے گا	حطمہ میں	اور کس چیز نے	خبر دی آپ کو	(کہ) کیا ہے	(وہ) حطمہ ؟

نَارُ اللّٰهِ	الْمُوْقَدَةُ ﴿٦﴾	الَّتِيْ	تَطَّلِعُ	عَلَى الْأَفْـِٕدَةِ ﴿٧﴾
اللہ (تعالیٰ) کی آگ ہے	بھڑکائی ہوئی	وہ جو	پہنچتی ہے	دلوں تک

إِنَّهَا	عَلَيْهِمْ	مُّؤْصَدَةٌ ﴿٨﴾	فِيْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ﴿٩﴾
بلاشبہ وہ (آگ)	ان پر	(ہر طرف سے) بند کر دی جائے گی	لمبے لمبے ستونوں میں

سورۃ الفیل مکیۃ — رکوعها 1 — آیاتها 5

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو بہت مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے

أَ	لَمْ تَرَ	كَيْفَ	فَعَلَ	رَبُّكَ	بِأَصْحٰبِ الْفِيْلِ ﴿١﴾
کیا	نہیں آپ نے دیکھا	کیا (سلوک)	کیا	آپ کے رب نے	ہاتھی والوں کے ساتھ؟

أَ	لَمْ يَجْعَلْ	كَيْدَهُمْ	فِيْ تَضْلِيْلٍ ﴿٢﴾	وَّأَرْسَلَ	عَلَيْهِمْ
کیا	نہیں اس نے کر دیا تھا	ان کی چال کو	بے کار؟	اور اس نے بھیجے	ان پر

طَيْرًا	أَبَابِيْلَ ﴿٣﴾	تَرْمِيْهِمْ	بِحِجَارَةٍ	مِّنْ سِجِّيْلٍ ﴿٤﴾
پرندے	جھنڈ کے جھنڈ	وہ پھینکتے تھے ان پر	کنکریاں	کھنگر کی

فَجَعَلَهُمْ	كَعَصْفٍ	مَّأْكُوْلٍ ﴿٥﴾
سو اس (اللہ) نے کر دیا انھیں (ایسے)	جیسے بھوسا	کھایا ہوا

سورۃ قریش مکیۃ — رکوعها 1 — آیاتها 4

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو بہت مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے

لِإِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ﴿١﴾	إٖلٰفِهِمْ	رِحْلَةَ	الشِّتَآءِ	وَالصَّيْفِ ﴿٢﴾
بوجہ مانوس ہونے کے قریش کے	ان کا مانوس ہونا	سفر سے	سردی کے	اور گرمی کے

فَلْيَعْبُدُوْا	رَبَّ	هٰذَا الْبَيْتِ ﴿٣﴾	الَّذِيْٓ	أَطْعَمَهُمْ
لہٰذا چاہیے کہ وہ عبادت کریں	مالک کی	اس گھر (کعبہ) کے	وہ ذات جس نے	کھانا کھلایا ان کو

مِّنْ جُوْعٍ	وَّآمَنَهُمْ	مِّنْ خَوْفٍ ﴿٤﴾
بھوک میں	اور امن دیا ان کو	خوف سے

سورۃ الماعون مکیۃ — رکوعہا 1 — آیاتہا 7

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو بہت مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے

اَرَءَيْتَ	الَّذِيْ	يُكَذِّبُ	بِالدِّيْنِ ۝1	فَذٰلِكَ	الَّذِيْ
بھلا آپ نے دیکھا	اس شخص کو جو	جھٹلاتا ہے	جزا (قیامت) کو؟	تو یہ	وہ (شخص) ہے جو

يَدُعُّ	الْيَتِيْمَ ۝2	وَلَا يَحُضُّ	عَلٰى طَعَامِ	الْمِسْكِيْنِ ۝3
دھکے دیتا ہے	یتیم کو	اور نہیں وہ شوق دلاتا	کھانا کھلانے پر	مسکین کو

فَوَيْلٌ	لِّلْمُصَلِّيْنَ ۝4	الَّذِيْنَ	هُمْ	عَنْ صَلَاتِهِمْ	سَاهُوْنَ ۝5
چنانچہ ہلاکت ہے	(ان) نمازیوں کے لیے	وہ جو کہ	وہ	اپنی نماز سے	غفلت کرتے ہیں

الَّذِيْنَ	هُمْ	يُرَآءُوْنَ ۝6	وَيَمْنَعُوْنَ	الْمَاعُوْنَ ۝7 ع
وہ جو کہ	وہ	دکھلاوا کرتے ہیں	اور وہ روکتے ہیں	استعمال کی معمولی چیزیں بھی

سورۃ الکوثر مکیۃ — رکوعہا 1 — آیاتہا 3

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو بہت مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے

اِنَّآ	اَعْطَيْنٰكَ	الْكَوْثَرَ ۝1	فَصَلِّ	لِرَبِّكَ	وَانْحَرْ ۝2
یقیناً ہم نے	عطا کی آپ کو	کوثر	تو آپ نماز پڑھیں	اپنے رب کے لیے	اور قربانی کریں

اِنَّ	شَانِئَكَ	هُوَ	الْاَبْتَرُ ۝3 ع
بلاشبہ	آپ کا دشمن	ہی	بے نام ونشان رہے گا

سورۃ الکافرون مکیۃ — رکوعہا 1 — آیاتہا 6

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو بہت مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے

قُلْ	يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝1	لَآ اَعْبُدُ	مَا	تَعْبُدُوْنَ ۝2
آپ کہہ دیجیے:	اے کافرو!	نہیں میں عبادت کرتا	جن (بتوں) کی	تم عبادت کرتے ہو

وَلَآ اَنْتُمْ	عٰبِدُوْنَ	مَآ	اَعْبُدُ ۝3	وَلَآ اَنَا
اور نہ تم	عبادت کرنے والے ہو	(اس کی) جس کی	میں عبادت کرتا ہوں	اور نہ میں (ہی)

عَابِدٌ	مَّا	عَبَدْتُّمْ ۝4	وَلَآ اَنْتُمْ	عٰبِدُوْنَ
عبادت کرنے والا ہوں	جس کی	تم عبادت کرتے ہو	اور نہ تم (ہی)	عبادت کرنے والے ہو

مَآ	اَعۡبُدُ ۝٥	لَكُمۡ	دِيۡنُكُمۡ	وَلِىَ	دِيۡنِ ۝٦
(اس کی) جس کی	میں عبادت کرتا ہوں	تمھارے لیے	تمھارا دین ہے	اور میرے لیے	میرا دین ہے

سُورَةُ النَّصر مَدَنِيَّة — رُكُوعُهَا 1 — اٰيَاتُهَا 3

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو بہت مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے

اِذَا	جَآءَ	نَصۡرُ اللّٰهِ	وَالۡفَتۡحُ ۝١	وَرَاَيۡتَ	النَّاسَ	يَدۡخُلُوۡنَ
جب	آ جائے	اللہ کی مدد	اور فتح	اور آپ دیکھیں	لوگوں کو	(کہ) وہ داخل ہو رہے ہیں
فِىۡ دِيۡنِ اللّٰهِ	اَفۡوَاجًا ۝٢	فَسَبِّحۡ	بِحَمۡدِ رَبِّكَ	وَاسۡتَغۡفِرۡهُ		
اللہ کے دین میں	فوج در فوج	تو آپ تسبیح کیجیے	اپنے رب کی حمد کے ساتھ	اور بخشش مانگیے اس سے		
اِنَّهٗ	كَانَ	تَوَّابًا ۝٣				
بلاشبہ وہ	ہے	بہت زیادہ توبہ قبول کرنے والا				

سُورَةُ اللَّهَب مَكِّيَّة — رُكُوعُهَا 1 — اٰيَاتُهَا 5

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو بہت مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے

تَبَّتۡ	يَدَاۤ	اَبِىۡ لَهَبٍ	وَّتَبَّ ۝١	مَاۤ	اَغۡنٰى	عَنۡهُ
ٹوٹ جائیں	دونوں ہاتھ	ابولہب کے	اور وہ ہلاک ہو گیا	نہ	فائدہ دیا	اس کو
مَالُهٗ	وَمَا	كَسَبَ ۝٢	سَيَصۡلٰى	نَارًا	ذَاتَ لَهَبٍ ۝٣	
اس کے مال نے	اور جو کچھ	اس نے کمایا	وہ ضرور داخل ہوگا	ایسی آگ میں	جو شعلوں والی ہے	
وَّامۡرَاَتُهٗ	حَمَّالَةَ الۡحَطَبِ ۝٤	فِىۡ جِيۡدِهَا	حَبۡلٌ	مِّنۡ مَّسَدٍ ۝٥		
اور اس کی بیوی بھی	(جو) لکڑیاں ڈھونے والی ہے	اس کی گردن میں	رسی (ہوگی)	چھال کی بٹی ہوئی		

سُورَةُ الإخلاص مَكِّيَّة — رُكُوعُهَا 1 — اٰيَاتُهَا 4

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو بہت مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے

قُلۡ	هُوَ	اللّٰهُ	اَحَدٌ ۝١	اَللّٰهُ	الصَّمَدُ ۝٢	لَمۡ يَلِدۡ
آپ کہہ دیجیے:	وہ	اللہ	یکتا ہے	اللہ	بے نیاز ہے	نہیں اس نے (کسی کو) جنا
وَلَمۡ يُوۡلَدۡ ۝٣	وَلَمۡ يَكُنۡ	لَّهٗ	كُفُوًا	اَحَدٌ ۝٤		
اور نہیں وہ (خود) جنا گیا	اور نہیں ہے	اس کا	ہمسر	کوئی بھی		

سُوْرَةُ الْفَلَق مَدَنِيَّة — رُكُوْعُهَا 1 — اٰيَاتُهَا 5

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اللہ کے نام سے (شروع) جو بہت مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے

قُلْ	اَعُوْذُ	بِرَبِّ الْفَلَقِ ﴿1﴾	مِنْ شَرِّ	مَا	خَلَقَ ﴿2﴾
کہہ دیجیے:	میں پناہ میں آتا ہوں	صبح کے رب کی	(ہر) اس چیز کے شر سے	جو	اس نے پیدا کی

وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ	اِذَا	وَقَبَ ﴿3﴾	وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ	فِي الْعُقَدِ ﴿4﴾
اور اندھیری رات کے شر سے	جب	وہ چھا جائے	اور پھونکیں مارنے والیوں کے شر سے	گرہوں میں

وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ	اِذَا	حَسَدَ ﴿5﴾
اور حسد کرنے والے کے شر سے	جب	وہ حسد کرے

سُوْرَةُ النَّاس مَدَنِيَّة — رُكُوْعُهَا 1 — اٰيَاتُهَا 6

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اللہ کے نام سے (شروع) جو بہت مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے

قُلْ	اَعُوْذُ	بِرَبِّ النَّاسِ ﴿1﴾	مَلِكِ النَّاسِ ﴿2﴾
کہہ دیجیے:	میں پناہ میں آتا ہوں	انسانوں کے رب کی	انسانوں کے بادشاہ کی

اِلٰهِ النَّاسِ ﴿3﴾	مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ	الْخَنَّاسِ ﴿4﴾	الَّذِيْ
انسانوں کے معبود کی	وسوسہ ڈالنے والے کے شر سے	وہ جو (ذکرِ اللہ سن کر) پیچھے ہٹ جاتا ہے	وہ جو

يُوَسْوِسُ	فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ﴿5﴾	مِنَ الْجِنَّةِ	وَالنَّاسِ ﴿6﴾
وسوسہ ڈالتا ہے	لوگوں کے سینوں میں	جنوں میں سے	اور انسانوں میں سے

قرآنِ مجید کی سورتوں کی فہرست

براہِ راست ترجمۂ قرآن سیکھنے کے لیے
مختصر جامع بُنیادی قواعد اور عَربی گرائمر

حرکت: زبر، زیر اور پیش میں سے ہر ایک کو "حرکت" کہتے ہیں، عربی میں ان کے نام حسبِ ذیل ہیں:

* فتحہ: زبر [ـَ] کو فتحہ کہتے ہیں اور جس حرف پر یہ حرکت آئے اسے "مفتوح" کہتے ہیں، جیسے: ﴿ اَلْمُسْتَقِيْمَ ﴾
* کسرہ: زیر [ـِ] کو کسرہ کہتے ہیں اور جس حرف پر یہ حرکت آئے اسے "مکسور" کہتے ہیں، جیسے: ﴿ كِتَابٌ ﴾
* ضمہ: پیش [ـُ] کو ضمہ کہتے ہیں اور جس حرف پر یہ حرکت آئے اسے "مضموم" کہتے ہیں، جیسے: ﴿ دُعَآءٌ ﴾

تنوین: دو زبر، دو زیر اور دو پیش کو "تنوین" کہا جاتا ہے۔ یہ ہمیشہ کلمہ کے آخر میں آتی ہے۔ ان کی ادائیگی کے وقت جو [ن] کی آواز پیدا ہوتی ہے اسے نون تنوین کہتے ہیں، مثلاً: یَوْمٌ، خَیْرًا، جَبَلٍ کو یَوْمُنْ، خَیْرَنْ اور جَبَلِنْ پڑھا جاتا ہے۔

سکون: حرکت کے نہ ہونے کی حالت کو "سکون" کہتے ہیں، اس کی علامت یہ [ـْ] ہے جبکہ یہ علامتیں بھی مستعمل ہیں: [^]، [ه]

تشدید: اس علامت [ـّ] کا نام تشدید یا شَدّ ہے جس حرف پر یہ علامت ہو، اسے مُشدّد کہتے ہیں اور وہ دو مرتبہ پڑھا جاتا ہے، مثلاً: ﴿ مُحَمَّدٌ ﴾ میں دوسرا میم۔

مفرد (کلمہ)

کلمہ: جس لفظ (word) سے کوئی معنیٰ سمجھ میں آئے اسے "کلمہ" کہتے ہیں۔ کلمہ کی تین قسمیں ہیں:

* اسم * فعل * حرف

اسم (Noun): اسم وہ کلمہ ہے جو اپنے معنیٰ از خود بیان کرے اور اس میں کوئی زمانہ نہ پایا جائے، مثلاً: مُحَمَّدٌ (بہت زیادہ تعریف کیا گیا)، اَرْضٌ (زمین)، قَمَرٌ (چاند)، بَابٌ (دروازہ)، صَادِقٌ (سچا)، صَالِحٌ (نیک)۔

فعل (Verb): فعل وہ کلمہ ہے جو اپنے معنیٰ از خود بیان کرے اور اس میں ماضی، حال اور مستقبل میں سے کوئی زمانہ

پایا جائے، مثلاً: خَلَقَ ''اس نے پیدا کیا۔'' دَعَا ''اس نے پکارا یا دعا کی۔'' یَسْمَعُ ''وہ سنتا یا سنے گا۔''

حرف (Particle): حرف وہ کلمہ ہے جو اپنے معنیٰ بیان کرنے کے لیے اسم یا فعل کا محتاج ہو اور محض رابطہ کا فائدہ دے، مثلاً: بِ ''ساتھ'' فِيْ ''میں'' وَ ''اور''۔

نوٹ: اسم اور فعل کے پہچاننے کے لیے علامات مقرر ہیں جن کی مدد سے ہم انھیں ایک دوسرے سے ممتاز کر سکتے ہیں۔

علاماتِ اسم

- الف لام شروع میں آئے، جیسے: ﴿ اَلصِّرٰطَ ﴾ ''راستہ''۔ یہاں [صِرَاط] اسم ہے کیونکہ اس کے شروع میں الف لام ہے۔
- شروع میں حرف جر آئے، جیسے: ﴿ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ﴾ ''تیرے ہی ہاتھ میں بھلائی ہے۔'' یہاں [يَد] اسم ہے کیونکہ اس کے شروع میں حرف جر [ب] ہے۔
- مضاف الیہ ہو، جیسے: ﴿ هُدَى اللّٰهِ ﴾ ''اللہ کی ہدایت۔'' یہاں لفظ [اَللّٰه] مضاف الیہ ہے۔
- اس پر تنوین آئے، جیسے: ﴿ جَزَآءً ﴾ ''بدلہ''۔ یہاں [جزاء] کے آخر میں تنوین ہے۔
- مسند الیہ ہو، جیسے: ﴿ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌ ﴾ ''اور اللہ خوب خبر رکھنے والا ہے۔'' یہاں لفظ [اَللّٰه] مسند الیہ ہے جس کے بارے میں خبر دی جا رہی ہے۔
- منسوب ہو، جیسے: ﴿ ءَاَعْجَمِيٌّ وَّعَرَبِيٌّ ﴾ ''کیا (کتاب) عجمی اور (رسول) عربی ہے۔'' یہاں اَعْجَمِيٌّ، أَعْجَم سے منسوب ہے اور عَرَبِيٌّ، عرب سے۔
- تصغیر ہو، جیسے: ﴿ قُرَيْشٍ ﴾ یہ قَرْش کا اسم مصغر ہے۔
- تثنیہ ہو، جیسے: ﴿ لِغُلٰمَيْنِ يَتِيْمَيْنِ ﴾ ''دو یتیم بچوں کا۔''
- جمع ہو، جیسے: ﴿ اَنْهٰرٌ ﴾ ''نہریں۔''
- موصوف ہو، جیسے: ﴿ اَلنَّفْسُ الْمُطْمَىِٕنَّةُ ﴾ ''مطمئن روح'' یہاں ''النَّفْسُ'' موصوف ہے۔
- اس کے ساتھ تائے متحرک (ة) ملی ہوئی ہو، جیسے: ﴿ مُسَلَّمَةٌ ﴾ ''صحیح سالم''۔
- مُنَادٰی ہو، جیسے: ﴿ يٰٓاٰدَمُ ﴾ ''اے آدم!'' یہاں [یَا] حرف ندا ہے اور آدَمُ منادیٰ ہے۔

نوٹ: فعل بذاتہ جمع یا تثنیہ نہیں ہوتا بلکہ اسے فاعل کے اعتبار سے تثنیہ یا جمع کہا جاتا ہے۔

علاماتِ فعل

- شروع میں [قَدْ] ہو، جیسے: ﴿ قَدْ خَلَتْ ﴾ ''تحقیق گزر چکی۔''
- شروع میں سین ہو، جیسے: ﴿ سَيَصْلٰى نَارًا ﴾ ''وہ ضرور آگ میں جائے گا۔''

❁ شروع میں سَوْف ہو، جیسے: ﴿ فَسَوْفَ يَأْتِي اللّٰهُ بِقَوْمٍ ﴾ ”تو عنقریب اللہ ایسی قوم لے آئے گا۔“
❁ شروع میں حرف جازم ہو، جیسے: ﴿ لَمْ يَلِدْ ﴾ ”اس نے کسی کو نہیں جنا۔“
❁ آخر میں ضمیر متصل ہو، جیسے: ﴿ أَنْعَمْتَ ﴾ ”تو نے انعام کیا۔“ یہاں [ت] ضمیر ہے جو فعل کے ساتھ متصل ہے۔
❁ آخر میں تائے ساکن ملی ہوئی ہو، جیسے: ﴿ نَبَّأَتْ ﴾ ”اس نے خبر دی۔“
❁ امر ہو، جیسے: ﴿ وَأْمُرْ أَهْلَكَ ﴾ ”اور اپنے گھر والوں کو حکم دے۔“
❁ نہی ہو، جیسے: ﴿ لَا تُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ ﴾ ”(اے نبی!) اپنی زبان کو حرکت نہ دیں۔“
نوٹ: فعل کی آخری چار (4) علامات کی تفصیل کے لیے آخر میں فعل کی بحث دیکھیے۔

اسم (Noun)

اسم عموماً کسی شخص، چیز، جگہ یا صفت وغیرہ کو ظاہر کرتا ہے۔ مندرجہ ذیل الفاظ عربی زبان میں اسم کہلاتے ہیں اور اُردو میں بھی بطورِ اسم استعمال ہوتے ہیں، مثلاً: کتاب، قلم، ورق، مسجد، نبی، رسول، امت، جماعت، حبیب، صدیق۔
اسماء کو عربی زبان میں دو طرح سے لکھا جاتا ہے:

① ان کے شروع میں [اَلْ] لگا دیتے ہیں، جیسے: كِتَابٌ سے اَلْكِتَابُ، قَلَمٌ سے اَلْقَلَمُ اور مَسْجِدٌ سے اَلْمَسْجِدُ. ان کے معنی ہوں گے: خاص کتاب، خاص قلم، خاص مسجد۔ جیسے انگریزی میں ”The“ ہے تقریباً اسی طرح عربی میں [اَلْ] ہے۔ اگر حروفِ شمسیہ (ت ث د ذ ر ز س ش ص ض ط ظ ل ن) سے شروع ہونے والے اسماء سے پہلے [اَلْ] آئے تو ان حروف شمسیہ پر شد آئے گی اور ”ل“ ساکت (Silent) ہوگا، یعنی پڑھا نہیں جائے گا، جیسے: ﴿ وَالشَّمْسِ ﴾ ”سورج کی قسم!“

② حروفِ شمسیہ کے علاوہ جس حرف پر بھی [اَلْ] آئے وہاں لام پڑھا جائے گا، جیسے: ﴿ وَالْقَمَرِ إِذَا تَلٰهَا ﴾ ”اور چاند کی (قسم!) جب وہ اس کے پیچھے آئے۔“

نوٹ: ❁ اسمِ نکرہ کے آخر میں عموماً تنوین آتی ہے، اگر اسمِ نکرہ کے شروع میں [اَلْ] لگا دیا جائے تو وہ معرفہ ہو جاتا ہے اس صورت میں اس کے آخر میں تنوین نہیں آتی، جیسے: كِتَابٌ (ایک کتاب) سے اَلْكِتَابُ (مخصوص کتاب۔)
❁ اور مضاف پر بھی تنوین نہیں آتی، جیسے: ﴿ صِرَاطَ الَّذِيْنَ ﴾ ”راستہ ان لوگوں کا“ اس کی وضاحت کے لیے اگلے صفحات آپ کے منتظر ہیں۔

اسم کی بنیادی اقسام

اسم کی بنیادی اقسام تین ہیں: ❁ مصدر ❁ مشتق ❁ جامد
✱ مصدر: وہ اسم جو خود کسی لفظ سے نہیں بنتا مگر اس سے بہت سے لفظ بنتے ہیں، مصدر کہلاتا ہے۔ مصدر کو کسی لفظ کا بنیادی

مادہ بھی کہہ سکتے ہیں، جیسے: عِلْمٌ مصدر (مادہ) ہے اسی سے عَالِمٌ (علم والا) ہے، اسی سے مَعْلُوْمٌ (جانا ہوا) ہے وغیرہ۔
* مشتق: وہ اسم ہے جو مصدر سے بنتا ہے، جیسے: مذکورہ مثال میں عَالِمٌ یا مَعْلُوْمٌ ہیں۔ اس کی تین (3) قسمیں ہیں:
اسم صفت ● اسم ظرف ● اسم آلہ۔
* اسم صفت: ایسا اسم جو کسی ذات کی صفت (اچھائی یا برائی) کو ظاہر کرے، جیسے: ﴿ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ﴾ ''آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا۔'' یہاں [فَاطِرِ] صفت کے معنی دے رہا ہے۔
اسم صفت کی پانچ قسمیں ہیں:
● اسم فاعل ● اسم مفعول ● اسم تفضیل ● اسم مبالغہ ● صفت مشبہ
● اسم فاعل: ایسا اسم جو کام کرنے والے پر دلالت کرے، جیسے: نَاصِرٌ (مدد کرنے والا۔) اور یہ مادے کے پہلے حرف کے بعد [ا] کے اضافے اور دوسرے حرف کو کسرہ دے کر اسے فاعِلٌ کے وزن پر لانے سے بنتا ہے، جیسے: نَصَرَ سے نَاصِرٌ۔ اس کے چھ صیغے ہیں:

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	نَاصِرٌ	نَاصِرَانِ	نَاصِرُوْنَ
مؤنث	نَاصِرَةٌ	نَاصِرَتَانِ	نَاصِرَاتٌ

اور اگر فعل تین حروف سے زائد پر مشتمل ہے تو اس صورت میں اسم فاعل کے شروع میں ''میم'' مضموم ہوگا اور آخری حرف سے پہلا حرف مکسور ہوگا، جیسے: ﴿ وَمَنْ يُّهِنِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّكْرِمٍ ﴾ ''اور جسے اللہ ذلیل کرے اسے کوئی عزت دینے والا نہیں۔'' اس میں لفظ مُكْرِمٍ اسم فاعل ہے جو عزت دینے والے پر دلالت کر رہا ہے اور اسی طرح ﴿ وَلَاَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكَةٍ ﴾ ''اور البتہ ایمان والی لونڈی مشرک عورت سے بہتر ہے۔'' یہاں مُؤْمِنَةٌ اور مُشْرِكَةٌ اسم فاعل ہیں۔ یہ اسم فاعل، فعل مضارع کی علامت کی جگہ میم مضموم اور آخری سے پہلے حرف کو مکسور کرنے سے بنتا ہے۔
نوٹ: * اسم فاعل کے تثنیہ کی صورت میں آخر میں [ـَانِ] یا [ـَيْنِ] اور جمع میں [ـُوْنَ] یا [ـِيْنَ] کا اضافہ اور واحد مؤنث کی صورت میں [ۃ] اور جمع مؤنث کی صورت میں [ات] کا اضافہ ہوتا ہے۔
* اسم فاعل اور فاعل میں فرق یہ ہے کہ اسم فاعل مقررہ اوزان پر مشتق ہوتے ہیں جبکہ فاعل جملے میں آنے کی وجہ سے فاعل بنتا ہے، جیسے: ﴿ خَتَمَ اللّٰهُ ﴾ ''اللہ نے مہر لگا دی ہے۔'' میں لفظ ''اَللّٰہُ'' فاعل ہے مگر اسم فاعل نہیں۔ فاعل مکمل جملہ بھی ہو سکتا ہے، نیز فاعل ہمیشہ مرفوع ہوتا ہے جبکہ اسم فاعل پر اعراب کی تینوں حالتیں آسکتی ہیں، جیسے: ﴿ وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا ﴾ ''اور جو کوئی کسی مومن کو قتل کرے۔'' یہاں مُؤْمِنًا بذاتِ خود اسم فاعل کا صیغہ ہے لیکن جملے میں یہ بطور مفعول استعمال ہو رہا ہے۔

* اسم مفعول: وہ اسم مشتق ہے جو اس ذات کے بارے میں بتائے جس پر فعل واقع ہو، جیسے: ﴿ وَشَاهِدٍ وَّمَشْهُوْدٍ ﴾ ''اور (قسم ہے) حاضر ہونے والے اور حاضر کیے گئے کی!'' یہاں مَشْهُوْد اسم مفعول ہے جو اس ذات پر دلالت کر رہا ہے جس کو حاضر کیا گیا ہے اور یہ مادے کے شروع میں میم مفتوح اور آخر سے ماقبل حرف کے بعد [و] کا اضافہ کر کے اسے مَفْعُوْلٌ کے وزن پر لانے سے بنتا ہے۔ اس کے بھی چھ (6) صیغے ہیں:

	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	مَنْصُوْرٌ	مَنْصُوْرَانِ	مَنْصُوْرُوْنَ
مؤنث	مَنْصُوْرَةٌ	مَنْصُوْرَتَانِ	مَنْصُوْرَاتٌ

اگر فعل تین حروف سے زائد پر مشتمل ہو تو اسم فاعل کی طرح اس کے شروع میں بھی ''میم'' مضموم ہوتا ہے لیکن اسم فاعل اور اسم مفعول میں فرق یہ ہے کہ اسم فاعل میں تثنیہ وجمع کی علامات کو چھوڑ کر آخری سے پہلا حرف مکسور ہوتا ہے جبکہ اسم مفعول میں مفتوح ہوتا ہے، جیسے: ﴿ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ﴾ ''محمد (ﷺ) اللہ کے رسول ہیں۔'' میں لفظ ''مُحَمَّدٌ اسم مفعول ہے، یعنی ''جن کی تعریف کی گئی ہو۔''

۞ اسم تفضیل: وہ اسم جو دوسروں کی نسبت کسی ذات کے برتر یا بدتر ہونے کو ظاہر کرے۔ اس کا صیغۂ مذکر أَفْعَلُ کے وزن پر اور صیغۂ مؤنث فُعْلٰی کے وزن پر آتا ہے، جیسے: ﴿ اِثْمُهُمَآ اَكْبَرُ مِنْ نَّفْعِهِمَا ﴾ ''شراب اور جوئے کا گناہ ان کے نفع سے زیادہ بڑا ہے۔'' یہاں أَكْبَرُ اسم تفضیل ہے۔ اسی طرح ﴿ وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ﴾ ''اور سب سے اچھے نام اللہ ہی کے لیے ہیں۔'' یہاں حُسْنٰی اسم تفضیل مؤنث کا صیغہ ہے۔

۞ اسم مبالغہ: اگر فاعل میں صفت کی زیادتی پیش نظر ہو تو اسے مبالغہ کہتے ہیں، مثلاً: عِلْمٌ مصدر سے عَلِيْمٌ (بہت جاننے والا) جبکہ اسم فاعل عالِمٌ ہے جس کے معنی فقط ''جاننے والے'' کے ہیں۔ اسم مبالغہ کے بعض اوزان یہ ہیں: فَعُوْلٌ، فَعِيْلٌ، فَعَّالٌ، فُعَّالٌ، جیسے: ﴿ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴾ میں لفظ غَفُوْرٌ (بہت بخشنے والا) اور رَحِيْمٌ (انتہائی مہربان) مبالغے کے طور پر استعمال ہوئے ہیں، اسی طرح ﴿صِدِّيْق﴾ (بہت سچا) بروزن فِعِّيل مبالغے کا صیغہ ہے۔

اسم تفضیل اور اسم مبالغے میں فرق یہ ہے کہ تفضیل میں دوسروں کے مقابلے میں زیادتی کے معنی ہوتے ہیں اور مبالغے میں بذاتِ خود زیادتی کے معنی پائے جاتے ہیں۔

۞ صفت مشبہ: وہ اسم مشتق ہے جس میں صفت بطور ثبوت اور دوام پائی جائے، جیسے: جَمِيْلٌ سے ایسی ذات مراد ہوگی جس میں خوبصورتی کی صفت ہمیشہ برقرار رہے جبکہ اسم فاعل میں یہ صفت عارضی ہوتی ہے۔ اسی طرح کرِيْمٌ اور شرِيْفٌ کے صیغے بھی صفت مشبہ کے ہیں۔ اس کے بعض اوزان یہ ہیں: فَعِيْلٌ کے وزن پر حَسِيْنٌ (خوبصورت)، اور قَبِيْحٌ (بدصورت) اور ''فَعَلٌ'' کے وزن پر حَسَنٌ (اچھا) اور فَعْلٌ کے وزن پر حَقٌّ ہے کیونکہ یہ اصل میں حَقِقٌ تھا، وغیرہ۔

* اسم ظرف: وہ اسم مشتق جو اس زمان یا مکان کو ظاہر کرے جس میں کام واقع ہو۔ یہ اسم تین حرفی فعل سے مادہ سے پہلے میم مفتوح لگا کر اسے مَفْعَلٌ یا مَفْعِلٌ کے وزن پر لانے سے بنتا ہے، جیسے: ﴿ كُلَّ مَرْصَدٍ ﴾ ''ہر گھات کی جگہ میں'' یہاں [مَرْصَدٍ] (گھات کی جگہ)، اسی طرح ﴿ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ﴾ ''مسجد حرام کی طرف'' میں [اَلْمَسْجِد] (سجدہ گاہ) اسم ظرف ہے۔
* اسم آلہ: وہ اسم جو کام کرنے کے آلے کو ظاہر کرے۔ یہ اسم تین حرفی فعل سے مادے سے پہلے میم مکسور بڑھا کر اسے مِفْعَلٌ، مِفْعَلَةٌ یا مِفْعَالٌ کے وزن پر لانے سے بنتا ہے، جیسے: ﴿ مِّرْفَقًا ﴾، ﴿ مِنْسَاَتَهٗ ﴾، ﴿ وَلَا تَنْقُصُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ ﴾ ''اور ناپ اور تول کم نہ کرو۔''
* جامد: وہ اسم جو نہ کسی لفظ سے بنا ہو نہ اس سے کوئی لفظ بنے، جیسے: فرس ''گھوڑا۔''

جنس کے اعتبار سے اسم کی اقسام

مذکر و مؤنث (Masculine and Feminine)

مؤنث: وہ اسم جس میں علامتِ تانیث لفظی یا پوشیدہ طور پر موجود ہو۔ اور علاماتِ تانیث تین ہیں: ① [ۃ]، جیسے: مُسْلِمَةٌ، ② الف مقصورہ زائدہ، یعنی کھڑا زبر جو اسم تفضیل مؤنث کے صیغے میں یا مؤنث کی صفت کی صورت میں ہوتا ہے، جیسے: [عُظْمٰی] ''سب سے بڑی''، [حُبْلٰی] ''حاملہ''۔ اس کے علاوہ الف مقصورہ مؤنث کی علامت نہیں ہے، جیسے: [مُوْسٰی] پر الف مقصورہ تو ہے لیکن یہ مؤنث نہیں۔ ③ الف ممدودہ ''اء'' جیسے: اَلزَّهْرَآءُ (آب و تاب والی) اور اس علامت کا ایک ہی وزن ہے اور وہ [فَعْلَاءُ] ہے، جیسے: [حَمْرَاءُ] ''سرخ رنگ کی'' [زَرْقَاءُ] ''نیلی'' قرآن مجید میں ہے: ﴿ اِنَّهَا بَقَرَةٌ صَفْرَآءُ ﴾ ''وہ گائے زرد رنگ کی ہو'' اور پوشیدہ علامتِ تانیث کی مثال [اَرْضٌ] ہے، جیسے: ﴿ اَلَمْ تَكُنْ اَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةً ﴾ میں [اَرْضٌ] کو مؤنث استعمال کیا گیا ہے جبکہ علامتِ تانیث لفظوں میں نہیں ہے۔

مذکر: وہ اسم جس میں تانیث کی کوئی علامت نہ پائی جائے، مثلاً: مُؤْمِنٌ، شَرِيْفٌ۔

باعتبار ذات مؤنث کی اقسام: ذات کے اعتبار سے مؤنث کی دو قسمیں ہیں: ● مؤنث حقیقی ● مؤنث لفظی۔

* مؤنث حقیقی: وہ مؤنث جس کے مقابلے میں نر جاندار ہو، خواہ تانیث کی علامت ہو یا نہ ہو، جیسے: ﴿ وَاُمُّهٗ صِدِّيْقَةٌ ﴾ ''اور ان (عیسیٰ علیہ السلام) کی والدہ صدیقہ تھیں۔'' یہاں لفظ [اُمٌّ] مؤنث استعمال ہوا ہے، اگرچہ اس میں مؤنث کی علامت نہیں ہے۔
* مؤنث لفظی: وہ مؤنث جس کے مقابلے میں نر جاندار نہ ہو۔

نوٹ: مؤنث حقیقی کے لیے بولا جانے والا لفظ مؤنث ہی ہوگا، جیسے: [اُمٌّ] ''ماں'' اور مذکر کے لیے بولا جانے والا لفظ

مذکر ہی ہوگا، خواہ اس میں تانیث کی علامت پائی جائے، جیسے: طَلْحَةُ، حَمْزَةُ تائے تانیث کے باوجود یہ مذکر ہی استعمال ہوں گے کیونکہ یہ مذکر ہی کے لیے بنائے گئے ہیں۔

باعتبار علامت مؤنث کی اقسام: جس اسم میں نر اور مادے کا تصور موجود نہ ہو، اس کی تذکیر و تانیث پہچاننے کے لیے علاماتِ تانیث مدنظر رکھی جاتی ہیں۔ اس لحاظ سے مؤنث کی دو قسمیں ہیں: ۞ مؤنث قیاسی ۞ مؤنث سماعی۔

* **مؤنث قیاسی:** وہ مؤنث جس میں علامتِ تانیث لفظوں میں موجود ہو، مؤنث قیاسی کہلاتی ہے، جیسے: ﴿ اَلْقَارِعَةُ ﴾ مؤنث قیاسی ہے۔ مذکر اسم جو کسی صفت (خوبی یا خامی) کو ظاہر کر رہا ہو، اس سے مؤنث بنانے کے لیے عام طور پر اس کے آخر میں [ۃ] لگا دیتے ہیں، جیسے: عَالِمٌ سے عَالِمَةٌ اور عابدٌ سے عابدَةٌ، اسی طرح:

مؤنث			مذکر	
سجدہ کرنے والی	سَاجِدَةٌ	سے	سجدہ کرنے والا	سَاجِدٌ
گواہی دینے والی	شَاهِدَةٌ	سے	گواہی دینے والا	شَاهِدٌ
توبہ کرنے والی	تَائِبَةٌ	سے	توبہ کرنے والا	تَائِبٌ

* **مؤنث سماعی:** عربی میں مندرجہ ذیل الفاظ بھی مؤنث استعمال ہوئے ہیں، اگرچہ ان کے آخر میں تانیث کی "ۃ" نہیں، انھیں مؤنث سماعی کہتے ہیں، جیسے: شَمْسٌ (سورج)، اَرْضٌ (زمین)، خَمْرٌ (شراب)، نَارٌ (آگ)، دَارٌ (گھر) سُوْقٌ (بازار)، رِيْحٌ (ہوا) وغیرہ۔

۞ عموماً جسم کے جوڑا جوڑا اعضاء بھی مؤنث استعمال ہوئے ہیں، جیسے: يَدٌ (ہاتھ)، رِجْلٌ (ٹانگ)، عَيْنٌ (آنکھ)، اُذُنٌ (کان)، قَدَمٌ (پاؤں) وغیرہ۔

۞ عربی میں شہروں اور ملکوں کے نام بھی مؤنث استعمال ہوئے ہیں، جیسے: لاھور، دمشق، باکستان، مصر، شام۔

۞ جہنم کے نام بھی مؤنث استعمال ہوئے ہیں، جیسے: ﴿ اِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا ﴾ "بے شک جہنم گھات کی جگہ ہے۔"

۞ خاندان کے افراد اُمٌّ (ماں)، عَرُوْسٌ (دلہن) وغیرہ۔

نوٹ: خَلِيْفَةٌ، عَلَّامَةٌ وغیرہ مذکر ہیں کیونکہ یہ مردوں کے لیے بولے جاتے ہیں، [ۃ] کی وجہ سے انھیں مؤنث نہ سمجھا جائے۔

عدد کے اعتبار سے اسم کی اقسام

عدد کے اعتبار سے اسم کی تین قسمیں ہیں: ۞ واحد ۞ تثنیہ ۞ جمع

واحد: وہ اسم جو ایک فرد یا چیز کے لیے استعمال ہو، واحد (مفرد) کہلاتا ہے، جیسے: کتاب، قلم وغیرہ۔

تثنیہ: ایسا اسم جو دو افراد یا اشیاء کے لیے استعمال ہو، تثنیہ کہلاتا ہے، جیسے: دو کتابیں، دو قلمیں، دو آدمی۔

عربی میں دو کے لیے واحد اسم کے آخر میں [ـَانِ] یا [ـَيْنِ] لگاتے ہیں، جیسے:

قَمِيْصٌ (ایک قمیص) سے قَمِيْصَانِ یا قَمِيْصَيْنِ (دو قمیص)، كَلِمَةٌ سے كَلِمَتَانِ یا كَلِمَتَيْنِ، أُخْتٌ (بہن) سے أُخْتَانِ یا أُخْتَيْنِ۔

جمع: ایسا اسم جو تین یا اس سے زیادہ افراد یا اشیاء کے لیے استعمال ہو، جمع کہلاتا ہے، جیسے: کتاب سے کتابیں، قلم سے قلمیں وغیرہ۔

مذکر کی جمع

عربی میں مذکر کی جمع بنانے کے لیے اسم کے آخر میں [ـُوْنَ] یا [ـِيْنَ] لگاتے ہیں، جیسے:

واحد		جمع (رفعی حالت)		(نصبی/ جری حالت)	معنیٰ
مُسْلِمٌ	سے	مُسْلِمُوْنَ	یا	مُسْلِمِيْنَ	تین یا اس سے زیادہ مسلمان
كَافِرٌ	سے	كَافِرُوْنَ	یا	كَافِرِيْنَ	تین یا اس سے زیادہ کافر
جَاهِلٌ	سے	جَاهِلُوْنَ	یا	جَاهِلِيْنَ	تین یا اس سے زیادہ جاہل
عَالِمٌ	سے	عَالِمُوْنَ	یا	عَالِمِيْنَ	تین یا اس سے زیادہ عالم

مؤنث کی جمع

عربی زبان میں مؤنث کی جمع بنانے کے لیے واحد کے آخر سے [ة] ختم کر کے اتٌ لگاتے ہیں، جیسے: مُسْلِمَةٌ (مسلمان عورت) سے مُسْلِمَاتٌ (مسلمان عورتیں)، جاهِلَةٌ (جاہل عورت) سے جاهِلاتٌ (جاہل عورتیں)، مُؤْمِنَةٌ (مومن عورت) سے مُؤْمِنَاتٌ (مومن عورتیں)، كَاتِبَةٌ (لکھنے والی) سے كَاتِبَاتٌ (لکھنے والی عورتیں)۔

نوٹ: [ـُوْنَ] یا [ـِيْنَ] سے بنائی ہوئی جمع کو جمع مذکر سالم اور [اتٌ] سے بنائی ہوئی جمع کو جمع مؤنث سالم کہتے ہیں کیونکہ ان صورتوں میں واحد کا صیغہ اپنی حالت پر برقرار رہتا ہے صرف آخر میں اضافہ ہوتا ہے۔

جمع کے مقررہ اوزان

اکثر اسمائے جمع مخصوص اوزان پر آتے ہیں۔ ان کی مختصر فہرست یہاں دی جاتی ہے:

أَفْعَالٌ	فُعُلٌ	فُعَلَاءُ	مَفَاعِلُ اور مَفَاعِيْلُ
فُعُوْلٌ	أَفْعُلٌ	أَفْعِلَةٌ	فَعَالِلُ اور فَعَالِيْلُ
فِعَالٌ	فُعَّالٌ	أَفْعِلَاءُ	

جمع کے مقررہ اوزان کی تفصیل اور مثالیں درج ذیل ہیں جبکہ ان میں سے اکثر الفاظ اُردو میں بھی مستعمل ہیں:

أَفْعَالٌ [أَ فْ عَ ا لٌ]

واحد	معنی	جمع	واحد	معنی	جمع
وَلَدٌ	بیٹا	أَوْلَادٌ	عَمَلٌ	کام	أَعْمَالٌ
طِفْلٌ	لڑکا	أَطْفَالٌ	صَاحِبٌ	دوست	أَصْحَابٌ

فُعُوْلٌ [فُ عُ وْ لٌ]

واحد	معنی	جمع	واحد	معنی	جمع
شَاهِدٌ	گواہ	شُهُوْدٌ	مَلِكٌ	بادشاہ	مُلُوْكٌ
قَلْبٌ	دل	قُلُوْبٌ	بُرْجٌ	برج	بُرُوْجٌ

فِعَالٌ [فِ عَ ا لٌ]

واحد	معنی	جمع	واحد	معنی	جمع
حَسَنٌ	خوب صورت	حِسَانٌ	رَجُلٌ	مرد	رِجَالٌ
عَبْدٌ	بندہ	عِبَادٌ	جَبَلٌ	پہاڑ	جِبَالٌ

فُعُلٌ [فُ عُ لٌ]

واحد	معنی	جمع	واحد	معنی	جمع
رَسُوْلٌ	پیغمبر	رُسُلٌ	كِتَابٌ	کتاب	كُتُبٌ
عِمَادٌ	ستون	عُمُدٌ	سَبِيْلٌ	راستہ	سُبُلٌ

فُعَّالٌ [فُ عْ عَ ا لٌ]

واحد	معنی	جمع	واحد	معنی	جمع
جَاهِلٌ	بے وقوف	جُهَّالٌ	كَافِرٌ	کافر (منکر)	كُفَّارٌ

أَفْعُلٌ [أَ فْ عُ لٌ]

واحد	معنی	جمع	واحد	معنی	جمع
نَهْرٌ	دریا	أَنْهُرٌ	رِجْلٌ	ٹانگ	أَرْجُلٌ
بَحْرٌ	سمندر	أَبْحُرٌ	شَهْرٌ	مہینہ	أَشْهُرٌ

فُعَلَاءُ[فُ عَ لَ ا ءُ]

واحد	معنی	جمع	واحد	معنی	جمع
شَرِيْفٌ	شریف	شُرَفَاءُ	ضَعِيْفٌ	کمزور	ضُعَفَاءُ
شَاعِرٌ	شاعر	شُعَرَاءُ	عَالِمٌ	علم والا	عُلَمَاءُ

أَفْعِلَةٌ[أَ فْ عِ لَ ةٌ]

واحد	معنی	جمع	واحد	معنی	جمع
طَعَامٌ	کھانا	أَطْعِمَةٌ	فُؤَادٌ	دل	أَفْئِدَةٌ
لِسَانٌ	زبان	أَلْسِنَةٌ	إِلٰهٌ	معبود	اٰلِهَةٌ

أَفْعِلَاءُ[أَ فْ عِ لَ ا ءُ]

واحد	معنی	جمع	واحد	معنی	جمع
نَبِيٌّ	پیغمبر	أَنْبِيَاءُ	غَنِيٌّ	دولت مند	أَغْنِيَاءُ
تَقِيٌّ	پرہیزگار	أَتْقِيَاءُ	ذَكِيٌّ	ذہین، ہوشیار	أَذْكِيَاءُ

مَفَاعِلُ[مَ فَ ا عِ لُ] اور مَفَاعِيْلُ[مَ فَ ا عِ يْ لُ]

واحد	معنی	جمع	واحد	معنی	جمع
مَسْجِدٌ	مسجد	مَسَاجِدُ	مِصْبَاحٌ	چراغ	مَصَابِيْحُ
مَقْعَدٌ	سیٹ	مَقَاعِدُ	مِفْتَاحٌ	چابی	مَفَاتِحُ مَفَاتِيْحُ

فَعَالِلُ[فَ عَ ا لِ لُ] اور فَعَالِيْلُ[فَ عَ ا لِ يْ لُ]

واحد	معنی	جمع	واحد	معنی	جمع
دِرْهَمٌ	چاندی کا سکہ	دَرَاهِمُ	كَوْكَبٌ	ستارہ	كَوَاكِبُ
حَادِثَةٌ	حادثہ	حَوَادِثُ	قِرْطَاسٌ	کاغذ	قَرَاطِيْسُ

عموم وخصوص کے اعتبار سے اسم کی اقسام

اسم نکرہ اور اسم معرفہ (Common Noun and Proper Noun)

اسم نکرہ: عام نام کو اسم نکرہ کہتے ہیں، یعنی ایک ہی طرح کی کئی چیزوں کے عمومی نام، جیسے: قَلَمٌ (ایک قلم) كِتَابٌ (ایک کتاب) كُرْسِيٌّ (ایک کرسی)۔

اسم معرفہ: خاص نام کو اسم معرفہ کہتے ہیں، مثلاً: مُحَمَّدٌ، إِبْرَاهِيْمُ، مَكَّةُ۔

اسم معرفہ کی سات اقسام ہیں:

- اسم علم: وہ اسم جو کسی خاص آدمی، خاص شہر یا خاص چیز کے لیے وضع کیا گیا ہو، جیسے: محمد، مکہ، زمزم وغیرہ۔
- اسم ضمیر: وہ اسم ہے جو کسی نام کی جگہ استعمال کیا جائے، جیسے: ﴿ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ﴾ ''وہ اللہ ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں'' میں ''هُوَ'' اسم ضمیر ہے۔

ضمائر کی گردان یہ ہے:

	مذکر غائب	مؤنث غائب	مذکر مخاطب	مؤنث مخاطب	مذکر و مؤنث متکلم
واحد	هُوَ (وہ/اس)	هِيَ (وہ/اس)	أَنْتَ (تو/تم/آپ)	أَنْتِ (تو/تم/آپ)	أَنَا (میں)
تثنیہ	هُمَا (وہ دونوں/ ان دونوں)	هُمَا (وہ دونوں/ ان دونوں)	أَنْتُمَا (آپ دونوں/تم دونوں)	أَنْتُمَا (آپ دونوں/تم دونوں)	نَحْنُ (ہم دو/ ہم سب)
جمع	هُمْ (وہ سب/ ان سب)	هُنَّ (وہ سب/ ان سب)	أَنْتُمْ (تم سب/ آپ سب)	أَنْتُنَّ (تم سب/ آپ سب)	

اور اسی طرح إِيَّاكَ وغیرہ بھی ضمائر ہیں اور کچھ ضمائر فعل کے ساتھ متصل ہوتی ہیں جیسا کہ فعل کی بحث میں ماضی اور مضارع کی علامات سے واضح ہے۔

- اسم اشارہ: اس کی بحث آگے آرہی ہے۔
- اسم موصول: اسم موصول ایسے اسم کو کہتے ہیں جو اپنے صلے سے مل کر جملے کا جز بنتا ہے، جیسے: ﴿ اَلَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ ﴾ ''وہ لوگ جو غیب پر ایمان لاتے ہیں'' اس کا ترجمہ پڑھنے سے مفہوم ابھی واضح نہیں ہوا، یہ سوال باقی ہے کہ جو غیب پر ایمان لاتے ہیں وہ کون لوگ ہیں؟ ان کا انجام کیسا ہوگا؟ وغیرہ۔ اس سے ظاہر ہوا کہ یہ جملے کا حصہ ہیں کیونکہ جملہ مکمل ہوتو اس سے ایک مفہوم واضح ہو جاتا ہے۔ یہاں ﴿يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ﴾، ﴿اَلَّذِيْنَ﴾ کا صلہ ہے۔ عام اسمائے موصولہ یہ ہیں:

مذکر	اَلَّذِيْ	اَلَّذَانِ/اَلَّذَيْنِ	اَلَّذِيْنَ
مؤنث	اَلَّتِيْ	اَلَّتَانِ/اَلَّتَيْنِ	اَللّٰتِيْ

نوٹ: اُردو میں ان کے معنی عموماً جو، جس، جسے، جنھیں وغیرہ سے ہوتے ہیں۔

- معرف باللام: وہ اسم جس پر [اَلْ] آئے معرف باللام کہلاتا ہے۔ اس کی بحث شروع میں ہو چکی ہے۔

- وہ اسم نکرہ جو ان پانچوں اقسام میں سے کسی ایک کی طرف مضاف ہو، وہ بھی معرفہ ہو جائے گا، جیسے: ﴿ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴾ "تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جو سارے جہانوں کا رب ہے۔" یہاں لفظ "رَبّ" نکرہ ہے لیکن "الْعٰلَمِيْنَ" معرفہ کی طرف مضاف ہونے کی وجہ سے معرفہ ہو گیا ہے۔
- منادیٰ: ایسا اسم جسے حرف ندا (یَا "اے" وغیرہ) کے ذریعے سے پکارا جائے، جیسے: ﴿ يٰزَكَرِيَّا ﴾ "اے زکریا!" اور کبھی حرف ندا محذوف ہوتا ہے، جیسے: ﴿ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ﴾ "اے ہمارے رب! ہمیں بخش دے۔"

اعراب

عوامل کے مختلف ہونے سے کلمات کے آخر پر رونما ہونے والی ظاہری یا پوشیدہ تبدیلی کو اعراب کہتے ہیں۔ اور جس کلمے پر یہ تبدیلی ہو اسے معرب کہتے ہیں۔

اعراب کی چار قسمیں ہیں:

① رفع ② نصب ③ جر ④ جزم

جس پر رفع ہو اسے مرفوع، جس پر نصب ہو اسے منصوب، جس پر جر ہو اسے مجرور اور جس پر جزم ہو اسے مجزوم کہتے ہیں۔ جر صرف اسماء پر آتا ہے اور جزم صرف فعلوں پر آتا ہے۔

رفع کی علامات: ضمہ، [و] اور ثبوت نون ہیں۔ علامت ثبوتِ نون فعلوں کے ساتھ خاص ہے۔

نصب کی علامات: فتحہ، کسرہ، [ا]، [ي] اور حذف نون ہیں۔ علامت حذفِ نون فعلوں کے ساتھ خاص ہے۔

جر کی علامات: کسرہ، فتحہ اور [ي] ہیں۔

جزم کی علامات: سکون، حذفِ حرف علت اور حذفِ نون ہیں۔

اعراب سے یہ تعین ہوتا ہے کہ جملے میں کوئی کلمہ فاعل (Subject) ہے یا مفعول (Object) وغیرہ۔ مثلاً: اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿ وَاِذِ ابْتَلٰٓى اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ ﴾ "اور جب ابراہیم (علیہ السلام) کو اس کے رب نے آزمایا۔" اس آیت میں لفظ "ابراہیم" پر نصب [ـَ] نے واضح کیا ہے کہ یہ مفعول ہے اور "رَبُّهٗ" پر رفع سے پتہ چلا کہ یہ فاعل ہے۔ اُردو میں فاعل کے بعد عموماً "نے" اور مفعول کے بعد عموماً "کو" استعمال ہوتا ہے۔

نوٹ: معرب کے مقابلے میں مبنی ہوتا ہے۔ مبنی سے مراد وہ کلمہ ہے جس کا آخر عوامل کے مختلف ہونے کے باوجود ایک ہی حالت پر برقرار رہے۔ اسم ضمیر، اسم اشارہ اور اسم موصول ہمیشہ مبنی ہوتے ہیں۔

مرفوعات کی اقسام

مرفوعات وہ ہیں جن میں رفع کی علامت موجود ہو۔ مرفوعات آٹھ ہیں:

* فاعل: وہ ذات جس سے فعل واقع ہو، جیسے: ﴿ يَتُوْبُ اللّٰهُ ﴾ ''اللہ توبہ قبول فرماتا ہے۔''
* نائب فاعل: ایسا مفعول جسے فاعل کی جگہ پر لایا گیا ہو، جیسے: ﴿ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ ﴾ ''اے لوگو! ایک مثال بیان کی جاتی ہے۔'' یہاں [مَثَلٌ] نائب فاعل ہے۔
* مبتدا: جس اسم سے جملے کی ابتدا ہو وہ مبتدا کہلاتا ہے اور یہ عموماً معرفہ ہوتا ہے، جیسے: ﴿ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴾ یہاں جملے کی ابتدا اسم [اَلْحَمْدُ] سے ہو رہی ہے، لہٰذا یہ مبتدا ہے اور ایسے جملے کو جملہ اسمیہ کہتے ہیں۔
* خبر: جو جملہ اسم سے شروع ہو رہا ہو اس کے دوسرے جز کو خبر کہتے ہیں، جیسے: ﴿ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ﴾ ''اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے۔'' اس آیت میں لفظ [اَللّٰه] مبتدا اور [نُوْر] خبر ہے۔
* إِنَّ وغیرہ کی خبر: مبتدا اور خبر کے شروع میں جب ''إِنَّ'' تاکید کے لیے آتا ہے تو مبتدا کو إِنَّ کا اسم اور خبر کو إِنَّ کی خبر کہا جاتا ہے۔ إِنَّ وغیرہ کا اسم منصوب اور خبر مرفوع ہوتی ہے، جیسے: ﴿ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴾ ''بے شک اللہ تعالیٰ بہت بخشنے والا، انتہائی مہربان ہے۔'' یہاں لفظ [اَللّٰه] منصوب ہے کیونکہ یہ ''إِنَّ'' کا اسم ہے اور [غَفُوْرٌ] مرفوع ہے کیونکہ یہ خبر ہے۔
* كَانَ وغیرہ کا اسم: مبتدا اور خبر پر لفظ ''كَانَ'' آئے تو مبتدا ''كَانَ'' کا اسم کہلاتا ہے اور خبر ''كَانَ'' کی خبر کہلاتی ہے۔ ''كَانَ'' کا اسم ہمیشہ مرفوع ہوتا ہے اور خبر ہمیشہ منصوب ہوتی ہے، جیسے: ﴿ كَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴾ ''اللہ بہت جاننے والا، بڑی حکمت والا ہے۔''
* مَا اور لَا کا اسم: یہ بھی مرفوع اور ان کی خبر منصوب ہوتی ہے، جیسے: ﴿ مَا هٰذَا بَشَرًا ﴾ ''یہ (یوسف) بشر نہیں۔''

نوٹ: اگرچہ ''هٰذَا'' اسم اشارہ مبنی ہونے کی وجہ سے بظاہر مرفوع نہیں مگر اپنے محل اور مقام کے اعتبار سے مرفوع ہے، اسے مرفوع محلی کہتے ہیں۔

* لائے نفی جنس کی خبر: لائے نفی جنس سے مراد وہ ''لَا'' ہے جس کے ذریعے پوری جنس سے خبر کی نفی کی گئی ہو، جیسے: «لَا شَجَرَةَ مُثْمِرَةٌ» ''کوئی درخت پھل دار نہیں'' اس میں لفظ [مُثْمِرَةٌ] مرفوع ہے۔ اور [لَا] کے ذریعے تمام درختوں سے پھل دار ہونے کی نفی ہے، اس وجہ سے اسے لائے نفی جنس کہا جاتا ہے۔

منصوبات

منصوبات وہ ہیں جن میں نصب کی علامت موجود ہو۔ منصوبات بارہ ہیں:

- مفعول بہ: جس اسم پر فاعل کا فعل واقع ہو وہ مفعول بہ کہلاتا ہے، جیسے: ﴿ وَلَا تُبْطِلُوْٓا اَعْمَالَكُمْ ﴾ ''اور اپنے اعمال ضائع نہ کرو۔'' یہاں [أَعْمَالَ] مفعول بہ ہے۔
- مفعول مطلق: وہ مصدر جو اپنے ہم لفظ یا ہم معنی فعل کے بعد تاکید، نوع یا عدد بیان کرنے کے لیے آئے، مفعول مطلق کہلاتا ہے، جیسے: ﴿ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ﴾ ''اور خوب ٹھہر ٹھہر کر قرآن مجید کی تلاوت کیجیے۔'' میں

لفظ[ترتیلا] مفعول مطلق ہے۔

○ مفعول لہٗ: ایسا اسم جو کسی کام کی غرض و غایت بیان کرے کہ یہ کام کس بنا پر ہوا یا کیا گیا مفعول لہ کہلاتا ہے، جیسے: ﴿ وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ ﴾ ''اور اپنی اولاد کو مفلسی کے ڈر سے قتل نہ کرو۔'' یہاں [خشیۃ] مفعول لہ ہے۔

○ مفعول معہ: وہ اسم جو [و] بمعنی ''مَعَ'' کے بعد واقع ہو، اسے مفعول معہ کہتے ہیں، جیسے: ﴿ يٰجِبَالُ اَوِّبِيْ مَعَهٗ وَالطَّيْرَ ﴾ ''اے پہاڑو! اس (داود) کے ساتھ تسبیح دہراؤ اور (اے) پرندو! (تم بھی۔'') یہاں [الطَّیرَ] مفعول معہ ہے کیونکہ یہاں [و] مَعَ کے معنی میں ہے، جیسا کہ ترجمے سے واضح ہے۔

○ مفعول فیہ: جس جگہ یا وقت میں فعل واقع ہو، اسے مفعول فیہ یا ظرف کہتے ہیں۔ اس کی دو قسمیں ہیں:

* ظرف مکان * ظرف زمان

○ ظرف مکان: جیسے: ﴿ وَكَانَ وَرَآءَهُمْ مَّلِكٌ ﴾ ''جبکہ ان کے آگے ایک بادشاہ تھا۔'' یہاں لفظ[وراء] مفعول فیہ (ظرف) ہونے کی بناء پر منصوب ہے۔

○ ظرف زمان: جیسے: ﴿ يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِيْنَ اِلَى الرَّحْمٰنِ وَفْدًا ﴾ ''جس دن ہم متقیوں کو رحمٰن کی طرف (بطور) مہمان اکٹھا کر لائیں گے۔'' یہاں لفظ[یوم] ظرف ہے۔

○ حال: ایسا اسم جو کسی ذات کی حالت کو بیان کرے حال کہلاتا ہے، جیسا کہ اوپر والی مثال میں لفظ ''وفدا'' ہے۔

○ تمیز: ایسا اسم جو کسی چیز کا ابہام اور پوشیدگی دور کر دے، تمیز کہلاتا ہے، جیسے: ﴿ اِنِّيْ رَاَيْتُ اَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا ﴾ ''بے شک میں نے (خواب میں) گیارہ ستارے دیکھے۔'' اگر یہاں[کَوْکَبًا] کا لفظ نہ ہو تو ہمیں یہ پتا نہیں چلے گا کہ وہ گیارہ چیزیں کیا تھیں؟ [کَوْکَبًا] نے اس پوشیدگی کو دور کر دیا۔

○ مستثنیٰ: جو اسم ''اِلَّا'' وغیرہ کے بعد اسے ماقبل کے حکم سے الگ کرنے کے لیے ذکر ہو وہ مستثنیٰ کہلاتا ہے، جیسے: ﴿ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ﴾ ''تو انھوں (فرشتوں) نے سجدہ کیا مگر ابلیس نے (نہ کیا۔'')

مجرورات

مجرورات وہ ہیں جن میں جر کی علامت موجود ہو، مجرورات دو ہیں:

① جن اسماء سے پہلے حروف جارّہ آئیں، جیسے: ﴿ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴾ میں لفظ [اِسْم]، ''ب'' کی وجہ سے مجرور ہے۔

② مضاف الیہ، یعنی وہ اسماء جن کی طرف کسی کی نسبت (اضافت) کی جائے، جیسے: ﴿ بِسْمِ اللّٰهِ ﴾ میں[اِسْم] کی نسبت لفظ [اَللّٰہ] کی طرف کی گئی ہے، یعنی اللہ کے نام سے۔ اور اُردو میں اضافت کا معنی کرتے ہوئے عام طور پر ''کا، کی، کے'' آتا ہے، جیسے: [کِتَابُ اللّٰہِ] ''اللہ کی کتاب'' میں ''کی'' ہے۔

فعل (Verb)

فعل: کسی کام کے کرنے یا ہونے کو فعل کہتے ہیں، جیسے: ﴿خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِي الْأَرْضِ﴾ "اس نے تمھارے لیے پیدا کیا جو کچھ زمین میں ہے۔" یہاں [خَلَقَ] "پیدا کیا" فعل ہے۔

زمانے کے اعتبار سے فعل کی قسمیں

زمانے کے اعتبار سے فعل کی چار قسمیں ہیں:

❁ ماضی ❁ مضارع ❁ امر ❁ نہی

- فعل ماضی: وہ فعل جس سے پتا چلے کہ کام گزرے ہوئے زمانے میں ہو چکا ہے، مثلاً: قَالَ "اس نے کہا" جاهَدَ "اس نے انتہائی کوشش کی۔"
- فعل مضارع: وہ فعل جس میں موجودہ یا آئندہ زمانے میں کام کرنے کا مفہوم پایا جاتا ہو، مثلاً: يَسْمَعُ "وہ سنتا ہے یا سنے گا۔" تَعْلَمُوْنَ "تم جانتے ہو یا جان لوگے۔"

نوٹ: فعل مضارع، حال اور مستقبل دونوں زمانوں پر مشتمل ہوتا ہے۔

- فعل امر: وہ فعل جس میں کسی شخص کو کام کرنے کا حکم دیا جائے، مثلاً: ﴿لِيَشْهَدْ﴾ "چاہیے کہ وہ حاضر ہو۔" ﴿اِفْعَلُوْا﴾ "تم کام کرو۔" ﴿اُعْبُدْ﴾ "تو عبادت کر۔"
- فعل نہی: نہی اس فعل کو کہتے ہیں جس میں کسی کام سے حکماً روکا گیا ہو، مثلاً: ﴿لَا تُشْرِكْ﴾ "تو شرک نہ کر۔" ﴿لَا يَسْخَرْ﴾ "وہ ٹھٹھا نہ کرے۔"

نوٹ: فاعل کے اعتبار سے صیغے تین قسم کے ہوتے ہیں:

- غائب: جس کے بارے میں بات کی جائے، اسے غائب کہتے ہیں۔
- مخاطب: جس سے بات کی جائے، اسے حاضر/ مخاطب کہتے ہیں۔
- متکلم: بات کرنے والے شخص/ اشخاص کو متکلم کہتے ہیں۔

مفعول کے اعتبار سے فعل کی قسمیں

مفعول کے اعتبار سے فعل کی دو قسمیں ہیں:

❁ لازم ❁ متعدی

* فعل لازم (Intransitive): جو فعل صرف فاعل ہی کے ساتھ پورا ہو جائے اور اسے مفعول کی ضرورت نہ ہو، وہ فعل لازم کہلاتا ہے، جیسے: ﴿وَجَآءَ رَجُلٌ مِّنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ يَسْعٰى﴾ "اور شہر کے پرلے کنارے سے ایک شخص دوڑتا ہوا آیا۔" یہاں [جَاءَ] "آیا" فعل لازم ہے جس کا فاعل [رَجُلٌ] "ایک شخص" ہے۔

* فعل متعدی (Transitive): جس فعل کو فاعل کے ساتھ مفعول کی بھی ضرورت ہو وہ فعل متعدی کہلاتا ہے، جیسے: ﴿ اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ ﴾ ''کیا تم لوگوں کو نیکی کا حکم دیتے ہو؟'' یہاں [تَاْمُرُوْنَ] ''تم حکم دیتے ہو۔'' فعل متعدی ہے۔ اس کا فاعل ضمیر ہے اور [النَّاسَ] ''لوگوں کو'' اس کا مفعول ہے۔

نسبت کے اعتبار سے فعل کی قسمیں

نسبت کے اعتبار سے فعل کی دو قسمیں ہیں:

- فعل معروف
- فعل مجہول

- فعل معروف (Active Verb): جس فعل کی نسبت فاعل کی طرف ہو، اسے فعل معروف کہتے ہیں، جیسے: ﴿ وَجَآءَ فِرْعَوْنُ ﴾ ''اور آیا فرعون'' یہاں [جَآءَ] ''آیا'' فعل معروف ہے کیونکہ اس کی نسبت اس کے فاعل [فِرْعَوْنُ] کی طرف ہے، اسی طرح ﴿ اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ﴾ ''جب قیامت واقع ہو جائے گی'' میں [وَقَعَتْ] فعل معروف ہے کیونکہ اس کی نسبت فاعل [الْوَاقِعَةُ] کی طرف ہے۔
- فعل مجہول (Passive Verb): جس فعل کا فاعل مذکور نہ ہو اور اس فعل کی نسبت مفعول کی طرف ہو، وہ فعل مجہول کہلاتا ہے، جیسے: ﴿ خُلِقَ الْاِنْسٰنُ ضَعِيْفًا ﴾ ''انسان کمزور پیدا کیا گیا ہے۔'' ﴿ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ ﴾ ''تم پر روزہ رکھنا فرض کیا گیا ہے۔'' ﴿ لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ ﴾ ''ان سے عذاب ہلکا نہیں کیا جائے گا۔''

ان مثالوں پر غور کرنے سے یہ واضح ہوتا ہے کہ اگرچہ انسان کے پیدا کرنے والی اور روزہ فرض قرار دینے والی اور عذاب میں تخفیف کرنے والی ذات اللہ تعالیٰ کی ہے لیکن افعال کی نسبت اللہ تعالیٰ، یعنی فاعل کی طرف نہیں ہے بلکہ فاعل مذکور ہی نہیں اور فعل کی نسبت مفعول کی طرف ہے، چنانچہ یہ تینوں افعال مجہول ہیں۔

نوٹ: فعل مجہول صرف فعل متعدی سے بنتا ہے۔ فعل لازم سے فعل مجہول براہِ راست نہیں بنتا کیونکہ فعل لازم کا مفعول نہیں ہوتا اور فعل مجہول میں نسبت مفعول کی طرف ہوتی ہے۔

فعل مجہول کی علامات

- ماضی مجہول: ماضی مجہول کا آخری سے پہلا حرف مکسور اور اس سے پہلے تمام متحرک حروف مضموم ہوں گے، خواہ ایک ہی حرف کیوں نہ ہو، جیسے: [كَتَبَ] فعل معروف ہے اس میں آخری حرف [ب] ہے، لہٰذا فعل مجہول بنانے کے لیے اس سے پہلے [تَ] کو کسرہ (زیر) دیں گے اور [تَ] سے پہلے والے حرف کی حرکت کو ضمہ سے بدل دیں گے۔ یوں: ﴿ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ ﴾ ''لڑنا تم پر فرض کیا گیا ہے۔'' میں [كُتِبَ] فعل مجہول ہے۔ اسی قاعدے کے مطابق [اَنْزَلَ] ''اس نے اتارا'' سے [اُنْزِلَ] ''اتارا گیا'' اور [اِبْتَلٰى] ''اس نے آزمایا'' سے [اُبْتُلِيَ] ''وہ آزمایا گیا'' ہیں۔

○ مضارع مجہول: مضارع مجہول میں علاماتِ مضارع [أ، ت، ی، ن] جو شروع میں آتی ہیں، مضموم اور حروف اصلیہ میں سے آخری سے پہلا حرف مفتوح ہوتا ہے، جیسے: ﴿ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴾ ''اور نہ وہ مہلت دیے جائیں گے'' یہاں [يُنْظَرُوْنَ] فعل مضارع مجہول ہے۔ اس کا مادہ [نَظَرَ] ہے اور آخری حرف سے پہلا حرف [ظَ] ہے جو مفتوح ہے اور شروع میں علامت مضارع مضموم ہے، اسی طرح آیت کریمہ: ﴿ اَوَ مَنْ يُّنَشَّؤُا فِي الْحِلْيَةِ ﴾ ''کیا (وہ اللہ کی اولاد ہے) جس کی زیور میں پرورش کی جاتی ہے'' یہاں [يُنَشَّأُ] ''وہ پرورش کی جاتی ہے'' فعل مضارع مجہول ہے۔

نوٹ: ماضی، مضارع معروف و مجہول میں کبھی حروفِ علت (Vowels) آجاتے ہیں جن کی وجہ سے صیغے کی شکل مختلف ہو جاتی ہے، مثلاً: مادہ [ق و ل] سے فعل ماضی معروف ''قَالَ'' اور ماضی مجہول ''قِيْلَ'' ہے جبکہ مذکورہ قاعدے کی رو سے اسے [قُوِلَ] ہونا چاہیے تھا۔ ایسے ہی مادہ میں کبھی ایک جیسے دو حرف آنے کی وجہ سے مذکورہ قاعدے پر عمل نہیں ہوتا۔

فعل کی گردانیں

عددی حیثیت، تذکیر و تانیث اور ضمیر کے اعتبار سے فعل کے بدلتے ہوئے صیغوں کے مجموعے کو گردان کہتے ہیں۔

فعل کی بنیادی گردانیں درج ذیل ہیں:

فعل ماضی معروف کی گردان:

	مذکر غائب	مؤنث غائب	مذکر مخاطب	مؤنث مخاطب	مذکر و مؤنث متکلم
واحد	نَصَرَ	نَصَرَتْ	نَصَرْتَ	نَصَرْتِ	نَصَرْتُ
تثنیہ	نَصَرَا	نَصَرَتَا	نَصَرْتُمَا	نَصَرْتُمَا	نَصَرْنَا
جمع	نَصَرُوْا	نَصَرْنَ	نَصَرْتُمْ	نَصَرْتُنَّ	

ماضی معروف و مجہول کی گردان کی تفصیل درج ذیل ہے:

ماضی معروف	معانی	ماضی مجہول	معانی	عدد	جنس	حالت
نَصَرَ	اس ایک مرد نے مدد کی	نُصِرَ	اس ایک مرد کی مدد کی گئی	واحد	مذکر	غائب
یہ تمام علامات سے خالی واحد مذکر غائب کا صیغہ ہے۔ اس کے ذریعے سے فعل، مصدر اور مشتق میں حروف اصلیہ کو پہچانا جا سکتا ہے۔ اسی وجہ سے عربی لغت کی کتابوں میں مادے میں سب سے پہلے اسی صیغے کو ذکر کیا جاتا ہے۔ اگر اس کا فاعل ضمیر ہو تو [هُوَ] ضمیر پوشیدہ ہوگی۔						
نَصَرَا	ان دو مردوں نے مدد کی	نُصِرَا	ان دو مردوں کی مدد کی گئی	تثنیہ	مذکر	غائب
اس میں [ا] تثنیہ کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے۔						

<table dir="rtl">
<tr><td>نَصَرُوْا</td><td>انھوں نے مدد کی</td><td>نُصِرُوْا</td><td>ان کی مدد کی گئی</td><td>جمع</td><td>مذکر</td><td>غائب</td></tr>
<tr><td colspan="7">اس میں [و] علامت جمع مذکر اور فاعل کی ضمیر ہے۔ اور [و] کے بعد [ا] اس لیے ہے کہ یہ [و] عاطفہ نہیں بلکہ جمع کے لیے ہے۔ واو جمع کے بعد الف، واو جمع اور واو عاطفہ میں فرق کے لیے آتا ہے۔</td></tr>
<tr><td>نَصَرَتْ</td><td>اس ایک عورت نے مدد کی</td><td>نُصِرَتْ</td><td>اس ایک عورت کی مدد کی گئی</td><td>واحد</td><td>مؤنث</td><td>غائب</td></tr>
<tr><td colspan="7">اس میں [تْ] ساکن علامت تانیث ہے اور اگر فاعل ضمیر ہو تو یہاں [هِیَ] ضمیر پوشیدہ ہوگی۔</td></tr>
<tr><td>نَصَرَتَا</td><td>ان دو عورتوں نے مدد کی</td><td>نُصِرَتَا</td><td>ان دو عورتوں کی مدد کی گئی</td><td>جمع</td><td>مؤنث</td><td>غائب</td></tr>
<tr><td colspan="7">[نَصَرَا] میں [ا] کی طرح یہاں بھی [ا] تثنیہ کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے۔ اور [نَصَرَتْ] میں [ت] کی طرح یہاں بھی [ت] مؤنث کی علامت ہے۔ اور یہاں مفتوح اس لیے ہے کہ اس [ت] کے بعد [ا] ہے۔</td></tr>
<tr><td>نَصَرْنَ</td><td>ان سب عورتوں نے مدد کی</td><td>نُصِرْنَ</td><td>ان سب عورتوں کی مدد کی گئی</td><td>جمع</td><td>مؤنث</td><td>غائب</td></tr>
<tr><td colspan="7">اس میں [نَ] جمع مؤنث غائب کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے۔</td></tr>
<tr><td>نَصَرْتَ</td><td>تو ایک مرد نے مدد کی</td><td>نُصِرْتَ</td><td>تیری (ایک مرد کی) مدد کی گئی</td><td>واحد</td><td>مذکر</td><td>مخاطب</td></tr>
<tr><td colspan="7">اس میں [تَ] واحد مذکر مخاطب کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے۔</td></tr>
<tr><td>نَصَرْتُمَا</td><td>تم دو مردوں نے مدد کی</td><td>نُصِرْتُمَا</td><td>تم دو مردوں کی مدد کی گئی</td><td>تثنیہ</td><td>مذکر</td><td>مخاطب</td></tr>
<tr><td colspan="7">اس میں [تُمَا] تثنیہ مذکر مخاطب کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے۔</td></tr>
<tr><td>نَصَرْتُمْ</td><td>تم سب مردوں نے مدد کی</td><td>نُصِرْتُمْ</td><td>تم سب مردوں کی مدد کی گئی</td><td>جمع</td><td>مذکر</td><td>مخاطب</td></tr>
<tr><td colspan="7">اس میں [تُمْ] جمع مذکر مخاطب کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے۔</td></tr>
<tr><td>نَصَرْتِ</td><td>تو ایک عورت نے مدد کی</td><td>نُصِرْتِ</td><td>تو ایک عورت کی مدد کی گئی</td><td>واحد</td><td>مؤنث</td><td>مخاطب</td></tr>
<tr><td colspan="7">اس میں [تِ] واحد مؤنث مخاطب کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے۔</td></tr>
<tr><td>نَصَرْتُمَا</td><td>تم دو عورتوں نے مدد کی</td><td>نُصِرْتُمَا</td><td>تم دو عورتوں کی مدد کی گئی</td><td>تثنیہ</td><td>مؤنث</td><td>مخاطب</td></tr>
<tr><td colspan="7">اس میں [تُمَا] تثنیہ مؤنث مخاطب کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے۔</td></tr>
<tr><td>نَصَرْتُنَّ</td><td>تم سب عورتوں نے مدد کی</td><td>نُصِرْتُنَّ</td><td>تم سب عورتوں کی مدد کی گئی</td><td>جمع</td><td>مؤنث</td><td>مخاطب</td></tr>
<tr><td colspan="7">اس میں [تُنَّ] جمع مؤنث مخاطب کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے۔</td></tr>
<tr><td>نَصَرْتُ</td><td>میں ایک مرد یا عورت نے مدد کی</td><td>نُصِرْتُ</td><td>میری ایک مرد یا عورت کی مدد کی گئی</td><td>واحد</td><td>مذکر/مؤنث</td><td>متکلم</td></tr>
<tr><td colspan="7">اس میں [تُ] واحد مذکر و مؤنث متکلم کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے۔</td></tr>
</table>

نَصَرْنَا	ہم سب مردوں/عورتوں نے مدد کی	نُصِرْنَا	ہم سب مردوں/عورتوں کی مدد کی گئی	تثنیہ/ جمع	مذکر/ مؤنث	متکلم
اس میں [نَا] تثنیہ وجمع، مذکر ومؤنث متکلم کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے۔						

اب ہم مندرجہ بالا نقشے میں مادہ اور علامات وضمائر کو علیحدہ کریں تو ہمارے سامنے یہ صورت آئے گی:

فعل	علامات	فعل	علامات
نصر	....	نصر	ا
نصر	وْا	نصر	تْ
نصر	تَا	نصر	نَ
نصر	تَ	نصر	تُمَا
نصر	تُم	نصر	تِ
نصر	تُمَا	نصر	تُنَّ
نصر	تُ	نصر	نَا

ان علامات کو کسی بھی فعل کے مادے کے آخر میں لگا کر ہم مطلوبہ صیغہ پہچان سکتے بلکہ بنا سکتے ہیں، مثلاً: [کتب] مادہ ہے اور ہمیں یہ مفہوم ادا کرنا ہے: ''ان دونوں نے لکھا'' تو ہم دیکھیں گے کہ کون سی علامت اور ضمیر اس مفہوم کو ادا کرتی ہے۔ تلاش کرنے سے معلوم ہوا کہ وہ علامت [ا] ہے تو ہم نے اس [ا] کو [کَتَبَ] کے آخر میں لکھ دیا تو [کَتَبَا] ''ان دونوں نے لکھا'' ہوگیا۔ علی ہذا القیاس یہی علامات لگا کر ہم مفہوم سمجھ بھی سکتے ہیں اور ادا بھی کر سکتے ہیں، جیسے:

نَظَرَ ''اس نے دیکھا'' کے آخر میں [ا] سے [نَظَرَا] ''ان دونوں نے دیکھا''

نَظَرَ کے آخر میں [وْا] سے [نَظَرُوْا] ''ان سب مردوں نے دیکھا''

نَظَرَ کے آخر میں [تُمْ] سے [نَظَرْتُمْ] ''تم سب مردوں نے دیکھا''

قرآن مجید میں ہے: ﴿قَتَلْتُمْ نَفْسًا﴾ ''تم نے ایک جان کو قتل کیا۔'' یہاں [قتلتم] میں [تُمْ] جمع مذکر مخاطب کی علامت ہے اور یہی فاعل کی ضمیر بھی ہے چنانچہ اس تفصیل سے چند امور سامنے آتے ہیں۔

- فعل ماضی معروف اور مجہول میں حرکات کے علاوہ باقی شکل وصورت ایک جیسی ہوتی ہے۔
- فعل ماضی معروف میں یہ علامات وضمائر فاعل اور فعل ماضی مجہول میں نائب فاعل ہوتی ہیں۔
- فعل ماضی میں تمام علامات وضمائر آخر میں لگائی جاتی ہیں جبکہ فعل مضارع میں غائب ومخاطب ومتکلم کی علامات مادے کے شروع میں اور ضمائر آخر میں آتی ہیں۔ ظاہری طور پر ماضی اور مضارع میں فرق کرنے کے لیے یہی سب

سے واضح علامت ہے۔

نوٹ: ✱اگر حروف اصلیہ میں سے کوئی حرف علت [ا، و، ی] ہو تو مادے کی شکل وصورت تو بدلے گی مگر علامات اسی طرح رہیں گی، جیسے: ﴿ قُلْتُمْ ﴾ "تم نے کہا" یہ لفظ اصل میں [قَوَلْتُمْ] ہے چونکہ حروف اصلیہ کی جگہ حرف علت ہے اس کی شکل تو بدل گئی لیکن [قُلْتُمْ] میں ضمیر اسی طرح موجود ہے۔

✱ یہ قواعد تین حرفی ماضی کے ہیں جبکہ تین حرف سے زائد ماضی کے آخر میں بالکل یہی علامات آئیں گی، البتہ باقی مادہ ابواب کے اعتبار سے بدل جائے گا، جیسے: ﴿ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ ﴾ "پھر تم پھر گئے" ماضی تو ہے مگر باب مختلف ہونے کی وجہ سے اس کا وزن [نَصَرْتُمْ] وغیرہ سے مختلف ہے۔

❁ فعل مضارع معروف کی گردان:

	مذکر غائب	مؤنث غائب	مذکر مخاطب	مؤنث مخاطب	مذکر ومؤنث متکلم
واحد	يَنْصُرُ	تَنْصُرُ	تَنْصُرُ	تَنْصُرِيْنَ	أَنْصُرُ
تثنیہ	يَنْصُرَانِ	تَنْصُرَانِ	تَنْصُرَانِ	تَنْصُرَانِ	نَنْصُرُ
جمع	يَنْصُرُوْنَ	يَنْصُرْنَ	تَنْصُرُوْنَ	تَنْصُرْنَ	

❁ فعل مضارع مجہول کی گردان:

	مذکر غائب	مؤنث غائب	مذکر مخاطب	مؤنث مخاطب	مذکر ومؤنث متکلم
واحد	يُنْصَرُ	تُنْصَرُ	تُنْصَرُ	تُنْصَرِيْنَ	أُنْصَرُ
تثنیہ	يُنْصَرَانِ	تُنْصَرَانِ	تُنْصَرَانِ	تُنْصَرَانِ	نُنْصَرُ
جمع	يُنْصَرُوْنَ	يُنْصَرْنَ	تُنْصَرُوْنَ	تُنْصَرْنَ	

مضارع معروف ومجہول کی گردان کی تفصیل درج ذیل ہے:

مضارع معروف	معانی	مضارع مجہول	معانی	عدد	جنس	حالت
يَنْصُرُ	وہ ایک مرد مدد کرتا ہے/کرے گا	يُنْصَرُ	وہ ایک مرد مدد کیا جاتا ہے/جائے گا	واحد	مذکر	غائب
اس میں [ی] حرف مضارع اور غائب کی علامت ہے۔ اگر اس کا فاعل ضمیر ہو تو اس میں [هُوَ] ضمیر پوشیدہ ہوگی۔						
يَنْصُرَانِ	وہ دو مرد مدد کرتے ہیں/کریں گے	يُنْصَرَانِ	وہ دو مرد مدد کیے جاتے ہیں/جائیں گے	تثنیہ	مذکر	غائب
اس میں [ی] حرف مضارع اور غائب کی علامت ہے۔ [ا] تثنیہ کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے۔ اور [ن] اعرابی ہے۔						

<table>
<tr><td>يَنْصُرُوْنَ</td><td>وہ مدد کرتے ہیں/ کریں گے</td><td>يُنْصَرُوْنَ</td><td>ان کی مدد کی جاتی ہے/ جائے گی</td><td>جمع</td><td>مذکر</td><td>غائب</td></tr>
<tr><td colspan="7">اس میں [ی] حرف مضارع اور غائب کی علامت ہے اور [و] جمع مذکر کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے اور [ن] اعرابی ہے۔</td></tr>
<tr><td>تَنْصُرُ</td><td>وہ ایک عورت مدد کرتی ہے/ کرے گی</td><td>تُنْصَرُ</td><td>اس ایک عورت کی مدد کی جاتی ہے/ جائے گی</td><td>واحد</td><td>مؤنث</td><td>غائب</td></tr>
<tr><td colspan="7">اس میں [ت] حرف مضارع اور مؤنث غائب کی علامت ہے اور اس میں [هِيَ] ضمیر پوشیدہ فاعل ہے۔</td></tr>
<tr><td>تَنْصُرَانِ</td><td>وہ دو عورتیں مدد کرتی ہیں/ کریں گی</td><td>تُنْصَرَانِ</td><td>ان دو عورتوں کی مدد کی جاتی ہے/ جائے گی</td><td>تثنیہ</td><td>مؤنث</td><td>غائب</td></tr>
<tr><td colspan="7">اس میں [ت] حرف مضارع اور مؤنث غائب کی علامت ہے اور [ا] تثنیہ کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے اور [ن] اعرابی ہے۔</td></tr>
<tr><td>يَنْصُرْنَ</td><td>وہ سب مدد کرتی ہیں/ کریں گی</td><td>يُنْصَرْنَ</td><td>وہ سب مدد کی جاتی ہیں/ جائیں گی</td><td>جمع</td><td>مؤنث</td><td>غائب</td></tr>
<tr><td colspan="7">اس میں [ی] حرف مضارع اور غائب کی علامت ہے اور [نَ] جمع مؤنث کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے۔</td></tr>
<tr><td>تَنْصُرُ</td><td>تو مدد کرتا ہے/ کرے گا</td><td>تُنْصَرُ</td><td>تو مدد کیا جاتا ہے/ جائے گا</td><td>واحد</td><td>مذکر</td><td>مخاطب</td></tr>
<tr><td colspan="7">اس میں [ت] حرف مضارع اور خطاب (حاضر) کی علامت ہے۔ اس میں [أَنْتَ] ضمیر پوشیدہ فاعل ہے۔</td></tr>
<tr><td>تَنْصُرَانِ</td><td>تم دونوں مدد کرتے ہو/ کرو گے</td><td>تُنْصَرَانِ</td><td>تم دونوں مدد کیے جاتے ہو/ جاؤ گے</td><td>تثنیہ</td><td>مذکر</td><td>مخاطب</td></tr>
<tr><td colspan="7">اس میں [ت] حرف مضارع اور علامتِ خطاب ہے اور [ا] تثنیہ کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے اور [ن] اعرابی ہے۔</td></tr>
<tr><td>تَنْصُرُوْنَ</td><td>تم مدد کرتے ہو/ کرو گے</td><td>تُنْصَرُوْنَ</td><td>تم مدد کیے جاتے ہو/ جاؤ گے</td><td>جمع</td><td>مذکر</td><td>مخاطب</td></tr>
<tr><td colspan="7">اس میں [ت] حرف مضارع اور علامتِ خطاب ہے اور [و] جمع مذکر کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے اور [ن] اعرابی ہے۔</td></tr>
<tr><td>تَنْصُرِيْنَ</td><td>تو مدد کرتی ہے/ کرے گی</td><td>تُنْصَرِيْنَ</td><td>تیری مدد کی جاتی ہے/ جائے گی</td><td>واحد</td><td>مؤنث</td><td>مخاطب</td></tr>
<tr><td colspan="7">اس میں [ت] حرف مضارع اور علامتِ خطاب ہے اور [ی] واحد مؤنث مخاطب کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے اور [ن] اعرابی ہے۔</td></tr>
<tr><td>تَنْصُرَانِ</td><td>تم دونوں مدد کرتی ہو/ کرو گی</td><td>تُنْصَرَانِ</td><td>تم دونوں کی مدد کی جاتی ہے/ جائے گی</td><td>تثنیہ</td><td>مؤنث</td><td>مخاطب</td></tr>
<tr><td colspan="7">اس میں [ت] حرف مضارع اور علامتِ خطاب ہے اور [ا] تثنیہ کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے اور [ن] اعرابی ہے۔</td></tr>
</table>

تَنْصُرْنَ	تم مدد کرتی ہو/ کروگی	تُنْصَرْنَ	تم مدد کی جاتی ہو/ جاؤ گی	جمع	مؤنث	مخاطب
اس میں [تَ] حرف مضارع اور علامتِ خطاب ہے اور [نَ] جمع مؤنث کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے۔						
أَنْصُرُ	میں مدد کرتا ہوں/ کروں گا	أُنْصَرُ	میں مدد کیا جاتا ہوں/ جاؤں گا	واحد	مذکر/ مؤنث	متکلم
اس میں [أ] حرف مضارع اور واحد مذکر ومؤنث متکلم کی علامت ہے اور اس میں "أَنَا" ضمیر پوشیدہ فاعل ہے۔						
نَنْصُرُ	ہم مدد کرتے ہیں/ کریں گے	نُنْصَرُ	ہم مدد کیے جاتے ہیں/ جائیں گے	تثنیہ/ جمع	مذکر/ مؤنث	متکلم
اس میں [نَ] حرف مضارع اور تثنیہ وجمع، مذکر ومؤنث متکلم کی علامت ہے اور اس میں "نَحْنُ" ضمیر پوشیدہ فاعل ہے۔						

فعل ماضی کی طرح یہاں بھی مندرجہ بالا نقشے میں مادے اور علامات کو علیحدہ کریں تو ہمارے سامنے یہ صورت آئے گی:

يَـ	نصر	——
يَـ	نصر	انِ
يَـ	نصر	وْنَ
تَـ	نصر	
تَـ	نصر	انِ
يَـ	نصر	نَ
تَـ	نصر	——

تَـ	نصر	انِ
تَـ	نصر	وْنَ
تَـ	نصر	يْنَ
تَـ	نصر	انِ
تَـ	نصر	نَ
أَ	نصر	——
نَـ	نصر	——

اگر ہمیں حال یا استقبال کا مفہوم ادا کرنا ہے، مثلاً: ہمیں اس جملے کا مفہوم چاہیے: "ہم عبادت کرتے ہیں" تو ہم [عبد] کے شروع میں [نَ] لائیں گے کیونکہ یہ "ہم" کا مفہوم دیتا ہے اور [نَعْبُدُ] بن جائے گا، اسی طرح جس مادے سے جو بھی سمجھنا یا سمجھانا چاہیں شروع اور آخر میں اس کے مطابق علامات اور ضمائر کا استعمال کریں یا سمجھیں، جیسے: جَعَلَ (بنانا) کے شروع میں [تَ] اور آخر میں [وْنَ] لگانے سے [تَجْعَلُوْنَ] "تم بناتے ہو" ہوگیا۔

نوٹ: ✱ اسماء ہوں یا افعال، تثنیہ اور جمع میں فرق کرنے کے لیے یہ علامت ہے کہ تثنیہ کا [ن] مکسور ہوگا جبکہ جمع کا [ن] مفتوح ہوگا، جیسے: ﴿ اَلْعٰلَمِيْنَ ﴾ "تمام جہان" جمع ہے اس وجہ سے [ن] مفتوح ہے اور ﴿ يُرِيْدَانِ ﴾ "وہ دونوں ارادہ رکھتے ہیں" یہاں [ن] مکسور ہے کیونکہ یہ تثنیہ کا صیغہ ہے۔

✱ فعل ماضی کے شروع میں کوئی علامت نہیں ہوتی جبکہ مضارع کے شروع میں [أ، ت، ی، ن] میں سے کوئی نہ کوئی

علامت ضرور ہوتی ہے۔

* فعل مضارع کے تمام صیغوں کے شروع میں [أ، ت، ی، ن] میں سے کوئی حرف ضرور ہوتا ہے اور آخری جانب سے نو(9) صیغوں کے بعد [ن] آتا ہے اور پانچوں صیغوں کے آخری حرف پر ضمہ [ـُ] آتا ہے، لہٰذا جس فعل کے آخر میں [ن] یا [و] کے علاوہ ضمہ آئے اور شروع میں [أ، ت، ی، ن] میں سے کوئی حرف ہو وہ فعل مضارع ہوگا۔ فعل مضارع پر بعض حروف کے آنے سے [ن] ساقط ہو جاتا ہے، جیسے: ﴿ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ ﴾ "تم ہرگز نیکی کو نہیں پہنچ سکتے" یہاں [تَنَالُوْا] فعل مضارع ہے اور اصل میں [تَنَالُوْنَ] تھا لیکن [لَنْ] کی وجہ سے [تَنَالُوْنَ] کا [نَ] ساقط ہوگیا ہے، لیکن [نَالَ] کے شروع میں علامت مضارع [ت] موجود ہے اس وجہ سے یہ مضارع ہے۔

❁ امر حاضر کی گردان:

	مذکر مخاطب		مؤنث مخاطب	
واحد	اُكْتُبْ	تو (ایک مذکر) لکھ	اُكْتُبِيْ	تو (ایک مؤنث) لکھ
تثنیہ	اُكْتُبَا	تم دونوں (مذکر) لکھو	اُكْتُبَا	تم دونوں (مؤنث) لکھو
جمع	اُكْتُبُوْا	تم (جمع مذکر) لکھو	اُكْتُبْنَ	تم (جمع مؤنث) لکھو

امر بنانے کا طریقہ

اوپر فعل مضارع کی علامات بیان ہوئی ہیں ان کو مدنظر رکھتے ہوئے امر مخاطب، مخاطب کے صیغوں سے اور امر غائب، غائب کے صیغوں سے بنتا ہے، فعل مضارع مخاطب کے چھ(6) صیغے ہیں۔

فعل مضارع سے علامت مضارع [ت] ساقط کرکے آخری حرف کو ساکن کرنے اور اگر آخر میں نون اعرابی یا حرف علت ہے تو اسے گرا دینے سے امر مخاطب بنتا ہے، بشرطیکہ [ت] کے بعد والا حرف متحرک (حرکت والا) ہو، جیسے: تُعَلِّمُ "تو سکھاتا ہے" سے عَلِّمْ "سکھایئے" اور اگر علامت مضارع [ت] کے بعد والا حرف ساکن ہے تو شروع میں ہمزہ وصلی [ا] آئے گا کیونکہ حرف ساکن سے شروع ہونے والے لفظ کو پڑھا نہیں جا سکتا۔ اب سوال یہ ہے کہ ہمزہ پر حرکت کون سی آئے گی؟ اگر حروف اصلیہ میں سے آخری سے پہلا حرف مضموم ہے تو ہمزہ پر ضمہ آئے گا، جیسے: [تَكْتُبُوْنَ] میں حروف اصلیہ [کتب] ہیں اور آخری سے پہلا حرف [ت] ہے اور [ت] پر ضمہ ہے، لہٰذا ہمزہ پر بھی ضمہ ہی آئے گا، یعنی اُكْتُبُوْا اور نون اعرابی بھی گر جائیگا اور اگر آخری سے پہلا حرف مفتوح یا مکسور ہے تو ہمزہ پر کسرہ آئے گا، جیسے: [تَهْدِيْ] فعل مضارع ہے۔ علامت مضارع [ت] اور آخر سے حرف علت ساقط کیا اور آخری سے پہلا حرف [د] ہے جس پر کسرہ ہے، لہٰذا ہمزہ پر کسرہ آئے گا، یعنی: [اِهْدِ] "تو ہدایت دے" اور آخری سے پہلے حرف پر فتحہ کی مثال یہ فرمان باری ہے: ﴿ رَبَّنَا افْتَحْ ﴾ "اے ہمارے رب! فیصلہ فرما" اس میں [اِفْتَحْ] کو علیحدہ پڑھیں تو ہمزہ پڑھنے میں آئے گا۔

نوٹ: فعل امر اگر باب [إفعَال] سے ہو تو اس کا ہمزہ کلام کے اندر بھی ہمزہ پڑھا جائے گا۔ فعل امر اگر باب إفعَال سے نہیں تو اس کا ہمزہ وسطِ کلام میں حذف ہو جائے گا، جیسے: ﴿ فَقُلْنَا اضْرِبْ ﴾ "تو ہم نے کہا: تو مار (اپنی لاٹھی۔")" یہاں اِضْرِبْ کا ہمزہ اس لیے نہیں پڑھا گیا کیونکہ یہ باب إفعال سے نہیں ہے اور ﴿ وَاَقِیْمُوْا وُجُوْهَكُمْ ﴾ "اور اپنے منہ سیدھے (قبلہ رخ) کر لو۔" میں چونکہ "أَقِيْمُوْا" باب إفعال سے ہے اس لیے اس کا ہمزہ عبارت کے اندر بھی پڑھنے میں آ رہا ہے۔

اور امر غائب و متکلم کی پہچان یہ ہے کہ مضارع کے باقی آٹھ صیغوں کے شروع میں [لِ] یعنی لام مکسور ہو گا اور امر مخاطب کی طرح آخری حرف ساکن ہو گا، نون اعرابی یا حرف علت ہو تو وہ بھی ساقط ہو جائے گا۔

اور اسی طرح: ﴿ فَلْيَحْذَرِ الَّذِيْنَ يُخَالِفُوْنَ عَنْ اَمْرِهٖٓ ﴾ "لہٰذا چاہیے کہ جو لوگ اس (رسول ﷺ) کے حکم کی خلاف ورزی کرتے ہیں اس بات سے ڈریں۔" یہاں [لْيَحْذَرْ] فعل امر غائب ہے جس پر [ف] آئی ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ لام امر اپنے سے پہلے کسی لفظ سے مل کر آئے تو لام امر ساکن پڑھا جائے گا۔

اور دوسری بات یہ سامنے آئی کہ جن افعال کا آخری حرف ساکن ہو اور ان کے آخر میں واوِ لین جمع یا میم جمع ہو یا کوئی اور حرف ساکن ہو۔ ان کو اگر آگے ملانا ہو تو واوِ لین جمع اور میم جمع کو ضمہ دے کر پڑھا جاتا ہے۔ ان کے علاوہ حروف کو کسرہ دے کر ملایا جاتا ہے، جیسے یہاں اسی صیغے کے آخر میں [ر] پر کسرہ ہے۔

نہی کی پہچان: فعل مضارع کے شروع میں لائے نہی [لَا] لگانے سے فعل نہی بن جاتا ہے، جیسے: ﴿ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ﴾ "تو تمھیں دنیا کی زندگی دھوکے میں نہ ڈال دے۔" اس [لَا] کی وجہ سے مضارع کا آخری حرف ساکن ہو جاتا ہے اور اگر آخر میں حرفِ علت یا نون اعرابی ہو تو وہ حرفِ علت اور نون اعرابی بھی گر جاتے ہیں، جیسے: ﴿ فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ اُفٍّ ﴾ "ان (والدین) سے "اف" تک نہ کہہ۔" یہاں آخری حرف ساکن ہے۔ اسی طرح: ﴿ وَلَا تَقُوْلُوْا ﴾ "اور نہ تم کہو۔" یہاں پر نون اعرابی گرا دیا گیا ہے اور اسی طرح: ﴿ وَلَا تَنْسَ نَصِيْبَكَ مِنَ الدُّنْيَا ﴾ "اور تو دنیا میں بھی اپنا حصہ مت بھول۔" یہاں حرف علت گرا دیا گیا ہے کیونکہ اصل میں [تَنْسٰی] تھا۔

حرف (Particle)

حروف کی کئی اقسام ہیں مگر اس جگہ صرف حروف عاطفہ کا ذکر کیا جاتا ہے جبکہ حروف جارّہ کی بحث آگے آ رہی ہے۔

حروف عطف (Conjunctions): یہ حروف وہ ہیں جن کے ذریعے سے ایک کلمے یا جملے کے حکم اور اعراب میں دوسرے کلمے یا جملے کو شامل کر لیا جائے، مثلاً: ﴿ اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا ﴾ "ہم نے (یوسف) کو حکمت اور علم دیا۔" اس آیت میں [و] "اور" کے ذریعے سے [عِلْمًا] کو [حُكْمًا] کے اعراب اور حکم میں شامل کیا گیا ہے، یعنی جس طرح انھیں حکم عطا کیا گیا اسی طرح علم بھی عطا کیا گیا۔ جن دو کلمات یا جملوں کے مابین حرف عطف آئے ان میں سے پہلا معطوف علیہ اور دوسرا معطوف کہلاتا ہے۔

حروف	معانی	مثال
وَ	اور/ جبکہ/ حالانکہ	﴿ فَاَنْجَیْنٰهُ وَاَصْحٰبَ السَّفِیْنَةِ ﴾ ''پس ہم نے اس (نوح) کو اور سفینے والوں کو نجات دی۔'' یہاں [وَ] ''اور'' حرف عطف ہے۔
فَ	بعد ازاں/ پھر/ پس/ چنانچہ/ تو (برائے ترتیب)	﴿ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ ﴾ ''اگر تم اللہ سے محبت کرتے ہو تو میری پیروی کرو۔'' یہاں [فَ] ''تو'' حرف عطف ہے۔
ثُمَّ	پھر/ تب/ اس کے بعد (برائے ترتیب لیکن تاخیر کے ساتھ)	﴿ ثُمَّ السَّبِیْلَ یَسَّرَهٗ ○ ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقْبَرَهٗ ﴾ ''پھر اس کے لیے راہ آسان کر دی، پھر اسے موت دی اور قبر میں پہنچایا۔'' یہاں [ثُمَّ] ''پھر'' حرف عطف ہے۔
حتّٰی	یہاں تک کہ/ تک/ تا کہ/ نیز/ بھی/ حتی کہ	﴿ وَقٰتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ ﴾ ''اور تم ان سے لڑو حتی کہ فتنہ (شرک) نہ رہے۔'' یہاں [حَتّٰی] ''حتی کہ'' حرف عطف ہے۔
إِمَّا أَوْ أَمْ	خواہ/ یا (برائے شک/ برائے اختیار) وغیرہ نوٹ: یہ تینوں تقریباً ایک ہی مفہوم کے لیے استعمال ہوتے ہیں	﴿ اِنَّا هَدَیْنٰهُ السَّبِیْلَ اِمَّا شَاكِرًا وَّاِمَّا كَفُوْرًا ﴾ ''بے شک ہم نے اسے راستے کی ہدایت دی، خواہ شکر گزار بنے یا ناشکرا۔'' یہاں [إِمَّا] ''خواہ'' حرف عطف ہے۔ اسی طرح: ﴿ لَبِثْتُ یَوْمًا اَوْ بَعْضَ یَوْمٍ ﴾ ''میں (یہاں) دن یا دن کا کچھ حصہ رہا ہوں۔'' میں [أَوْ] ''یا'' حرف عطف ہے۔ ایسے ہی ﴿ اَقَرِیْبٌ اَمْ بَعِیْدٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ ﴾ ''(اور میں نہیں جانتا) کہ جس کا تمھیں وعدہ دیا جاتا ہے وہ قریب ہے یا بعید؟'' میں [أَمْ] بمعنی ''یا'' حرف عطف ہے۔
بَلْ	بلکہ (یہ معطوف علیہ سے اعراض کر کے معطوف کے لیے حکم ثابت کرتا ہے)	﴿ بَلْ هُمْ فِیْ شَكٍّ یَّلْعَبُوْنَ ﴾ ''(مگر کفار کو یقین نہیں) بلکہ وہ شک میں پڑے کھیل رہے ہیں۔'' یہاں [بَلْ] ''بلکہ'' حرف عطف ہے۔
لٰكِنْ	لیکن (پہلے کلام سے جو وہم پیدا ہو اسے دور کرنے کے لیے آتا ہے، اس سے پہلے یا بعد نفی کا ہونا ضروری ہے)	﴿ اِنَّكَ لَا تَهْدِیْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ یَهْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ ﴾ ''(اے نبی!) بے شک آپ جس سے محبت کریں اسے ہدایت نہیں دے سکتے لیکن اللہ جسے چاہے ہدایت دیتا ہے۔'' اسی طرح: ﴿ وَمَا ظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ كَانُوْۤا اَنْفُسَهُمْ یَظْلِمُوْنَ ﴾ ''اور انھوں نے ہم پر ظلم نہیں کیا لیکن وہ اپنے آپ ہی پر ظلم کرتے تھے۔'' ان دونوں مثالوں میں [لٰكِنْ] حرف عطف ہے اور دونوں میں نفی بھی ہے۔

نوٹ: یہ حروف کبھی صرف جمع یا رابطے کے لیے بھی استعمال ہوتے ہیں۔

اُردو زبان میں بھی حروف عطف مستعمل ہیں، مثلاً: ہمّام اور حارث پڑھ رہے ہیں۔" یہاں لفظ "اور" کے ذریعے سے ہمّام اور حارث دونوں کے متعلق یہ خبر دی گئی ہے کہ وہ پڑھ رہے ہیں۔ اسی طرح اُردو میں لیکن، پس، پھر، چونکہ، چنانچہ، اور انگریزی میں but,and وغیرہ کا استعمال ہوتا ہے۔

مرکب اور اس کی اقسام

اگر دو یا دو سے زیادہ کلمے مل کر آئیں تو انھیں مرکب کہتے ہیں، اس کی دو قسمیں ہیں:

- مرکب مفید
- مرکب غیر مفید

مرکب مفید: جب کہنے والا بات کہہ چکے اور سننے والے کو اس بات سے کوئی خبر یا مطالبہ معلوم ہو تو اسے مرکب مفید کہتے ہیں، جیسے: ﴿ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَیْبَ فِیْهِ ﴾ "یہ (وہ) کتاب ہے جس میں کوئی شک نہیں۔" میں سننے والے کو خبر معلوم ہوئی اور ﴿ اَطِیْعُوا اللّٰهَ وَ اَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ ﴾ "اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو (اس کے) رسول کی۔" سے سننے والے کو مطالبہ معلوم ہوا ہے۔ مرکب مفید ہی کو جملہ یا کلام کہتے ہیں۔ اس کی دو قسمیں ہیں:

- جملہ خبریہ
- جملہ انشائیہ

جملہ خبریہ کی دو قسمیں ہیں:

- اسمیہ
- فعلیہ

جملہ اسمیہ: وہ جملہ جس کا پہلا رکن اسم ہو، جملہ اسمیہ کہلاتا ہے، جیسے: ﴿ اَللّٰهُ عَلِیْمٌ ﴾ "اللہ خوب جاننے والا ہے۔" لفظ [اَللّٰهُ] مبتدا، اور لفظ [عَلِیْمٌ] "خوب جاننے والا ہے" خبر ہے۔

نوٹ: ● مبتدا ہمیشہ معرفہ ہوتا ہے، خواہ [ال] کے ذریعے ہو یا معرفہ کی کوئی اور قسم، مثلاً: اسم ضمیر، اسم اشارہ یا اسم موصول وغیرہ۔

● دونوں اسموں کے آخر پر پیش ہوگی، جیسے:

اَللّٰهُ عَلِیْمٌ	اللہ خوب جاننے والا ہے
اَللّٰهُ اَحَدٌ	اللہ ایک ہے
اَلرَّسُوْلُ صَادِقٌ	رسول سچا ہے
مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ	محمد (ﷺ) اللہ کے رسول ہیں

● مبتدا اگر واحد ہو تو خبر بھی واحد ہوگی۔ اگر مبتدا تثنیہ یا جمع ہو تو خبر بھی تثنیہ یا جمع ہوگی۔ اسی طرح اگر مبتدا مؤنث یا مذکر ہو تو خبر بھی اس کے مطابق ہوگی، جیسے:

اَلرَّسُوْلُ صَادِقٌ	رسول سچا ہے	اَلْمَرْأَةُ صَادِقَةٌ	عورت سچی ہے
اَلرَّسُوْلَانِ صَادِقَانِ	دو رسول سچے ہیں	اَلْمَرْأَتَانِ صَادِقَتَانِ	دو عورتیں سچی ہیں
اَلرُّسُلُ صَادِقُوْنَ	سب رسول سچے ہیں	اَلنِّسَآءُ صَادِقَاتٌ	تمام عورتیں سچی ہیں

جملہ فعلیہ: وہ جملہ جس کا پہلا رکن فعل ہو، اسے جملہ فعلیہ کہتے ہیں، مثلاً: ﴿اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ﴾ ''قیامت قریب آگئی اور چاند پھٹ گیا۔'' یہاں [اِقْتَرَبَتْ] ''قریب آگئی'' فعل ہے، لہٰذا یہ جملہ فعلیہ ہے۔

مرکب غیر مفید: جب بات کہنے والا بات کہہ چکے اور سننے والے کو اس بات سے کوئی خبر یا مطالبہ معلوم نہ ہو، ایسے مرکب کو مرکب غیر مفید کہتے ہیں۔ اس کی چار قسمیں ہیں:

❁ مرکب اضافی ❁ مرکب توصیفی ❁ مرکب اشاری ❁ مرکب جارّی

○ **مرکب اضافی:** ایسا مرکب جس میں ایک اسم کا دوسرے اسم یا جملے سے تعلق بیان کیا جائے، مرکب اضافی کہلاتا ہے۔ مرکب اضافی میں پہلا جز مضاف اور دوسرا جز مضاف الیہ ہوتا ہے، جیسے: [کِتَابُ اللّٰهِ] ''اللہ کی کتاب'' یہاں [کِتَابُ] مضاف اور لفظ [اَللّٰه] مضاف الیہ ہے۔ اسی طرح ﴿يَوْمُ يَنْفَعُ الصّٰدِقِيْنَ صِدْقُهُمْ﴾ ''اس دن سچوں کو ان کی سچائی نفع دے گی۔'' اس مثال میں مضاف الیہ مکمل جملہ ہے اور [يَوْمُ] مضاف ہے۔

عربی میں مضاف پہلے آتا ہے اور مضاف الیہ بعد میں، جبکہ اُردو میں مضاف الیہ پہلے اور مضاف بعد میں آتا ہے۔ مضاف الیہ ہمیشہ مجرور ہوتا ہے۔

مثالیں

ذِكْرُ اللّٰهِ (اللہ کا ذکر) اٰيٰتُ الْقُرْاٰنِ (قرآن کی آیات) قَوْمُ نُوْحٍ (نوح کی قوم) عَذَابُ اللّٰهِ (اللہ کا عذاب) عَالِمُ الْغَيْبِ (غیب کا عالم)

✱ اگر مضاف تثنیہ یا جمع ہو تو اس کا نون گرا دیا جاتا ہے، جیسے:

غُلَامَانِ + سَلِيْمٌ سے غُلَامَا سَلِيْمٍ	سلیم کے دو غلام
مُسْلِمُوْنَ + بَاكِسْتَانُ سے مُسْلِمُوْ بَاكِسْتَانَ	پاکستان کے مسلمان

○ **مرکب توصیفی:** وہ مرکب جس میں ایک اسم یا جملہ دوسرے اسم کی خوبی یا برائی یا کوئی اور وصف بیان کرے، مرکب توصیفی کہلاتا ہے۔ جس اسم کا وصف بیان کیا جائے اسے موصوف اور دوسرے کو صفت کہتے ہیں۔ اُردو میں صفت پہلے آتی ہے اور موصوف بعد میں جبکہ عربی میں موصوف پہلے آتا ہے اور صفت بعد میں۔

مثالیں

عربی	اردو	عربی	اردو
مُؤْمِنٌ صَالِحٌ	صالح مومن	أَمِيرٌ ظَالِمٌ	ظالم امیر
إِنْسَانٌ كَافِرٌ	کافر انسان	عَمَلٌ صَالِحٌ	صالح عمل

* عربی زبان میں موصوف اور صفت کے آخر کی حرکتیں ہمیشہ ایک طرح کی ہوتی ہیں۔
* معرفہ ونکرہ ہونے میں موصوف اور صفت ایک دوسرے کے مطابق ہوتے ہیں، جیسے:

عربی	اردو
اَلرَّسُوْلُ الْكَرِيْمُ ، رَسُوْلٌ كَرِيْمٌ	معزز رسول
عَذَابٌ أَلِيْمٌ ، اَلْعَذَابُ الْأَلِيْمُ	دردناک عذاب

* تذکیر وتانیث میں بھی موصوف اور صفت دونوں ایک دوسرے کے مطابق ہوں گے، جیسے:

عربی	اردو	عربی	اردو
رَجُلٌ صَالِحٌ	نیک مرد	اِمْرَأَةٌ صَالِحَةٌ	نیک عورت
مُسْلِمٌ عَاقِلٌ	عقل مند مسلمان مرد	مُسْلِمَةٌ عَاقِلَةٌ	عقل مند مسلمان عورت
يَوْمٌ عَظِيْمٌ	بڑا دن	لَيْلَةٌ عَظِيْمَةٌ	بڑی رات

* واحد، تثنیہ اور جمع میں بھی موصوف اور صفت دونوں ایک دوسرے کے مطابق ہوں گے، جیسے:

واحد	تثنیہ	جمع
رَجُلٌ صَادِقٌ	رَجُلَانِ صَادِقَانِ	رِجَالٌ صَادِقُوْنَ
اِمْرَأَةٌ صَادِقَةٌ	اِمْرَأَتَانِ صَادِقَتَانِ	نِسَاءٌ صَادِقَاتٌ

* اعراب، یعنی رفع، نصب اور جر میں بھی موصوف اور صفت دونوں ایک دوسرے کے مطابق ہوں گے، جیسے:

عربی	اردو
هٰذَا رَجُلٌ صَادِقٌ	یہ سچا آدمی ہے
أُحِبُّ رَجُلًا صَادِقًا	میں سچے آدمی سے محبت کرتا ہوں
قَرَأْتُ مِنْ كِتَابٍ جَدِيْدٍ	میں نے نئی کتاب سے پڑھا

○ **مرکب اشاری:** ایسا مرکب جس میں کسی ذات کی طرف اشارہ کیا گیا ہو، مرکب اشاری کہلاتا ہے۔ اور جس اسم سے اشارہ کیا جائے اسے اسم اشارہ اور جس ذات کی طرف اشارہ کیا گیا ہو اسے مشار الیہ کہتے ہیں، جیسے: ﴿ذٰلِكَ الْكِتٰبُ﴾ ''وہ کتاب'' یہاں ذٰلِكَ اسم اشارہ اور اَلْكِتَابُ مشار الیہ ہے۔ قریب یا بعید کے اعتبار سے اسم اشارہ کی دو اقسام ہیں:

- اسم اشارہ قریب
- اسم اشارہ بعید

اسمائے اشارہ

○ اسمائے اشارہ قریب:

جنس	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	هٰذَا یہ ایک مذکر	هٰذَانِ هٰذَيْنِ یہ دو مذکر	هٰٓؤُلَآءِ یہ سب مذکر
مؤنث	هٰذِهٖ یہ ایک مؤنث	هَاتَانِ هَاتَيْنِ یہ دو مؤنث	یا یہ سب مؤنث

○ اسمائے اشارہ بعید:

جنس	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	ذٰلِكَ وہ ایک مذکر	ذَانِكَ ذَيْنِكَ وہ دو مذکر	أُولٰٓئِكَ وہ سب مذکر
مؤنث	تِلْكَ وہ ایک مؤنث	تَانِكَ تَيْنِكَ وہ دو مؤنث	یا وہ سب مؤنث

اشارہ جب جگہ کی طرف ہو تو اس کے لیے یہ الفاظ مستعمل ہیں:

هُنَا یا هٰهُنَا (یہاں)، هُنَالِكَ یا هُنَاكَ (وہاں)

اسم اشارہ قریب کی مثالیں

هٰذَا رَجُلٌ	یہ ایک مرد ہے	هٰذِهِ امْرَأَةٌ	یہ ایک عورت ہے
هٰذَانِ رَجُلَانِ	یہ دو مرد ہیں	هَاتَانِ امْرَأَتَانِ	یہ دو عورتیں ہیں
هٰٓؤُلَآءِ رِجَالٌ	یہ سب مرد ہیں	هٰٓؤُلَآءِ نِسَاءٌ / نِسْوَةٌ	یہ سب عورتیں ہیں

○ مرکب جارّی: ایسا مرکب جو حرف جار اور اسم مجرور پر مشتمل ہو، مرکب جارّی کہلاتا ہے۔ حروف جارّہ جن اسماء کے شروع میں آئیں انھیں مجرور کہتے ہیں، جیسے: ﴿بِسْمِ اللّٰهِ﴾ میں [اِسْمِ] حرف جارّ [ب] کی وجہ سے مجرور ہے اور اسی لیے اس کے آخر میں زیر ہے۔

حروفِ جارّہ (Prepositions): حروفِ جارّہ درج ذیل ہیں:

- بِ (ساتھ/ سے With)، جیسے: ﴿ بِسْمِ اللّٰهِ ﴾ ''اللہ کے نام کے ساتھ''
- تَ (قسم کے لیے)، جیسے: ﴿ وَتَاللّٰهِ لَاَكِيْدَنَّ اَصْنَامَكُمْ ﴾ ''اور اللہ کی قسم! میں ضرور تمھارے بتوں کے خلاف تدبیر کروں گا۔''
- وَ (قسم کے لیے)، جیسے: ﴿ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ ﴾ ''قسم ہے قرآنِ مجید کی!''
- لِ (کے لیے/ واسطے/ for)، جیسے: ﴿ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ﴾ ''تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں۔''
- كَ (مانند/ کی طرح/ as)، جیسے: ﴿ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ ﴾ ''اس کی مانند کوئی چیز نہیں۔''
- فِيْ (میں/ in)، جیسے: ﴿ وَلَكُمْ فِي الْقِصَاصِ حَيٰوةٌ ﴾ ''اور تمھارے لیے (قتل) کا بدلہ لینے میں زندگی ہے۔''
- عَنْ (کے متعلق، کے بارے میں/ about / کی طرف سے/ from)، جیسے: ﴿ عَنِ النَّبَاِ الْعَظِيْمِ ﴾ ''اس عظیم خبر کے بارے میں۔''
- عَلٰى (پر/ on)، جیسے: ﴿ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى ﴾ ''وہی لوگ ہدایت پر ہیں۔''
- حَتّٰى (تک/ یہاں تک کہ/ till / untill)، جیسے: ﴿ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ﴾ ''طلوع فجر تک۔''
- مِنْ (سے/ form)، جیسے: ﴿ مِنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ﴾ ''مسجد حرام سے۔''
- اِلٰى (تک/ کی طرف/ to)، جیسے: ﴿ تُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ ﴾ ''اللہ کی طرف رجوع کرو۔''

نوٹ: مرکب غیر مفید کی ان کے علاوہ بھی کئی قسمیں ہیں۔

کچھ ترجمۂ قرآن کے بارے میں!

راقم نے جب قرآن مجید کے تفسیری حواشی تحریر کیے، جو "تفسیر احسن البیان" کے نام سے شائع ہوئے، تو اس وقت "دارالسلام" الریاض کے رفقاء نے ترجمے کے لیے مولانا محمد جونا گڑھی رحمہ اللہ کا وہ ترجمہ منتخب کیا جو تفسیر ابن کثیر کے اُردو ترجمے کے ساتھ چھپا ہوا ہے، تاہم اس میں بہت سے مقامات پر اصلاحِ زبان وبیان کر لی گئی تھی۔

اللہ تعالیٰ نے "تفسیر احسن البیان" کو قبولِ عام سے نوازا، اور ہر حلقے میں اسے پسند کیا گیا، حتیٰ کہ علماء نے بھی اس کی تحسین اور راقم کی حوصلہ افزائی فرمائی۔ لیکن اکثر علماء نے اس کے ساتھ ساتھ اس بات کا اظہار ہی نہیں، بلکہ اصرار کیا کہ ان تفسیری حواشی کے ساتھ ترجمہ بھی نیا لگایا جائے۔ موجود ترجمہ گو زبان وبیان کے اعتبار سے زیادہ پرانا نہیں ہے، لیکن بعض مقامات پر ضرورت سے زیادہ بامحاورہ ہونے کی وجہ سے اس میں قرآنی متن سے بہت بعد نظر آتا ہے۔ یہی بات دینی مدارس میں زیرِ تعلیم بعض طلبہ وطالبات کی طرف سے بھی ہم تک پہنچی اور انھوں نے یہ بھی کہا کہ ترجمے کے لیے ہمیں دوسرا قرآن دیکھنا پڑتا ہے۔

علماء اور طلباء، دونوں کی یہ باتیں ایک تو حقیقت کے قریب تھیں۔ دوسرے، ان میں قرآن فہمی کے جذبے کی کارفرمائی تھی۔ اس لیے راقم نے "دارالسلام" لاہور کے منتظم اعلیٰ عزیز گرامی حافظ عبدالعظیم اسد سَلَّمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى وَبَارَكَ فِيْ عُمُرِهٖ وَجُهُوْدِهٖ سے اس کا تذکرہ اور مذکورہ حضرات کی خواہش کو عملی جامہ پہنانے کی بابت مشورہ کیا، تو انھوں نے بھی اس کی تائید کی اور کہا کہ اس سے ادارے کی ایک بہت بڑی ضرورت بھی پوری ہو جائے گی، اور یوں انھوں نے بھی اس پر اپنی آمادگی اور تعاون کا نہ صرف اظہار کر دیا بلکہ محبِّ ومشفق گرامی جناب عبدالمالک مجاہد حفظہ اللہ سے بھی اس کی منظوری لے لی۔ اس طرح ان دونوں حضرات کے مخلصانہ جذبہ وتعاون اور حوصلہ افزائی سے، اس راہ کا پہلا سنگ گراں، الحمد للہ دور ہو گیا اور ایک نیا ترجمہ کرنے کا عزم کر لیا گیا۔

آغازِ کار میں باہمی مشاورت سے یہی طے پایا کہ لفظی ترجمہ کیا جائے، کیونکہ ترجمے کی ضرورت ہی اس لیے محسوس کی گئی کہ پہلے تفسیر کے ساتھ جو ترجمہ لگا ہوا ہے وہ لفظی نہیں ہے۔ علاوہ ازیں راقم کے خیال میں بھی قرآن فہمی کے لیے لفظی ترجمہ ہی عوام کے لیے مناسب رہتا ہے۔ بامحاورہ ترجمے سے جو کلامِ الٰہی کی ترجمانی ہوتی ہے، زیادہ سلیس ورواں ہونے کی وجہ سے قرآن کا مفہوم تو بآسانی سمجھ میں آجاتا ہے، لیکن اس رواں دواں ترجمے کو بار بار پڑھنے کے باوجود، پڑھنے والے کو یہ معلوم نہیں ہوتا کہ قرآن کے فلاں لفظ کا ترجمہ کیا ہے اور فلاں کا کیا۔ یوں عمر بھر قرآن خوانی اور ترجمہ خوانی کے باوجود، وہ براہِ راست (ترجمے کے بغیر) قرآن خوانی کے لطف اور اس کے فہم سے اور اس کے اعجاز اور سحر بیانی سے محروم رہتا ہے اور یہ ظاہر بات ہے کہ براہِ راست کلامِ الٰہی انسان کے قلب ودماغ پر جو اثر ڈال سکتا اور جو انقلاب وتغیر پیدا کر سکتا ہے، کوئی انسانی کلام اسے اس طرح متاثر نہیں کر سکتا اور نہ ہی تغیر وانقلاب کی راہ اس طرح ہموار کر سکتا ہے۔ اس لیے قرآن کو ترجمہ وتفسیر کے ساتھ پڑھنے کا مطلب یہ ہونا چاہیے کہ چند مرتبہ ایسا کرنے سے قاری کے اندر یہ استعداد پیدا ہو جائے کہ پھر وہ ترجمے کے بغیر بھی قرآن کو سمجھ سکے، تاکہ قرآن کا اعجاز اسے براہِ راست متاثر کر سکے اور یہ چیز اگر انسان کوشش کرے، تو لفظی ترجمے سے تو حاصل ہو سکتی ہے، کسی بامحاورہ اور سلیس ورواں ترجمے سے حاصل نہیں ہو سکتی۔

علاوہ ازیں رواں دواں اور شگفتہ ترجمہ، چونکہ عام فہم ہوتا ہے، اس لیے قاری سرسری سے انداز میں ترجمہ پڑھ جاتا ہے، اسے زیادہ غور وفکر کرنے کی ضرورت ہی نہیں پڑتی۔ جبکہ لفظی ترجمے میں زیادہ سلاست و شگفتگی ہوتی ہے نہ ہو ہی سکتی ہے کیونکہ لفظوں کی پابندی شگفتگی کی راہ میں رکاوٹ ہوتی ہے، اس لیے قاری کو ضرورت محسوس ہوتی ہے کہ وہ ترجمے پر غور کرے اور اسے توجہ سے سمجھنے کی کوشش کرے۔ لفظی ترجمے میں یہ تعقید اور عدمِ سلاست (یعنی اس کا عام فہم نہ ہونا) ہی قرآن فہمی کی کلید ہے۔

راقم کو اگرچہ اوّل روز ہی سے یہ احساس تھا کہ قرآن مجید کا ترجمہ کرنا کوئی آسان کام نہیں، بلکہ نہایت مشکل کام ہے۔ تاہم جب اس کا آغاز کیا گیا تو اس کی مشکلات اور کٹھنائیاں مزید واضح ہو کر سامنے آگئیں، اور عملی تجربے سے یہ بات بھی سامنے آئی کہ بامحاورہ ترجمہ، لفظی ترجمے کی نسبت زیادہ آسان ہے۔ لفظی ترجمہ دنیا کا مشکل ترین کام ہے۔ بامحاورہ ترجمے میں الفاظ کو آگے پیچھے کرنے کی گنجائش ہوتی ہے اور ترجمے میں الفاظ کے اضافے کی بھی۔ جب کہ لفظی ترجمے میں یہ دونوں سہولتیں نہیں ہوتیں۔ اس میں کوشش یہ ہوتی ہے کہ عربی لفظ کے نیچے اس کا ترجمہ آئے، اس لیے اس میں اختصار و جامعیت کا بھی اہتمام کرنا پڑتا ہے اور تفصیل واضافے سے بچنے کا التزام بھی۔ ان دونوں باتوں کو ملحوظ رکھنا اس کام کو مشکل سے مشکل تر بنا دیتا ہے، اس پر مستزاد یہ بات کہ قرآن کریم کے لفظ لفظ کا ایسا ترجمہ، جو اس کے مفہوم، زورِ بیان اور اعجاز کو مکمل طور پر اپنے اندر سمیٹ لے، ناممکن ہے۔ الفاظ کے دروبست اور زبان وبیان کی تمام تعبیرات کلامِ الٰہی کی تاثیر اور اس کی معنویت کو کسی بھی زبان میں منتقل کرنے سے قاصر ہیں۔

بہر حال اللہ کے بھروسے پر ترجمے کا آغاز کر دیا گیا، یہ جانتے ہوئے بھی کہ اس کے لیے جو اہلیت وصلاحیت درکار ہے، اس سے راقم محروم ہے، لیکن اللہ تعالیٰ کا یہ بے پایاں کرم واحسان اور خصوصی فضل وانعام دیکھتے ہوئے کہ اس سے قبل اس نے مجھ جیسے بے مایہ اور علم وعمل سے تہی دامن شخص کو تفسیری حواشی لکھنے کی توفیق سے نواز دیا تھا، کچھ حوصلہ ہوا اور یہ امید ہوئی کہ وہ ترجمے میں بھی ضرور دست گیری ومعاونت فرمائے گا۔

اللہ کی مدد کے حصول کے لیے راقم نے خصوصی دعا کے ساتھ یہ التزام بھی کیا کہ روزانہ صلاۃ الإشراق کے علاوہ دوگانہ پڑھ کر رَبِّ يَسِّرْ وَلَا تُعَسِّرْ وَتَمِّمْ بِالْخَيْرِ وَبِكَ نَسْتَعِيْنُ يَافَتَّاحُ کے ورد کے ساتھ کام کا آغاز کرتا رہا۔ یہی التزام تفسیری حواشی لکھنے کے دوران میں بھی راقم نے کیا تھا۔ احباب اور بزرگوں سے بھی دعاؤں کی خصوصی درخواستیں کیں اور انھوں نے بھی اس کام کی تکمیل کے لیے خصوصی دعائیں کیں، حتی کہ کئی دوستوں نے حرمِ مکہ میں بھی دعائیں کیں۔ اللہ تعالیٰ ان تمام دوستوں اور بزرگوں کو اَجرِ جزیل سے نوازے جنھوں نے اس کام کے لیے دعائیں کیں اور ان کو بھی اس کام کے اجر وثواب میں شریک فرمالے۔ ﴿اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ﴾

قبولیتِ دعا کا ایک بڑا مظہر یہ سامنے آیا کہ راقم نے ترجمے کی مشکلات اور وقت کی تنگیٔ داماں کے پیش نظر عزیز گرامی حافظ عبدالعظیم اسد ﷾ سے استدعا کی کہ وہ رکنِ ادارہ مولانا محمد عبدالجبار، فاضل دارالحدیث محمدیہ جلالپور پیروالا (ملتان) کو ایک معاون کے طور پر مجھے دے دیں، تاکہ ایک فاضل ساتھی کی معاونت ورہنمائی بھی مجھے حاصل ہو جائے اور اس کام کی تکمیل بھی جلد از جلد کی جاسکے۔ عزیز گرامی سلمہ اللہ تعالیٰ نے راقم کی استدعا سے موافقت فرمائی اور مولانا موصوف ﷾ کو ادارے کے دوسرے کاموں سے فارغ کر کے میرے حوالے کر دیا۔ مولانا موصوف اردو ادب کا بھی اچھا ذوق رکھتے ہیں اور عربی علوم پر بھی خوب دسترس۔ اور یہ دونوں ہی

چیزیں ترجمے کے لیے ناگزیر ہیں، بنابریں ان کا انتخاب، حسنِ انتخاب، ہی کا مصداق ثابت ہوا۔ فَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

مولانا موصوف ﷫ نے اس ترجمۂ قرآن میں بھرپور تعاون فرمایا۔ وہ راقم سے رہنمائی لیتے رہے اور راقم ان سے رہنمائی لیتا رہا۔ یہ اتنی مشکل گھاٹی تھی کہ اسے عبور کرتے ہوئے بارہا ہم دونوں کے اعصاب جواب دے جاتے رہے، تاہم ہانپتے کانپتے، بلکہ گرتے پڑتے اور بار بار کمر ہمت کستے اور دعائیں کرتے ہوئے اس سفرِ پُرصعوبت کو جاری رکھا۔ بالآخر اللہ تعالیٰ کی توفیق اور اس کے فضل وکرم سے یہ نہایت دشوار گزار گھاٹی عبور کرنے اور یہ سربفلک چوٹی سر کرنے میں ہم اپنے خیال کے مطابق کامیاب ہوگئے۔ فَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ.

بہر حال ہم نے اس ترجمے کو اپنی ممکن حد تک بہتر سے بہتر بنانے کی زیادہ سے زیادہ کوشش کی ہے، لیکن اس کے باوجود ہم یہ دعویٰ نہیں کر سکتے کہ یہ ترجمہ دیگر تراجم سے بہت زیادہ بہتر ہے، اس لیے کہ ترجمے میں بہتر سے بہتر اسلوب اختیار کرنے کے باوجود مزید بہتری کی گنجائش موجود رہتی ہے۔ علاوہ ازیں تمام تر کوشش کے باوجود، انسان کلامِ الٰہی کو دوسری زبان میں، اس کے حسن، جامعیت اور اعجاز سمیت مکمل طور پر منتقل کرنے سے قاصر ہے، جیسا کہ ہم نے پہلے بھی صراحت کی ہے اور ہمیں اپنے عجز کا پورا اعتراف ہے، اس لیے ہم کوئی دعویٰ نہیں کرتے، صرف اس بات کا اظہار کرتے ہیں کہ ہم نے ترجمے کو لفظوں کے قریب رہتے ہوئے، جتنا عام فہم بنا سکتے تھے، اس کی پوری کوشش کی ہے تاکہ قرآن فہمی کے لیے یہ ترجمہ زیادہ سے زیادہ مفید ثابت ہو سکے۔

اس میں اصل کامیابی اور معیار کا تناسب کتنا اور کیسا ہے۔ اس کا فیصلہ اب قارئین کرام اور علمائے عظام ہی کو کرنا ہے۔ ہم نے اپنی حد تک صحیح سے صحیح ترجمہ کے اختیار کرنے میں اور مناسب سے مناسب تر الفاظ واسلوب کے اپنانے میں پوری سعی وکاوش کی ہے۔ ہر مشکل مقام کو، جو قدم قدم پر عناں گیر ہوتے رہے، ہم نے جدید وقدیم تفاسیر وتراجم کی روشنی میں دیکھا، ایک ایک لفظ پر گھنٹوں صرف کیے اور تفاسیر وتراجم کے علاوہ لغات وشروحاتِ حدیث کی کتابیں بھی کھنگالیں اور اکثر پھر باہم مشورے سے، اللہ تعالیٰ جو کچھ سجھاتا، اسے تحریر کرتے رہے۔ واقعہ یہ ہے کہ اس کام میں مولانا موصوف کی معاونت، رہنمائی اور محنت نہ ہوتی، تو یہ کام اتنی جلدی بھی نہ ہوتا اور شاید اتنا باوثوق اور معیاری بھی نہ ہوتا، جتنا ہمارے خیال میں یہ اس وقت ہے۔ اس اعتبار سے اس ترجمۃ القرآن میں مولانا موصوف، راقم کے ساتھ برابر کے شریک ہیں اور راقم ان کا شکر گزار ہے کہ انھوں نے رفاقت، معاونت اور رہنمائی کا پورا حق ادا کیا ہے۔ جَزَاهُ اللّٰهُ أَحْسَنَ الْجَزَآءِ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ.

ہر مترجم اپنے ترجمے کی بابت یہ وضاحت ضرور کرتا ہے کہ اس میں فلاں فلاں خوبیاں ہیں۔ اس ترجمے کی بابت بھی اہل علم کے ذہن میں یہ سوال آئے گا کہ اس ترجمے کی کیا امتیازی خصوصیات اور خوبیاں ہیں۔ تو واقعہ یہ ہے کہ آج سے تقریباً 5 سال قبل (2000ء میں) جب یہ ترجمہ کیا گیا تھا، اس وقت اسے تفسیر ''احسن البیان'' کے ساتھ لگانا مقصود تھا۔ اسی لیے اس ترجمے کے ساتھ ساتھ ''احسن البیان'' پر بھی حسب ضرورت نظر ثانی اور ترمیم واضافہ کیا تھا۔ یوں تفسیر مذکور کا بھی ایک نیا ایڈیشن تیار ہوگیا، جو حسبِ مشیت الٰہی کبھی نہ کبھی شائع ہوگا، فی الحال اضافہ شدہ ایڈیشن کی اشاعت بعض اسباب کی بنا پر رکی ہوئی ہے۔ مَا شَآءَ اللّٰهُ كَانَ وَمَا لَمْ يَشَأْ لَمْ يَكُنْ.

اُس وقت ٹھیٹھ لفظی ترجمہ کیا گیا تھا، یعنی سوائے ان مقامات کے جہاں تحت اللفظ ترجمہ ممکن نہیں تھا، ہر لفظ کا ترجمہ اس کے نیچے

ہی کیا گیا تھا، حتی کہ اس کی خاطر اردو کے معروف اسلوب کو بھی نظر انداز کر دیا گیا تھا، لیکن اس کی اشاعت کی نوبت ہی نہیں آئی۔ جن احباب کے علم میں یہ کام تھا، ان کی طرف سے اس کی اشاعت کا مطالبہ ہوتا رہتا تھا، ان کے اصرار پر ادارے نے یہ پروگرام بنایا کہ فی الحال ترجمہ ہی شائع کر دیا جائے اور اس کے لیے یہ فیصلہ کیا گیا کہ اسے ڈبوں والے انداز سے، یعنی بکسوں (خانوں) کے اندر قرآنی متن اور انھی خانوں (بکسوں) میں ان الفاظ کا اردو ترجمہ دے کر، شائع کیا جائے، چنانچہ بکسوں (خانوں) کی رعایت سے فائدہ اٹھا کر ترجمے میں بھی لفظوں سے تھوڑا سا انحراف کر لیا گیا، تاکہ ترجمے میں مزید سلاست و شگفتگی پیدا ہو جائے۔

جیسے مثال کے طور پر ﴿ذَهَبَ اللّٰهُ﴾ کے ترجمے (لے گیا اللہ) کو ''اللہ لے گیا'' سے، ﴿عَلٰى بَعْضٍ﴾ کے ترجمے (اوپر بعض کے) کو ''بعض پر'' سے، ﴿مَعَ نُوْحٍ﴾ کے ترجمے (ساتھ نوح کے) کو ''نوح کے ساتھ'' سے، ﴿أُوْلٰهُمَا﴾ کے ترجمے (پہلا ان دونوں میں سے) کو ''ان دونوں میں سے پہلا'' سے، ﴿خِلٰلَ الدِّيَارِ﴾ کے ترجمے (درمیان شہروں کے) کو ''شہروں کے درمیان'' سے بدل دیا گیا۔ وَعَلٰى هٰذَا الْقِيَاس ان جیسی دوسری ترکیبیں یا الفاظ ہیں۔

الفاظ میں تقدیم و تاخیر یا انحراف سے مقصود سلاست و شگفتگی ہے جس کا جتنا اہتمام ہو جائے، اس سے ترجمے میں حسن بھی پیدا ہو جاتا ہے اور تفہیم میں آسانی بھی۔ اور یہ انحراف بھی اس لیے کیا گیا ہے کہ متن اور ترجمہ دونوں ایک ہی خانے میں ہونے کی وجہ سے قارئین کو یہ معلوم کرنے میں کوئی دِقت نہیں ہو گی کہ ﴿ذَهَبَ اللّٰهُ﴾ میں ''لے گیا'' کا ترجمہ اور ﴿مَعَ نُوْحٍ﴾ میں (ساتھ) کا ترجمہ، کس لفظ کا ہے؟ وغیرہ وغیرہ۔ اس تھوڑی سی ترمیم سے یہ لفظی ترجمہ، تقریباً لفظی بھی رہا اور اردو اسلوب کا آئینہ دار بھی ہو گیا۔ اس اعتبار سے ہم اسے لفظی ترجمہ اور سلاست کا ایک حسین امتزاج بھی کہہ سکتے ہیں۔

اور اس ترجمے کا یہی اصل امتیاز ہے، اور اس کی بعض دیگر خصوصیات کا ضمناً پہلے ذکر آ چکا ہے۔ نئی اصلاح و ترمیم کا بیشتر کام رکنِ ادارہ مولانا محمد عبدالجبار صاحب نے راقم کی مشاورت سے کیا اور اس کی تصحیح و پروف ریڈنگ میں ادارہ کے دوسرے رفقاء مولانا منیر احمد رسولپوری، مولانا محمد عثمان منیب، مولانا سلیم اللہ زمان، حافظ اقبال صدیق مدنی، قاری عبدالرشید راشد، قاری عبدالوحید خاکی، حافظ علیم الدین وغیرہ شریک رہے۔

ان سب کا شکریہ راقم اپنی طرف سے بھی اور ادارے کی طرف سے بھی ادا کرنا ضروری سمجھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مساعیِ حسنہ کو قبول فرمائے اور اس کی بہترین جزا سے ان کو دنیا و آخرت میں نوازے۔ جَزَاهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى أَحْسَنَ الْجَزَآءِ.

راقم آخر میں ایک مرتبہ پھر عظیم القدر عزیز حافظ عبدالعظیم اسد ﷾ اور مسلک سلف کے شیدائی و فدائی اور قرآن و حدیث کے عالمی پیمانے پر نشر و اشاعت کے لیے شب و روز متحرک و سرگرم جناب عبدالمالک مجاہد ﷾ دونوں کا شکر گزار ہے کہ ان دونوں بھائیوں نے اس کام میں بھر پور تعاون فرمایا۔ واقعہ یہ ہے کہ ان کے مخلصانہ تعاون کے بغیر یہ عظیم منصوبہ پایۂ تکمیل کو نہیں پہنچ سکتا تھا۔ اللہ تعالیٰ ان کی مساعیِ حسنہ کو قبولیت سے نوازے اور ان کا بہترین صلہ انھیں دنیا و آخرت میں عطا فرمائے اور انھیں اور ہم سب کو اپنے دین کی بیش از بیش خدمت کرنے کی توفیق دے۔ ایں دعا از من و از جملہ جہاں آمین باد!

حافظ صلاح الدین یوسف

مدیر: شعبہ تحقیق و تالیف دارالسلام، لاہور

ربیع الأول 1426ھ۔ مئی 2005ء

حرفِ اوّل

حضرت آدم علیہ السلام آسمان کی بلندیوں سے فرشِ زمین پر تشریف لائے تو ان کے پاس اپنی ذریت کے لیے ہدایت کا ایک نسخہ بھی تھا، پھر قافلۂ انسانیت کے لیے مختلف زمانوں اور زمینوں میں ہزاروں انبیاء ورسل علیہم السلام مبعوث ہوئے اور ان پاکیزہ صفت انسانوں میں چندوہ بھی تھے جنھیں وحی پر مشتمل کتابیں اور صحیفے عطا کیے گئے۔ بالآخر یہ سلسلۂ وحی غارِحرا کی وحی: «اِقْرَأْ» کے آغاز سے شروع ہوا اور تکمیلِ دین وشریعت، اتمامِ نعمت اور انتخابِ دین اسلام پر ختم ہوگیا۔ یوں قرآن مجید خاتم الوحی بھی ہے اور قیامت تک انسانوں کی جادۂ توحید اور اطاعتِ رسول کے جملہ لوازم سے باخبر اور آگاہ کرنے والا صحیفہ بھی۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے قبل مختلف آسمانی مذاہب کے پیروکار اپنی کتابوں کے متن کھو چکے تھے اور ان پر عمل کا کوئی مبسوط اور منضبط نقشۂ کار ان کے پاس موجود نہ تھا۔ ادھر قرآن مجید کی حقانیت وجامعیت تو اپنی جگہ واضح، مگر اس کے متن کا کسی تحریفِ لفظی سے پاک ہونا صحائفِ آسمانی کی تاریخ کا سب سے بڑا اعجاز ہے۔

قرآن مجید نے اپنے برحق ہونے کی خود صداقت فراہم کی ہے۔ اس کے احکام پر مبنی معاشرہ اور ریاست خود عہدِ نبوی میں قائم ہوگئی۔ قرآنی احکام کو ایک مکمل عملی تفسیر میسر آئی۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کے فرائض ثلاثہ بھی یہی تھے کہ انسانیت کے سامنے آیاتِ الٰہی کی تلاوت کی جائے، ان کے ذریعے سے نُفوس انسانی کا تزکیہ کیا جائے اور انھیں نفس اَمّارہ کی ساری کثافتوں اور کدورتوں سے محفوظ کرکے نَفْسِ مُطْمَئِنَّه کے درجے پر فائز کیا جائے۔ تاریخ اسلام کے اوراق اس امر کی شہادت فراہم کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت قرآن کی تفسیر پر مشتمل ہے اور صحابہ رضی اللہ عنہم کی جماعت نے بھی اس کے معروف ومنکر کو اس درجہ سمجھ لیا کہ پھر اپنی زندگیوں کی کامل شہادت اس کے لیے پیش کردی۔

قرآن مجید اپنے پڑھنے اور ماننے والوں کے سامنے بہت سے مطالبات اور تقاضے پیش کرتا ہے۔ اوّلاً یہ کہ قرآن مجید کو وحیِ حق پر مشتمل اور مُنَزَّلٌ مِنَ اللهِ تسلیم کیا جائے۔ اس کے احکام پر شرح صدر کے ساتھ ایمان لایا جائے۔ اس کے متن میں جن صفات المؤمنین کو بیان کیا گیا ہے ان پر صدقِ دل کے ساتھ عمل کیا جائے اور انھی کی روشنی میں اپنی سیرت سازی کی جائے۔ اسی باعث اس کے ادب واحترام کے بہت سے لوازم بیان کیے گئے ہیں۔ آج انسانیت کے پاس یہ واحد صحیفۂ آسمانی ہے جس سے منشائے الٰہی معلوم کیا جاسکتا ہے۔ اسی لیے قرآن مجید کو تجوید وقراءت کی پوری پابندیوں کے ساتھ پڑھنا ضروری ہے۔ قرآن مجید نے اپنے مخاطبین کو قرآن فہمی کے مختلف وسائل اختیار کرنے کی طرف توجہ دلائی ہے۔ قرآنی آیات میں مسلسل غوروفکر اور تدبر وتفحص کے نتیجے میں اس کے حکیمانہ نکات سمجھ میں آتے ہیں۔ یہی نکات انوارِ الٰہیہ ہیں جن کی روشنی میں تعمیرِ کردار اور استحکامِ سیرت کے لوازم میسر آتے ہیں۔ فکر وتدبر کے نتیجے میں حکمت کا جوہر میسر آتا ہے جو قرآن مجید کے مطالعے کا سب سے بڑا حاصل ہے۔ قرآن مجید نے اسی کو خیرِ کثیر قرار دیا ہے۔ یہی خیرِ کثیر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی زندگیوں اور سیرتوں کی سب سے بڑی متاع ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم قرآن مجید کی حکمت سے ملنے والی اس متاعِ گراں بہا کو لے کر نکلے تو تہذیب وتمدن کے سارے ایوان جگمگا اُٹھے اور صالح تہذیب وثقافت کی

اقدار و روایات نے روئے ارضی سے ابلیسی قوتوں کا خاتمہ کردیا۔ زمین نورِ توحید سے جگمگا اُٹھی اور انسانی قلوب واذہان کو حقیقی طمانیت نصیب ہوگئی۔ قرآن مجید کا فہم اور تدبر کوئی ہفت خواں نہیں جسے طے کیے بغیر کوئی طالبِ قرآن ان مطالبِ قرآنی کی تہہ تک نہیں پہنچ سکتا۔ قرآن مجید پر جو مختلف نوعیت کے مظالم ہوئے، ان میں ایک ظلم یہ بھی رہا ہے کہ اس کی تعلیمات کا فہم عموم کی بجائے ایک خصوص بنا کر پیش کیا گیا۔ یہ قرآن مجید پر ایک اتہام اور بہتان ہے کہ یہ صرف چند مخصوص لوگوں کی میراث ہے اور وہی اس کے حکیمانہ نکات کو سمجھ سکتے اور بیان کرسکتے ہیں۔ قرآن مجید اس طرزِ استدلال کی نفی کرتا ہے: ﴿وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ۝﴾

''بلاشبہ ہم نے قرآن مجید کو نصیحت کے لیے آسان بنایا ہے تو کوئی ہے جو اس سے نصیحت حاصل کرے؟'' (القمر 17:54)

قرآن کے معانی ومطالب کو اس کی جامعیت کے ساتھ رسول اللہ ﷺ نے بیان کردیا۔ اور آپ کی یہ قرآنی تشریح وتفسیر احادیث میں پورے شرح وبسط کے ساتھ موجود ہے۔ رسولِ کریم ﷺ نے اپنی معلمانہ حکمتِ عملی سے قرآن مجید کی اس بصیرت کو صحابہ کے سامنے بیان کیا، جن کے حلقوں سے تابعین اور مابعد کے طبقات نے سیکھا ہے۔ تفسیر ماثور کی پوری روایت اسی مفہوم کی امانت دار ہے جسے رسول اللہ ﷺ نے پیش کیا ہے۔ یوں جس طرح قرآن مجید کا متن ہر عیب سے پاک ہے، اِسی طرح اس کی تشریح وتفسیر بھی پوری جامعیت کے ساتھ اُمت کے پاس موجود ہے۔

قرآن مجید کے معانی ومطالب کو بیان کرنے اور سکھانے کے لیے ہمیشہ سے اُمت میں اس کے درس وتدریس اور تعلیم وتعلم کے مراکز قائم رہے۔ ناظرۂ قرآن مجید کو تجوید کے ساتھ پڑھنا اور اس کے مطالب کو اسلوبِ رسالت کے ساتھ جاننا ایک ایسا دائرۂ کار رہا ہے جسے اس اُمت کے اکابرین اور مفسرین نے ہمیشہ ایک فرضِ منصبی کے طور پر پیش کیا ہے۔ گزشتہ چودہ صدیوں میں تعلیمِ قرآنی کے حلقے کئی درجوں میں قائم کیے گئے۔ ایک طرف اس کی تجوید وقراءت کے حلقے اور دوسری طرف اس کے تحفیظ کے مراکز قائم کیے گئے۔ تیسری طرف اس کے احکام اور تفسیری نکات سکھانے کے لیے درس وتدریس کا نظام قائم ہوا۔ چوتھی طرف قرآنی دعوت کو عام کرنے کے لیے اس کے ترجمہ وتفسیر پر توجہ دی گئی۔ یہی باعث ہے کہ آج دنیا کی بیشتر زبانوں میں ترجمہ وتفسیرِ قرآن کا ایک عظیم الشان ذخیرہ اپنی تمام تر علمی تابناکیوں کے ساتھ موجود ہے۔

ہمارے علم وتحقیق کے مطابق قرآن مجید کا پہلا جزوی ترجمہ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے سورۂ فاتحہ کے فارسی میں ترجمے سے کیا اور پھر ہر عہد میں اس کے تراجم ہوتے چلے گئے۔ ابتدائی صدیوں میں اسلامی علوم کی زبان عربی رہی تو لوگ کثرت سے عربی زبان کے ذریعے ہی سے قرآن مجید کو سمجھتے رہے۔ قرآن مجید کی ابتدائی تفاسیر کا سرمایہ بھی عربی زبان میں ملتا ہے۔ علمی انحطاط اور دعوتی ضرورتوں کے پیشِ نظر پھر دوسری زبانوں میں قرآن مجید کے تراجم وتفسیر کی روایت قائم ہوئی۔ یوں آج دنیا کی 103 زبانوں میں قرآن مجید کے مکمل تراجم نثر ونظم کی شکل میں موجود ہیں۔ اسی طرح بعض دوسری زبانوں میں اِس کے مختلف اجزاء کا ترجمہ کیا گیا ہے۔

برصغیر میں قرآنی تراجم کا آغاز شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ کے فارسی ترجمے سے ہوا جس سے تحریک کی سی صورت پیدا ہوئی۔ یہ 1739ء کا واقعہ ہے۔ اسی ترجمے کی روایت نے اردو ترجمے کی بنیاد ڈالی۔ آپ کے نامور فرزندان میں سے شاہ رفیع الدین رحمہ اللہ اور شاہ

عبدالقادر رحمہ اللہ نے 1805ء کے قریب قریب قرآن مجید کے اردو تراجم پیش کیے جو اپنے روزمرہ اور محاورہ کے اعتبار سے آج بھی دوسرے تراجم کے لیے ایک معیار اور سند کا درجہ رکھتے ہیں۔ یہ عجیب بات ہے کہ قرآن مجید کا ترجمہ پہلے شاہ رفیع الدین رحمہ اللہ نے کیا مگر شاہ عبدالقادر رحمہ اللہ کا ترجمہ اس سے پہلے شائع ہوا اور اس کے اثرات زبان کے لحاظ سے زیادہ مفید اور واضح ہیں۔ آج جب کہ ہم 2005ء میں دارالسلام کے ایک معیاری ترجمۂ قرآن کے تعارف میں یہ سطور قلم بند کر رہے ہیں گزشتہ دو سو برسوں میں ایک ہزار کے قریب مکمل اور نامکمل اردو ترجمے ہمارے سامنے آتے ہیں۔ اہل علم کا اتفاق ہے کہ قرآن مجید کا کماحقہ ترجمہ کسی دوسری زبان میں ممکن نہیں، البتہ اس کی ترجمانی کی بہتر سے بہتر کوششوں اور اسالیب کو اختیار کیا جاسکتا ہے۔ بس یہی ایک نقطۂ نظر ہے جس کے پیش نظر ہر عہد کے مترجمین نے نئے سے نئے قرآنی تراجم پیش کرنے کی سعادت حاصل کی ہے۔ قرآن مجید کے معجز اثر لغوی سرمائے نے اس کے مترجمین کے لیے ہمیشہ یہ دقت پیدا کی ہے کہ عربی زبان کے الہامی اثر کو کسی دوسری زبان میں کیسے منتقل کیا جائے، اور قائم رکھا جائے۔ قرآنی زبان کے نمونے تو خود عربی ادب میں موجود نہیں تھے۔ یہ الگ بات کہ کچھ حضرات نے عربی زبان کے جاہلی ادب سے قرآنی مفاہیم کو سمجھنے کی کوشش کی ہے، مگر اس ضمن میں انھوں نے ایسی ایسی ٹھوکریں کھائی ہیں کہ بعض مقامات پر قرآن مجید کی تعلیمات واضح ہونے کے بجائے چیستان بن کر رہ گئی ہیں۔ قرآن مجید اپنے اسلوب اور ہیئت کے لحاظ سے نظم ہے یا نثر...... ناقدین ابھی تک اس کا بھی صحیح اور درست فیصلہ نہیں کر پائے۔ ذاتی طور پر مجھے ان حضرات کی رائے سے اتفاق ہے کہ قرآن مجید کا ادبی پیرایہ، اسلوبی آہنگ اور لغوی ساخت نظم ونثر ہر دو کی لطافتوں اور نفاستوں سے قریب تر ہونے کے باوجود ایک جداگانہ مزاج رکھتی ہے۔ قرآنی اسلوب نہ تو کسی ادب پارے سے متاثر ہوا، اور نہ یہ جاہلی ادب کی لغت کے حوالے سے سمجھا جاسکتا ہے۔ اس کی تفہیم وتدبر کا واحد ذریعہ خود قرآنی لغت ہے جسے ہدایت کی ضروریات کے پیشِ نظر ایک خاص صرفی اور نحوی ترکیب کے ساتھ سمجھتے ہوئے اس کی ترجمانی کی کوشش کی جانی چاہیے۔ بظاہر قرآنی تعلیمات عربی زبان کے الفاظ ہی کے جامے میں پیش کی گئی ہیں مگر احکامِ قرآنی کی مشروعیت اسے ایک مخصوص مزاج عطا کرتی ہے۔ اس معجز انگیز مزاج کو جو مترجم جس قدر قریب تر ہو کر سمجھے گا، اس کی ترجمانی میں وہ خوبی پیدا ہو سکے گی جو قرآن کے صحیح مطالب کو سمجھنے اور جاننے کے لیے ناگزیر ہے۔

اُردو زبان میں قرآن مجید کی ترجمانی کی جو مثالی نمونے پائے جاتے ہیں ان میں ابھی تک شاہ برادران کی کوششیں ایک معیارِ مطلوب کے قریب تر ہیں۔ مولانا فتح محمد جالندھری رحمہ اللہ کے ترجمے میں قبولیت کے بہت سے عناصر ہیں مگر اسے بھی معیارِ مطلوب کا نمونہ قرار دینے میں ہم متذبذب ہیں۔ سید ابوالاعلیٰ مودودی رحمہ اللہ نے اپنی تفسیر ''تفہیم القرآن'' میں ایک آزاد اردو ترجمے کا تجربہ کیا ہے جس میں قرآنی مفاہیم کے تسلسل کو اردو اسلوب کے تسلسل میں برقرار رکھنے کی کوشش کی ہے۔ یہ ترجمہ اپنی شگفتگی، ادبیت اور معیاری روزمرہ اور محاورہ کا نمائندہ ہونے کے باوجود ترجمانی ہی کی ایک عمدہ کوشش ہے۔ انھوں نے اپنی اس کوشش کو ''عربی مبین'' سے ''اردوئے مبین'' میں تبدیل کرنے کی مساعی قرار دیا ہے۔ اس کے ماقبل کے تراجم کی نسبت یہ روانی اور سلاست میں منفرد ہے۔ اس عہد میں بعض مخصوص فقہی مسالک نے بھی قرآن مجید کے اردو ترجمے کی کوشش کی ہے مگر انھوں نے قرآن مجید کی فکری گہرائیوں سے مطابقت کی نسبت اپنے مخصوص عقائد کی ترجمانی کو ترجیح دی۔ ابوالکلام آزاد کا ترجمہ اگرچہ مکمل نہیں مگر اپنی ادبی شان کے اعتبار سے منفرد ہے۔

مولانا کی شخصیت میں ایک خوبی یہ تھی کہ ان کی مادری زبان عربی تھی اور وہ عربی، فارسی اور اردو کے نفیس اسالیب کی لطافتوں سے کماحقہ آگاہ تھے، مگر یہ ترجمانی بھی اردو زبان کا معیاری نقش قرار نہیں دی جاسکتی۔ خالص لسانی سطح پر قرآن مجید کا اعجاز بہت واضح ہے۔ اس کے اسالیب حد درجہ بلیغ، اس کے معانی متعدد اور اس کے مفاہیم ومطالب متنوع اور بوقلموں ہیں۔ مولانا عبدالماجد دریابادی نے اپنے انگریزی زبان کے ترجمے کے مقدمہ میں کیا خوب بات لکھی ہے:

"Of all the great works The Holy Quran is perhaps the least translatable."

''دنیا کے تمام عظیم (علمی) کارناموں میں شاید قرآن مجید سب سے کم ترجمے کی گنجائش رکھتا ہے۔''

قرآن مجید کا ہر ہر لفظ اپنے مقام پر ایک مخصوص معنوی اہمیت کا حامل ہے۔ بعض الفاظ کے ایک سے زیادہ معنی ہوتے ہیں۔ یہ سلسلہ محض ذومعنی الفاظ کا نہیں بلکہ بعض لفظوں کے تو بیک وقت بیسیوں مفہوم اور معانی ہوتے ہیں۔ ان میں سے کس مقام پر کس خاص لفظ کا ترجمہ کیا ہوسکتا ہے، اس کا انحصار مترجم کی علمی حیثیت، قواعد وضوابط سے گہری واقفیت اور عربی روزمرہ اور محاورے سے بھرپور ذہنی مناسبت پر ہے۔ قرآن مجید کے عربی متن میں (ضمائر اشارہ) کا ترجمہ ایک مخصوص فنی مہارت کا متقاضی ہے۔ ذرا سی غفلت سے مترجم کا ترجمہ معنی کو کیا سے کیا کرسکتا ہے اور مفہوم کو کہیں سے کہیں لے جاسکتا ہے۔ اس کی مثالیں گمراہ قسم کے مترجمین میں کثرت سے دیکھی جاسکتی ہیں۔

قرآن مجید کے اردو تراجم ابتدا میں دکنی اور ہندی زبانوں کے نام سے منظر عام پر آئے۔ 1087ھ میں عبدالصمد بن نواب عبدالوہاب خان نے چار جلدوں میں قرآن مجید کا دکنی زبان میں ترجمہ کیا اور تفسیر لکھی ہے جو ''تفسیرِ وہابی'' کے نام سے مشہور ہے۔ اٹھارویں صدی سے قبل بعض نامکمل اور ناقص تراجم کے مخطوطات ہمارے کتب خانوں میں ملتے ہیں۔ اردو زبان کے فروغ کے لیے کلکتہ میں فورٹ ولیم کالج قائم کیا گیا جس کے پرنسپل ڈاکٹر گِلکرِسٹ (م 1841ء) تھے۔ ان کے ایماء پر علماء کی ایک کمیٹی نے 1803ء قرآن مجید کا ایک ترجمہ کیا۔ اس کمیٹی میں جو مترجمین شامل تھے، ان میں امانت اللہ شیدا، میر بہادر علی، کاظم علی، غوث علی حافظ اور مولوی فضل اللہ کے نام ملتے ہیں۔ اسے ہندی زبان کا ترجمہ قرار دیا گیا ہے۔ اس اردو ترجمے کے مخطوطات حیدرآباد دکن اور ممبئی کے کتب خانوں میں موجود ہیں۔

ڈاکٹر احمد خاں نے قرآن مجید کے اردو تراجم کی جو کتابیات تیار کی ہے اور وہ مقتدرہ قومی زبان، اسلام آباد سے شائع ہوچکی ہے، اس میں ایک ہزار سے زائد قرآن مجید کے اردو تراجم کا ذکر ہے۔ ڈاکٹر صالحہ عبدالحکیم شرف الدین نے قرآن حکیم کے اردو تراجم کے موضوع پر پی ایچ ڈی کا مقالہ لکھا ہے جو قدیمی کتب خانہ کراچی سے شائع ہوچکا ہے۔ اس میں بھی سترھویں صدی عیسوی سے بیسوی صدی عیسوی تک کے سیکڑوں اردو تراجمِ قرآن کا تفصیلی ذکر موجود ہے، مگر اس مقام پر ہمیں ان سب کا تذکرہ مطلوب نہیں۔ البتہ علمی وجوہ سے اہم ترین اردو مترجمین میں شاہ عبدالقادر، شاہ رفیع الدین، شاہ مراد اللہ انصاری، مرزا حیرت دہلوی، سید امیر علی، مولانا وحید الزمان، مولوی محمد انشاء اللہ، عبداللہ چکڑالوی، احمد رضا خان بریلوی، نعیم الدین مرادآبادی، سید حسن بہاری، ڈاکٹر ابوالفضل مرزا، خواجہ احمد دین امرتسری، اشرف علی تھانوی، محمود الحسن، سید احمد حسن دہلوی، ڈپٹی نذیر احمد، ابوالکلام آزاد،

سید ابوالاعلیٰ مودودی، امین احسن اصلاحی، احمد علی لاہوری، مولوی فیروز الدین، محمد جونا گڑھی، غلام وارث، کرم شاہ الازہری، محمد حنیف ندوی، حامد حسن بلگرامی، ثناء اللہ امرتسری، عبدالمجید خادم سوہدروی، فتح محمد جالندھری، ڈاکٹر نصیر احمد ناصر، خواجہ حسن نظامی، عبدالماجد دریا بادی، سر سید احمد خان، غلام احمد پرویز، مفتی محمد شفیع، مسعود احمد اور عبدالرحمٰن کیلانی وغیرہ کے نام شامل ہیں۔ مذکورہ تراجم میں سرسید احمد خاں اور مسٹر غلام احمد پرویز کے ترجمے اردو ترجمے کی روایت میں ایک واضح انحراف کی مثالیں ہیں۔ مولانا ابوالکلام آزاد کا ترجمہ مکمل نہ ہونے کے باوجود علمی سطح پر لائقِ مطالعہ ہے۔ قرآن مجید کے ان تراجم میں قادیانی اور عیسائی مترجمین کا ذکر بوجوہ نہیں کیا گیا ہے کہ یہ مسلم عقائد کی رو سے لائقِ اعتنا نہیں ہیں۔ اردو زبان میں پچاس کے قریب مکمل اور نامکمل منظوم تراجم بھی ملتے ہیں مگر اپنے شعری صنائع اور خصائص کے باوجود یہ تمام کاوشیں قرآن مجید کے مفہوم کو مجروح کرنے والی ہیں۔ ہمارے نزدیک ان تمام اردو تراجم میں سے کسی ایک کو مثالی اور معیاری قرار دینا تو بہت مشکل ہوگا۔ البتہ ہم یہ بات وثوق سے کہہ سکتے ہیں کہ شاہ عبدالقادر، شاہ رفیع الدین، محمود الحسن، محمد جونا گڑھی، ثناء اللہ امرتسری، فتح محمد جالندھری اور سید ابوالاعلیٰ مودودی کے تراجم اردو زبان کے معیاری اور مقبول نمونے ہیں۔ اس موقع پر سوال پیدا ہوتا ہے کہ جب مذکورہ تمام کوششیں کسی مثالی ترجمے کے نمونے کو پیش کرنے سے قاصر ہیں تو پھر اس معیارِ مطلوب کو حاصل کرنے کے فنی تقاضے کیا ہیں۔ اس مقام پر ہم اسی موضوع پر روشنی ڈالنا چاہتے ہیں:

① قرآن مجید کے اردو ترجمے میں امکانی حد تک عربی الفاظ کو علیٰ حالہٖ برقرار رکھا جائے۔ مترجمین نے سیکڑوں قرآنی الفاظ کو اردو ترجمے میں برقرار رکھا ہے۔ ایک تحقیق کے مطابق قرآن مجید کے 75 فیصد الفاظ آج بھی اردو زبان میں استعمال ہو رہے ہیں۔

② اردو ترجمہ عربی متن کے جس قدر قریب ہوگا، اپنی ترجمانی کے لحاظ سے کامیاب ٹھہرے گا۔

③ ترجمے میں مفہوم اور مطلب کو مجروح کرنے والے ہر پہلو کو نظر انداز کرنا ضروری ہے۔

④ وہ دل نشینی اور اعجاز آفرینی جو قرآن مجید کا عربی متن پڑھتے ہوئے محسوس ہوتی ہے، کوشش کی جائے کہ اسے اردو ترجمے میں برقرار رکھا جائے۔

⑤ ترجمے میں زبان کے تقاضوں پر مفہوم کی ضرورت کو ترجیح دی جائے۔

⑥ ترجمے کی زبان میں سادگی، سلاست، روانی اور سہولت کو پیش نظر رکھا جائے۔

⑦ اگر کسی ایک عربی لفظ کا ایک سے زیادہ اردو الفاظ میں ترجمہ ہوسکتا ہو تو عربی متن کے سیاق وسباق کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے موزوں ترین لفظ کا انتخاب کیا جائے۔

⑧ ترجمے میں عربی قواعد اور انشا کا لحاظ رکھا جائے۔ اس سلسلے میں مترجم کو صرف ونحو کے قواعد پر عبور حاصل ہونا چاہیے وگرنہ ترجمہ لطائف وغرائب کا مجموعہ بن کر رہ جائے گا۔

⑨ اردو زبان میں ترجمہ کرتے ہوئے عربی زبان میں لغۃ القرآن پر لکھی گئی کتابوں اور قدیم تفاسیر ماثورہ سے بھرپور استفادہ کیا جائے۔

⑩ اردو ترجمہ کرتے ہوئے کتبِ حدیث میں ابوابِ تفسیر کی احادیثِ صحیحہ سے کما حقّہ رہنمائی حاصل کی جائے۔

⑪ قرآن مجید کے پہلے مفسّر خود رسول اللہ ﷺ ہیں۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے بھی اپنی استعداد کے مطابق مختلف سورتوں اور آیات کی تفسیر بیان کی ہے۔ ان ہر دو ذخائر سے استفادہ ناگزیر ہے۔ اپنے ترجمے کو ان نکات کے مطابق ڈھالا جائے۔

⑫ قرآن مجید میں مختلف سورتوں اور آیات کا ایک خاص شانِ نزول ہے۔ یہ آیات ایک زمانی اور مکانی تعلق بھی رکھتی ہیں۔ بعض جگہ چند خاص واقعات کے پس منظر میں ان آیات کی تفسیر وتشریح ممکن ہے۔ اردو ترجمہ کرتے ہوئے ان سب صورتوں کو پیشِ نظر رکھا جائے۔

⑬ قرآن مجید کے اردو مترجم کے لیے جہاں عربی زبان، اس کی صرف ونحو اور قواعدِ فصاحت وبلاغت کا علم ضروری ہے، وہاں اسے اردو زبان کے عہد بہ عہد لسانی تغیرات کی بھی خبر ہونی چاہیے۔ اردو لغت اور روزمرہ اور محاورے کی شناسائی بھی اس کے لیے ضروری ہے۔ مترجم کو اردو، عربی اور فارسی کے ذخیرۂ لغت پر جس قدر عبور ہوگا، ترجمے میں اسی قدر خوبی اور کمال کا پہلو پیدا ہوگا۔

مذکورہ تمام شرائط وضوابط کو ہم نے محض فنی لوازم کے طور پر پیش کیا ہے، مگر ایک کامیاب مترجم کے لیے ضروری ہے کہ وہ اسلامی عقائد کا پختہ شعور اور عبادات واذکار کے مسنون آداب سے آگاہ ہو۔ اس کی شخصیت میں جس قدر لِلّٰہیت، تقویٰ، راستبازی، خشیتِ الٰہی ہوگی، وہ مسلکی تعصبات سے جس قدر بالاتر ہوگا اور کتاب وسنت کے ذخیرے پر اسے جس قدر دسترس ہوگی، وہ رزقِ حلال پر جس قدر قناعت اور حرام امور سے جس درجہ اجتناب کرے گا، کلامِ الٰہی کے حکیمانہ اسرار ونکات کو اسی قدر بہتر سمجھ پائے گا۔

دارالسلام جو عالمِ اسلام کا ایک ممتاز طباعتی ادارہ ہے اور جس کا مقصدِ تاسیس ہی خالص کتاب وسنت کی دعوت کو جدید وسائل کے حوالے سے عامۃ المسلمین کے سامنے پیش کرنا ہے، اس ادارے نے بھی اپنی بساط اور وسائل کے مطابق اس میدان میں کامیاب اور روشن مثالیں پیش کی ہیں۔ دارالسلام کے مدیر ومہتمم عبدالمالک مجاہد حفظہ اللہ قرآن مجید کے خادموں اور کاتبوں کے خاندان سے تعلق رکھتے ہیں۔ انھوں نے اپنے شعور کی آنکھیں کھولیں تو گھر کے ہر فرد کو خدمتِ قرآن کے لیے وقف پایا۔ انھیں اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے سعودی عرب کے مذہبی اور علمی ماحول میں مدت العمر رہنے کی سعادت حاصل ہوئی اور پھر کتاب وسنت کی اشاعت کے لیے ایک ادارے اور مکتبے کی بنیاد ڈالی تو ان کے سینے میں ایک خواہش مدت سے کروٹیں لے رہی تھی کہ قرآن مجید کی ایک ایسی تفسیر اور ترجمہ تیار کرایا جائے جو سلف صالحین کے افکار سے متصل اور ان کے عقائد اور منہج سے مربوط ہو۔ ایسے ترجمہ وتفسیر کی کوشش میں محدثانہ اسلوب کو ترجیح حاصل ہو اور اس سے اتباعِ سنت کے جذبات پیدا ہوں۔

اخلاصِ نیت سے معمور اس طلب نے بہت جلد عملی صورت اختیار کر لی۔ محترم حافظ صلاح الدین یوسف حفظہ اللہ کے مختصر حواشی اور مولانا محمد جوناگڑھی رحمہ اللہ کے اردو ترجمے کے ساتھ ''احسن البیان'' کے نام سے ایک سلفی منہج سے ہم آہنگ مختصر تفسیر تیار ہوگئی جس میں فضیلۃ الشیخ ڈاکٹر فضل الٰہی حفظہ اللہ کی مشاورت اور فضیلۃ الشیخ مولانا صفی الرحمٰن مبارک پوری رحمہ اللہ کی نظرثانی بھی شامل تھی۔ اس کاوش کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایسی مقبولیت حاصل ہوئی کہ آج اردو خواں دنیا میں اس کی مسلسل طلب ایک ریکارڈ کی حیثیت رکھتی ہے۔ دارالسلام نے قرآن مجید کے علوم ومعانی کی تفہیم کی ایک مستند کوشش انگریزی زبان میں بھی کی۔ ڈاکٹر تقی الدین الہلالی رحمہ اللہ اور ڈاکٹر محمد محسن خان حفظہ اللہ نے "The Noble Quran" کے نام سے ایک سلفی منہج سے متصف ترجمۂ قرآن اور مختصر

حواشی پیش کیے۔ اس میں پہلی مرتبہ صحیح بخاری کی روایات سے فہمِ قرآن میں مدد حاصل کی گئی۔ اُپنے منہج کے لحاظ سے آج یہ ترجمہ انگریزی خواں دنیا کی مقبول ترین کاوشوں میں شمار ہوتا ہے۔ اس کی افادیت کو محسوس کرتے ہوئے اردو خواں طبقے نے بھی اس کی تیاری اور اشاعت کا تقاضا کیا تو معروف سکالر ڈاکٹر محمد امین ﷾ نے ان تفسیری حواشی کا بہترین اسلوب میں اردو ترجمہ کیا۔ ان حواشی پر ''احسن البیان'' کے مفسر ومحشی فضیلۃ الشیخ حافظ صلاح الدین یوسف ﷾ نے نظرثانی کا فریضہ انجام دیا۔ ان حواشی میں جہاں صحیح بخاری کی احادیث سے استفادہ کیا گیا وہاں تفسیر ابن کثیر اور تفسیر قرطبی سے بھی کماحقہ خوشہ چینی کی گئی۔ اس مختصر تفسیر کو ''احسن الکلام'' کا نام دیا گیا۔ اس میں خطیب الہند مولانا محمد جونا گڑھی ﷫ کے ترجمے کو شامل کیا گیا مگر اس ترجمے میں اس قدر اصلاح کی گئی کہ اس میں قدیم، نامانوس اور متروک الفاظ کی جگہ جدید مستعمل اردو الفاظ کو جگہ دی گئی جس سے اس ترجمے میں ایک شگفتگی اور سلاست پیدا ہوگئی۔ یہ مختصر تفسیر بھی طالبانِ علوم قرآنی کی تشنگی کو رفع کرنے میں معاون ثابت ہو رہی ہے۔ اب تفسیر کے جدید ایڈیشن کو ''دارالسلام ریسرچ سیکشن'' کی طرف سے پیش کیے گئے نئے اردو ترجمے اور بہترین خطاطی کے ساتھ، بین السطور اسلوب میں تیار کیا گیا ہے۔

دارالسلام کی قرآنی خدمات کا دائرہ بہت وسیع اور متنوع ہے جو قرآن مجید کی عمدہ کتابتِ متن اور خوشنویسی کے اعلیٰ معیار کے حامل نسخوں سے لے کر تجوید وقراءت کے سمعی معاونات، قصص القرآن، اطلس القرآن، دس جلدوں میں تفسیر ابن کثیر کا انگریزی میں محقق ایڈیشن اور دنیا کی مختلف زبانوں میں قرآن مجید کے معیاری تراجم تک پھیلا ہوا ہے۔ اس کے قرآن مجید کے اشاعتی پروگراموں میں سے ایک ''احسن الکلام'' بھی ہے، جو زبان میں سادہ، مفہوم میں کامل، اسلوب میں دل نشیں، عربی متن کے قریب تر اور ہر عمر کے باذوق قارئین کے لیے مفید اور نافع ہے۔ یہ جدید ترجمہ دارالسلام کی علمی کمیٹی کے چیئرمین مفسر قرآن فضیلہ الشیخ حافظ صلاح الدین یوسف ﷾ اور ادارے کے سینئر ریسرچ سکالر فضیلۃ الشیخ مولانا محمد عبدالجبار سلفی ﷾ کی محنت شاقہ اور علمی رسوخ کا نمونہ ہے۔ یہ عظیم الشان منصوبہ دارالسلام کے سینئر ریسرچ سکالر، ماہر لسانیات محسن فارانی صاحب کی علمی وعملی معاونت سے پایہ تکمیل کو پہنچا۔ یہ ترجمہ نہ تو ابوالکلام آزاد کی نثر مرصع کا نمونہ اور نہ سید ابوالاعلیٰ مودودی کی اردوئے مبین کا دعویدار ہے مگر اس میں جو سادگی، سلاست، شگفتگی، روانی، دلکشی اور وضاحت بیان ہے، اس کے باعث یہ لائقِ توجہ ہے۔ اس میں عربی الفاظ کے قریب تر اردو الفاظ کا انتخاب کیا گیا ہے۔ بعض مترجمین نے قرآن مجید کے جن حروف کی جانب اعتنا نہیں کیا یہاں ان پر کامل توجہ دی گئی ہے۔ ترجمے میں غرابت اور ابہام کے بجائے سادگی اور سلاست کو ترجیح دی گئی ہے۔ ترجمہ کرتے ہوئے برصغیر کی قرآنی ترجمے کی روایت کے مؤسسین شاہ ولی اللہ اور ان کے دو نامور فرزندان شاہ رفیع الدین اور شاہ عبدالقادر ﷭ کے فارسی اور اردو تراجم کو اساس اور منہج کے بطور قبول کیا گیا ہے۔ عربی صرف ونحو اور معانی وبیان کے قواعد کا بھی مکمل خیال رکھا گیا ہے۔ اردو میں ترجمہ کرتے ہوئے سورتوں کی شان نزول، معاشرتی حالات اور جغرافیائی کوائف کو پیشِ نظر رکھا گیا ہے اور قرآن فہمی کے جملہ مصادر پیش نگاہ رکھتے ہوئے جدید اسلوب کے تقاضوں سے ہم آہنگ ترجمہ کی کوشش کی گئی ہے۔ اپنے ان خصائص کے پیشِ نظر قرآن مجید کا یہ جدید اردو ترجمہ عامۃ المسلمین کے لیے منشائے ربانی کو پانے اور سمجھنے کا مؤثر وسیلہ ہے۔

دارالسلام نے اس جدید ترجمے کو ایک نئے قالب میں بھی ڈھالا ہے۔ دورِ حاضر میں قرآن فہمی کے لیے قرآن مجید کے تراجم کو کئی شکلوں میں پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ ان میں سے ایک کاوش حافظ نذر محمد ﷫ کی ہے جس میں خانوں میں ہر ہر لفظ کے جدا جدا معنی دیے گئے ہیں۔ دارالسلام کے علماء اور ماہرین کی ٹیم نے طالبانِ قرآن کی جملہ ضرورتوں کا ادراک کرتے ہوئے اس ترجمے کو یوں تو خانوں ہی میں پیش کیا ہے مگر خانوں کی تشکیل میں ہر ہر لفظ کو جدا جدا لکھنے اور ان کے معنی بیان کرنے کے بجائے آیات کے الفاظ کے ایسے ٹکڑوں کا انتخاب کیا ہے جن کے معنی بیان کرتے ہوئے قرآنی مفہوم میں مزید وضاحت پیدا ہو گئی ہے، نیز الگ الگ ٹکڑوں کے ترجمے کے التزام کے باوجود تسلسل بیان مجروح نہیں ہونے پاتا۔ اس میں تمام تر حروف کی معنویت کو برقرار رکھتے ہوئے ضمائر کے ترجمے اور اسماء و افعال کی صرفی اور نحوی صورتوں کا پورا لحاظ رکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔ ترجمۂ قرآن کی اس کوشش میں اسلاف کے علمی منہج سے کماحقّہ استفادہ کیا گیا ہے اور اصولِ سہولت مدنظر رکھنے کی وجہ سے ایک عام اردو خواں قاری بھی اس سے بھرپور استفادہ کر سکتا ہے، نیز دینی مدارس اور ترجمۂ قرآن کے حلقوں اور کلاسز کے اساتذہ اس کوشش سے اپنے اسباق کو آسان، پُرکشش اور مفید بنا سکتے ہیں۔ دارالسلام کی ٹیم نے اس ترجمۂ قرآن کی پیشکش میں جس ہنرمندی، ٹیکنالوجی اور عقیدت کو سمویا ہے، اس کے باعث یہ پیش کش ایک معیاری اور مثالی شکل اختیار کر گئی ہے۔ مجھے یقین ہے کہ ترجمۂ قرآن کی یہ کاوشیں فہمِ قرآن کے مختلف تجربات کو اب ایک تحریک کی شکل دیں گی۔ اس طرز کے علمی کام سے مسلکی اور گروہی تعصبات کے خاتمے میں بھی مدد ملے گی۔ دارالسلام نے اس ترجمے کی پیشکش اور طباعت میں جس احساسِ جمال اور ذوق و شوق کا مظاہرہ کیا ہے وہ لائقِ تحسین ہے۔ ہماری دلی دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ قرآن مجید کی اس سائنٹفک ترجمانی کو عامۃ المسلمین کے لیے نافع بنائے۔ آمین یا رب العالمین!

پروفیسر عبدالجبار شاکر ﷾
(بیت الحکمت، لاہور)

12 ربیع الاول 1426ھ

عرضِ ناشر

آج انسانیت کے پاس قرآن مجید کے سوا کوئی ایسی کتاب نہیں جسے پورے یقین اور شرح صدر کے ساتھ الہامی اور محفوظ قرار دیا جاسکے۔ قرآن مجید کی تعلیمات پر عمل سے امت کو بلندی حاصل ہوتی ہے اور اس سے غفلت برتنے سے پستی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ قرآن مجید کی تعلیمات کو سمجھنے کے لیے دنیا کی مختلف زبانوں اور زمانوں میں اس کے سو سے زائد تراجم ہو چکے ہیں جن میں ایک ممتاز زبان اردو بھی ہے۔ اردو زبان میں قرآن مجید کے اولین دو تراجم 1805ء کے قریب شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ کے دو فرزندوں شاہ رفیع الدین اور شاہ عبدالقادر رحمہ اللہ نے کیے اور یہ سلسلۂ دعوت اور مرحلۂ خیر ابھی تک جاری وساری ہے۔ اردو زبان میں سیکڑوں مکمل اور ایک ہزار کے قریب نامکمل تراجمِ قرآن کی موجودگی میں ایک نئے ترجمۂ قرآن کی ضرورت کیوں پیش آئی؟ اس کے جواب میں یہ کہنا کافی ہوگا کہ ایک طالبِ قرآن کی تفہیم اور سہولت کے لیے دارالسلام کے اس تازہ ترجمے میں درج ذیل منفرد خصوصیات کا التزام کیا گیا ہے:

- عربی الفاظ کے مفہوم کے قریب تر اردو الفاظ کا انتخاب۔
- متداول تراجم میں قرآن مجید کے جن حروف کو نظر انداز کیا گیا ہے، ان کے مکمل ترجمے کا اہتمام۔
- اردو ترجمے میں ادق اور مشکل الفاظ وتراکیب کے بجائے سادہ اور سلیس الفاظ کا استعمال۔
- شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ کے فارسی اور ان کے دو نامور صاحبزادوں کے دو اردو تراجم کو اس ترجمۂ قرآن کی اساس بنایا گیا ہے۔
- ترجمے میں عربی زبان کے قواعدِ صرف ونحو کی پابندی اور علمِ بلاغت، معانی اور بیان کا لحاظ۔
- اردو کا سہل ممتنع اسلوب۔
- ترجمے میں آیات کی شانِ نزول، مقامات وماحول اور جغرافیائی ومعاشرتی حالات کی نزاکتوں کو پیشِ نظر رکھا گیا ہے۔
- یہ پہلا ترجمۂ قرآن ہے جس میں پیشرو علمی اور لغوی مصادر کے علاوہ جید علمائے کرام کی ایک ٹیم نے مشاورت فراہم کی ہے۔
- یہ ترجمہ زبان میں سادہ، مفہوم میں کامل، اسلوب میں دل نشیں، عربی متن کے قریب اور ہر عمر کے باذوق قارئین کے لیے نہایت مفید اور نافع ہے۔

اُردو ترجمے کی یہ نازک اور گرانبار ذمہ داری ادارے کی علمی کمیٹی کے چیئرمین مفسر قرآن فضیلۃ الشیخ حافظ صلاح الدین یوسف اور ادارے کے سینئر ریسرچ سکالر مولانا محمد عبدالجبار سلفی کی محنت شاقہ اور علمی رسوخ کا نمونہ ہے۔
ترجمۂ قرآن کی تصحیح وتنقیح اور پروف ریڈنگ کی ذمہ داری ریسرچ سیکشن کے رفقاء نے احسن طریقے سے نبھائی۔ اللہ تعالیٰ ان سب کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

دارالسلام اپنے روزِ تاسیس سے کتاب وسنت کی تعلیمات کو جدید ترین اسلوب میں پیش کرنے کے لیے کوشاں ہے۔ تراجمِ قرآن ہوں یا تفاسیر، یا قرآنی موضوعات پر تحقیقی اور مستند نگارشات، الحمد للہ! دنیا کی چھبیس زبانوں میں دارالسلام کی پندرہ سو سے زائد

کتابیں طبع ہو کر لاکھوں متلاشیانِ حق کی راہنمائی کا فریضہ ادا کر رہی ہیں۔قرآن مجید کے موجودہ ترجمہ کو ہم نے طالبانِ قرآن کے لیے مفید اور نافع بنانے کے لیے حتی المقدور ایک اجتماعی کوشش کی ہے۔اس امر پر اتفاق ہے کہ قرآن مجید کا ترجمہ ممکن نہیں بلکہ صرف ترجمانی ہی کا امکان ہے، اس لیے ہم اہلِ علم سے ملتمس ہیں کہ وہ اگر کسی مقام پر ہمارے ترجمے میں کوئی نقص، کمزوری یا جھول محسوس کریں تو اس سے مطلع فرمائیں تاکہ آئندہ طباعتوں میں اس کی درستی کی جا سکے۔ادارہ اس حسن تعاون کے لیے ممنون ہوگا۔

اللہ تعالیٰ اس کاوش کے لیے دارالسلام کے جملہ علماء، محققین اور معاونین کو اجر جزیل عطا فرمائے اور اسے عامۃ المسلمین میں قرآن فہمی کا مؤثر ذریعہ بنائے۔(آمین یارب العالمین!)

خادم کتاب وسنت

عبدالمالک مجاہد

مدیر: دارالسلام الریاض، لاہور

شعبان 1434ھ، جون 2013ء

سرٹیفکیٹ

ہم تصدیق کرتے ہیں کہ کتاب وسنت کی اشاعت کے عالمی ادارے دارالسلام کے زیر اہتمام مطبوعہ مصحف جس کا رسم، رسمِ عثمانی کے عین مطابق اور رموزِ اوقاف علم قراءات کی بنیادی اور مستند کتب سے ماخوذ ہیں۔ ایک خوبصورت علمی کاوش ہے۔ ہم نے اس مصحف کو طباعت سے قبل حرف بہ حرف بغور پڑھا ہے اور اسے ہر طرح کی لفظی، اعرابی، فنی اور تحقیقی اغلاط سے مبرا پایا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اس مساعیِ جمیلہ کو اپنی بارگاہ میں شرفِ قبولیت سے نوازے اور تمام مسلمانوں کو اس سے مستفید ہونے کی توفیق عطا فرمائے، آمین یارب العالمین!

قاری محمد ادریس العاصم	قاری محمد ابراہیم میر محمدی	قاری صہیب احمد میر محمدی
قاری نجم الصبیح تھانوی	قاری محمد رمضان	قاری محمد برخوردار احمد سدیدی
قاری انس نضر	قاری حمزہ مدنی	قاری عبیداللہ غازی
قاری عبدالرشید	قاری عبدالوحید	غلام نبی (رجسٹرڈ پروف ریڈر)

سعودی عرب (ہیڈ آفس)

پرنس عبدالعزیز بن جلاوی سٹریٹ پوسٹ بکس: 22743 الریاض: 11416 سعودی عرب

فون: 4033962-4043432 1 00966 فیکس: 4021659 www.darussalamksa.com

Email: darussalam@awalnet.net.sa info@darussalamksa.com

الریاض • العلیا فون: 4614483 1 00966 فیکس: 4644945 • الملز فون: 4735220 1 00966 فیکس: 4735221
• سویدی فون: 4286641 1 00966 • سویلم فون/فیکس: 2860422 1 00966

جدہ فون: 6879254 2 00966 فیکس: 6336270 مدینہ منورہ فون: 8234446,8230038 4 00966 فیکس: 8151121 04

الخبر فون: 8692900 3 00966 فیکس: 8691551 3 00966 خمیس مشیط فون/فیکس: 2207055 7 00966

ینبع البحر فون: 0500887341 فیکس: 8691551 قصیم (بریدہ) فون: 0503417156 فیکس: 3696124 6 00966

امریکہ • نیویارک فون: 5925 625 718 001 • ہوسٹن: 0419 722 713 001 کینیڈا • نصیرالدین الخطاب فون: 4186619 416 001

لندن • دارالسلام انٹرنیشنل پبلیکیشنز لمیٹڈ فون: 77252246 20 0044-85394885 20 0044 • دارک انٹرنیشنل: 7739309 0121 0044

متحدہ عرب امارات • شارجہ فون: 5632623 6 00971 فیکس: 5632624 فرانس فون: 52928 480 01 0033 فیکس: 52997 480 01 0033

انڈیا • دارالسلام انڈیا فون: 45566249 44 0091 موبائل: 12041 98841 0091 • اسلامک بکس انٹرنیشنل فون: 4180 2373 22 0091

• ہدی بک ڈسٹری بیوٹرز فون: 4892 2451 40 0091 موبائل: 30850 98493 0091 • ایم/ایس براک انٹرپرائزز فون: 42157847 44 0091

سری لنکا • دارالکتاب فون: 358712 115 0094 • دارالایمان ٹرسٹ فون: 2669197 114 0094

پاکستان ہیڈ آفس و مرکزی شوروم

لاہور 36- لوئر مال۔ سیکرٹریٹ سٹاپ۔ لاہور فون: 00 4 32 372 ,24 400 372 ,34 240 373 42 0092 فیکس: 72 540 373 042

• غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور فون: 54 200 371 42 0092 فیکس: 03 207 373 042

• Y بلاک، گول کمرشل مارکیٹ، دکان: 2 (گراؤنڈ فلور) ڈیفنس، لاہور فون: 10 926 356 42 0092

کراچی مین طارق روڈ، ڈالمن مال سے (بہادر آباد کی طرف) دوسری گلی، کراچی فون: 36 939 343 21 0092 فیکس: 37 939 343 21 0092

اسلام آباد F-8 مرکز، ایوب مارکیٹ، شاہ ویز سنٹر: 13 815 22 51 0092

info@darussalampk.com | www.darussalampk.com